هو المستعان

سیرة النعمان

یعنی

امام ابو حنیفہ علیہ الرحمۃ کی سوانح عمری

کا

حصہ اول

مولفہ

مولانا محمد شبلی نعمانی

مطبع مفید عام آگرہ مین چھپا

خواسته ام طرح دگر ریختن / شعبدهٔ تازه بر انگیختن

بزم دگر هست و تماشا دگر / باده دگر آرم و مینا دگر

زمزمهٔ تازه بساز افگنم / غلغله در حلقهٔ راز افگنم

باده فرستم بحریفان دگر / از مے دوشین قدرے تند تر

زخمه که بر تار سخن میزنم / هان بنگر تا بچه فن میزنم

قاعدهٔ سحر طرازیست این / نیک نگه کن۔ که چه بازیست این

پا چو درین معرکه افشرده ام / پایهٔ فن تا بکجا برده ام

ق

حرمت این کار نگهداشتن / نامه به لعل و گهر انباشتن

کارِ من است این حد هر خام نیست / این بود آن مے که به هر جام نیست

دست اگر سوے قدح بُرده ام / جاے عنب لخت دل افشرده ام

کانِ معانی همه کاویده ام / کین گهرے چند فراچیده ام

غارتِ بتخانهٔ چین کرده ام / تا صنمے چند گزین کرده ام

خاکِ در میکده ها بیختم / کین مے صافی بقدح ریختم

وایه اگر از دگران خواستم / چاره نه زو بود ازان خواستم

فنِ سیر گرچه بود دلپذیر / نیست درو خود زروایت گزیر

گرچه متاع از دگر آورده ام / قطره ربودم گهر آورده ام

گرچه مرا شیوهٔ فن این نبود ‏— حرف به اردو زدن آئین نبود

پیشتر ار گرم طلب بوده ام ‏— باده بپیمای عرب بوده ام

بزم چو آن فره و آن ساز داشت ‏— ساغر من بادهٔ شیراز داشت

لیک چو آن مطرب و ساقی نماند ‏— بوی ازان میکده باقی نماند

بزم بطرز دگر آراستم ‏— خوشتر ازان نیز که میخواستم

گرچه سر و برگ سخن دیگر است ‏— شمع همانست لگن دیگر است

باد گوارا بعزیزان تمام ‏— بادهٔ گلگون به سفالینه جام

"ناموران اسلام" جسکا ایک حصہ المامون چھپکر شایع ہو چکا ہے۔ اوّل اوّل جب مجھکو اسکا خیال پیدا ہوا تو نہایت وسیع بنیاد پر ہوا۔ جسطرح مینے خلافت و سلطنت کے مختلف خاندانون سے ہیروز انتخاب کئے۔ ارادہ تہا کہ اسیطرح علوم و فنون کے جداجدا خاندان قایم کئے جائین اور جو لوگ اون خاص خاص فنون مین اپنا نظیر نہین رکھتے تھے اونکو اوس سلسلہ کا ہیرو قرار دیا جاے۔ مگر اتنا بڑا کام تنہا میرے بس کا نہ تھا مجبوراً حیثیت حکومت کی قید لگا کر مینے اس وسیع خیال کو بہت کچھ محدود کر دیا۔ بلکہ سلسلۂ حکومت سے بہی بہت سے خاندان چہوڑ دئے۔ تاہم وہ خیال دلسے نہ گیا کہ فرصت ہو تو اہل کمال کا دربار بہی سجایا جاے کہ السیف والقلم توامان۔

المامون کے بعد مینے الفاروق لکھنی شروع کی تہی اور ایک معتدبہ حصہ لکھ بہی لیا تہا۔ لیکن بعض مجبوریون سے چندروز کے لئے اوسکی تالیف سے ہاتھ اوٹھانا پڑا۔

اسپر کوتاہ بینون نے عجیب عجیب بدگمانیان کہین حالانکہ بات اتنی تھی کہ بعض نادر کتابین جو اس تصنیف کے لئے نہایت ضروری ہین اور یورپ مین چھپ رہی ہین ابھی تک پوری چھپکر آنہین چکین - اس زمانہ انتظار مین بیکار بیٹھنا تو مشکل تھا - خیال ہوا کہ کسی اور نامور کی لائف شروع کر دن لیکن یہ دیکھکر کہ الفاروق ناتمام ہے - طبیعت رک جاتی تھی اور اس میدان مین قدم آگے نہ بڑھ سکتا تھا - ادھر یہ خلش چین نہ لینے دیتی تھی کہ علمی نامور ونکے کارنامے دکھانے بھی ضرور ہین - کیونکہ اسلام مین تیغ و قلم کا ہمیشہ ساتھ رہا ہے -

آخر یہ خیال غالب آیا اور چند روز کے لئے خاندان حکومت کو چھوڑ کر علمی سلسلہ کیطرف توجہ کرنی پڑی - فقہ - حدیث - ادب - منطق - فلسفہ - ریاضی - مختلف خاندان سامنے تھے بعض وجوہ سے **فقہ** کو ترجیح دی اور امام **ابو حنیفہ** کو جو فقہ کے بانی ہین اوسکا ہیرو قرار دیا - امام ابو حنیفہ کے اجتہادی مسایل قریباً بارہ سو برس سے تمام ممالک اسلامی مین پھیلے ہوئے ہین - بڑی بڑی عظیم الشان اسلامی سلطنتون مین انہین کے مسایل قانون سلطنت تھے اور آج بھی ہین - اسلامی دنیا کا غالب حصہ انہین کے مسایل کا پیرو ہے - عربی - فارسی ترکی بلکہ یورپ کی زبانون مین - اونکی متعدد سوانح عمریان لکھی گئین - ظلم تھا اگر اونکی لائف خود **اردو** مین نہ لکھی جاتی جو بلحاظ غالب اونہین کے پیروون کی زبان ہے -

امام ابو حنیفہ کو اسلام مین جو رتبہ حاصل ہے اوسکا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ جس کثرت سے اونکی سوانح عمریان لکھی گئین کسیکی نہین لکھی گئین - مسلمانون مین علم **رجال** کو جو ترقی ہوئی - دنیا مین اوسکی کوئی نظیر موجود نہین - تراجم - طبقات - قرون - وفیات - اعیان -

سنین - وغیرہ کے نام سے جدا جدا عنوان قایم ہوئے - اور ایک ایک عنوان کے ذیل مین اس کثرت سے کتابین لکھی گئین کہ اونکا شمار بھی مشکل ہے - لیکن خاص سیرت (لائف) کے فن کو چندان ترقی نہین ہوئی - علما - شعرا - قضاۃ - حکما - مین سے بہت کم ایسے خوش قسمت ہین جنکے حالات مستقل تصنیفون مین لکھے گئے - جہانتک ہمکو معلوم ہے صرف امام ابوحنیفہ ایک شخص ہین جنکے واقعات زندگی کے ساتھ معمول سے زیادہ اعتنا کیا گیا - نہایت کثرت سے اونکی سوانح عمریان لکھی گئین اور اون نامورون نے لکھین جو خود اس قابل تھے کہ اونکی مستقل سوانح عمریان لکھی جاتین - اس خصوصیت مین اگر کوئی شخص امام ابوحنیفہ کا ہمسر ہے تو صرف امام شافعی ہین -

امام ابوحنیفہ کے حالات مین جسقدر کتابین لکھی گئین اونمین سے جسقدر ہم تحقیق کرسکے حسب ذیل ہین -

کیفیت	نام مصنف	نام کتاب[۵]
امام طحاوی حدیث وفقہ کے مشہور امام اور صرف ایک واسطہ سے امام شافعی کے شاگرد ہین اونکی تصنیفات مین سے معانی الآثار چھپ گئی ہے -	امام احمد بن محمد طحاوی المتوفی سنہ ۳۲۱ھ	عقود المرجان

۵ یہ فہرست زیادہ تر کشف الظنون سے ماخوذ ہے - بعض کتابون کے نام - یا مصنفین اور کتب کے زاید حالات اور کتابون سے لئے گئے ہین اور وہان خاص تصریح کردی گئی ہے -

نام کتاب	نام مصنف	کیفیت
قلائد عقود الدرر والعقیان	امام احمد بن محمد طحاوی	یہ عقود المرجان کا خلاصہ ہے۔
الروضۃ العالیۃ المنیفۃ	"	
مناقب النعمان	امام محمد بن احمد بن شعیب المتوفی ۳۵۷ھ	امام محمد بن احمد حدیث مین حاکم کے استاد ہین یہ کتاب بیس جزون مین ہے۔ (الجواہر المضیئہ ترجمہ محمد بن احمد)
مناقب النعمان	شیخ ابو عبداللہ الصیمری حسین بن علی	قاضی صیمری بڑے فقیہ اور فن حدیث مین دارقطنی کے شاگرد تھے۔ مورخ خطیب نے اون سے روایت کی ہے۔ قاضی ابوالولید باجی نے اونکو امام الحنفیۃ کہا ہے۔ ۴۳۶ھ مین وفات پائی۔ یہ تصنیف ایک ضخیم کتاب ہے اور امام ابوحنیفہ کی متعلق تصنیفات کا زیادہ تر ماخذ یہی کتاب ہے (الجواہر المضیئہ فی طبقات الحنفیہ)
مناقب النعمان	ابوالعباس احمد بن الصلت الحمانی المتوفی ۳۰۸ھ	نہایت مفصل کتاب ہے۔ صاحب کشف الظنون نے لکھا ہے کہ خطیب بغدادی نے ابوالعباس کی تضعیف کی ہے۔ جیسا کہ حنفیون کی نسبت

نام کتاب	نام مصنف	کیفیت
		اونکی عام عادت ہے۔
شقایق النعمان فی مناقب النعمان	علامہ جار اللہ زمخشری المتوفی سنہ ۵۳۸ھ	زمخشری ایک نامور مصنف ہین تفسیر کشاف اونکی مشہور کتاب ہے۔
مناقب النعمان	موفق الدین بن احمد المکی الخوارزمی المتوفی سنہ ۵۶۸ھ	یہ کتاب چالیس بابون مین ہے۔ موفق الدین علامہ زمخشری کے شاگرد ہین۔ فقہ و ادب مین کامل تھے۔ حافظ سیوطی نے بغیۃ الوعاۃ مین انکا ذکر کیا ہے۔
کشف الآثار	امام عبداللہ بن محمد الحارثی	مشہور مصنف ہین۔ ابن جوزی نے ابوسعید سے روایت کی ہے کہ حدیث مین اونکا اعتبار نہین۔ اسپر صاحب جواہر المضیہ فرماتے ہین کہ امام عبداللہ کا رتبہ ابن جوزی و ابوسعید دونون سے بڑھکر ہے۔
مناقب النعمان	امام ظہیر الدین المرغینانی المتوفی سنہ ۵۰۶ھ	مشہور فقیہ ہین۔ جواہر المضیہ کے مصنف نے لکھا ہے کہ قاضی خان انہین کے شاگرد تھے۔
مناقب النعمان	امام محمد بن محمد الکردری المتوفی سنہ ۸۲۷ھ	گیارہ بابون مین ہے۔ اسمین امام کے حالات کے ساتھ اونکے مشہور تلامذہ یعنی قاضی ابو یوسف

نام کتاب	نام مصنف	کیفیت
		امام محمد۔ عبداللہ بن المبارک۔ امام زفر داؤد الطائی۔ وکیع بن الجراح۔ حفص بن غیاث۔ یحییٰ بن زکریا۔ حسن بن زیاد۔ کے حالات بھی جدا جدا بابون مین لکھے ہین۔ یہ کتاب روم مین بہت متداول ہے سلطان مراد ثانی کے حکم سے محمد بن عمر نے ترکی زبان مین اوسکا ترجمہ کیا۔
مناقب النعمان	ابو القاسم بن کاس	عقود الجمان مین اس کتاب کے اکثر حوالے ہین۔
کتاب الانتہاء فی مناقب الثلاثۃ الفقہاء	قاضی بن عبد البر المتوفی سنہ ۴۶۳ھ	امام ابو حنیفہ و امام مالک و امام شافعی کے حالات ہین۔ علامہ ابن خلکان نے قاضی ابو یوسف کے ترجمہ مین اس کتاب کا ذکر کیا ہے قاضی بن عبد البر بہت بڑے محدث اور امام ہین۔ اونکی کتاب الاستیعاب صحابہ کے حالات مین ایک مشہور اور مستند کتاب ہے۔

نام کتاب	نام مصنف	کیفیت
مناقب النعمان	ابو القاسم عبد اللہ بن محمد بن احمد المعروف بابن ابی العوام	
مناقب ابی حنیفہ	علامہ ذہبی	علامہ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین لکھا ہے کہ مینے امام ابو حنیفہ کے مناقب ایک جداگانہ رسالہ مین لکھے ہین۔ علامہ ذہبی بہت بڑے محدث تھے اس فن مین اونکے بعد کوئی اس رتبہ کا نہین ہوا۔ میزان الاعتدال وکاشف وعبر۔ ودول الاسلام وتذکرۃ الحفاظ اونکی مشہور کتابین ہین۔
المواہب الشریفیۃ		اسکا ترجمہ ہوگیا ہے جسکا نام (تحفۃ السلطان) فی مناقب النعمان ہے۔
بستان فی مناقب النعمان	شیخ محی الدین عبد القادر القرشی المتوفی ۷۷۵ھ	الجواہر المضیئۃ فی طبقات الحنفیہ انہین کی تالیف ہے۔ حدیث مین حافظ تقی الدین سبکی کے شاگرد ہین۔
تبییض الصحیفۃ فی مناقب ابی حنیفہ	حافظ جلال الدین سیوطی	مشہور مصنف ہین۔

نام کتاب	نام مصنف	کیفیت
عقود الجمان فی مناقب النعمان	محمد بن یوسف بن علی الدمشقی	زیادہ تفصیل آگے آئیگی۔
الخیرات الحسان فی مناقب النعمان	حافظ ابن حجر مکی مصنف صواعق محرقہ	مشہور مصنف ہین۔
قلاید عقود العقیان		مولف کا نام معلوم نہین۔ دیباچہ سے معلوم ہوا کہ یمن کا کوئی عالم ہے۔
مناقب النعمان	شمس الدین احمد بن محمد الستواسی	ترکی مین ہے اور نظم ہے۔
مناقب الامام الاعظم	شیخ ابوسعید	فارسی زبان مین ہے۔
رسالہ فی فضل ابیحنیفہ	عتیق بن داؤد الیمانی	
نظم الجمان	شیخ صارم الدین ابراہیم بن محمد بن دقماق المتوفی ۸۰۹ھ	تین جلدون مین ہے۔ امام ابوحنیفہ ـ قاضی ابویوسف و امام محمد۔ ہر ایک کے حال مین الگ الگ جلد ہے۔
مناقب الامام اعظم	مولانا محمد کامی آفندی قاضی بغداد المتوفی ۱۳۶اھ	ترکی مین ہے۔

نام کتاب	نام مصنف	کیفیت
مناقب الامام اعظم	مستقیم زادہ سلیمان سعد الدین آفندی	ضخیم کتاب ہے ۱۱۶۸ھ مین تالیف ہوئی ترکی زبان مین ہے -

افسوس ہے کہ یہ کتابین ہمارے ملک مین ناپید ہین - میرے پاس عقود الجمان والخیرات الحسان موجود ہین - اور قلاید العقیان کا ایک عتیق نسخہ نظر سے گزرا ہے - الخیرات الحسان اگرچہ اسوجہ سے کہ ابن حجر کی کیطرف منسوب ہے زیادہ مشہور ہے - لیکن وہ خود کوئی مستقل تصنیف نہین ہے بلکہ تمامتر عقود الجمان کا خلاصہ ہے اور خود مصنف نے دیباچہ کتاب مین اس کا اعتراف کیا ہے - قلاید العقیان کے دیباچہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ زیادہ تر قاضی صیمری کی تصنیف سے ماخوذ ہے - عقود الجمان جو نہایت جامع اور مفصل کتاب ہے اور میری تالیف کا عام ماخذ وہی ہے -

حافظ ابو المحاسن محمد بن یوسف بن علی الدمشقی الصالحی نزیل برقوقیہ کی تصنیف ہے - حافظ ابو المحاسن - جلال الدین سیوطی کے شاگرد اور فن حدیث مین ممتاز ہین - یہ کتاب جیسا کہ خود مصنف نے خاتمہ مین تصریح کی ہے ربیع الثانی ۹۳۹ھ مین تمام ہوئی - دیباچہ مین لکھا ہے کہ مینے امام ابوحنیفہ کے حالات مین بہت سی کتابین دیکھین جنمین سے موفق بن احمد خوارزمی کی تصنیف سب سے عمدہ تر اور جامع ہے - کتاب کے خاتمہ مین لکھا ہے کہ " مینے اس بحث مین جسقدر کتابین دیکھین اگر اون سے لکھنا چاہتا تو یہ کتاب دو ضخیم جلدون مین تیار ہوتی "

امام ابو حنیفہ کے حالات مین مستقل تصنیف تو مجھکو ایک بھی مل سکی - لیکن رجال وتاریخ کی مستند کتابین جنمین امام کا ذکر ہے اکثر میری نظر سے گزرین - جنمین تاریخ صغیر بخاری معارف بن قتیبہ - مختصر تاریخ خطیب بغدادی - انساب سمعانی - تہذیب الاسماء واللغات للنووی - تذکرۃ الحفاظ علامۂ ذہبی - دول الاسلام للذہبی - عبر فی اخبار من غبر للذہبی - تہذیب التہذیب حافظ ابن حجر عسقلانی - خلاصہ تذہیب تہذیب الکمال للعلامہ صفی الدین الخزرجی - خاصۃً قابل ذکر ہین - کیونکہ یہ وہ کتابین ہین جن پر آج فن رجال کا مدار ہے - اور حدیثون کی تنقید کے لئے زیادہ تر انہین تصنیفات کی طرف رجوع کیا جاتا ہے -

میری کتاب کا پہلا حصہ جسمین امام ابو حنیفہ کے عام حالات ہین انہین تصنیفات سے ماخوذ ہے - لیکن دوسرا حصہ جسمین امام صاحب کی طرزِ اجتہاد و اصولِ استنباط سے بحث ہے اُسکے لئے یہ تمام دفتر بیکار تہا - کیونکہ قدیم زمانہ مین سوانح عمریون کا یہ ڈہنگ ہی نہ تہا کہ حالات زندگی کے ساتھ اوس شخص کی تصنیفات یا مسائل سے بہی بحث کرتے - مناظرہ اور مذہبی حمایت کے پیرایہ مین البتہ ایسی کتابین لکھی گئی ہین کہ اون سے مسایل اور تصنیفات پر تفصیلی ریویو لکھا جا سکتا ہے - مثلاً ابن ابی شیبہ نے امام ابو حنیفہ کے مسایل پر جو اعتراضات کئے اور ثابت کیا کہ وہ حدیث کے مخالف ہین قاسم بن قطلوبغا المتوفی ۸۷۹ھ نے اوسکا مفصل جواب لکھا - شمس الایمۃ کردری نے منخول کے جواب مین ایک مستقل کتاب لکھی - اسیطرح ترجیح مذہب ابی حنیفہ کے نام سے شیخ اکمل الدین محمد بن محمد البابرتی المتوفی ۷۸۶ھ اور شیخ ابو عبد اللہ محمد بن یحیٰی

الجرجانی المتوفی ۳۹۷ھ نے مستقل کتابین لکھین - مورخ سبط ابن جوزی نے ایک ضخیم کتاب دو جلدون مین لکھی جسکا نام الانتصار لامام ایمۃ الامصار ہے - اسی مورخ کی ایک اور تصنیف ہے جو تینس بابون مین ہے اوسمین تفصیلاً امام ابو حنیفہ کے مسایل کی عمدگی ثابت کی ہے - صاحب کشف الظنون نے لکھا ہے کہ "یہ کتاب اپنے باب مین بےنظیر ہے" اسی مضمون پر عمر بن محمد بن سعید الموصلی کی ایک تصنیف ہے جس کا نام الانتصار والترجیح ہے - سب سے مفصل کتاب - الابانۃ ہے جو قاضی ابو جعفر احمد بن عبد اللہ بن القاسم کی تصنیف ہے اور چھ بابون پر منقسم ہے - پہلے باب مین ثابت کیا ہے کہ امام کا مذہب اصول سلطنت سے بہت مناسبت رکہتا ہے - دوسرا باب اس بحث مین ہے کہ اونکے مسایل حدیث و آثار سے ثابت ہین - چھٹے باب مین اون مسایل کا ذکر ہے جن پر مخالفون نے اعتراض کئے ہین - پہر نہایت تفصیل کے ساتھ اونکے جواب دئے ہین - جواہر مضیئہ کے مصنف نے لکھا ہے کہ "مینے یہ کتاب دیکھی ہے - نہایت عمدہ کتاب ہے اور جو دعوے کیا ہے اوسکے ثبوت مین بہت سی مثالین دی ہین"

بے شبہ اس قسم کی تصنیفات سے بہت بڑی مدد ملسکتی تہی لیکن مین مصنف کشف الظنون کی بہی قسمت کہان سے لاتا کہ ان نایاب تصنیفات پر دسترس پاسکتا - بڑی تلاش سے - شمس الایمۃ کردری کا رسالہ بہم پہونچا کہ اس ناداری مین وہ بہی غنیمت ہے - بعض بعض باتین اس رسالہ سے لین - باقی میرا تتبع اور تحقیق ہے - جسکے لئے خوش قسمتی سے حدیث و

فقہ کا بڑا ذخیرہ میرے پاس مہیا تھا۔

یہ بات بھی لحاظ رکھنے کے قابل ہے کہ امام **ابو حنیفہ** کی زندگی کی مختلف حیثیتین ہین - ولادت - نشو و نما - طریقہ معاشش - طرز معاشرت وغیرہ - اس قسم کے حالات تاریخی پیرایہ رکھتے ہین - روایت مین اونکا ثقہ ہونا نہونا محدثانہ بحث ہے - اونکے مسایل و طریقہ اجتہاد پر راے قایم کرنی مجتہد کا کام ہے - اسلئے جو کتاب ان تمام حیثیتون پر شامل ہوگی ضرور ہے کہ مختلف بحثون مین خود اوسکی حیثیتین بھی بدلتی جایئن - اوسکا طرز تحریر کہین مورخانہ ہوگا - کہین محدثانہ - اور کہین دونون پہلوؤن سے الگ مجتہدانہ روش ہوگی - اس کتاب مین - مینے ان مختلف حیثیتون کا لحاظ رکھا ہے - جو حالات تاریخ سے متعلق ہین اونمین وہ شہادتین کافی سمجھی ہین جو عام مورخون کے نزدیک مسلّم ہین - جو واقعہ محدثانہ پہلو رکھتا ہے اوسمین زیادہ تر تدقیق کی ہے اور تمام تر اون اصول سے کام لیا ہے جو محدثین نے اخبار و روایت کے لئے قرار دئے ہین - عام ناظرین کو شاید اون بحثون مین مزانہ آئے مگر ایسے ضروری حصّہ کو مین کیونکر چھوڑ سکتا تھا - عام تاریخی واقعات مین گو رُواۃ حدیث کی طرح بال کی کھال نہین نکالی ہے تاہم کوئی ایسا واقعہ نہین لکھا جسکی سند موجود نہو - ساتھ ہی اسکا التزام کیا ہے کہ ایسی کتاب کا حوالہ ندیا جاے جو خود میری نظر سے نہ گزری ہو کیونکہ نقل در نقل ہوکر اکثر روایتین اپنی حالت پر قایم نہین رہتین - ان احتیاطون کے ساتھ بھی ممکن - بلکہ ضرور ہے کہ مجھسے سامحات اور غلطیان ہوئی ہون - لیکن مین اس سے زیادہ اور کیا کر سکتا تھا - وقال اللہ تعالیٰ

[لایکلف اللہ نفساً الا وسعہا]

امام ابوحنیفہ کا نام ونسب وولادت

نعمان - نام - ابوحنیفہ کنیت - امام اعظم - لقب - شجرۂ نسب یہ ہے نعمان بن ثابت بن زوطی ابن ماہ - یہ امر جیسا کہ خود ناموں کی ترکیب سے ظاہر ہے عموماً مسلم ہے کہ امام صاحب عجمی النسل تھے - البتہ اسمین اختلاف ہے کہ کس نسل سے تھے اور عرب مین کیونکر آئے خطیب مورخ بغدادی سنے امام کے پوتے اسمعیل کی زبانی یہ روایت نقل کی ہے کہ "مین اسمعیل بن حماد بن نعمان بن ثابت بن نعمان بن مرزبان ہون - ہم لوگ نسل فارس سے ہین اور کبھی کسیکی غلامی مین نہین آئے - ہمارے دادا ابوحنیفہ سنہ ۸۰ھ مین پیدا ہوئے - ثابت بچپن مین حضرت علی علیہ السلام کی خدمت مین حاضر ہوئے تھے اونہون سنے انکی اور انکے خاندان کے حق مین دعاے خیر کی تہی - ہمکو امید ہے کہ وہ دعا بے اثر نہین رہی[1]" - اسمعیل سنے امام صاحب کے دادا کا نام نعمان بتایا اور پردادا کا نام مرزبان حالانکہ عام طرح پر زوطی اور ماہ مشہور ہے - غالباً جب زوطی ایمان لائے - تو اونکا نام نعمان سے بدل دیا گیا - اسمعیل نے سلسلۂ نسب کے بیان مین زوطی کا وہی اسلامی نام لیا اور حمیت اسلام کا مقتضا بھی یہی تہا - زوطی کے باپ کا اصلی نام غالباً کچھ اور ہوگا اور ماہ اور مرزبان لقب ہونگے - کیونکہ اسمعیل کی روایت سے اسقدر اور بھی ثابت ہے کہ انکا خاندان فارس کا ایک معزز اور مشہور خاندان تہا - فارس مین رئیس شہر کو

[1] مختصر تاریخ بغداد لابن جزلۃ - ترجمہ امام ابوحنیفہ ۱۲

مرزبان کہتے ہین اسلئے نہایت قرین قیاس ہے کہ ماہ اور مرزبان لقب ہین نہ نام۔
حافظ ابوالمحاسن نے قیاس لگایا ہے کہ "ماہ اور مرزبان ہم معنی الفاظ ہونگے" اونھون نے
قیاساً کہا کیونکہ وہ فارسی زبان نہین جانتے تھے لیکن مین یقیناً کہتا ہون کہ درحقیقت ماہ اور
مرزبان کے ایک معنی ہین ماہ دراصل وہی مہ ہے جسکے معنی بزرگ اور سردار کے ہین۔ مشہور
مصرع ہے۔ نہ کہ رامنزلت ماند نہ مہ را۔ عربی لہجہ نے مہ کو ماہ کردیا ہے۔

زوطی غلام نہ تھے

بعض مورخون نے زوطی کی نسبت لکھا ہے کہ "کابل سے گرفتار ہوکر آئے اور
قبیلہ بنی تیم اللہ کی ایک عورت نے خریدا کچھ دنون غلامی مین رہے پھر اوسنے آزاد کردیا
اسلئے امام کا خاندان موالی بنی تیم اللہ کہلاتا ہے" مخالفون نے جنکو امام کی تنقیص
مین مزا آتا ہے اس روایت کو زیادہ چمکایا ہے حالانکہ اس قسم کی غلامی ثابت بھی ہو
توکسر شان کی کیا بات ہے۔ زمانہ نے خاندان کسریٰ پر اس لقب کا داغ لگایا ہے۔
ہمارے علما حضرت ہاجرہ کو کنیز تسلیم کرتے ہین (گو توریت سے ثابت نہین) اسلام کے
قریب تر زمانہ مین اکثر وہ لوگ حدیث و روایت کے امام نظر آتے ہین جن پر اس قسم
کی غلامی کا اطلاق ہوچکا تھا۔ امام حسن بصری۔ بن سیرین۔ طاوس۔ عطا بن یسار
نافع۔ عکرمہ۔ مکحول۔ جو اپنے زمانہ کے مقتدائے عام تھے۔ خود۔ یا انکے باپ دادا
غلام رہ چکے تھے۔

زوطی کا غلام ہونا بھی ثابت ہو تو کچھ عار نہین۔ لیکن تاریخی شہادتین اسکے خلاف ہین
امام کے نسب مین اور بھی اختلافات ہین ابومطیع نے اونکو نسل عرب سے شمار کیا ہے

اور سلسلۂ نسب یون بتایا ہے - نعمان بن ثابت بن زوطی بن یحیی بن زید بن اسد بن راشد الانصاری - حافظ ابو اسحق نے شجرۂ نسب کے متعلق یہ روایت نقل کی ہے نعمان بن ثابت بن کاؤس بن ہرمز بن بہرام - زوطی کے مقام سکونت مین بھی اختلاف ہے اور یہ اختلافات ضرور ہونے چاہئین تھے - زوطی اول اول جب عرب مین آئے ہونگے تو برسون تک اونکی حالت - بیگانگی کی حالت رہی ہوگی - لوگون کو اون کے حالات کے ساتھ چندان اعتنا نہوگا اور ہوگا تو زبان کی اجنبیت کیوجہ سے صحیح حالات نہ معلوم ہو سکے ہونگے - معاشرت کی ضرورتون نے زوطی کو مجبور کیا ہوگا کہ وہان کے رہنے والون سے دوستانہ تعلق پیدا کرین - یہ طریقہ عرب مین عام طور پر جاری تھا اور اس قسم کے تعلق کو ولاء کہتے تھے جسکا مشتق مولی ہے - مولی غلام کو بھی کہتے ہین - اسطرح لفظی مشارکت سے بعضون نے زوطی کو غلام سمجھ لیا اور رفتہ رفتہ یہ خیال روایت کی شکل پکڑ کر کسیقدر عام ہوگیا جسکی وجہ سے اسمعیل کو دفع دخل کرنا پڑا کہ "واللہ ہمارا خاندان کبھی کسیکی غلامی مین نہین آیا" اسمعیل نہایت ثقہ اور معزز شخص تھے اس وجہ سے دقیقہ سنج مورخون نے اس بحث مین اونہین کی روایت پر اعتماد کیا ہے کہ "صاحب البیت ادری بما فیہا" قاضی صیمری نے جو بڑے پایہ کے مصنف ہین صاف تصریح کی ہے کہ "زوطی - بنی تیم اللہ کی حلیف یعنی ہم قسم تھے[1]" اوس روایت کا (جسمین زوطی کی غلامی کا ذکر ہے)

---

[1] دیکھو قلائد عقود العقیان باب اول - علامہ نووی نے تہذیب الاسماء واللغات کے مقدمہ مین لکھا ہے کہ مولی کا لفظ زیادہ تر حلیف ہی کے معنی مین مستعمل ہوتا ہے -

یہ حصہ بھی غلط ہے کہ وہ کابل سے گرفتار ہو کر آئے - زوطی کے باپ دادا کے نام فارسی زبان کے ہین - خود امام ابو حنیفہ کی نسبت ثابت ہے کہ وہ خاندانی حیثیت سے فارسی زبان جانتے تھے - یہ ظاہر ہے کہ کابل کی زبان فارسی نہ تھی -

زوطی کی نسبت ہم یہ نہین بتا سکتے کہ خاص کس شہر کے رہنے والے تھے - مورخون نے مختلف شہرونکے نام لئے ہین جنمین سے کسیکی نسبت ترجیح کا دعوی نہین کیا جا سکتا - یقینی طور پر جو ثابت ہے وہ صرف اسقدر ہے کہ اقلیم فارس اور فارسی نسل سے تھے - یہ ممالک اوس زمانہ مین اسلامی اثر سے معمور تھے اور اکثر بڑے بڑے خاندان اسلام قبول کرتے جاتے تھے - غالباً زوطی اسی زمانہ مین اسلام لائے - اور جوش شوق - یا خاندان والونکی ناراضی سے جسکا باعث تبدیل مذہب تہا - عرب کا رُخ کیا - یہ جناب امیر علیہ السّلام کی خلافت کا زمانہ تھا اور شہر کوفہ دار الخلافۃ ہونیکا شرف رکھتا تہا - اس تعلق سے زوطی نے کوفہ کو پسند کیا اور وہین سکونت اختیار کی - کبھی کبھی جناب امیرؑ کے دربار مین حاضر ہوتے اور خلوص عقیدت سے آداب بجا لاتے - ایکبار نوروز کے دن کہ پارسیون کی عید کا دن ہے فالوده نذر کے طور پر بھیجا - حضرت نے ارشاد فرمایا کہ "نوروزنا کل یوم" یعنی ہمارے ہان ہر روز نوروز ہے" - ثابت - امام ابو حنیفہ کے پدر بزرگوار کوفہ ہی مین پیدا ہوئے - زوطی نے نیک فال لڑکے کو حضرت علیؑ کی خدمت مین حاضر کیا - آپنے بزرگانہ شفقت فرمائی اور اونکے اور اونکی اولاد کے حق مین دعائے خیر کی -

ثابت کے حالات زندگی بالکل نامعلوم ہین - قراین سے اسقدر پتہ چلتا ہے کہ تجارت

کے ذریعہ سے زندگی بسر کرتے تھے - چالیس برس کی عمر ہوئی تو خدا نے فرزند عطا کیا جسکا نام والدین نے نعمان رکھا لیکن زمانہ نے آگے چلکر امام اعظم کے لقب سے پکارا -

اوسوقت عبد الملک بن مروان جو دولت مروانیہ کا دوسرا تاجدار شمار کیا جاتا ہے سند آرائے خلافت تھا - یہ وہ مبارک عہد تھا کہ رسول اللہ کے جمال مبارک سے جن لوگونکی آنکھین روشن ہوئی تھین اونمین سے چند بزرگ موجود تھے جنمین سے بعض امام ابوحنیفہ کے آغاز شباب تک زندہ رہے - انس بن مالک نے جو رسول اللہ کے خادم خاص تھے ۹۳ھ مین وفات پائی - سہل بن سعد نے ۹۱ھ مین انتقال کیا اور ابو الطفیل عامر بن واثلہ توسو ہجری تک زندہ رہے - لیکن یہ ثابت نہین ہوتا کہ امام ابوحنیفہ نے کسی سے بھی کوئی حدیث روایت کی - اسپر لوگون کو نہایت تعجب ہے اور مورخون نے اسکے مختلف اسباب خیال کئے ہین - بعضون کی راے ہے کہ امام ابوحنیفہ نے اوسوقت تک کسی قسم کی تعلیم نہین حاصل کی تھی - اونکے باپ دادا تجارت کرتے تھے - اسلئے اونکی نشو و نما بھی ایک عام تاجر کی حیثیت سے ہوئی - بڑے ہونے پر امام شعبی کی ہدایت سے علم کیطرف متوجہ ہوئے - اوسوقت موقع ہاتھ سے نکل چکا تھا یعنی صحابہ مین سے کوئی باقی نہین رہا تھا -

امام ابوحنیفہ نے صحابہ سے کیون روایت نہین کی -

لیکن میرے نزدیک اسکی ایک اور وجہ ہے - محدثین مین باہم اختلاف ہے کہ حدیث سیکھنے کیلئے کم از کم کیا عمر مشروط ہے - اس امر مین ارباب کوفہ سب سے زیادہ احتیاط کرتے تھے یعنی بیس برس سے کم عمر کا شخص حدیث کی درسگاہ مین شامل نہین ہو سکتا تھا[۵۱] - اونکے نزدیک

---

۵۱ مقدمہ ابن الصلاح - مطبوعہ لکھنو - صفحہ ۵۸ - ۱۲

چونکہ حدیثین بالمعنی روایت کیگئی ہین اسلیئے ضرور ہے کہ طالب علم پوری عمر کو پہونچ چکا ہو۔ ورنہ مطالب کے سمجھنے اور اوسکے ادا کرنے مین غلطی کا احتمال ہے۔ غالباً یہی قید تہی جسنے امام ابوحنیفہ کو ایسے بڑے شرف سے محروم رکہا۔ اور سچ پوچہو تو یہ قید مصلحت سے خالی بہی نہین۔ جن لوگون نے دس بارہ برس کے سن مین صحابہ سے حدیثین سنین اونکی روایتین اس لحاظ سے تو نہایت قابل اعتماد ہین کہ رسول اللہ تک صرف ایک واسطہ ہے۔ لیکن اسبات کا قوی احتمال موجود ہے کہ کم سنی کیوجہ سے مضمون حدیث کی تمام خصوصیتین خیال مین نہ آئی ہون جسکی وجہ سے اداے مطلب مین عظیم الشان غلطیان پیدا ہوجاتی ہین۔

بہرنوع وجہ کچھ ہو واقعہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ نے کسی صحابی سے کوئی حدیث نہین سُنی۔ تاہم یہ شرف اونکی قسمت مین تہا کہ جن آنکھون نے پیغمبر کا جمال دیکھا تہا اونکے دیدار سے عقیدت کی آنکھین روشن کین۔ یہ واقعہ ایک تاریخی واقعہ ہے لیکن چونکہ اوس سے تابعیت کا رتبہ حاصل ہوتا ہے اسلیئے یہ مسئلہ مذہبی پیرایہ مین آگیا ہے۔ اور اُسپر بری بڑی بحثین قائم ہوگئی ہین۔ بے شبہ امام ابوحنیفہ کو اس شرف پر ناز تہا اور بجا تہا کہ اونہون نے حضرت انس صحابی کو اپنی آنکھون سے دیکھا تہا۔ غیر قومین اِن باتون کو معمولی امر خیال کرینگے۔ لیکن اِن واقعات سے اُس محبت اور جوش عقیدت کا اندازہ ہوتا ہے جو مسلمانون کو رسول اللہ۔ اور اونکے تعلق کی وجہ سے صحابہ کے ساتھ تہا۔ سچ ہے **شعر**

تابعیت کی بحث

فی الجملہ نسبتی بتو کافی بود مرا	بلبل ہمین کہ قافیہ گل شود بس است

ہمارے زمانہ کے بعض مصنفون نے امام کی تابعیت سے انکار کیا ہے اور یہ کوئی نئی
بات نہین پہلے بھی لوگون کو شبہہ ہوا تھا لیکن محدثین نے جنکو اس قسم کی بحثون کے طے
کرنیکا سب سے زیادہ حق حاصل ہے۔ امام کے موافق فیصلہ کیا۔ حافظ ابن حجر عسقلانی
سے کہ فن حدیث کے ایک عنصر ہین فتوی پیا گیا تھا اونہون نے یہ جواب لکھا "امام
ابوحنیفہ کے زمانہ مین کئی صحابی موجود تھے اسلئے کہ امام سنہ ۸۰ھ مین بمقام کوفہ
پیدا ہوئے اور اوسوقت وہان صحابہ مین سے عبداللہ بن ابی اوفی موجود تھے کیونکہ
وہ سنہ ۸۷ھ مین یا اسکے بعد مرے۔ اور ابن سعد نے روایت کی ہے جسکی
سند مین کچھ نقصان نہین کہ امام ابوحنیفہ نے انس بن مالک کو دیکھا تھا۔ ان دو
صحابہ کے سوا اور اصحاب بھی مختلف شہرون مین موجود تھے۔ بعض لوگون نے اُن
حدیثون کو جمع کیا ہے جو امام نے صحابہ سے روایت کین۔ لیکن اون حدیثونکی سندین
ضعف سے خالی نہین۔ اور صحیح یہی ہے کہ امام اونکے ہمزمان تھے۔ اور بعض صحابہ
کو دیکھا تھا۔ جیسا کہ ابن سعد نے روایت کی ہے۔ پس اس لحاظ سے امام ابوحنیفہ
تابعین کے طبقہ مین ہین اور یہ امر۔ اور امامون کی نسبت جو اونکے ہم عصر تھے مثلاً
اوزاعی شام مین۔ حماد بن بصرہ مین۔ ثوری کوفہ مین۔ مالک مدینہ شریفہ مین۔ لیث
مصر مین۔ ثابت نہین ہوا واللہ اعلم"[۱]

حافظ ابن حجر کا فتوی[۱]

ابن سعد کی جس روایت کا حافظ ابن حجر نے حوالہ دیا ہے وہ صرف ایک واسطہ

---

[۱] اس فتوی کو حافظ ابو المحاسن نے عقود الجمان مین بعبارتہا نقل کیا ہے۔ اور مینے اوسیکا لفظی ترجمہ کیا ہے۔

یعنی سیف بن جابر کے ذریعہ سے امام ابوحنیفہ تک پہونچتی ہے - یعنی ابن سعد نے سیف بن جابر سے سُنا اور سیف نے خود امام ابوحنیفہ[۵۱] سے - ابن سعد وہ شخص ہین جنکی نسبت علامہ نووی نے تہذیب الاسماء مین لکھا ہے کہ "اگرچہ اون کا شیخ واقدی ثقہ نہین مگر وہ خود نہایت ثقہ ہین" سیف بن جابر - بصرہ کے قاضی اور صحیح الروایۃ تھے - اِس لحاظ سے یہ روایت اسقدر صحیح اور مستند ہے کہ قوی سے قوی حدیث بھی اوس سے زیادہ صحیح نہین ہوسکتی - اسی بناپر تمام بڑے بڑے محدثین مثلاً خطیب بغدادی - علامہ سمعانی مصنف کتاب الانساب - علامہ نووی شارح صحیح مسلم - علامہ ذہبی حافظ ابن حجر عسقلانی - زین الدین عراقی - سخاوی - ابوالمحاسن دمشقی - نے جن پر اب حدیث و روایت کا مدار ہے قطعاً فیصلہ کردیا ہے کہ امام ابوحنیفہ نے حضرت انس کو دیکھا تھا[۵۲] -

ابن خلکان نے بھی خطیب بغدادی کا یہ قول نقل کیا ہے لیکن چونکہ مورخ مذکور نے لکھا ہے کہ "امام ابوحنیفہ کو کسی صحابی سے ملاقات اور روایت حاصل نہین ہوئی" لوگون کو دہوکا ہوا کہ ابن خلکان تابعیت کے منکر ہین - حالانکہ ابن خلکان کو لقا و روایت سے انکار ہے نہ رویت سے - لیکن اگر ابن خلکان کی عبارت کا وہی مطلب ہو جو بعض ظاہر بینون نے قرار دیا ہے تاہم کون کہہ سکتا ہے کہ ایسے بڑے بڑے محدثین کے

---

۵۱ تذکرۃ الحفاظ علامہ ذہبی مین یہ تصریح موجود ہے - ۵۲ مختصر تاریخ خطیب بغداد - وکتاب الانساب وتہذیب الاسماء واللغات - وتذکرۃ الحفاظ وعبر فی اخبار من غبر للذہبی - وتہذیب التہذیب - مین ابوحنیفہ کا ترجمہ دیکھو -

مقابلہ مین اونکی شہادت کچھ بھی اعتبار کے قابل ہوگی۔ اصول روایت مین یہ مسئلہ طے ہوچکا ہے کہ اگر کسی واقعہ کے اثبات ونفی مین برابر درجہ کی شہادتین موجود ہون تو اثبات کا اعتبار ہوگا۔ یہان نفی کی شہادت ثبوت کے مقابلہ مین بالکل کم رتبہ ہے۔

بعض حنفیون نے رؤیت سے بڑھکر روایت کا بھی دعوی کیا ہے اور تعجب ہے کہ علامہ عینی شارح ہدایہ بھی اس غلطی کے حامی ہین۔ لیکن انصاف یہ ہے کہ یہ دعوی ہرگز پایۂ ثبوت کو نہین پہنچتا۔ حافظ ابوالمحاسن نے عقود الجمان مین ان تمام حدیثون کو مع سند نقل کیا ہے جنکی نسبت یہ خیال ہے کہ امام نے صحابہ سے سنین تہین۔ پہر اصول حدیث سے اونکی جانچ کی ہے اور ثابت کردیا ہے کہ ہرگز ثابت نہین۔ محدثانہ بحثین تو وقت طلب ہین۔ صاف بات یہ ہے کہ امام نے صحابہ سے ایک بھی روایت کی ہوتی تو سب سے پہلے امام کے تلامذۂ خاص اوسکو شہرت دیتے۔ لیکن قاضی ابویوسف۔ امام محمد۔ حافظ عبدالرزاق بن ہمام۔ عبداللہ بن المبارک۔ ابونعیم فضل بن دکین۔ مکی بن ابراہیم۔ ابوعاصم النبیل وغیرہ سے کہ امام کے مشہور اور با اخلاص شاگرد تھے اور سچ پوچھیے تو زیادہ ترانہین لوگون نے اونکے نام آوری کے سکّے بٹھائے ہین۔ ایک حرف بھی اس واقعہ کے متعلق منقول نہین۔

صحابہ سے روایت نہین کی

امام۔ کی کنیت جو نام سے زیادہ مشہور ہے۔ حقیقی کنیت نہین ہے۔ امام کے کسی اولاد کا نام حنیفہ نہ تہا۔ یہ کنیت وصفی معنی کے اعتبار سے ہے۔ یعنی ابو الملۃ الحنیفہ قرآن مین خدا نے مسلمانون سے خطاب کرکے کہا ہے **واتبعوا ملۃ ابراہیم حنیفا**۔

امام ابو حنیفہ نے اسی نسبت سے اپنی کنیت ابو حنیفہ اختیار کی۔

سن رشد۔ تعلیم و تربیت۔ شیوخ۔ و اساتذہ

امام کے بچپن کا زمانہ نہایت پُر آشوب زمانہ تھا۔ حجاج بن یوسف۔ خلیفہ عبد الملک کی طرف سے عراق کا گورنر تھا اور ہر طرف ایک قیامت برپا تھی۔ چونکہ مذہبی گروہ کی مخالفت کی وجہ سے عرب و عراق مین ابتک مروانی حکومت کے پانون نہین جمے تھے۔ حجاج کی سفاکیان زیادہ تر اونہین لوگون پر مبذول تھین جو ائمۂ مذہب۔ اور علم و فضل کی حیثیت سے مقتدائے عام تھے حضرت عمر بن عبد العزیزؒ نے نہایت سچ کہا کہ "اگر اور پیغمبرونکی اُمتین سب ملکر اپنے اپنے زمانہ کے بدکارون کو پیش کرین اور ہم صرف حجاج کو مقابلہ مین لائین تو واللہ ہمارا پلہ بھاری رہے گا۔" عبد الملک نے ۸۶ھ مین وفات کی اور اوسکا بیٹا ولید تخت نشین ہوا۔ ولید کے زمانہ مین اگرچہ فتوحات نے نہایت ترقی کی۔ اسپین و سندھ دو بڑی مملکتین اسلام کے قبضہ مین آگئین۔ خوارزم و سمرقند۔ سے گزر کر کابل و فرغانہ پر علم اسلام نصب ہوا۔ مغرب کی طرف جزایر منورقہ و میورقہ فتح ہوئے۔ لیکن اسلام کی روحانی برکتون کا نشان نہ تھا۔ ملکی عہدہ دارون مین سے جو لوگ جسقدر زیادہ معزز او رباختیار تھے اوسیقدر ظالم اور سفاک تھے۔ اوسی زمانہ کی نسبت حضرت عمر بن عبد العزیزؒ فرمایا کرتے تھے کہ "ولید۔ شام مین۔ حجاج۔ عراق مین۔ عثمان۔ حجاز مین۔ قرۃ۔ مصر مین واللہ تمام دنیا ظلم سے بھر گئی۔" اِس عالمگیر آشوب مین بھی اگرچہ درس و تعلیم کا سلسلہ بند نہین ہوا تھا۔ جا بجا حدیث و روایت کی درسگاہین موجود تھین۔ اور فقہا و محدثین باوجود بے اطمینانی کے

درس و تدریس مین مشغول تھے - تاہم اسلام کی حوصلہ مندیون اور جوش کے لحاظ سے جسقدر تھا نہایت کم تھا ملک کی خوش قسمتی تھی کہ حجاج ۹۵ھ مین مر گیا - ولید نے بھی ۹۶ھ مین وفات پائی - ولید کے بعد سلیمان بن عبد الملک نے مسند خلافت کو زینت دی جسکی نسبت مورخین کا بیان ہے کہ خلفائے بنو امیہ مین سب سے افضل تھا - سلیمان نے اسلامی دنیا پر سب سے بڑا یہ احسان کیا کہ عمر بن عبد العزیز کو مشیر سلطنت بنایا اور مرتے دم تحریری وصیت کی - کہ "میرے بعد عمر بن عبد العزیز تخت نشین ہون" سلیمان نے ۹۹ھ مین وفات پائی اور وصیت کے موافق عمر بن عبد العزیز مسند خلافت پر بیٹھے - اونکی خلافت نے دفعۃً حکومت مروانی کا رنگ بدل دیا - اور تمام ملک مین عدل و انصاف - علم و عمل - خیر و برکت - کی - جان تازہ ڈالدی ایک مدت سے حضرت علیؑ پر خطبون مین جو لعن پڑھا جاتا تھا یک لخت موقوف کر دیا - شہزادگان بنو امیہ کے ہاتھون سے جاگیرین چھین لین - جہان جہان ظالم عمال تھے یکقلم معزول کر دئے - سب سے بڑھکر یہ کہ علوم مذہبی کو وہ رونق دی کہ گھر گھر یہی چرچے پھیل گئے - امام زہری کو حکم دیا کہ حدیثون کو یکجا کرین یہ مجموعہ تیار ہوا تو ممالک اسلامیہ مین اوس کی نقلین بھجوائین -

غرض حجاج و ولید کے عہد تک تو امام ابو حنیفہ کو تحصیل علم کیطرف متوجہ ہونیکی نہ رغبت ہو سکتی تھی نہ کافی موقع مل سکتا تھا - تجارت - باپ دادا کی میراث تھی - اسلئے خز بافی کا کارخانہ قایم کیا - اور حسن تدبیر سے اوسکو بہت کچھ ترقی دی - لیکن سلیمان کی عہد خلافت مین جب درس تدریس کے چرچے زیادہ عام ہوئے تو اونکے دل مین بھی ایک تحریک پیدا ہوئی -

حسن اتفاق یہ کہ انہی دنون مین ایک اتفاقی واقعہ پیش آیا جس سے اونکے ارادہ کو اور بھی استحکام ہوا۔

تحصیل علم کی تحریک

ایک دن بازار جارہے تھے۔ امام شعبی۔ جو کوفہ کے مشہور امام تھے اون کا مکان راہ مین تھا سامنے سے نکلے تو اونہون نے یہ سمجھکر کہ کوئی نوجوان طالب علم ہے۔ پاس بلالیا اور پوچھا کہ "کہان جارہے ہو" انہون نے ایک سوداگر کا نام لیا۔ امام شعبی نے کہا "میرا مطلب یہ نہ تھا تم پڑہتے کس سے ہو؟" انہون نے افسوس کے ساتھ جواب دیا کہ "کسی سے بھی نہین" شعبی نے کہا کہ "مجھکو تم مین قابلیت کے جوہر نظر آتے ہین تم علما کی صحبت مین بیٹھا کرو"[۱]۔ اِس نصیحت نے اونکے دل مین گھر کرلیا۔ اور نہایت اہتمام سے تحصیل علم پر متوجہ ہوئے۔

او سوقت تک علم جس چیز کا نام تہا وہ ادب۔ انساب۔ ایام العرب۔ فقہ۔ حدیث۔ کلام تھا۔

علم کلام

کلام۔ اگرچہ آج کل کا علم کلام نہ تھا کیونکہ اوس عہد تک مسایل اسلام پر فلسفہ کا پرتو نہین پڑا تھا تاہم اون علوم مین دقتِ نظر۔ بلندی خیال۔ زورِ طبع کیلئے اُس سے وسیع تر میدان نہ تھا۔ اسلام جب تک عرب کی آبادی مین محدود رہا اوسکے مسایل نہایت سادہ اور صاف رہے لیکن فارس اور مصر و شام پہونچکر اونمین رنگ آمیزیان شروع ہوگئین۔ اِن ملکون مین اگرچہ حکمت و فلسفہ کا وہ زور باقی نہ رہا تھا تاہم فلسفہ کے بگڑے بگڑائے مسایل عام لوگون مین پھیلے ہوئے تھے اور طبیعتین عموماً باریک بینی اور احتمال آفرینی کی عادی تھین۔

قرآن پاک مین خدا کی ذات و صفات۔ مبدا و معاد وغیرہ کے متعلق جو کچھ مذکور ہے عرب

---

[۱] عقود الجمان۔ باب سادس۔ ۱۲

نے اوسکو اجمالی نگاہ سے دیکھا اور خلوص اعتقاد کیلئے وہی کافی تہا - بخلاف اسکے فارس و شام مین نہایت دقیق بحثین پیدا ہوگئین جو وسعت تمدن اور ترقی خیالات کے لحاظ سے ضرور پیدا ہونی چاہئین تھین - تنزیہ و تشبیہ - صفات کی عینیت و غیریت - حدوث و قدم - غرض اس قسم کے بہت سے مضامین نکل آئے جنکو بحث و تدقیق کی وسعت نے مستقل فن بنا دیا - رفتہ رفتہ عام اعتقادی مسایل مین بھی موشگافیان شروع ہوگئین - اور رایون کے اختلافات سے مختلف فرقے بنتے گئے جو قدری - مرجی - معتزلی - جہمی - خارجی - رافضی کہلائے یہ فتنہ یہانتک بڑہا کہ اہل حق جو ابتک ان بحثون سے الگ تھے اونکو بھی مخالفت کی غرض سے اسطرف متوجہ ہونا پڑا - اسطرح علم کلام پیدا ہوگیا - جسکو تدوین و ترتیب کی وسعت نے اس رتبہ کو پہونچایا کہ بڑے بڑے ائمہ مذہب (مثلاً امام اشعری و ابوالمنصور ماتریدی) کا مایۂ ناز ٹھہرا -

علم کلام کیطرف متوجہ

علم کلام زمانۂ مابعد مین اگرچہ مدوّن و مرتب ہوکر اکتسابی علوم مین داخل ہوگیا لیکن اوسوقت تک اوسکی تحصیل کیلئے صرف قدرتی ذہانت اور مذہبی معلومات درکار تھین قدرت نے امام ابوحنیفہ مین یہ تمام باتین جمع کردی تھین - رگون مین ایرانی خون - اور طبیعت مین زور اور جدت تھی - مذہبی روایتین اور مسایل - کوفہ مین ایسے عام تھے کہ ایک معمولی شخص بھی تعلیم یافتہ لوگون مین اٹھ بیٹھکر حاصل کرسکتا تہا - امام ابوحنیفہ نے اِس فن مین وہ کمال پیدا کیا کہ بڑے بڑے اساتذۂ فن - بحث کرنے مین اون سے جی چراتے تھے - تجارت کی ضرورت سے اکثر - بصرہ - جانا ہوتا تہا جو اِن تمام فرقون کا دنگل اور خاصکر خارجیون کا

مرکز تھا - اباضیہ - صفریہ - حشویہ - وغیرہ سے اکثر بحثین کین اور ہمیشہ غالب رہے - اگرچہ آخر
ان جھگڑون کو چھوڑ کر وہ علم **فقہ** پر مائل ہوئے اور تمام عمر اوسکی نذر کردی لیکن اخیر تک یہ
مذاق طبیعت سے نہ گیا - خارجیون وغیرہ سے اونکے مناظرے - علم کلام کی جان ہین - اونکی
علمی زندگی کے تذکرہ مین ہم بعض واقعات کی تفصیل بیان کرینگے -

شروع شروع مین تو امام صاحب اس فن کے بہت دلدادہ رہے لیکن جسقدر عمر اور تجربہ
بڑہتا جاتا تھا اونکی طبیعت رُکتی جاتی تھی - خود اون کا بیان ہے کہ "آغاز عمر مین مین اس
علم کو سب سے افضل جانتا تھا کیونکہ مجھکو یقین تھا کہ عقیدہ و مذہب کی بنیاد انہین باتون پر
ہے - لیکن پھر خیال آیا کہ صحابہ کبار ان بحثون سے ہمیشہ الگ رہے - حالانکہ ان باتون
کی حقیقت اون سے زیادہ کون سمجھ سکتا تھا - اونکی توجہ جسقدر تھی فقہی مسائل پر تھی -
اور یہی مسایل وہ دوسرون کو تعلیم دیتے تھے - ساتھ ہی خیال گزرا کہ جو لوگ علم کلام مین
مصروف ہین اون کا طرز عمل کیا ہے - اس خیال سے اور بھی بیدلی پیدا ہوئی - کیونکہ
ان لوگون مین وہ اخلاقی پاکیزگی اور روحانی اوصاف نہ تھے جو اگلے بزرگون کا تمغاے امتیاز
تھا"[1] اسی زمانہ مین ایک دن ایک عورت نے آکر یہ مسئلہ پوچھا کہ ایک شخص اپنی بیوی
کو سنت کے طریقہ پر طلاق دینی چاہتا ہے - کیونکر دے - خود تو بتا نہ سکا عورت کو ہدایت کی
کہ امام حماد - جن کا حلقۂ درس یہان سے قریب ہے جاکر پوچھے - یہ بھی کہدیا کہ حماد جو کچھ
بتائین مجھسے کہتی جانا - تھوڑی دیر کے بعد واپس آئی اور کہا کہ حماد نے یہ جواب دیا -

---

[1] عقود الجمان باب سادس - ۱۲

مجھکو سخت عبرت ہوئی اسیوقت اُٹھ کھڑا ہوا اور حماد کے حلقۂ درس مین جا بیٹھا"

حماد کی شاگردی۔

امام کی ابتدائی تحصیل کے متعلق ایک اور روایت ہے جسکا سلسلۂ سند خطیب نے امام تک پہونچایا ہے یعنی امام صاحب کا بیان ہے کہ "جب مینے تحصیل علم پر توجہ کی تو بہت سے علوم پیش نظر تھے اور مین متردد تھا کہ کس کو اختیار کرون۔ سب سے پہلے کلام کا خیال آیا۔ ساتھ ہی دل مین گزرا کہ کوہ کندن وکاہ برآوردن ہے۔ ایک مدت کی محنت اور دردسری کے بعد کمال بھی پیدا کیا تو علانیہ اظہار نہین کرسکتے کہ لوگ الحاد کی تہمت نہ لگائین۔ ادب اور قرأت کا بجز اسکے کہ کتب پڑہائین اور کچھ فائدہ نہ تھا۔ شعر و شاعری مین ہجو اور جھوٹی مدح کے سوا اور کیا دہرا تھا۔ حدیث۔ کیلئے اوّلاً تو ایک مدت درکار تھی۔ اسکے علاوہ۔ کم سنون سے واسطہ پڑتا اور ہروقت یہ فکر رہتی کہ لوگ جرح و تعدیل کا نشانہ نہ بنائین۔ آخر فقہ پر نظر پڑی اور دنیا و دین کی حاجتین اوس سے وابستہ نظر آئین" لیکن یہ روایت محض غلط ہے۔ تمام معتمد روایتین اسکے خلاف ہین۔ جو ریمارک امام صاحب کی طرف منسوب کئے ہین ایسے جاہلانہ ریمارک ہین کہ ایک معمولی آدمی کی طرف بھی نسبت نہین کی جاسکتی۔ اس روایت کو صحیح مانین تو ماننا پڑیگا کہ حدیث وکلام کیطرف امام ابوحنیفہ نے توجہ ہی نہین کی۔ حالانکہ ان فنون مین امام ابوحنیفہ کا جو پایہ ہے اوس سے کون انکار کرسکتا ہے۔ یہ ممکن ہے کہ تحصیل علوم کے بعد امام نے خیال کیا ہو کہ کس فن کو اپنا خاص فن بنائین اور چونکہ عام خلایق کی ضرورتین۔ فقہ سے وابستہ دیکھین اوسی کو ترجیح دی۔ یہی بات طرز بیان کی رنگ آمیزیون سے اس حد تک پہونچگئی۔ جسکا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ یہ روایت باانیہمہ کہ قید کتابت مین آچکی تھی عقود الجمان

کے مصنف نے نقل کی تو بہت سے اختلافات پیدا ہوگئے - ابن جزلہ نے تاریخ بغداد کا جو اختصار کیا ہے ہماری پیش نظر ہے اوسمین اس روایت کا جہان ذکر ہے ہر علم کے متعلق کی جو ہر مبارک ہین - دوسرونکی طرف منسوب ہین - امام ابو حنیفہ کی نسبت صرف اونکا تسلیم کرنا بیان کیا ہے -

حماد کوفہ کے مشہور امام - اور اُستاد وقت تھے حضرت انس سے جو رسول اللہ کے خادم خاص تھے حدیث سنی تھی اور بڑے بڑے تابعین کی فیض صحبت سے مستفید ہوئے تھے - اوسوقت کوفہ مین اونہین کا درسگاہ مرجع عام سمجھا جاتا تھا - مسعر و شعبہ نے جو ایمہ رفن خیال کئے گئے ہین اونہین کے حلقہ درس مین تعلیم پائی تھی حضرت عبد اللہ بن مسعود (صحابی) سے فقہ کا جو سلسلہ چلا آتا تھا - اوسکا مدار انہین رہگیا تھا - ان باتون کے ساتھ - زمانہ نے بھی اون کا ساتھ دیا تھا - یعنی دولتمند اور فارغ البال تھے اور اس وجہ سے نہایت اطمینان اور دلجمعی کے ساتھ اپنے کام مین مشغول رہتے تھے - ان وجوہ سے امام ابو حنیفہ نے علم فقہ پڑہنا چاہا - تو اُستادی کے لئے اونہین کو انتخاب کیا - اوسوقت درس کا طریقہ یہ تھا - کہ اوستاد کسی خاص مسئلہ پر زبانی گفتگو کرتا تھا جسکو شاگرد یاد کرلیتے اور کبھی لکھ بھی لیا کرتے تھے - **امام ابو حنیفہ** - پہلے دن بائین صف مین بیٹھے کیونکہ مبتدیون کے لئے یہ امتیاز عموماً قایم رکھا جاتا تھا - لیکن چند روز کے بعد جب حماد - کو تجربہ ہوگیا کہ تمام حلقہ مین ایک شخص بھی حافظہ اور ذہانت مین اون کا ہمسر نہین ہے تو حکم دیدیا کہ ابو حنیفہ سب سے آگے بیٹھا کرین[۱]-

---

[۱] عقود الجمان باب سادس - ۱۲

امام نے اگرچہ اسی زمانہ مین حدیث پڑہنی شروع کردی تھی جسکا تفصیلی بیان آگے آتا ہے۔ تاہم حماد کے حلقہ درس مین ہمیشہ حاضر ہوتے رہے۔ خود اون کا بیان ہے کہ "مین دس برس تک حماد کے حلقہ درس مین حاضر ہوتا رہا پھر خیال ہوا کہ اب خود درس و تعلیم کا سلسلہ قایم کرون۔ لیکن استاد کا ادب مانع ہوتا تھا۔ اتفاق سے اونہین دنون حماد کا ایک رشتہ دار جو بصرہ مین رہا کرتا تھا مرگیا۔ حماد کے سوا اور کوئی اوسکا وارث نہ تھا۔ اس ضرورت سے اونکو بصرہ جانا پڑا۔ چونکہ مجھکو اپنا جانشین کر گئے تھے۔ تلامذہ اور ارباب حاجت نے میری طرف رجوع کیا۔ بہت سے ایسے مسئلے پیش آئے جنمین استاد سے مینے کوئی روایت نہین سُنی تھی۔ اسلیے اپنے اجتہاد سے جواب دیے اور احتیاط کے لئے ایک یادداشت لکھتا گیا۔ دو مہینے کے بعد حماد بصرہ سے واپس آئے۔ مینے وہ یادداشت پیش کی۔ کل ساٹھ مسئلے تھے۔ انمین سے بیس مین غلطیان نکالین باقی کی نسبت فرمایا کہ تمہارے جواب صحیح ہین۔ مینے عہد کیا کہ حماد جب تک زندہ ہین اون کی شاگردی کا تعلق کبھی نہ چھوڑون گا۔"

حماد نے ۱۲۰ھ مین انتقال کیا۔ امام ابوحنیفہ نے اگرچہ حماد کے سوا اور بزرگونکی خدمت مین بھی فقہ کی تحصیل کی لیکن کچھ شبہ نہین کہ اس فن خاص مین وہ حماد ہی کے تربیت یافتہ ہین اور یہی وجہ ہے کہ وہ حد سے زیادہ اونکی تعظیم کرتے تھے۔

حدیث کی تحصیل۔

حماد کے زمانہ مین ہی امام نے حدیث کی طرف توجہ کی کیونکہ مسائل فقہ کی مجتہدانہ تحقیق جو امام کو مطلوب تھی حدیث کی تکمیل کے بغیر ممکن نہ تھی۔

اوسوقت تمام ممالک اسلامیہ مین بڑے زور شور سے حدیث کا درس جاری تہا اور ہر جگہہ سند اور روایت کے دفتر کہلے ہوئے تھے۔ صحابہ جنکی تعداد کم از کم دس ہزار ہے تمام ممالک مین پہونچگئے تھے۔ اور انکی وجہ سے اسناد و روایت کا ایک عظیم الشان سلسلہ قایم ہوگیا تھا لوگ جہان کسی صحابی کا نام سن پاتے تہے ہر طرف سے ٹوٹ پڑتے تھے کہ چلکر رسولؐ اللہ کے حالات سنین۔ یا مسایل شرعیہ کی تحقیق کرین۔ اسطرح تابعین کا۔ جو صحابہ کے شاگرد کہلاتے تھے بیشمار گروہ پیدا ہوگیا تہا۔ جنکے سلسلے تمام ممالک اسلامیہ مین پہیل گئے تھے۔ جن شہرون مین صحابہ یا تابعین کا زیادہ مجمع تھا۔ وہ دار العلم کے لقب سے ممتاز تھے۔ اِن مین مکہ معظمہ۔ مدینہ منورہ۔ یمن۔ بصرہ۔ کوفہ۔ کو خاص امتیاز تھا۔ کیونکہ اسلامی آثار کے لحاظ سے کوئی شہر۔ اِن مقامات کا ہمسر نہ تھا۔

کوفہ

کوفہ جو امام ابوحنیفہ کا مولد و مسکن تھا اسلام کی وسعت و تمدن کا گویا دیباچہ تھا۔ اہل عرب کی روز افزون ترقی کیلئے عرب کی مختصر آبادی کافی نہ تھی۔ اِس ضرورت سے حضرت عمر نے سعد بن ابی وقاص کو جو اوسوقت حکومت کسریٰ کا خاتمہ کرکے۔ **مداین** ۔مین اقامت گزین تھے خط لکھا کہ "مسلمانون کے لئے ایک شہر بساؤ جو اونکا دار الہجرۃ اور قرار گاہ ہو"۔ سعد نے کوفہ کی زمین پسند کی۔ ۱۷ھ مین اوسکی بنیاد کا پتھر رکھا گیا اور معمولی سادہ وضع کی عمارتین تیار ہوئین۔ اوسیوقت عرب کے قبایل ہر طرف سے آآکر آباد ہونے شروع ہوئے۔ یہانتک کہ تہوڑے دنون مین وہ عرب کا ایک خطہ بنگیا۔ حضرت عمر نے یمن کے بارہ ہزار اور نزار کے آٹھ ہزار آدمیون کے لئے جو وہان جاکر آباد ہوئے تھے روزینے مقرر کردئے۔ چند روز مین

جمعیت کے اعتبار سے کوفہ نے وہ حالت پیدا کی کہ جناب فاروق۔ کوفہ کو رمح اللہ" کنز الایمان" "جمجمۃ العرب" یعنی خدا کا علم ایمان کا خزانہ۔ عرب کا سر۔ فرمایا کرتے تھے۔ اور خط لکھتے تو اس عنوان سے لکھتے تھے۔ "الی راس الاسلام۔ الی راس العرب" حضرت علیؓ نے اس شہر کو دار الخلافۃ قرار دیا۔ صحابہ مین سے ایک ہزار پچاس شخص جنمین چوبیس وہ بزرگ تھے جو غزوہ بدر مین رسول اللہؐ کے ہمرکاب رہے تھے وہان گئے اور بہتون نے سکونت اختیار کر لی۔ ان بزرگون کی بدولت ہر جگہ حدیث و روایت کے چرچے پھیل گئے تھے۔ اور کوفہ کا ایک ایک گھر۔ حدیث و روایت کا درس گاہ بن گیا تھا[۵۱]۔

بصرہ بھی اوسی مقدس خلیفہ کے حکم سے آباد ہوا تھا اور وسعت علم اور اشاعت حدیث کے اعتبار سے کوفہ کا ہمسر تھا۔ یہ دونون شہر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی طرح۔ علوم اسلامی کے دار العلم خیال کئے جاتے تھے۔ علامہ ذہبی۔ نے اسلام کی دوسرے تیسرے دور مین جن لوگون کو حاملین حدیث کا لقب دیا ہے اور اونکے مستقل ترجمے لکھے ہین۔ اونمین اکثر۔ مثلاً مسروق بن الاجدع۔ عبیدہ بن عمر۔ اسود بن یزید۔ ابو عمر النخعی۔ ذر بن حبیش۔ ربیع بن خثیم۔ عبد الرحمن بن ابی لیلی۔ ابو عبد الرحمن السلمی۔ شریح بن الحرث۔ شریح بن ہانی۔ ابو وایل شقیق بن سلمہ۔ قیس بن ابی حازم۔ محمد بن سیرین۔ حسن بصری۔ شعبۃ بن حجاج۔ قتادۃ بن دعامہ۔ انہین دونون شہرونکے رہنے والے یا نزیل[۵۲] تھے۔ سفیان بن عیینہ۔ جو ایمہ حدیث مین شمار کئے جاتے ہین اکثر

---

۵۱ یہ تمام تفصیل۔ فتوح البلدان بلاذری ذکر آبادی کوفہ۔ معجم البلدان۔ و فتح المغیث صفحہ ۳۸۲ مین مذکور ہے۔
۵۲ تذکرۃ الحفاظ علامہ ذہبی۔

فرماتے تھے کہ مناسک کے لئے مکہ - قرأت - کیلئے مدینہ - اور حلال وحرام یعنی فقہ کیلئے کوفہ ہے[۵۱]"

فقہ مین امام نے زیادہ تر حماد کا حلقۂ درس کافی سمجھا تھا - لیکن حدیث مین یہ قناعت ممکن نہ تھی - یہان صرف ذہانت اور اجتہاد سے کام نہین چل سکتا تھا بلکہ درایت کے ساتھ روایت کی بھی ضرورت تھی - حدیثین اوسوقت تک نہایت پریشان اور غیر مرتب تھین یہانتک کہ بڑے بڑے اساتذہ دو چار سو حدیثون سے زیادہ یاد نہین رکھتے تھے - یہ تعداد ضروری مسایل کے لئے بھی کافی نہ تھی - اسکے علاوہ طرق روایت مین اسقدر اختلافات پیدا ہو گئے تھے کہ ایک حدیث جب تک متعدد طریقون سے نہ معلوم ہو اوسکے مفہوم اور تعبیر کا ٹھیک ٹھیک تعین ہونا دشوار تھا - امام ابوحنیفہ کو حماد کی صحبت اور سختگی عمر نے ان ضرورتون سے اچھی طرح واقف کر دیا تھا - اسلئے نہایت سعی اور اہتمام سے حدیثون کے بہم پہونچانے پر توجہ کی -

تقریباً - کوفہ مین کوئی ایسا محدث باقی نہ تھا جسکے سامنے امام صاحب نے زانوی شاگردی تہ نہ کیا ہو - اور حدیثین نہ سیکھی ہون - ابوالمحاسن شافعی نے جہان اونکے شیوخ حدیث کے نام گنائے ہین - ترانوے شخصونکی نسبت لکھا ہے کہ کوفہ کے رہنے والے یا نزیل تھے تہذیب التہذیب و تہذیب الاسماء - و تذکرۃ الحفاظ وغیرہ مین - اگرچہ (جیساکہ ان کتابون کا عام طریقہ ہے) - امام - کے شیوخ کا استقصا نہین کیا ہے - تاہم انہین کتابونکے تتبع سے معلوم ہوتا ہے کہ انہون نے ایک گروہ کثیر سے روایت کی جنمین ۹۲ شخص خاص کوفہ کے رہنے والے

---

۵۱ معجم البلدان - ذکر کوفہ -

امام کی شیوخ حدیث

تھے اور اونمین اکثر تابعی تھے۔ شیوخ کوفہ مین خاصکر۔ امام شعبی۔ سلمۃ بن کہیل۔ محارب بن وثار۔ ابو اسحق سبعی۔ عون بن عبداللہ۔ سماک بن حرب۔ عمرو بن مرۃ۔ منصور بن المعتمر۔ اعمش۔ ابراہیم بن محمد۔ عدی بن ثابت الانصاری۔ عطا بن السائب۔ موسیٰ بن ابی عائشہ۔ علقمۃ بن مرثد۔ بہت بڑے محدث۔ اور سند و روایت کے مرجع عام تھے۔ سفیان ثوری اور امام حنبل وغیرہ کا سلسلہ سند اکثر انہین بزرگون تک پہونچتا ہے۔

امام شعبی[۱]۔ وہی بزرگ ہین جنہون نے اول اول امام ابوحنیفہ کو تحصیل علم کی رغبت دلائی تھی۔ بہت سے صحابہ سے حدیثین روایت کی تہین۔ مشہور ہے کہ پانسو صحابہ کو دیکھا تھا۔ عراق۔ عرب۔ شام مین چار شخص جو استاد کامل تسلیم کیے جاتے تھے انین ایک یہ تھے۔ امام زہری کہا کرتے تھے کہ "عالم صرف چار ہین۔ مدینہ مین ابن المسیب۔ بصرہ مین حسن۔ شام مین مکحول۔ کوفہ مین شعبی"۔ حضرت عبداللہ بن عمر نے ان کو ایکبار مغازی کا درس دیتے دیکھا تو فرمایا کہ "واللہ یہ شخص اس فن کو مجھسے اچھا جانتا ہے"۔ ایک مدت تک منصب قضا پر مامور رہے۔ خلفا اور اعیان دولت۔ ان کا نہایت احترام کرتے تھے۔ سنہ ۱۰۴ ہجری یا سنہ ۱۰۶ ہجری مین وفات پائی۔

سلمۃ بن کہیل۔ مشہور محدث اور تابعی تھے۔ جندب۔ بن عبداللہ ابن ابی اوفی۔ ابو الطفیل و رانکے علاوہ اور بہت سے صحابہ سے حدیثین روایت کین۔ ابن سعد نے انکو کثیر الحدیث لکھا ہے۔ سفیان بن عیینہ (امام شافعی کے اوستاد) فرماتے تھے کہ سلمۃ بن کہیل ایک رکن ہین ارکان مین سے۔ ابن مہدی کا قول تھا کہ کوفہ مین۔ چار شخص سب سے زیادہ صحیح الروایۃ تھے۔ منصور۔ سلمۃ۔ عمرو بن مرۃ۔ ابو حصین۔

[۱] امام کی شیوخ حدیث کا حال۔ مین نے زیادہ تر۔ تہذیب التہذیب۔ و معارف بن قتیبۃ۔ و مرآۃ الجنان یافعی سی لکھا ہے

ابو اسحق سبعی - کبار تابعین سے تھے - عبد اللہ بن عباس - عبد اللہ بن عمر - بن زبیر - نعمان بن بشیر - زید بن ارقم - اور بہت سے صحابہ سے جنکے نام علامہ نووی نے تہذیب الاسماء مین بتفصیل لکھے ہین - حدیثین سنین تھین - عجلی نے کہا ہے کہ ۳۸ صحابہ سے انکو بالمشافہ روایت ہے - علی بن المدینی جو امام بخاری کے اوستاد تھے اونکا قول ہے کہ ابو اسحق کے شیوخ حدیث مینے شمار کئے تو کم و بیش تین سو ٹھہرے - حافظ ابن حجر نے تہذیب - مین انکا مفصل تذکرہ لکھا ہے -

سماک بن حرب - بہت بڑے تابعی اور محدث تھے - امام سفیان ثوری نے کہا ہے کہ سماک نے کبھی حدیث مین غلطی نہین کی - خود سماک کا بیان ہے کہ مین اسّی صحابہ سے ملا ہون -

محارب بن دثار - عبد اللہ بن عمر اور جابر وغیرہ سے روایت کی - امام سفیان ثوری کہا کرتے تھے کہ "مینے کسی زاہد کو نہین دیکھا جسکو محارب پر ترجیح دون" - علامہ ذہبی نے لکھا ہے کہ محارب عموماً حجۃ ہین - امام احمد - بن معین - ابو زرعہ - دارقطنی - ابو حاتم - یعقوب - بن سفیان - نسائی - نے انکو ثقہ تسلیم کیا ہے کوفہ مین منصب قضا پر مامور تھے ۱۱۶ھ مین وفات کی -

عون بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود - حضرت ابو ہریرہؓ اور عبد اللہ بن عمر سے حدیثین روایت کین - نہایت ثقہ اور پرہیز گار تھے -

ہشام بن عروۃ - معزز و مشہور تابعی تھے - بہت سے صحابہ سے حدیثین روایت کین - بڑے بڑے ایمہ حدیث مثلاً سفیان ثوری - امام مالک - سفیان بن عیینہ انکے شاگرد تھے - ابو جعفر منصور کے زمانہ مین کوفہ گئے - اہل کوفہ نے اسی زمانہ مین اون سے حدیثین روایت کین - خلیفہ منصور - ان کا نہایت احترام کرتا تھا - ایکبار لاکھ درہم انکو عطا کئے - اِنکے جنازہ کی نماز بھی منصور نے ہی پڑہائی تھی - بن سعد نے لکھا ہے

کہ ثقہ اور کثیر الحدیث تھے۔ ابو حاتم نے اونکو امام حدیث کہا ہے۔

سلیمان بن مہران معروف باعمش۔ کوفہ کے مشہور امام تھے صحابہ مین سے انس بن مالک سے ملے تھے اور عبد اللہ بن ابی اوفی سے حدیث سُنی تھی سفیان ثوری و شعبہ۔ انکے شاگرد ہین۔

امام۔ کی تحصیل حدیث کا دوسرا مدرسہ۔ بصرہ تھا جو امام حسن بصری و شعبہ و قتادہ کے فیض تعلیم سے مالامال تھا۔ تعجب ہے کہ حسن بصری باوجودیکہ سنہ ۱۱۰ ہجری تک زندہ رہے لیکن امام ابو حنیفہ کا اونکے درس سے مستفید ہونا ثابت نہین ہوتا۔ البتہ قتادہ کی شاگردی کا ذکر۔ عام محدثین نے کیا ہے۔ اور عقود الجمان کے مختلف مقامات سے معلوم ہوتا ہے کہ امام نے شعبہ سے حدیث روایت کی اور اونہون نے اپنے سامنے ہی فتوی و روایت کی اجازت بھی دیدی تھی۔

قتادہ۔ بہت بڑے محدث اور مشہور تابعی تھے حضرت انس بن مالک و عبد اللہ بن سرجس و ابو الطفیل اور دیگر صحابہ سے حدیثین روایت کین حضرت انس کے دو شاگرد جو نہایت نامور ہین اونمین ایک یہ ہین۔ اس خصوصیت مین اونکو نہایت شہرت تھی کہ حدیث کو بعینہ ادا کرتے تھے۔ یعنی الفاظ و معنی مین بالکل فرق نہین ہوتا تھا۔ انکی قوت حافظہ کی ایک عجیب مثال لکھی ہے۔ عمرو بن عبد اللہ کا بیان ہے کہ یہ مدینہ مین سعید بن المسیب سے فقہ و حدیث پڑھتے تھے۔ ایک دن انہون نے فرمایا کہ "تم ہر روز بہت سی باتین پوچھتے ہو تمکو اونمین سے کچھ یاد بھی ہین"۔ اونہون نے کہا "ایک ایک حرف محفوظ ہے"۔ چنانچہ جسقدر اون سے سنا تھا بقید تاریخ اور دن کے بیان کرنا شروع کیا۔ وہ نہایت متعجب ہوئے

اور کہا۔ "خدا نے دنیا مین تم جیسے لوگ بھی پیدا کئے ہین" اسی بنا پر لوگ انکو احفظ الناس کہا کرتے تھے۔ امام حنبل نے انکے فقہ۔ وواقفیت اختلافات و تفسیر دانی کی نہایت مدح کی اور کہا کہ "کوئی شخص ان باتون مین انکی برابر ہو تو ہو مگر ان سے بڑھکر نہین ہوسکتا" حافظ ابن حجر نے تہذیب التہذیب مین انکا حال تفصیل سے لکھا ہے جس سے اونکی عظمت و شان کا اندازہ ہوسکتا ہے۔

شعبہ بھی بڑے رتبہ کے محدث تھے دو ہزار حدیثین یاد تھین۔ سفیان ثوری نے فن حدیث مین انکو امیر المومنین مانا ہے۔ عراق مین یہ پہلے شخص ہین جسنے جرح و تعدیل کے مراتب مقرر کئے۔ امام شافعی فرمایا کرتے تھے کہ شعبہ نہوتے تو عراق مین حدیث کا رواج نہوتا۔ ۱۶۰ھ مین انتقال کیا۔ سفیان ثوری کو اونکے مرنے کی خبر پہونچی تو کہا "آج فن حدیث بھی مرگیا" شعبہ کو امام ابوحنیفہ کے ساتھ ایک خاص ربط تھا۔ غیبت مین اکثر اونکی ذہانت اور خوبی فہم کی تعریف کرتے۔ ایکبار ان کا ذکر آیا تو کہا کہ "جسطرح مین جانتا ہون کہ آفتاب روشن ہے اسی یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہون کہ علم اور ابوحنیفہ ہم نشین ہین" یحیی بن معین سے جو امام بخاری کے استاد تھے کسی نے پوچھا کہ آپ ابوحنیفہ کی نسبت کیا خیال رکھتے ہین فرمایا "اسقدر کافی ہے کہ شعبہ نے اونکو حدیث و روایت کی اجازت دی اور شعبہ آخر شعبہ ہی ہین"[۵۷] بصرہ کے اور شیوخ جن سے امام ابوحنیفہ نے حدیثین روایت کین اُنمین عبدالکریم بن امیۃ اور عاصم بن سلیمان الاحول زیادہ ممتاز ہین۔

---

۵۷ عقود الجمان۔ باب ۲۳م۔

امام ابوحنیفہ کو اگرچہ ان درسگاہون سے حدیث کا بہت بڑا ذخیرہ ہاتھ آیا تاہم تکمیل کی سند حاصل کرنے کے لئے حرمین جانا ضرور تہا - جو علوم مذہبی کے اصلی مرکز تھے - تاریخون سے یہ پتہ نہین چلتا کہ امام کا پہلا سفر کس سنہ مین واقع ہوا تاہم ظن غالب ہے کہ جب انہون نے حرمین کا سفر کیا تو تحصیل کا آغاز تھا - مورخ ابن خلکان نے لکھا ہے[1] کہ وکیع نے خود امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے کہ "حج مین ایک حجام نے جس سے مینے بال منڈوائے تھے کئی باتون مین مجھپر گرفت کی - مینے اجرت پوچھی تو بولا "مناسک چکائے نہین جاتے" مین چپ ہو کر اصلاح بنوانے لگا - اسنے پھر ٹوکا کہ "حج مین چپ نہین رہنا چاہئے تکبیر کہے جاؤ" حجامت سے فارغ ہو کر مین گھر چلا تو اسنے کہا "پہلے دو رکعت نماز پڑھ لو پھر کہین جانا" مینے متعجب ہو کر پوچھا کہ یہ مسائل تمنے کہان سیکھے - بولا "عطا ابن ابی رباح کا فیض ہے" اس واقعہ سے زیادہ تر یہی قیاس ہو سکتا ہے کہ ابتدائی زمانہ تھا -

حرمین کا سفر

جس زمانہ مین امام ابوحنیفہ مکہ معظمہ پہونچے درس و تدریس کا نہایت زور تہا متعدد اساتذہ کی جو فن حدیث مین کمال رکھتے تہے اور اکثر صحابہ کی خدمت سے مستفید ہوئے تھے الگ الگ درسگاہ قایم تھے - انہین عطا ابن ابی رباح کا حلقہ سب سے زیادہ وسیع اور مستند تہا - عطا مشہور تابعی تھے اکثر صحابہ کی خدمت مین رہے تھے اور اون کی فیض صحبت سے اجتہاد کا رتبہ حاصل کیا تہا حضرت عبداللہ بن عباس - بن عمر - بن زبیر - اسامۃ بن زید - جابر بن عبداللہ - زید بن ارقم - عبداللہ بن سایب - عقیل - رافع -

عطا ابن ابی رباح

[1] تاریخ ابن خلکان - ترجمہ عطا ابن ابی رباح -

ابو درداء - ابوہریرہ - اور بہت سے صحابہ سے حدیثین سنین تھین - خود اونکا بیان ہے کہ "مین دو سو بزرگون سے ملا ہون جنکو رسول اللہ کی صحبت کا شرف حاصل تہا" مجتہدین صحابہ اونکے علم و فضل کے معترف تھے - عبداللہ بن عمر جو حضرت فاروق کے فرزند رشید اور صاحب افتا تھے اکثر فرماتے تھے کہ "عطا بن رباح کے ہوتے لوگ میرے پاس کیون آتے ہین" حج کے زمانہ مین ہمیشہ سلطنت کی طرف سے ایک منادی مقرر ہوتا تھا کہ "عطا کے سوا کوئی شخص فتوی دینے کا مجاز نہین ہے"[۵۱] بڑے بڑے ایمہ حدیث مثلاً امام اوزاعی زہری - عمرو بن دینار - اونہین کے حلقہ درس سے نکلکر اُستاد کہلائے -

امام ابوحنیفہ استفادہ کی غرض سے اونکی خدمت مین حاضر ہوئے تو اونہون نے احتیاط کے لحاظ سے عقیدہ پوچھا - امام نے کہا "مین اسلاف کو برا نہین کہتا - گنہگار کو کافر نہین سمجھتا - قضا و قدر کا قایل ہون" عطا نے اجازت دی کہ حلقہ درس مین شریک ہوا کرین[۵۲] - روز بروز انکی ذہانت و طباعی کے جوہر ظاہر ہوتے گئے اور اُسکے ساتھ اُستاد کی نظر مین انکا وقار بھی بڑہتا گیا - یہان تک کہ جب یہ حلقہ درس مین جاتے تو عطا - اورونکو ہٹا کر انکو اپنے پہلو مین جگہہ دیتے[۵۳] - عطا ۱۱۵ھ تک زندہ رہے - اس مدت مین امام ابوحنیفہ کو جب مکہ جانے کا اتفاق ہوتا تو اونکی خدمت مین اکثر حاضر رہتے اور مستفید ہوتے -

عطا کے سوا مکہ معظمہ کے اور محدثین جنسے امام نے حدیث کی سند لی اونمین سے عکرمہ

---

۵۱ ابن خلکان - اور کتب رجال مین اونکے حالات پڑہو - ۵۲ مختصر تاریخ بغداد لابن جزلۃ - ۱۲
۵۳ عقود الجمان - باب عاشر -

عکرمہ

کا ذکر خصوصیت کے ساتھ کیا جا سکتا ہے - عکرمہ حضرت عبداللہ بن عباس کے غلام اور شاگرد تھے اونہون نے نہایت توجہ اور کوشش سے اُنکی تعلیم و تربیت کی تھی - یہانتک کہ اپنی زندگی ہی مین اجتہاد و فتوی کا مجاز کر دیا تھا - عکرمہ نے اور بہت سے صحابہ مثلاً حضرت علیؑ ابوہریرہ - عبداللہ بن عمر - عقبہ بن عامر - صفوان - جابر - ابوقتادہ - سے حدیثین سیکھی تھین اور فقہی مسایل تحقیق کئے تھے - کم و بیش ستر مشہور تابعین حدیث و تفسیر مین ان کے شاگرد ہین - امام شعبی کہا کرتے تھے کہ قرآن کا جاننے والا عکرمہ - سے بڑھکر نہین رہا سعید بن جبیر کہ تابعین کے سردار تھے اون سے ایک شخص نے پوچھا کہ دنیا مین آپ سے بڑھکر بھی کوئی عالم ہے - فرمایا "ہان عکرمہ"

فقہاء سبعہ

اسی زمانہ مین یعنی ۱۲۰ھ سے پہلے - امام ابوحنیفہ نے مدینہ کا قصد کیا کہ حدیث کا مخزن اور نبوت کا اخیر قرارگاہ تھا - صحابہ - کے بعد - تابعین کے گروہ مین سے سات شخص علم فقہ و حدیث کے مرجع بنگئے تھے اور مسایل شرعیہ مین عموماً انکی طرف رجوع کیا جاتا تھا - ان لوگون نے بڑے بڑے صحابہ کے دامن فیض مین تعلیم پائی تھی اور یہ مرتبہ حاصل کیا تھا کہ تمام ممالک اسلامی مین واسطہ در واسطہ اونکی درس کا سلسلہ پھیلا ہوا تھا - یہ لوگ ہمعصر تھے اور ایک مشترک مجلس افتا کے ذریعہ سے تمام شرعی مسائل کا فیصلہ کرتے تھے[۱] - مدینہ کی فقہ جسکی تدوین امام مالک نے کی اوسکی بنیاد زیادہ تر انہین کے فتوون پر ہے - امام ابوحنیفہ جب مدینہ مین پہونچے تو ان بزرگون مین سے صرف دو شخص زندہ تھے سلیمان - و سالم بن عبداللہ

---

[۱] فتح المغیث صفحہ ۳۹۹ -

سلیمان حضرت میمونہ کے جو رسولؐ اللہ کی ازواج مطہرات مین سے تھین - غلام تھے اور فقہاے سبعہ مین فضل وکمال کے لحاظ سے اونکا دوسرا نمبر تھا - سالم حضرت فاروق کے پوتے تھے اور اپنے والد بزرگوار سے تعلیم پائی تھی - امام ابو حنیفہ - دونون بزرگون کی خدمت مین حاضر ہوئے اور اون سے حدیثین روایت کین -

امام ابو حنیفہ کی طالب العلمی کی مسافت اگرچہ مدینہ تک محدود ہے - تاہم تعلم کا سلسلہ اخیر زندگی تک قایم رہا - اکثر حرمین جاتے اور مہینون قیام کرتے - حج کی تقریب مین ممالک اسلامی کے ہر گوشہ سے بڑے بڑے اہل کمال مکہ مین آکر جمع ہو جاتے تھے جنکا مقصد - حج کے ساتھ افادہ اور استفادہ بھی ہوتا تھا - امام صاحب اکثر اون لوگون سے ملتے اور مستفید ہوتے امام اوزاعی اور مکحول شامی - کہ شام کے امام المذہب کہلاتے تھے امام ابو حنیفہ نے مکہ ہی مین ان لوگون سے تعارف حاصل کیا اور حدیث کی سند لی - یہ وہ زمانہ تھا کہ امام صاحب کی ذہانت اور اجتہاد کی شہرت دور دور پہونچگئی تھی - یہانتک کہ ظاہر بینون نے اونکو قیاس مشہور کر دیا تھا -

اوزاعی

انہین دنون مین عبد اللہ بن مبارک نے جو امام ابو حنیفہ کے مشہور شاگرد ہین بیروت کا سفر کیا کہ امام اوزاعی سے فن حدیث کی تکمیل کرین - پہلی ہی ملاقات مین اوزاعی نے ان سے پوچھا کہ "کوفہ مین ابو حنیفہ کون شخص پیدا ہوا ہے - جو دین مین نئی باتین نکالتا ہے" انہون نے کچھ جواب ندیا اور گھر چلے آئے دو تین دن کے بعد پھر گئے تو کچھ اجزا ساتھ لیتے گئے اوزاعی نے انکے ہاتھ سے وہ اجزا لے لئے - سرنامہ پر لکھا تھا "قال نعمان بن ثابت"

دیر تک غور سے دیکھا کیے ۔ پھر عبد اللہ سے پوچھا نعمان کون بزرگ ہین ۔ انہون نے کہا
عراق کے ایک شیخ ہین جنکی صحبت مین مین رہا ہون " فرمایا بڑے پایہ کا شخص ہے عبداللہ
نے عرض کی ۔ یہ وہی ابو حنیفہ ہین جنکو آپ مبتدع[1] بتاتے تھے ۔ اوزاعی کو اپنی غلطی پر افسوس ہوا
حج کی تقریب سے اوزاعی مکہ گئے تو امام ابو حنیفہ سے ملاقات ہوئی ۔ انہین مسایل کا ذکر آیا
اتفاق سے عبداللہ بن المبارک بھی موجود تھے ۔ اون کا بیان ہے کہ امام ابو حنیفہ نے اس خوبی
سے تقریر کی کہ اوزاعی حیران رہ گئے ۔ امام ابو حنیفہ کے جانے کے بعد مجھسے کہا کہ " اس شخص
کے کمال نے اسکو لوگون کا محسود بنا دیا ہے ۔ بے شبہ میری بدگمانی غلط تھی جس کا مین
افسوس کرتا ہون "

تاریخون سے ثابت ہے کہ امام ابو حنیفہ نے فن حدیث مین امام اوزاعی کی شاگردی
کی ہے ۔ غالباً یہی زمانہ ہوگا ۔

امام باقر علیہ السلام کی شاگردی ۔

حضرت امام باقر علیہ السلام کے ساتھ بھی ایسا ہی واقعہ پیش آیا ۔ امام ابو حنیفہ
دوسری بار مدینہ گئے تو امام موصوف کی خدمت مین حاضر ہوئے ۔ ان کے ایک ساتھی
نے پہچنوایا کہ یہ ابو حنیفہ ہین ۔ انہون نے ابو حنیفہ سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ " ہان تمہین قیاس
کی بنا پر ہمارے دادا کی حدیثون سے مخالفت کرتے ہو " انہون نے نہایت ادب سے
کہا معاذ اللہ حدیث کی کون مخالفت کرسکتا ہے ۔ آپ تشریف رکھین تو کچھ عرض کرون "
پھر حسب ذیل گفتگو ہوئی (ابو حنیفہ) مرد ضعیف ہے یا عورت ۔ (امام باقر) عورت (ابو حنیفہ)

---
۱ مختصر تاریخ بغداد ۔

وراثت مین مرد کا حصہ زیادہ ہے یا عورت کا (امام باقرؑ) مرد کا (ابوحنیفہ) مین قیاس لگاتا تو کہتا کہ عورت کو زیادہ حصہ دیا جائے کیونکہ ضعیف کو ظاہر قیاس کی بناپر زیادہ ملنا چاہیئے۔ سپھر پوچھا نماز افضل ہے یا روزہ (امام باقرؑ) نماز (ابوحنیفہ) اس اعتبار سے حایضہ عورت پر نماز کی قضا واجب ہونی چاہیئے نہ روزہ کی۔ حالانکہ مین روزہ ہی کی قضا کا فتوی دیتا ہون امام باقرؑ۔ اسقدر خوش ہوئے کہ اُٹھکر اونکی پیشانی چوم لی[۵]۔ ابوحنیفہ ایک مدت تک استفادہ کی غرض سے انکی خدمت مین حاضر ہو اور فقہ وحدیث کے متعلق بہت سی نادر باتین حاصل کین۔ شیعہ وسنی دونون نے مانا ہے کہ امام ابوحنیفہ کی معلومات کا بڑا ذخیرہ حضرت ممدوح کا فیض صحبت تھا۔ امام صاحب نے اونکے فرزند رشید حضرت جعفر صادق علیہ السلام کی فیض صحبت سے بھی بہت کچھ فائدہ اُٹھایا جسکا ذکر عموماً تاریخون مین پایا جاتا ہے۔ ابن تیمیہ نے اس سے انکار کیا ہے اور اوسکی وجہ یہ خیال کی ہے کہ امام ابوحنیفہ حضرت جعفر صادقؑ کے معاصر اور ہمسر تھے اسلئے اُنکی شاگردی کیونکر اختیار کرتے۔ لیکن یہ ابن تیمیہ کی گستاخی او خیرہ چشمی ہے۔ امام ابوحنیفہ لاکھ مجتہد اور فقیہ ہون لیکن فضل وکمال مین اُنکو حضرت جعفر صادق سے کیا نسبت؟ حدیث وفقہ بلکہ تمام مذہبی علوم اہلبیت کے گھر سے نکلے وصاحب البیت ادری بما فیھا۔

یا تو وہ زمانہ تھا کہ امام ابوحنیفہ نے ایک طالب العلم کی حیثیت سے حرمین کا سفر کیا تھا یا اب یہ نوبت پہونچی کہ سفر کا قصد کرتے تو تمام اطراف مین شہرہ ہو جاتا کہ فقیہ عراق۔ عرب کو

---

[۵] عقود الجمان باب شانزدہم۔

جا رہا ہے - جس شہر یا گانون مین گزر ہوتا ہزارون آدمیون کا مجمع ہوجاتا - ایک دفعہ مکہ معظمہ گئے تو لوگون کی یہ کثرت ہوئی کہ مجلس مین تل رکھنے کو جگہہ نہ تھی - ارباب حدیث و فقہ دونون فرقہ کے لوگ تھے اور شوق کا یہ عالم تھا کہ ایک پر ایک گرا پڑتا تھا - آخر امام صاحب نے تنگ آکر - فرمایا "کاش ہمارے میزبان سے کوئی جاکر کہتا کہ اس ہجوم کا انتظام کرتے" - ابو عاصم نبیل حاضر تھے، عرض کی کہ مین جاتا ہون لیکن چند مسئلے دریافت کرنے رہگئے ہین - امام نے پاس بلالیا اور زیادہ توجہ کے ساتھ اونکی باتین سنین - اسمین میزبان کا خیال جاتا رہا - ابو عاصم سے فارغ ہو کر ایک اور طالب علم کیطرف متوجہ ہوئے - اور پھر وہی سلسلہ قایم ہو گیا - تھوڑی دیر کے بعد خیال آیا تو فرمایا کسی شخص نے میزبان کے پاس جانے کا اقرار کیا تھا وہ کہان گیا - ابو عاصم بولے - مینے عرض کیا تھا - فرمایا پھر تم گئے نہین ؟ ابو عاصم نے مناظرانہ شوخی سے کہا "مینے یہ تو نہین کہا تھا کہ ابھی جاتا ہون - جب فرصت ہوگی جاؤنگا - امام نے فرمایا "عام بول چال مین ان احتمالات کا موقع نہین - ان لفظونکے معنی ہمیشہ وہی لئے جاینگے جو عوام کی غرض ہوتی ہے"[1] - ایک اعتبار سے یہ بھی ایک فقہی مسئلہ تھا جسکو امام صاحب نے باتون باتونمین حل کر دیا -

امام صاحب کے اساتذہ - اونکا اسقدر ادب و احترام کرتے تھے کہ لوگون کو تعجب ہوتا تھا محمد بن الفضل کا بیان ہے کہ ایک دفعہ امام ابو حنیفہ ایک حدیث کی تحقیق کے لئے خصیب کے پاس گئے - مین بھی ساتھ تھا - خصیب نے ان کو آتے دیکھا تو اُٹھ کھڑے ہوئے -

امام صاحب کے اساتذہ - اونکی نہایت عزت کرتے تھے -

[1] الجواہر المضیئۃ - باب الکنی - ترجمۂ ابو عاصم النبیل -

اور نہایت تعظیم کے ساتھ لاکر اپنی برابر بٹھایا۔ امام صاحب نے پوچھا کہ "بیضہ نعام کے بارہ مین کیا حدیث آئی ہے"۔ خصیب نے کہا۔ اخبرنی ابو عبیدۃ عن عبد اللہ بن مسعود فی بیضۃ النعام یصیبہا المحرم ان فیہ قیمتہ۔ عمرو بن دینار[۵] جو مکہ کے مشہور محدث تھے ابو حنیفہ کے ہوتے حلقہ درس مین اور کسیکی طرف خطاب نہین کرتے تھے۔

اس عظمت کے ساتھ امام صاحب کو طلب علم مین کسی سے عار نہ تھی۔ امام مالک عمر مین ان سے تیرہ برس کم تھے۔ اونکے حلقہ درس مین بھی اکثر حاضر ہوئے اور حدیثین سنین۔ علامہ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین لکھا ہے کہ "امام مالک کے سامنے ابو حنیفہ اسطرح مؤدب بیٹھتے تھے جسطرح شاگرد استاد کے سامنے بیٹھتا ہے"۔ اسکو بعض کوتاہ بینون نے امام کی کسرشان پر محمول کیا ہے لیکن ہم اسکو علم کی قدر شناسی اور شرافت کا تمغہ سمجھتے ہین۔ امام مالک بھی اونکا نہایت احترام کرتے تھے۔ عبد اللہ بن المبارک کی زبانی منقول ہے کہ مین امام مالک کی خدمت مین حاضر تھا۔ ایک بزرگ آئے جنکی انہون نے نہایت تعظیم کی اور اپنی برابر بٹھایا۔ اونکے جانے کے بعد فرمایا "جانتے ہو کون شخص تھا؟ یہ ابو حنیفہ عراقی تھے جو اس ستون کو سونے کا ثابت کرنا چاہین تو کر سکتے ہین"۔ ذرا دیر کے بعد ایک اور بزرگ آئے امام مالک نے اونکی بھی تعظیم کی لیکن نہ اس قدر جتنی ابو حنیفہ کی کی تھی۔ وہ اٹھ گئے تو لوگون سے کہا یہ سفیان ثوری تھے۔

امام کی صحبت

حجاز و عراق کے ایمہ فن۔ روایت کے متعلق جدا جدا اصول رکھتے تھے طرز تعلیم بھی مختلف

---

[۵] عقود الجمان باب عاشر۔ ۱۲

تعلیم حدیث کے مختلف طریقے

تھا۔ بعضون کے نزدیک لکھنے کا زیادہ اعتبار تھا۔ بعض مثلاً ابراہیم و شعبی صرف حافظہ کو سند سمجھتے تھے۔ اکثرون نے اسبات کو جایز رکھا تھا کہ مطلب مین فرق نہ آئے تو روایت مین حدیث کا ایک ٹکڑا چھوڑ دیا جاسکتا ہے۔ بعض اسکے بالکل خلاف تھے۔ ایک فریق کہتا تھا کہ راوی جبتک سامنے نہو اوس سے روایت نہین کیجاسکتی۔ شعبہ جو امام صاحب کے اُستاد تھے اونکا یہی مذہب تھا۔ دوسرا گروہ پردہ کی اوٹ سے تحریر کی بنا پر روایت کرنے کو جایز سمجھتا تھا۔ امام زہری کی عادت تھی کہ روایت کے ساتھ الفاظ و مطالب کی تفسیر بھی کرتے جاتے تھے۔ بعض لوگ اسکے سخت مخالف تھے۔ یہانتک کہ ایک شخص نے خود زہری کو ٹوکا کہ "حدیث نبوی مین آپ اپنے الفاظ نہ ملائین"۔ امام مالک کو یہ طریقہ زیادہ پسند تھا۔ کہ شاگرد پڑہین اور وہ سنتے جائین۔ بعض اسکے مخالف تھے۔ یحیی بن سلام اتنی بات پر اونکے حلقہ درس سے ناراض ہوکر اُٹھ آئے کہ "وہ خود نہین پڑھتے شاگردون سے پڑھواتے ہین"۔ اسطرح اور بہت سے اختلافات تھے جنکو فتح المغیث مین تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ امام ابوحنیفہ کی کثرت شیوخ اور ریزہ چینیون کا ایک بڑا مقصد یہ تھا کہ ان مختلف اصول سے آگاہ ہون تاکہ سب کے مقابلہ سے خود ایک مستقل اور جنچی ہوئی راے قایم کرسکین۔ امام موصوف نے اصول فن مین جو اصلاحین کی ہین اونکا بیان آگے آیگا۔

طریقہ تعلیم کی ترقی

امام کی یہ بڑی خوش قسمتی تھی کہ اونکی آغاز تحصیل ہی مین حدیث کی تعلیم کا طریقہ مرتب اور باقاعدہ ہو چلا تھا۔ اِس سے پہلے عموماً زبانی روایت کا رواج تھا۔ بعض ائمہ حدیث کتابت کو قریباً ناجایز سمجھتے تھے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے تقریباً سنہ ۱۰۱ھ مین اہل مدینہ کو

خط لکھا جسکے یہ الفاظ تھے - انظروا بما کان من حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاکتبوہ فانی خشیت دروس العلم وذھاب العلماء - یعنی رسول اللہ کی جسقدر حدیثین ہین قلمبند کرلی جائین ورنہ ضایع ہونے کا ڈر ہے "اور شہرون مین بھی اس مضمون کے فرامین بھیجے - چنانچہ مدینہ مین امام زہری نے ایک مجموعہ مرتب کیا جسکی نقلین سلطنت کیطرف سے تمام ممالک اسلامی مین شایع کی گئین[1] - اوسوقت سے تدوین کا عام رواج ہوگیا - اور جہان جہان اہل حدیث تھے اسی طریقہ کو برتنے لگے شعبی (امام ابوحنیفہ کے اُستاد) کو اگرچہ زبانی روایت پر اصرار تھا تاہم کتاب ساتھ رکھتے تھے -

طرز تعلیم نے بھی نہایت ترقی کی شیخ مجمع عام مین ایک بلند مقام پر بیٹھتا اور حدیث کا مجموعہ ہاتھ مین ہوتا - شاگرد دوات قلم لیکر بیٹھتے - اور اُستاد جو کچھ روایت کرتا اُسی کے الفاظ مین لکھتے جاتے - شایقین کی زیادہ کثرت ہوتی تو ایک مستملی کھڑا ہوکر وہ الفاظ دور کے بیٹھنے والون تک پہونچاتا - مگر یہ التزام تھا کہ مطلب بلکہ جہان تک ممکن ہو الفاظ مین فرق نہ آئے اس ضرورت سے مستملی ہمیشہ ایسا شخص مقرر ہوتا تھا - جسکا حافظہ قوی اور معلومات وسیع ہون - ساتھ ہی خوش لہجہ اور بلند آواز ہو - چنانچہ امام شعبہ کی مجلس درس مین - آدم بن ابی ایاس - اور امام مالک کے حلقہ مین ابن علیۃ اس خدمت پر مامور تھے -

امام سے کے شیوخ حدیث بہت تھے -

امام ابوحنیفہ اس خصوصیت کے ساتھ مشہور ہین کہ اونکے شیوخ حدیث بیشمار تھے - ابوحفص کبیر نے دعویٰ کیا ہے کہ امام نے کم از کم چار ہزار شخصون سے حدیثین روایت کین - اگرچہ

[1] فتح المغیث صفحہ ۲۳۹ ومقدمہ قسطلانی شرح بخاری مطبوعہ لکھنو صفحہ ۶ -

تاریخ اسلام مین یہ کوئی عجیب بات نہین۔ مسلمانون نے حدیثون کے جمع کرنے مین جو محنتین اور جانفشانیان کی ہین دنیا کی اور قومین اوسکا اندازہ بھی نہین کرسکتین۔ ہم متعدد شخصون کے نام بتا سکتے ہین جنکے شیوخ حدیث چار ہزار سے کم نہ تھے اور ایسے تو بہت گزرے ہین جو ہزار سے زیادہ استاد رکھتے تھے۔ علامہ سخاوی نے فتح المغیث مین ان لوگون کے نام بھی گنائے ہین۔ لیکن انصاف یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ کی نسبت یہ دعوی محدثانہ اصول پر ثابت نہین ہوسکتا۔ البتہ اس سے انکار نہین ہوسکتا کہ امام نے ایک گروہ کثیر سے روایت کی ہے اور اس کا خود محدثین کو اعتراف ہے علامہ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین جہان انکے شیوخ حدیث کے نام گنائے ہین اخیر مین لکھدیا ہے "وخلق کثیر" حافظ ابو المحاسن شافعی نے عقود الجمان مین تین سو انیس شخصون کے نام بقید نسب لکھے ہین۔ اور اخیر مین لکھا ہے کہ مینے ایک دوسری کتاب مین جسکا نام تحصیل السبیل الی معرفۃ الثقات والمجاھیل ہے۔ ان لوگون کے حالات بھی تفصیل سے لکھے ہین۔ لیکن چونکہ اونکی فہرست زیادہ تر فقہاء حنفیہ سے ماخوذ ہے۔ ممکن ہے کہ محدثین کو کلیۃً اوس سے اتفاق نہو۔

افسوس ہے کہ محدثین نے امام کے حالات مین جو کتابین لکھین ہین اور جنمین اونکے شیوخ کا پورا پورا استقصا کیا ہے۔ ہماری نظر سے نہین گذرین۔ رجال کی مستند کتابین جنمین امام کا ذکر ہے ہمارے سامنے ہین لیکن اونمین سیکڑون ہزارون آدمیونکے حالات ہین اسوجہ سے کسی خاص شخص کے متعلق پوری تفصیل نہین ملسکتی۔ مختصر تاریخ بغداد

تہذیب الکمال۔ تہذیب الاسماء واللغات۔ تذکرۃ الحفاظ۔ ملخص طبقات الحفاظ۔ تہذیب التہذیب

انساب سمعانی - موطا امام محمد - کتاب الآثار امام محمد - کے تتبع[۵۱] سے جسقدر راون کے شیوخ انتخاب ہوسکتے ہین اونکے نام حسب ذیل ہین - انمین سے اکثر کے اجمالی حالات ہم اوپر لکھ آئے ہین -

شیوخ حدیث کا شمار

عطا بن ابی رباح مکی - عاصم بن ابی النجود کوفی - علقمہ بن مرثد کوفی - حکم بن عتبۃ کوفی - سلمہ بن کہیل کوفی حضرت امام باقر علیہ السلام مدنی - علی بن الاقمر الکوفی - زیاد بن علاقہ کوفی سعید بن مسروق کوفی - عدی بن ثابت انصاری کوفی - عطیہ بن سعید کوفی - ابوسفیان سعدی عبدالکریم بن امیۃ بصری یحیی بن سعید مدنی - ہشام بن عروہ مدنی (از تہذیب التہذیب حافظ ابن حجر عسقلانی)

ابو اسحق السبیعی کوفی - نافع بن عمر مدنی - عبدالرحمن بن ہرمز الاعرج المدنی - قتادہ بصری عمرو بن دینار المکی - محارب بن دثار کوفی - ہشیم بن حبیب الصراف کوفی - قیس بن مسلم کوفی - محمد المنکدر المدنی - یزید الفقیر کوفی - سماک بن حرب کوفی - عبدالعزیز بن رفیع المکی - مکحول شامی عمرو بن مرۃ الکوفی - ابوالزبیر محمد بن مسلم مکی - عبدالملک بن عمر کوفی - منصور بن زاذان - منصور المعتمر - عطا بن السائب الثقفی - عطا بن ابی مسلم الخراسانی - عاصم بن سلیمان الاحول بصری - اعمش کوفی - عبداللہ بن عمر بن حفص المدنی - امام اوزاعی - (طبقات الحفاظ ذہبی از مقامات مختلفہ)

---

[۵۱] ان کتابون مین سے تہذیب الکمال میری نظر سے نہین گزری - مولوی عبدالحی صاحب مرحوم نے التعلیق الممجد مین امام ابوحنیفہ کی شیوخ تہذیب الکمال کے حوالہ سے لکھے ہین - مینے اوسیکے حوالہ سے لکھا ہے -

ابراہیم بن محمد الکوفی - اسمعیل بن عبدالملک المکی - حارث بن عبدالرحمن المکی - خالد بن علقمہ الوداعی - ربیعۃ الرای - شداد بن عبدالرحمن بصری - شیبان بن عبدالرحمن بصری - طاوس بن کیسان یمنی عبداللہ بن دینار المدنی - عکرمہ مولی بن عباس مکی - عون بن عبداللہ کوفی - قابوس بن ابی ظبیان کوفی - محمد بن السائب الکلبی کوفی - محمد بن مسلم بن شہاب الزہری ابوسعید مولی بن عباس (تہذیب الکمال) -

موسیٰ بن ابی عایشہ کوفی - صلت بن بہرام (عثمان بن عبداللہ بن حوشب - بلال ہیثم بن ابی الہیثم - حصین بن عبدالرحمن - من - میمون بن سیاہ - جواب التیمی - سالم الافطس - یحییٰ بن عمرو بن سلمۃ - عمرو بن ہبیر - عبیداللہ بن عمر - محمد بن مالک الہمدانی - ابو السوار - خارجۃ بن عبداللہ - عبداللہ بن ابی زیاد - حکم بن زیاد - کثیر الاصم - سعید الاعرج - ابو العطوف - عبداللہ بن الحسن - سلیمان الشیبانی - سعید المرزبان - عثمان بن عبداللہ ابو حجیۃ (کتاب الآثار امام محمد) -

ہمنے اسقدر نام سرسری طورسے انتخاب کیے ہین زیادہ جہان بین کرتے تو شاید عقود الجمان کی فہرست کے برابر اُترتے - لیکن یہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ کے لئے کثرت شیوخ اسقدر فخر کا باعث نہین ہے جتنا کہ اونکی احتیاط اور تحقیق ہے - وہ اس نکتہ سے خوب واقف تھے کہ روایت مین جسقدر واسطے زیادہ ہوتے ہین اوسیقدر تغیر و تبدل کا احتمال بڑہتا جاتا ہے - یہی بات ہے کہ اونکے اساتذہ - اکثر تابعین ہین - جنکو رسول اللہ تک صرف ایک واسطہ ہے یا وہ لوگ ہین جو مدت تک بڑے بڑے تابعین کی صحبت مین رہے تھے - اور علم و فضل

دیانت - و پرہیزگاری - کے نمونے خیال کئے جاتے تھے - ان دو قسمونکے سوا اگر ہین تو شاذ ہین
اونکی تعلیم کا طریقہ بھی عام طالب العلمون سے الگ تھا بحث و اجتہاد کی شروع سے
عادت تھی - اور اسباب مین وہ استادونکی مخالفت کی بھی کچھ پروا نکرتے تھے - ایک دفعہ
حماد کے ساتھ امام اعمش کی مشایعت کو نکلے - چلتے چلتے مغرب کا وقت آگیا - وضو کیلئے پانی
کی تلاش ہوئی مگر کہین نہ مل سکا - حماد نے تیمم کا فتویٰ دیا - امام نے مخالفت کی کہ اخیر
وقت تک - پانی کا انتظار کرنا چاہئیے - اتفاق یہ کہ کچھ دور چلکر پانی ملگیا اور سب نے وضو سے
نماز ادا کی - کہتے ہین کہ یہ پہلا موقع تھا کہ استاد سے مخالفت کی - اور غالباً یہ زمانہ تحصیل
کا آغاز تھا -

امام شعبی - ان کے استاد قائل تھے کہ معصیت مین کفارہ نہین - ایک دفعہ استاد و شاگرد
کشتی مین سوار جاتے تھے - اس مسئلہ کا ذکر آیا - انہون نے کہا "ضرور معصیت مین کفارہ
ہے - کیونکہ خدا نے ظہار مین کفارہ مقرر کیا ہے اور اس آیت مین وانھم لیقولون منکراً
من القول وزوراً تصریح کر دی ہے کہ ظہار معصیت ہے" امام شعبی کچھ جواب نہ دیسکے
خفا ہوکر فرمایا - اقیاس انت[۵۱] - عطا بن رباح سے کسی نے اس آیت کے معنی پوچھے
واتیناہ اھلہ ومثلھم معھم - عطا نے کہا "خدا نے حضرت ایوب کے آل و اولاد
جو مر گئے تھے زندہ کر دئے اور اونکے ساتھ اور نئے پیدا کر دئے - امام ابوحنیفہ نے کہا جو شخص
کسیکی صلب سے نہ پیدا ہوا ہو وہ اوسکی اولاد کیونکر ہو سکتا ہے"[۵۲]

---

[۵۱] عقود الجمان - باب ثامن - [۵۲] مختصر تاریخ بغداد - ترجمہ امام ابوحنیفہ -

امام - کی علمی ترقی کا ایک بڑا سبب یہ تھا کہ انکو بڑے بڑے اہل کمال کی صحبتین میسر آئین - جن شہرون مین اونکو رہنے کا اتفاق ہوا یعنی کوفہ - بصرہ - مکہ - مدینہ - یہ وہ مقامات تھے کہ مذہبی روایتین وہان کی ہوا مین سرایت کر گئی تھین - علما سے ملنے اور علمی جلسون مین شریک ہونیکا شوق - امام - کے خمیر مین داخل تھا - ساتھ ہی اسکے انکی شہرت اس حد تک پہونچ گئی تھی کہ جہان جاتے تھے - استفادہ - ملاقات - مناظرہ - کی غرض سے خود اونکے پاس ہزارون آدمیون کا مجمع رہتا تھا -

درس و افتا و بقیہ زندگی

اگرچہ حماد کی زندگی ہی مین امام صاحب نے اجتہاد کا رتبہ حاصل کر لیا تھا - عمر بھی کچھ کم نہ تھی - یعنی حماد کی وفات کے وقت کم و بیش چالیس برس کا سن تھا تاہم شاگردانہ خلوص نے یہ گوارا نہ کیا کہ اُستاد کے ہوتے اپنا دربار الگ جمائین - اگلے زمانہ مین اُستاد کے ساتھ جو محبت اور ادب آمیز تعلق ہوتا تھا آج اوسکا اندازہ کرنا بھی مشکل ہے - خود امام - سے منقول ہے کہ حماد - جب تک زندہ رہے مینے اونکے مکان کی طرف کبھی پانون نہین پھیلائے - حماد نے ۱۲۰ھ مین قضا کی - چونکہ ابراہیم نخعی کے بعد فقہ کا مدار انہین پر رہگیا تھا اونکی موت نے کوفہ کو بے چراغ کر دیا - حماد نے ایک لائق بیٹا چھوڑا تھا - لوگون نے اونہین کو مسند درس پر بٹھایا - لیکن وہ لغت اور ادب کی طرف زیادہ مایل تھے - آخر موسی بن کثیر نے کہ حماد کے شاگردون مین تجربہ کار اور سن کے لحاظ سے سب سے ممتاز تھے اونکی جگہ لی - وہ اگرچہ فقہ کے پورے ماہر نہ تھے لیکن اکثر بزرگون کی صحبتین اوٹھائی تھین اور اس وجہ سے لوگون پر اونکا ایک خاص اثر تھا - چند روز تک

اُستاد کا ادب

حلقۂ درس اونکی وجہ سے قایم رہا۔ وہ حج کو چلے گئے۔ تو تمام بزرگون نے متفقاً امام ابوحنیفہ سے درخواست کی کہ مسند درس کو مشرف فرمائین۔

مختلف حالتون کا اقتضا دیکھو! یا تو وہ زمانہ تھا کہ جوانی ہی مین اُستادی کی مسند پر بیٹھنے کی آرزو تھی یا اب اور لوگ درخواست کرتے ہین اور اونکو اوسکی ذمہ داریون کے لحاظ سے انکار ہے۔ تاہم لوگون کا اصرار غالب آیا اور چاروناچار قبول کرنا پڑا۔ پھر بھی دل مطمئن نہ تھا حافظ ابو المحاسن نے لکھا ہے کہ اُنھین دنون مین خواب دیکھا کہ "پیغمبر خدا کی قبر مبارک کھود رہے ہین" ڈر کر چونک پڑے اور سمجھے کہ میری ناقابلیت کی طرف اشارہ ہے۔ امام ابن سیرین علم تعبیر کے اُستاد مانے جاتے تھے۔ اونھون نے تعبیر بتائی کہ اس سے ایک مردہ علم کو زندہ کرنا مقصود ہے۔ امام صاحب کو تسکین ہوگئی اور اطمینان کے ساتھ درس مین مشغول ہوئے یہ خواب کا ذکر تمام مورخون اور محدثون نے بھی کیا ہے۔ اس لحاظ سے گمان غالب ہے کہ اصل واقعہ صحیح ہو لیکن یہ زمانہ۔ اور ابن سیرین کی تعبیر گوئی محض غلط ہے کیونکہ ابن سیرین اس سے بہت پہلے سنہ ۱۱۰ھ مین قضا کر چکے تھے۔ بہرحال امام صاحب نے استقلال کے ساتھ تدریس شروع کی۔ اوّل اول حماد کے پرانے شاگرد درس مین شریک ہوتے تھے۔ لیکن چند روز مین وہ شہرت ہوئی کہ کوفہ کی اکثر درسگاہین ٹوٹکر انکے حلقہ مین آملین۔ نوبت یہانتک پہونچی کہ خود اونکے اساتذہ۔ مثلاً مسعر بن کدام۔ امام اعمش وغیرہ اون سے استفادہ کرتے تھے اور دوسرونکو ترغیب دلاتے تھے۔ اسپین کے سوا اسلامی دنیا کا کوئی حصہ نہ تھا جو اونکی شاگردی کے تعلق سے آزاد رہا ہو۔ جن جن مقامات کے رہنے والے اونکی خدمت

سلسلۂ درس کی وسعت۔

مین پہونچے اون سب کا شمار نہین ہوسکتا۔ لیکن جن اضلاع یا ممالک کا نام خصوصیت کے ساتھ لیا گیا ہے وہ یہ ہین۔ مکہ۔ مدینہ۔ دمشق۔ بصرہ۔ واسط۔ موصل۔ جزیرہ۔ رقہ۔ نصیبین۔ رملہ۔ مصر۔ یمن۔ یمامہ۔ بحرین۔ بغداد۔ اہواز۔ کرمان۔ اصفہان۔ حلوان۔ استراباد۔ ہمدان۔ نہاوند۔ رے۔ قومس۔ دامغان۔ طبرستان۔ جرجان۔ نیشاپور۔ سرخس۔ نسا۔ بخارا۔ سمرقند۔ کس۔ صنعانیان۔ ترمذ۔ ہرات۔ نہستار۔ الزم۔ خوارزم۔ سیستان۔ مداین۔ مصیصہ۔ حمص[۵۷]۔ مختصر یہ کہ اونکے استادی کے حدود خلیفۂ وقت کی حدود حکومت کی برابر برابر تھے۔

رفتہ رفتہ عراق مین اون کا ملکی اثر قایم ہوگیا۔ یہان تک کہ ملک مین جو انقلابات ہوتے تھے لوگون کو انکی شرکت کا عموماً گمان ہوتا تھا۔ شاہ عبدالعزیز صاحب نے تحفہ مین لکھا ہے کہ "زید بن علی نے بنو امیہ کے عہد مین جو بغاوت کی تھی امام صاحب بھی اسمین شریک تھے"۔ نامۂ دانشوران کے مولفون نے بھی ایسا ہی گمان کیا ہے لیکن ہم اسپر یقین نہین کرسکتے جسقدر تاریخین اور رجال کی کتابین ہماری نظر سے گذری ہین انمین کہین اسکا ذکر نہین حالانکہ اگر ایسا ہوتا تو ایک قابل ذکر واقعہ تھا۔ زید بن علی نے ۱۲۲ھ مین بغاوت کی تھی اوسوقت ہشام بن عبدالملک تخت خلافت پر متمکن تھا۔ ہشام۔ اگرچہ کفایت شعار اور بعض امور مین نہایت برزس تھا لیکن اوسکی سلطنت نہایت امن و امان کی سلطنت تھی۔ ملک مین ہر طرف امن و امان کا سکہ بیٹھا ہوا تھا۔ رعایا۔ عموماً رضامند تھی۔ بیت المال مین ناجایز آمدنیان نہین داخل ہوسکتی تہین۔ اس

زید بن علی کے خروج مین امام صاحب شریک نہ تھے۔

---

[۵۷] عقود الجمان باب خامس۔

حالت مین امام ابوحنیفہ کو مخالفت کی کوئی وجہ نہ تھی - **زید بن علی** - سادات مین ایک
صاحب ادعا شخص تھے - بے شبہ اونکو بغاوت کرنی ضرور تھی کیونکہ (بخیال اونکے) خلافت
اون کا خاص حق تہا - غالباً اِس غلط فہمی کا منشا یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ - کا خاندان اہلبیت کے
ساتھ ایک خاص ارادت رکھتا تھا - امام صاحب - نے ایک مدت تک امام باقرؒ کے
دامن فیض مین تربیت پائی تھی - کوفہ کی ہوا مین ایک مدت تک شیعہ پن کا اثر تھا - ان اتفاقی واقعات
نے امام ابوحنیفہ کی نسبت یہ گمان پیدا کر دیا - ورنہ تاریخی شہادتین بالکل اِسکے خلاف ہین -

ہشام - نے ۱۲۵ھ مین وفات کی - اوسکے بعد ولید بن یزید - یزید الناقص - ابراہیم بن الولید
مروان الحمار - یکے بعد دیگرے تخت نشین ہوئے - عباسی خلافت کے سلسلہ جنبانی جو ایک
مدت سے ہو رہی تھی مروان کے عہد مین نہایت قوت پکڑ گئی - ابومسلم خراسانی - نے تمام
ملک مین سازشون کا جال پھیلا دیا اور مروانی حکومت کی جڑ ہلا دی - چونکہ زیادہ تر فساد
کا مرکز عراق اور عراق مین بھی خاص **کوفہ** تھا - مروان - نے یزید بن عمر بن ھبیرہ کو وہان کا
گورنر مقرر کیا جو نہایت مدبر - دلیر - فیاض - خاندانی - اور صاحب اثر شخص تھا - یزید - نے
حکومت مروانی کی ترکیب کو غور سے دیکھا تھا - وہ سمجھ چکا تھا کہ اِس کل مین اور سب کچھ ہے لیکن
مذہبی پرزے نہین ہین - اس بنا پر اُسنے چاہا کہ ایوان حکومت مذہبی ستونون پر قایم کیا جائے
عراق - کے تمام فقہا کو جنمین قاضی ابن ابی لیلی - ابن شبرمتہ - داود بن ہند - بھی شامل تھے -
بلا کر بڑی بڑی ملکی خدمتین دین - **امام صاحب** - کو میر منشی اور افسر خزانہ مقرر کرنا چاہا -

قبول خدمت سے انکار

انہون نے صاف انکار کیا - یزید - نے قسم کہا کر کہا کہ جبراً منظور کرنا ہوگا - اسکے ہم صحبت بزرگون

نے بھی سمجھایا - مگر یہ اپنے انکار پر قایم رہے اور کہا کہ اگر یزید کہے کہ "مسجد کے دروازے گن دو تو بھی مجھکو گوارا نہین - نہ کہ وہ کسی مسلمان کے قتل کا فرمان لکھے اور مین اوسپر مہر کرون[۵۱] "

یزید نے غصہ مین آکر حکم دیا کہ ہر روز انکو دس دُرے لگاے جائین - اِس ظالمانہ حکم کی تعمیل ہوئی تاہم وہ اپنی ضد سے باز نہ آئے - آخر مجبور ہوکر یزید نے چھوڑ دیا - ایک روایت مین ہے کہ اوسیوقت مکہ معظمہ روانہ ہوئے اور ۱۳۶ھ کی اخیر تک وہین رہے - ابن قتیبہ وغیرہ نے لکھا ہے کہ یہ جھگڑا قضا کے قبول کرنے پر تھا - ممکن ہے کہ یہ عہدہ بھی اُنکے لئے تجویز ہوا ہو - اور انہون نے اوس سے بھی انکار کیا ہو -

۱۳۲ھ مین سلطنت اسلام نے دوسرا پہلو بدلا - یعنی بنو امیہ کا خاتمہ ہوگیا اور آل عباس تاج و تخت کے مالک ہوئے - اِس خاندان کا پہلا فرمانروا ابو العباس سفاح تھا اوسنے چار برس کی حکومت کے بعد ۱۳۶ھ مین قضا کی - سفاح کے بعد اوسکا بھائی منصور تخت نشین ہوا عباسیون نے گو - اموی خاندان کو بالکل تباہ کردیا یہانتک کہ خلفا بنی امیہ کی قبرین اکھڑوا کے اونکی ہڈیان تک جلادین - تاہم چونکہ نئی نئی سلطنت تھی اور انتظام کا سکہ نہین بیٹھا تھا - جا بجا بغاوتین برپا تھین - اِن فتنون کے فرو کرنے مین سفاح و منصور اعتدال کی حد سے بہت دور نکل گئے اور وہ زیادتیان کین کہ مروانی حکومت کا نقشہ آنکھون مین پھر گیا - تمام ملک کی آنکھین اِن نئے جانشینون پر لگی تھین لیکن اِن خونریزیون نے سب کے دل افسردہ کر دئے - چنانچہ ایک موقع پر منصور نے عبدالرحمن سے جو اوسکا بچپن کا یار تھا پوچھا کہ "ہماری سلطنت کو مروان کی سلطنت سے

[۵۱] عقود الجمان باب بست و یکم -

سفاح و منصور کی سفاکی یکسان

کیا نسبت ہے" اوسنے کہا "میرے نزدیک تو کچھ فرق نہین" منصور نے کہا "کیا کرون کام کے آدمی نہین ملتے"۔ عبدالرحمن نے کہا "بازار مین جس جنس کی زیادہ مانگ ہوتی ہے کثرت بھی اوسیکی ہوتی ہے"۔

اور بے رحمیان تو تھی ہین منصور نے یہ ستم کیا کہ سادات کی خانہ بربادی شروع کی۔ اسمین شبہ نہین کہ سادات ایک مدت سے خلافت کا خیال پکا رہی تہی۔ اور ایک لحاظ سے اونکا حق بھی تہا۔ تاہم سفاح کی وفات تک اونکی کوئی سازش ظاہر نہوئی تھی صرف بدگمانی پر منصور نے سادات اور علویین کی بیخ کنی شروع کی۔ جو لوگ اونمین ممتاز تھے اونکے ساتھ زیادہ بیرحمیان کین۔ محمد بن ابراہیم کہ حسن و جمال مین یگانۂ روزگار تھے اور اسوجہ سے دیباج کہلاتے تھے اونکو زندہ دیوار مین چنوا دیا۔ ان بیرحمیونکی ایک بڑی داستان ہے جسکے بیان کرنے کو بڑا سخت دل چاہئیے آخر تنگ آکر ۱۴۵ھ مین انہین مظلوم سادات مین سے محمد نفس ذکیہ نے تھوڑے سے آدمیون کے ساتھ مدینہ منورہ مین خروج کیا اور چند روز مین ایک بڑی جمعیت پیدا کرلی۔ بڑے بڑے پیشوایان مذہب حتیٰ کہ امام مالک نے فتوی دیدیا کہ "منصور نے جبراً بیعت لی۔ خلافت

نفس ذکیہ اور ابراہیم کی بغاوت۔

نفس ذکیہ کا حق ہے"۔ نفس ذکیہ اگرچہ نہایت دلیر۔ قوی بازو۔ فن جنگ سے واقف تھے لیکن تقدیر سے کس کا زور چل سکتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ رمضان ۱۴۵ھ مین نہایت بہادری سے لڑکر میدان جنگ مین مارے گئے۔ اونکے بعد ابراہیم۔ اونکے بہائی نے علم خلافت بلند کیا اور اس سروسامان سے مقابلہ کو اوٹھے کہ منصور کے حواس جاتے رہے۔ کہتے ہین کہ اس اضطراب مین منصور نے دو مہینے تک کپڑے نہین بدلے۔ سرہانے سے تکیہ

اوٹھا لیتا تھا اور کہتا تھا کہ "مین نہین جانتا یہ تکیہ میرا ہے یا ابراہیم کا۔" انہین دنون مین دو کنیزین حرم مین آئین۔ اون سے بات تک نہ کی۔ ایک شخص نے سبب پوچھا۔ تو کہا "یہ فرصت کے کام ہین۔ اس وقت تو یہ دہن ہے کہ ابراہیم کا سر میرے آگے۔ یا میرا سر ابراہیم کے آگے رکھا جاوے۔"

ابراہیم چونکہ شجاعت اور دلیری کے ساتھ بہت بڑے عالم اور مقتدائے عام تھے۔ اونکے دعوی خلافت پر۔ ہر طرف سے لبیک کی صدائین بلند ہوئین۔ خاص کوفہ مین کم و بیش لاکھ آدمی اونکے ساتھ جان دینے کو تیار ہو گئے۔ مذہبی گروہ۔ خاصکر علما و فقہا نے عموماً اونکا ساتھ دیا۔ امام ابوحنیفہ شروع سے عباسیونکی بے اعتدالیان دیکھتے آتے تھے۔ سفاح ہی کے زمانہ مین اونکی راے قایم ہو چکی تھی کہ یہ لوگ منصب خلافت کے شایان نہین۔ ابراہیم بن میمون جو ایک نہایت دیندار عالم تھے امام صاحب کے خالص دوستون مین سے تھے۔ وہ اکثر کہتے کہ ان مظالم پر کیا ہمکو چپ رہنا چاہئے۔ امام صاحب فرماتے کہ "امر بالمعروف بے شبہ فرض ہے مگر اوسکے لئے سامان شرط ہے۔" لیکن وہ مذہبی جوش مین صبر کی تاب نہ لاسکے۔ ابومسلم خراسانی۔ کہ ان ظلمون کا بانی تھا۔ اوسکے پاس گئے اور نہایت بیباکی کے ساتھ اس امر کے متعلق گفتگو کی۔ اوسنے انکی گستاخی یا فساد پیدا ہونیکے احتمال سے انکو قتل کرا دیا۔ امام ابوحنیفہ سنکر بہت روئے۔[1] لیکن کیا کر سکتے تھے۔ یہ ۱۳۱ھ کا واقعہ ہے۔ ۱۴۵ھ مین ابراہیم نے جب علم خلافت بلند کیا تو اور پیشوایان مذہب

امام صاحب نے ابراہیم کی طرفداری کی۔

---

[1] الجواہر المضیئہ۔ ترجمہ ابراہیم بن میمون۔ ۱۲

کے ساتھ امام صاحب نے بھی اونکی تائید کی - خود شریک جنگ ہونا چاہتے تھے لیکن بعض مجبوریونکی وجہ سے نہو سکے جسکا اونکو ہمیشہ افسوس رہا -

نامۂ دانشوران مین امام صاحب کا ایک خط نقل کیا ہے جو انہون نے ابراہیم - کو لکھا تھا اوسکے یہ الفاظ ہین " اما بعد فانی قد جھزت الیک اربعۃ الاف درھم ولم یکن عندی غیرھا ولولا امانات الناس عندی للحقت بک فاذا لقیت القوم وظفرت بھم فافعل کما فعل ابوک فی اھل صفین اقتل مدبرھم واجھز علی جریحھم ولا تفعل کما فعل ابوک فی اھل الجمل فان القوم لھم فئۃ " یعنی " مین آپکے پاس چار ہزار درہم بھیجتا ہون کہ اسوقت اسیقدر موجود تھے - اگر لوگون کی امانتین میرے پاس نرکھی ہوتین تو مین ضرور آپسے آملتا - جب آپ دشمنون پر فتح پائین تو وہ برتاؤ کرین جو آپ کے باپ (حضرت علیؓ) نے صفین والون کے ساتھ کیا تھا - زخمی اور بھاگ جانے والے سب قتل کیے جائین - وہ طریقہ نہ اختیار کیجئیگا جو آپکے والد نے حرب جمل مین جایز رکھا تھا - کیونکہ مخالف بڑی جمعیت رکھتا ہے " - نامۂ دانشوران مین اس خط کی نسبت لکھا ہے کہ معتبر کتابون مین منقول ہے لیکن کسی خاص کتاب کا نام نہین بتایا - اسلیے ہم اوسکی صحت پر یقین نہین کر سکتے -

یہ خط صحیح ہو یا غلط مگر اسمین شبہ نہین کہ امام صاحب - ابراہیم کے علانیہ طرفدار تھے اور بجز اسکے کہ خود شریک جنگ نہو سکے اور ہر طرح پر اونکی مدد کی - ابراہیم - نے اپنی بے تدبیری سے شکست کھائی اور بصرہ مین نہایت دلیری سے لڑکر مارے گئے - اس مہم سے فارغ

ہوکر منصور۔ اون لوگون کی طرف متوجہ ہوا جنہون نے ابراہیم کا ساتھ دیا تھا۔ انہین امام صاحب بھی تھے۔ اوسوقت تک منصور۔ کا پایۂ تخت ہاشمیہ ایک مقام تھا جو کوفہ سے چند میل پر ہے۔ لیکن چونکہ کوفہ والے سادات کے سوا اور کسی خاندان کو خلافت کا مستحق نہین سمجھتے تھے۔ منصور۔ نے ایک دوسری دارالخلافہ کی تجویز کی اور بغداد کو انتخاب کیا۔ سنہ ۱۴۶ھ مین بغداد پہونچکر امام ابوحنیفہ کے نام فرمان بہیجا کہ فوراً پایۂ تخت مین حاضر ہون۔ وہ بنوامیہ کی تباہی کے بعد مکہ معظمہ۔ سے چلے آئے تھے اور کوفہ۔ مین مقیم تھے۔ منصور۔ نے گو پہلے ہی اونکے قتل کا ارادہ کرلیا تھا تاہم بہانہ ڈہونڈہتا تھا۔ دربار مین حاضر ہوئے تو ربیع نے کہ حجابۃ کا عہدہ رکھتا تھا ان لفظون سے اونکو دربار مین پیش کیا "یہ دنیا مین آج سب سے بڑا عالم ہے" منصور۔ نے پوچھا تمنے کس سے علم کی تحصیل کی۔ امام۔ نے استادون کے نام بتائے جنکا سلسلۂ شاگردی بڑے بڑے صحابہ تک پہونچتا تھا۔ منصور۔ نے اونکے لئے قضا کا عہدہ تجویز کیا۔ امام صاحب نے صاف انکار کیا اور کہا کہ "مین اسکی قابلیت نہین رکھتا" منصور۔ نے غصہ مین آکر کہا "تم جہوٹے ہو" امام صاحب نے کہا "اگر مین جہوٹا ہون تو یہ دعوی ضرور سچا ہے کہ مین عہدہ قضا کے قابل نہین۔ کیونکہ جہوٹا شخص قاضی نہین مقرر ہوسکتا"

یہ تو ایک منطقی لطیفہ تہا۔ لیکن در اصل وہ قضا کی ذمہ واریان نہین اٹھا سکتے تھے۔ انہون نے منصور کے سامنے اپنی ناقابلیت کی جو وجہین بیان کین وہ بالکل بجا تہین۔ یعنی یہ کہ "مجھکو اپنی طبیعت پر اطمینان نہین"۔ "مین عربی النسل نہین ہون اسلئے اہل عرب کو میری حکومت ناگوار ہوگی"۔ "درباریون کی تعظیم کرنی پڑیگی اور یہ مجھسے نہین ہوسکتا"۔ پہر بہی منصور۔ نے

امام ابوحنیفہ بغداد مین طلب کئے گئے

عہدۂ قضا سے انکار۔

نہ مانا اور قسم کھا کر کہا کہ تمکو قبول کرنا ہوگا۔ امام صاحب نے بھی قسم کھائی کہ ہرگز نہ قبول کرونگا۔ اس جرأت اور بیباکی پر۔ تمام دربار حیرت زدہ تھا۔ ربیع نے غصہ مین آکر کہا ابو حنیفہ تم امیر المومنین کے مقابلہ مین قسم کہاتے ہو۔ امام صاحب نے فرمایا "ہان کیونکہ امیر المومنین۔ کو قسم کا کفارہ ادا کرنا میری نسبت زیادہ آسان ہے"

خطیب کی ایک اور روایت ہے کہ منصور نے زیادہ جبر کیا تو مجبوراً دار القضا مین جا کر بیٹھے۔ ایک مقدمہ پیش ہوا جسمین قرضہ کا دعویٰ تھا۔ لیکن ثبوت کے گواہ نہ تھے۔ مدعا علیہ کو ورے سے انکار تھا۔ امام صاحب نے حسب قاعدہ مدعا علیہ سے کہا تم قسم کھاؤ کہ مدعی کا تم پر کچھ دینا نہین آتا۔ وہ تیار ہوگیا۔ "واللہ" کا لفظ کہا تھا کہ امام صاحب نے گھبرا کر روک دیا اور آستین سے کچھ روپے نکالکر مدعی۔ کے حوالہ کئے کہ تم اپنا قرضہ لو۔ ایک مسلمان کو قسم کیون کھلواتے ہو۔ عدالت سے آکر منصور۔ سے کہدیا کہ مجھسے کسیطرح یہ کام نہین چل سکتا۔

قید۔

اسپر حکم ہوا کہ قید خانہ بھیجے جائین۔ جس سے اوسوقت چھوٹے کہ قید حیات سے چھوٹے۔ اس مدت مین منصور۔ اکثر اون کو قید خانہ سے بلا لیتا اور علمی بحثین کیا کرتا۔

وفات۔ رجب ۱۵۰ھ سنہ ہجری

منصور نے امام کو ۱۴۶ھ مین قید کیا۔ لیکن اس حالت مین بھی اوسکو اونکی طرف سے اطمینان نہ تھا۔ بغداد۔ دار الخلافۃ ہونیکی وجہ سے علوم و فنون کا مرکز بن گیا تھا طالبان کمال ممالک اسلامی کے ہر گوشہ سے اُٹھکر بغداد ہی کا رُخ کرتے تھے۔ امام صاحب کی

شہرت دور دور پہونچ چکی تھی - قید کی حالت نے اونکے اثر اور قبول عام کو بجائے کم کرنیکے اور زیادہ کر دیا تھا - بغداد کی علمی جماعت جس کا شہر مین بہت کچھ اثر تھا - اونکے ساتھ نہایت خلوص رکھتی تھی - اِن باتون کا یہ اثر تھا کہ منصور نے اون کو گو نظر بند رکھا - لیکن کوئی امر اونکے ادب اور تعظیم کے خلاف نکر سکتا تھا - قید خانہ مین اون کا سلسلہ تعلیم بھی برابر قایم رہا - امام محمد نے کہ فقہ حنفی کے دست و بازو ہین - قید خانہ ہی مین اون سے تعلیم پائی - اِن وجوہ سے منصور کو امام صاحب کی طرف سے جو اندیشہ تھا وہ قید کی حالت مین بھی باقی رہا - جسکی آخری تدبیر یہ تھی کہ بیخبری مین اونکو زہر دلوا دیا - جب اونکو زہر کا اثر محسوس ہوا تو سجدہ کیا اور اوسی حالت مین قضا کی -

امام صاحب کو زہر دیا گیا -

اونکے مرنیکی خبر نہایت جلد تمام شہر مین پھیل گئی اور سارا بغداد اُمنڈ آیا - حسن بن عمارہ نے کہ قاضی شہر تھے غسل دیا - نہلاتے تھے اور کہتے جاتے تھے "واللہ تم سب سے بڑے فقیہ بڑے عابد - بڑے زاہد تھے - تم مین تمام خوبیان جمع تھین - تم نے اپنے جانشینون کو مایوس کر دیا کہ وہ تمہارے مرتبہ کو پہونچ سکین" غسل سے فارغ ہوتے ہوتے لوگون کی یہ کثرت ہوئی کہ پہلی بار نماز جنازہ مین کم و بیش پچاس ہزار کا مجمع تھا - اسپر بھی آنے والون کا سلسلہ قائم تھا یہانتک کہ چھ بار نماز پڑہی گئی اور عصر کے قریب جا کر لاش دفن ہو سکی - امام نے وصیت کی تہی کہ خیزران کے مقبرہ مین دفن کئے جائین - کیونکہ یہ جگہ اونکے خیال مین مغصوب نہ تھی - اِس وصیت کے موافق خیزران کے مشرقی جانب اونکا مقبرہ تیار ہوا - مورخ خطیب نے لکھا ہے کہ "دفن کے بعد بھی بیس دن تک لوگ اونکے جنازہ کی

نماز پڑہا سکئے"۔ قبول عام کی اس سے زیادہ کیا دلیل ہوگی؟

اوسوقت اون ممالک مین بڑے بڑے ائمۂ مذہب موجود تھے جنمین بعض خود امام صاحب کے اُستاد تھے۔ سب نے اونکے مرنیکا رنج کیا اور نہایت تاسف آمیز کلمات کہے۔ ابن جریج۔ مکہ مین تھے یہ سنکر کہا "انا للہ بہت بڑا علم جاتا رہا"۔ شعبہ بن الحجاج نے کہ امام ابوحنیفہ کے شیخ اور بصرہ کے امام تھے۔ نہایت افسوس کیا اور کہا "کوفہ مین اندہیرا ہوگیا"۔ اس واقعہ کے چند روز کے بعد عبداللہ بن المبارک کو بغداد جانیکا اتفاق ہوا۔ امام کی قبر پر گئے اور رو کر کہا "ابوحنیفہ۔ خدا تمپر رحم کرے ابراہیم۔ مرے تو اپنا جانشین چھوڑ گئے۔ حماد مرے تو اپنا جانشین چھوڑ گئے۔ افسوس تمنے تمام دنیا مین کسیکو اپنا جانشین نہ چھوڑا"[۵۱]۔

امام کا مزار ایک مدت تک بوسہ گاہ خلایق رہا اور آج بھی ہے۔ سلطان الپ ارسلان سلجوقی نے کہ بڑی عظمت و شان کا فرمانروا اور نہایت عادل اور فیاض تھا ۴۵۹ھ مین اونکی قبر پر ایک قبہ اور اوسکے قریب ایک مدرسہ تیار کرایا۔ غالباً بغداد مین یہ پہلا مدرسہ تھا۔ کیونکہ نظامیہ جو تمام اسلامی مدرسون کا آدم خیال کیا جاتا ہے وہ بھی اسی سنہ مین تعمیر ہوا۔ رفعت اور خوبی عمارت کے لحاظ سے بھی لاجواب تھا۔ ابوسعد شرف الملک کہ الپ ارسلان کا مستوفی تھا اوسکے اہتمام سے عمارت تیار ہوئی۔ افتتاح کی رسم مین بغداد کے تمام علما اور عمایدشریک تھے۔ اتفاق سے اوسوقت ابوجعفر مسعود جو ایک مشہور شاعر تھا آنکلا اور برجستہ یہ اشعار پڑہے۔

---

[۵۱] عقود الجمان مین یہ تمام تفصیل مذکور ہے۔

الم تران العلم کان مبددا	فجمعه هذا المغیب فی اللحد
کذلک کانت هذه الارض میتة	فانشرها فعل العمید ابی سعد

یعنی "تم دیکھتے نہین! علم کسطرح ابتر ہو رہا تھا - پھر اوس شخص نے اوسکو ترتیب دی جو اس لحد مین مدفون ہے - اسیطرح یہ زمین مردہ پڑی تھی ابوسعد کی کوشش نے اوسکو دوبارہ زندہ کیا" یہ مدرسہ جو مشہد ابوحنیفہ کے نام سے مشہور ہے مدت تک قایم رہا اور بڑے بڑے نامور علما اوسکے پروفیسر مقرر ہوئے - جنکے نام اور اجمالی حالات الجواہر المضیئہ فی طبقات الحنفیہ مین اکثر پائے جاتے ہین - ۴۹۳ھ مین حکیم بن جزلہ نے کہ خلیفہ مقتدی بامر اللہ کے دربار کا ایک مشہور حکیم تھا اپنی تمام کتابین اس مدرسہ پر وقف کین[۱] - اس مدرسہ کے متعلق ایک مسافرخانہ بھی تھا - شایقان علم جو اطراف ملک سے آکر بغداد مین عارضی قیام کرتے تھے اونکو وہان سے کھانا ملتا تھا - ایشیا کا مشہور سیاح ابن بطوطہ جس وقت بغداد مین پہونچا ہے عباسی حکومت کا اخیر زمانہ تھا وہ اپنے سفرنامہ مین لکھتا ہے کہ "اسوقت تمام بغداد مین مشہد ابی حنیفہ کے سوا کوئی زاویہ موجود نہین ہے جہان سے مسافرون کو کھانا ملتا ہو" آج بھی اون کا مقبرہ بغداد کے مشہور اور متبرک مقامات سے ہے - حال کے شاہ ایران - سلطان ناصر الدین قاچار خلد اللہ سلطنتہ نے اپنے حالات سفر مین اوسکا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ "مینے امام ابوحنیفہ کے مزار پر فاتحہ پڑہی اور نذر چڑہائی" علم کی شان دیکھو جسکی بدولت کوفہ کے ایک خزاز نے یہ رتبہ حاصل کیا کہ بارہ سو برس کے بعد آج اوسکے مزار پر بڑے

[۱] ابن خلکان - ترجمہ یحیی بن عیسی بن جزلة الطبیب - ۱۲

بڑے شاہنشاہونکے سر جھکتے ہین

امام کی اولاد

امام صاحب کی اولاد کا مفصل حال معلوم نہین مگر اسقدر یقینی ہے کہ وفات کیوقت
حماد کے سوا اونکے کوئی اور اولاد موجود نہ تھی۔ حماد بڑے رتبہ کے فاضل تھے بچپن مین
اونکی تعلیم نہایت اہتمام سے ہوئی تھی۔ چنانچہ جب الحمد ختم کی تو اونکے پدر بزرگوار نے
اس تقریب مین معلم کو پانچسو درہم نذر کئے۔ بڑے ہوے تو خود امام صاحب سے مراتب علمی
کی تکمیل کی۔ علم و فضل کے ساتھ بے نیازی اور پرہیزگاری مین بھی باپ کے خلف الرشید
تھے۔ امام صاحب نے جب انتقال کیا تو اونکے گھر مین لوگون کا بہت سامال واسباب
امانت رکھا تھا۔ اونھون نے قاضی شہر کے پاس حاضر کیا کہ جنکی امانتین ہین اونکو پہونچادی
جائین قاضی صاحب نے کہا کہ ابھی اپنے ہی پاس رہنے دو کہ زیادہ حفاظت سے رہیگا۔
انھون نے کہا آپ انکی جانچ کرلین کہ میرے باپ کا ذمہ بری ہوجاوے۔ غرض تمام
مال واسباب قاضی صاحب کو سپرد کر کے خود روپوش ہوگئے اور اوسوقت ظاہر ہوے کہ وہ
چیزین کسی اور مہتمم کے اہتمام مین دیدی گئین۔ تمام عمر کسی کی ملازمت نہین کی نہ شاہی دربار
سے کچھ تعلق پیدا کیا۔ ذی قعدہ ۱۷۶ھ مین قضا کی۔ چار بیٹے چھوڑے۔ عمر۔ اسمٰعیل۔
ابو حیان۔ عثمان۔ اسمٰعیل نے علم و فضل مین نہایت شہرت حاصل کی۔ چنانچہ
مامون الرشید نے اونکو عہدۂ قضا پر مامور کیا۔ جسکو انھون نے اس دیانتداری اور
انصاف سے انجام دیا کہ جب بصرہ سے چلے تو سارا شہر اونکی مشایعت کو نکلا۔ اور سب

لوگ اونکے جان و مال کو دعائین دیتے تھے[۱] مساور نے اونکی مدح مین کہا ہے[۲]۔

اذا ما الناس یوما قایسونا	بآبدۃ من الفتیا طریفه
اتیناھم بمقیاس صحیح	تلاد من طراز ابی حنیفه
اذا سمع الفقیه بها وعاھا	واثبتها بحبر فی صحیفه

امام صاحب کی معنوی اولاد تو آج تمام دنیا مین پھیلی ہوئی ہے اور شاید چھ سات کرور سے کم نہوگی۔ لیکن اونکی جسمانی اولاد بھی جا بجا موجود ہے خود ہندوستان مین متعدد خاندان ہین جنکا سلسلۂ نسب امام تک پہنچتا ہے اور خدا کے فضل سے علم و عمل کا جوہر بھی نسلاً بعد نسل اونکی میراث مین چلا آتا ہے۔

اخلاق وعادات

ہمارے تذکرہ نویسون نے امام کے اخلاق وعادات کی جو تصویر کھینچی ہے اوسمین خوش اعتقادی اور مبالغہ کا اسقدر رنگ بھرا ہے کہ امام صاحب کی اصلی صورت اچھی طرح پہچانی نہین جاتی "چالیس برس تک عشا کے وضو سے صبح کی نماز پڑہی" "تیس برس تک متصل روزے رکھے" "جہان وفات کی اوس جگہہ سات ہزار بار قرآن ختم کیا" "نہر کوفہ مین مشتبہ گوشت کا ٹکڑا پڑگیا تو اس خیال سے کہ مچھلیون نے کھایا ہوگا اور مچھلیان بہت دنون تک زندہ رہتی ہین۔ ایک مدت تک مچھلی نہین کھائی" اسی طرح ایک شبہہ پر بکری کا گوشت کھانا چھوڑ دیا۔ اونکا ذاتی صرف صرف دس آنہ ماہوار تھا" یہ اور اس قسم کے بہت سے

مبالغہ آمیز روایتین۔

[۱] ابن خلکان ترجمہ حماد۔ ۱۲ [۲] معارف بن قتیبہ۔ ترجمہ امام ابوحنیفہ۔ ۱۲

افسانے اونکی نسبت مشہور ہین اور لطف یہ کہ ہمارے مورخین انہین دور از کار قصّون کو۔ امام۔ کے کمالات کا جوہر سمجھتے ہین۔ حالانکہ یہ واقعات نہ تاریخی اصول سے ثابت ہین نہ اون سے کسی کے شرف پر استدلال ہو سکتا ہے۔

یہ سچ ہے کہ امام۔ صاحب کے جن فضایل یا عام حالات کو ہم صحیح تسلیم کرتے ہین وہ بھی انہین کتابون سے ماخوذ ہین جنہین یہ فضول قصّے مذکور ہین۔ لیکن ہر واقعہ کی حیثیت الگ ہوتی ہے اور اوسی اعتبار سے شہادت کی حیثیت بھی بدل جاتی ہے۔ معمولی واقعات مین عام شہادتین کافی ہین۔ لیکن اس قسم کے واقعات کے لئے ایسی سند درکار ہے جسمین ذرا بھی شبھہ کی گنجایش نہو۔ یعنی حدیث صحیح مرفوع متصل کے لئے جو قیدین ضروری ہین اون سے بھی کچھ بڑھکر۔ ساتھ ہی درایت کے اصول پر منطبق ہو۔ امام صاحب کی دانشمندی۔ دقیقہ سنجی۔ نکتہ شناسی۔ پر جب نگاہ پڑتی ہے جنکا ثبوت سمعی نہین۔ عیانی موجود ہے۔ تو اُن واقعات پر مشکل سے یقین آسکتا ہے۔ جو رہبانیة اور بے اعتدالی کی حد سے بھی متجاوز ہین۔

امام صاحب کی محاسن اخلاق کی صحیح (مگر اجمالی) تصویر دیکھنی ہو تو قاضی ابو یوسف کی تقریر سنو۔ جو انہون نے ہرون الرشید۔ کے سامنے بیان کی تھی۔ ہرون۔ نے ایک موقع پر قاضی صاحب موصوف سے کہا کہ ابو حنیفہ کے اوصاف بیان کیجئے۔ انہون نے۔ کہا "جہان تک مین جانتا ہون ابو حنیفہ کے اخلاق و عادات یہ تھے کہ نہایت پرہیزگار تھے منہیات سے بہت بچتے تھے۔ اکثر چپ رہتے تھے اور سوچا کرتے تھے۔ کوئی شخص مسئلہ

پوچھتا اور اونکو معلوم ہوتا تو جواب دیتے ورنہ خاموش رہتے۔ نہایت سخی اور فیاض تھے کسی کے آگے حاجت نہ لیجاتے۔ اہل دنیا سے احتراز تھا۔ دنیوی جاہ وعزت کو حقیر سمجھتے تھے غیبت سے بہت بچتے تھے۔ جب کسی کا ذکر کرتے تو بھلائی کے ساتھ کرتے۔ بہت بڑے عالم تھے۔ اور مال کی طرح علم کے صرف کرنے مین بھی فیاض تھے ؛؛ ہرون الرشید نے یہ سنکر کہا "صالحین کے یہی اخلاق ہوتے ہین" عام نگاہون مین یہ باتین چندان وقعت نہین رکھتین۔ لیکن روحانی اوصاف کے نکتہ شناس سمجھ سکتے ہین کہ یہ طرز زندگی۔ ظاہر مین جسقدر سادہ اور آسان ہے۔ دراصل اوسیقدر مشکل اور قدر کے قابل ہے۔

امام صاحب کا حلیہ او گفتگو۔

امام صاحب کو خدا نے حسن سیرت کے ساتھ جمال صورت بھی دیا تھا۔ میانہ قد۔ خوشرو اور موزون اندام تھے۔ گفتگو نہایت شیرین اور آواز بلند اور صاف تھی۔ کیسا ہی پیچیدہ مضمون ہو نہایت صفائی اور فصاحت سے ادا کر سکتے تھے۔ مزاج مین تکلف تھا۔ اور اکثر خوش لباس رہتے تھے۔ کبھی کبھی سنجاب وقاقم کے جُبّے بھی استعمال کرتے تھے۔

لباس

ابو مطیع بلخی اونکے شاگرد کا بیان ہے کہ "مینے ایک دن اونکو نہایت قیمتی چادر اور قمیص پہنے دیکھا جنکی قیمت کم از کم چار سو درہم ہوگی"

ایک دن نضر بن محمد اون سے ملنے گئے۔ امام صاحب کہین باہر جانیکی تیاری کر رہے تھے۔ ان سے کہا کہ ذرا دیر کے لئے اپنی چادر مجھے دیدو۔ واپس آئے تو شکایت کی کہ "ناحق تمہاری چادر لیکر مجھکو شرمندہ ہونا پڑا" انہون نے کہا کیون؟ فرمایا بہت گندہ ہے۔ نضر کہتے ہین کہ مینے وہ چادر پانچ دینار کو خریدی تھی اور مجھکو اوسپر ناز تھا۔ اسلئے امام صاحب

کی شکایت سے تعجب ہوا لیکن دوسرے موقع پر جب بیٹے اونکو ایک چادر اوڑھے دیکھا جو
تیس دینار سے کم قیمت کی نہ تھی تو وہ تعجب جاتا رہا۔ خلیفہ منصور نے درباریون کے لئے
خاص قسم کی ٹوپیان ایجاد کی تھین جو نرکل وغیرہ سے بنتی تھین اور اون پر سیاہ کپڑا منڈھا
ہوتا تھا۔ چونکہ نہایت لمبی ہوتی تھین ابو دلامۃ شاعر نے ظرافۃ کہا۔

فزاد الامام المرتضی فی القلانس	وکنا نرجی من امام زیادۃ

دربار ی ٹوپی۔

یعنی ہمکو خلیفہ سے اضافہ کی امید تھی۔ سو حضرت نے اضافہ کیا تو ٹوپیون مین کیا۔ امام
صاحب اگرچہ دربار سے کوسون بھاگتے تھے لیکن اس قسم کی ٹوپی جو اہل دربار اور امرا کے
ساتھ مخصوص تھی کبھی کبھی استعمال کرتے تھے۔ دنیا دار دولتمندون کے لئے تو ایک
معمولی بات ہے۔ لیکن علما کے دایرہ مین یہ امر تعجب کی نگاہ سے دیکھا گیا کہ امام صاحب
کے توشہ خانہ مین اکثر سات آٹھ ٹوپیان موجود رہتی تھین۔

اور باتون مین بھی امام صاحب کا طرز معاشرت ان حیثیتون مین اور علما سے بالکل
جدا تھا۔ اونکے ہمعصر عموماً شاہی دربار۔ اور امرا کے وظیفہ خوار تھے اور اسکو عیب نہین
سمجھتے تھے۔ قاضی ابن عبد البر کسی نے اعتراض کیا تھا۔ کہ آپ امرا کے وظیفہ خوار ہین۔
انہون نے اسکے جواب مین بعض صحابہ۔ اور بہت سے تابعین اور تبع تابعین کی نظیرین پیش
کین جو امرا کے روزینے اور انعامات سے زندگی بسر کرتے تھے۔

اگرچہ ہم اسکو تنگ خیال والونکی طرح کاہلی اور مفت خواری کا اثر نہین سمجھتے کیونکہ اُس
زمانہ تک تعلیم کا سلسلہ معاوضہ کی بنیاد پر نہین قایم ہوا تھا۔ علما بطور خود اپنے گھرون

پر یا مسجدون مین لوگون کو مفت تعلیم دیتے تھے - اور یہ سلسلہ - اسقدر وسیع اور مفید تھا
کہ آج تک اُس سے بڑھکر نہو سکا - اُمرا کے ہان سے اِن لوگون کے لئے جو وظیفے مقرر
تھے یا کبھی کبھی صلہ و نذر کے طور پر مل جاتا تھا اُسکو انہ آنریری پروفیسرونکی تنخواہ سمجھ لینا چاہئے
لیکن اِس سے انکار نہین ہوسکتا کہ رفتہ رفتہ انہین مثالون سے پیرزادگی اور مفت خواری
کی بنیاد قائم ہوگئی - جسنے قوم کے ایک بڑے حصّہ کو بالکل نکما اور اپاہج بنادیا - بےشبہہ

وظیفہ خواری سے اجتناب

امام ابوحنیفہ اِس اصول کے سرے سے مخالف تھے اور اِس لحاظ سے اونکی مخالفت
بجا تھی تھی - اس بےتعلقی سے ایک بڑا فائدہ یہ تھا کہ امر حق کے اظہار مین امام صاحب
کو کسی سے باک نہین ہوتا تھا - انسان کتنا ہی آزاد مزاج اور صاف گو ہو لیکن احسان وہ
چھپا ہوا جادو ہے کہ اوسکے اثر سے بچنا ناممکن نہین تو قریباً ناممکن ہے - امام صاحب
تمام عمر کسی کے احسانمند نہوے اور اسوجہ سے اونکی آزادی کو کوئی چیز دبا نہ سکتی تھی اکثر

آزادی اور بے نیازی۔

موقعون پر وہ اِس خیال کا اظہار بھی کردیا کرتے تھے - بن ہبیرہ - نے کہ کوفہ کا گورنر اور نہایت
نامور شخص تھا - ان سے بہ لجاجت کہا کہ "آپ کبھی کبھی قدم رنجہ فرماتے تو مجھپر احسان ہوتا
فرمایا "مین تمسے مل کر کیا کرون گا - مہربانی سے پیش آوگے تو خوف ہے کہ تمہارے دام
مین آجاؤن - عتاب کروگے تو میری ذلت ہے - تمہارے پاس جو زرومال ہے مجھکو
اوسکی حاجت نہین میرے پاس جو دولت ہے اوسکو کوئی شخص چھین نہین سکتا" عیسیٰ
بن موسیٰ کے ساتھ بھی ایسا ہی واقعہ گزرا -

خلیفہ منصور اور حرہ خاتون (منصور کی بیوی) مین کچھ شکر رنجی ہوگئی تھی - خاتون

بلاغرض حق گوئی۔

کو شکایت تھی کہ خلیفہ عدل نہین کرتا۔ منصور نے کہا کسی کو منصف قرار دو۔ اوسنے امام صاحب کا نام لیا۔ اوسی وقت طلبی کا فرمان گیا۔ خاتون پردہ کے قریب بیٹھی کہ امام صاحب جو فیصلہ کرین خود اپنے کانون سے سنے۔ منصور نے پوچھا۔ شرع کی روسے مرد کتنے نکاح کر سکتا ہے۔ امام صاحب نے کہا چار۔ منصور۔ خاتون کی طرف مخاطب ہوا کہ سنتی ہو! پردہ سے آواز آئی کہ ہان سُنا۔ امام صاحب نے منصور کی طرف خطاب کرکے کہا مگر "یہ اجازت اوس شخص کے لئے خاص ہے جو عدل پر قادر ہو۔ ورنہ ایک سے زیادہ نکاح کرنا اچھا نہین خدا خود فرماتا ہے" وان خفتم ان لا تعدلوا فواحدۃ" منصور چپ ہو گیا۔ امام صاحب گھر آئے تو ایک خادم پچاس ہزار درہم کے توڑے لئے ہوئے حاضر ہوا کہ خاتون نے نذر بھیجی ہے۔ اور کہا ہے کہ "آپکی کنیز آپ کو سلام کہتی ہے اور آپکے حق گوئی کی نہایت مشکور ہے۔" امام صاحب نے روپیے پھیر دئے اور خادم سے فرمایا جا کر خاتون سے کہنا کہ "مین نے جو کچھ کہا کسی غرض سے نہین کہا۔ بلکہ یہ از رُوئے منصبی تھا"۔

تجارت اور دیانت

امام صاحب کی تجارت نہایت وسیع تھی لاکھون کا لین دین تھا۔ اکثر شہرونمین گماشتے مقرر تھے۔ بڑے بڑے سوداگرون سے معاملہ رہتا تھا۔ ایسے بڑے کارخانہ کے ساتھ دیانت اور احتیاط کا اسقدر خیال رکھتے تھے کہ ناجائز طور پر ایک حبہ بھی اونکے خزانہ مین نہین داخل ہو سکتا تھا۔ اس احتیاط مین کبھی کبھی نقصان اُٹھانا پڑتا تھا مگر ان کو کچھ پروا نہین ہوتی تھی۔ ایکدفعہ حفص بن عبدالرحمن کے پاس خز کے تھان بھیجے اور کہلا بھیجا کہ فلان فلان تھان مین عیب ہے۔ خریدار کو جتا دینا۔ حفص کو اس ہدایت کا خیال نرہا۔ تھان بیچڈالے

اور خریدارونکو عیب سے اطلاع نہ دی۔ امام صاحب کو معلوم ہوا تو نہایت افسوس کیا۔ تھانون کی قیمت جو تیس ہزار درہم تھی سب خیرات کردی۔

ایک دن ایک عورت خز کا تھان لیکر آئی کہ فروخت کرا دیجئے۔ امام صاحب نے دام پوچھے اوسنے سو روپیہ بتائے۔ فرمایا کم ہین۔ اوسنے کہا تو دو سو روپیہ۔ فرمایا یہ تھان پانچسو سے کم قیمت کا نہین۔ اوسنے متعجب ہو کر کہا آپ شاید ہنسی کرتے ہین۔ امام صاحب نے پانچسو روپیہ اپنے پاس سے دیدیئے اور تھان رکھ لیا۔ اِس احتیاط اور دیانت نے اونکے کارخانہ کو بجاے نقصان پہونچانے کے اور بھی چمکا دیا تھا۔

فیاضی

تجارت اور اکتساب دولت سے اونکا مقصود زیادہ تر عام کو فائدہ پہونچانا تھا۔ جتنے احباب اور ملنے والے تھے سب کے روزینے مقرر کر رکھے تھے شیوخ اور محدثین کے لئے تجارت کا ایک حصہ مخصوص کر دیا تھا کہ اوس سے جو نفع ہوتا تھا سال کے سال اون لوگون کو پہونچا دیا جاتا تھا[1]۔ عام معمول تھا کہ گھر والون کے لئے کوئی چیز خریدتے تو اوسیقدر محدثین اور علما کے پاس بھجواتے۔ اتفاقیہ کوئی شخص ملنے آتا تو اوسکا حال پوچھتے اور حاجتمند ہوتا تو حاجت روائی کرتے۔ شاگردون مین جسکو تنگ حال دیکھتے اوسکی ضروریات خانگی کی کفالت کرتے کہ اطمینان سے علم کی تکمیل کرسکے۔ بہت سے لوگ جنکو مفلسی کی وجہ سے تحصیل علم کا موقع نہین مل سکتا تھا امام صاحب ہی کی دستگیری کی بدولت بڑے بڑے رتبون پر پہونچے۔ انہین مین **قاضی ابو یوسف صاحب** بھی ہین جنکا مفصل تذکرہ آگے آتا ہے۔

شاگردون کے ساتھ سلوک۔

[1] علامہ نووی نے تہذیب الاسماء مین ان واقعات کو بسند۔ بیان کیا ہے۔

ایک دفعہ کچھ لوگ ملنے آئے - انمین ایک شخص ظاہری صورت سے شکستہ حال معلوم ہوتا تھا - لوگ رخصت ہوکر چلے تو امام صاحب نے اوس سے فرمایا ذرا ٹھہر جاو - جا نماز کیطرف اشارہ کیا کہ اسکو اُٹھانا اوسنے دیکھا تو ہزار درہم کی ایک تھیلی تھی - عرض کی کہ مین دولتمند ہون - مجھکو اسکی ضرورت نہین - فرمایا کہ تو صورت ایسی بنانی چاہئے کہ دوسرون کو شبہ نہو -

ایک دفعہ کسی بیمار کی عیادت کو جارہے تھے - راہ مین ایک شخص ملا - جو انکا مقروض تھا - اوسنے دور سے انکو دیکھ لیا اور کترا کر دوسری طرف چلا - انھون نے پکارا - کہ "کہان جاتے ہو" - وہ کھڑا ہوگیا قریب پہنچے تو پوچھا کہ "مجھکو دیکھکر تمنے راستہ کیون کاٹا" - اُسنے کہا آپکے دس ہزار درہم مجھپر آتے ہین جو مجھسے اتک ادا نہو سکے - اِس شرم سے آنکھ برابر نہین ہوتی" - امام صاحب اوسکی غیرت سے متعجب ہوئے اور فرمایا - "جاؤ مینے سب معاف کردیا" -

ایک بار سفر حج مین عبداللہ سہمی کا ساتھ ہوا کسی منزل مین ایک بدوی نے اونکو پکڑا اور امام صاحب کے سامنے لایا کہ اسپر میرے روپیے آتے ہین اور یہ ادا نہین کرتا - امام صاحب نے عبداللہ سے اسکی حقیقت پوچھی - اونھون نے سرے سے انکار کیا - امام صاحب نے بدوی سے پوچھا آخر کتنے درہمون پر یہ جھگڑا ہے - اوسنے کہا چالیس درہم - متعجب ہوکر فرمایا کہ زمانہ سے حمیت اوٹھ گئی اتنے سے معاملہ پر یہ فضیحتے!! پھر کل درہم اپنے پاس سے ادا کردئے - ابراہیم بن عتبہ چار ہزار درہم کے مقروض تھے اور اس ندامت کی

وجہ سے لوگون سے ملنا جلنا چھوڑ دیا تھا۔ اونکے ایک دوست نے چندہ کرکے اونکا قرض
ادا کرنا چاہا۔ لوگون نے بقدر حیثیت اعانت کی۔ امام صاحب کے پاس گئے تو فرمایا کہ
کُل کسقدر قرضہ ہے۔ انھون نے کہا چار ہزار۔ فرمایا اتنی سی رقم کے لئے لوگون کو کیون
تکلیف دیتے ہو۔ یہ کہکر پورے چار ہزار درہم خود دیدئے۔ تاریخون مین اس قسم کے اور بہت سے
واقعات اونکی نسبت منقول ہین۔ ہمنے اختصار کے لحاظ سے قلم انداز کئے۔

اس دولتمندی اور عظمت و شان کے ساتھ نہایت متواضع۔ حلیم۔ اور خلیق تھے۔ ایک
دفعہ مسجد خیف مین تشریف رکھتے تھے۔ شاگردون اور ارادتمندون کا حلقہ تھا۔ ایک اجنبی شخص
نے مسئلہ پوچھا۔ امام صاحب نے جواب مناسب دیا۔ اوسنے کہا "مگر حسن بصری۔ نے اسکے
خلاف بتایا ہے۔ امام صاحب نے فرمایا۔ "حسن نے غلطی کی"۔ حاضرین مین سے ایک شخص
کہ حسن کا۔ معتقد تھا طیش مین آگیا اور جھلّا کر کہا۔ "او ابن الفاحشہ! تو حسن۔ کو خاطی کہتا ہے"؟
اس گستاخی اور بیہودہ گوئی نے تمام مجلس کو برہم کردیا اور لوگون نے چاہا کہ اوسکو پکڑ کر سزا
دین۔ امام۔ صاحب نے روکا۔ اونکے لحاظ سے لوگ مجبور ہو گئے۔ مگر دیر تک مجلس مین سناٹا
رہا۔ لوگون کا جوش کم ہوا تو۔ امام صاحب نے اوس شخص کی طرف خطاب کیا اور فرمایا کہ ہان
حسن۔ نے غلطی کی **عبد اللہ بن مسعود** نے اس باب مین جو روایت کی ہے وہ
صحیح ہے"۔

حلم و عفو۔

یزید بن کمیت کا بیان ہے کہ ایک دفعہ مین امام ابو حنیفہ۔ کی خدمت مین حاضر تھا۔ ایک
شخص نے اون سے گستاخانہ گفتگو شروع کی۔ امام صاحب تحمل سے جواب دیتے تھے

وہ اور شوخ ہوتا جاتا تھا۔ یہانتک کہ اوسنے امام کو زندیق کہدیا۔ اسپر فرمایا کہ "خدا تمکو بخشے۔ وہ خوب جانتا ہے کہ میری نسبت تم نے جو لفظ کہا۔ صحیح نہین ہے" امام۔ صاحب خود فرمایا کرتے تھے کہ "مین نے کسی پر لعنت نہین کی۔ کسی سے انتقام نہین لیا۔ کسی مسلمان۔ یا ذمی کو نہین ستایا۔ کسی سے فریب اور بد عہدی نہین کی"۔

امام سفیان ثوری اور امام صاحب مین کچھ شکر رنجی تھی۔ ایک شخص نے امام صاحب سے آکر کہا کہ سفیان۔ آپ کو بُرا کہہ رہے تھے۔ امام نے فرمایا کہ "خدا میری اور سفیان دونون کی مغفرت کرے۔ سچ یہ ہے کہ ابراہیم نخعی کے موجود ہوتے بھی اگر سفیان دنیا سے اوٹھ جاتے تو مسلمانون کو سفیان کے مرنے کا ماتم کرنا پڑتا"

ایک دن مسجد مین درس دے رہے تھے۔ ایک شخص نے جسکو اون سے کچھ عداوت تھی۔ عام مجلس مین اونکی نسبت ناسزا الفاظ کہے۔ انہون نے کچھ التفات نہ کی۔ اور اسی طرح درس مین مشغول رہے۔ شاگردون کو بھی منع کر دیا کہ اوسکی طرف متوجہ نہون۔ درس سے اوٹھے تو وہ شخص ساتھ ہوا اور جو کچھ موںھ مین آتا تھا بکتا جاتا تھا۔ امام صاحب اپنے گھر کے قریب پہونچے تو کھڑے ہو گئے اور فرمایا کہ "بھائی یہ میرا گھر ہے۔ کچھ باقی رہگیا ہو تو اوٹھا نہ رکھو کہ اب مین اندر جاتا ہون اور تمکو موقع نہ ملے گا"۔

ایک اور دن۔ حلقۂ درس قایم تھا۔ ایک نوعمر نے مسئلہ پوچھا۔ امام صاحب نے جوابدیا۔ اوسنے کہا۔ ابو حنیفہ۔ تمنے جواب مین غلطی کی۔ ابو الخطاب جرجانی بھی حلقہ مین شریک تھے۔ اونکو نہایت غصہ آیا اور حاضرین کو ملامت کی کہ تم لوگ بڑے بے حمیت ہو

امام کی شان مین ایک لونڈا جوچی مین آتا ہے کہہ جاتا ہے۔ تمکو ذرا جوش نہین آتا۔
امام صاحب نے ابوالخطاب کی طرف خطاب کیا اور فرمایا کہ "ان لوگون پر کچھ الزام نہین۔ مین
اس جگہ بیٹھا ہون تو اسی لئے بیٹھا ہون کہ لوگ آزادانہ میری راے کی غلطیان ثابت کرین
اور مین تحمل کے ساتھ سنون"۔

محلہ مین ایک موچی رہتا تھا۔ جو نہایت رنگین طبع اور خوش مزاج تھا۔ اوسکا معمول تھا
کہ دن بھر مزدوری کرتا۔ شام کو بازار جاکر گوشت اور شراب مول لاتا۔ کچھ رات گئے دوست
احباب جمع ہوتے۔ خود سیخ پر کباب لگاتا۔ ہر یارون کو کھلاتا۔ ساتھ ہی شراب کا دور چلتا
اور مزے مین آکر یہ شعر گاتا۔

ہمدردی اور ہمسایگی کا لحاظ۔

اضاعونی و ای فتی اضاعوا		لیوم کریھۃ وسداد ثغر	

یعنی "لوگون نے مجھکو ہاتھ سے کھودیا اور کیسے بڑے شخص کو کھویا جو لڑائی اور رخنہ بندی
کے دن کام آتا۔" امام صاحب ذکر و شغل مین رات کو سوتے کم تھے۔ اوسکی نغمہ سنجیان سنتے اور
فرط اخلاق کی وجہ سے کچھ تعرض نکرتے۔ ایک رات کو توال شہر ادوہر آنکلا اور اوس غریب
کو گرفتار کرکے قیدخانہ مین بھیجدیا۔ صبح کو امام صاحب نے دوستون سے تذکرہ کیا۔ کہ رات
ہمارے ہمسایہ کی آواز نہین آئی۔ لوگون نے رات کا ماجرا بیان کیا۔ اوسی وقت سواری
طلب کی۔ دربار کے کپڑے پہنے۔ اور دار الامارۃ کا قصد کیا۔ یہ عباسیہ کا عہد حکومت تھا
اور عیسی بن موسی۔ کہ خلیفہ منصور کا برادر زادہ اور تمام خاندان مین عقل و تدبیر
دلیری اور شجاعت۔ کے لحاظ سے ممتاز تھا کوفہ کا گورنر تھا۔ لوگون نے اطلاع کی کہ

امام ابوحنیفہ آپکے ملنے کو آتے ہین - اوسنے درباریون کو استقبال کے لئے بھیجا -
اور حکم دیا کہ دارالامارۃ کے صحن تک امام صاحب کو سواری پر لائین - سواری قریب آئی
تو تعظیم کو اوٹھا - اور نہایت ادب سے لاکر بٹھایا - پھر عرض کی کہ "آپنے کیون تکلیف
فرمائی - مجھکو بُلا بھیجتے کہ مین خود حاضر ہوتا" امام صاحب نے فرمایا کہ "ہمارے محلہ مین ایک
موچی رہتا ہے - کوتوال نے اوسکو گرفتار کرلیا ہے - مین چاہتا ہون کہ وہ رہا کردیا جاوے"
عیسیٰ - نے اوسیوقت داروغۂ جیل کو حکم بھیجا اور وہ رہا کردیا گیا - امام صاحب عیسیٰ سے
رخصت ہو کر چلے تو موچی بھی ہمرکاب ہوا - امام اوسکی طرف مخاطب ہوئے کہ "کیون!
ہمنے تمکو ضایع تو نہین کیا" یہ اوس شعر کی طرف اشارہ تھا جسکو وہ ہمیشہ پڑہا کرتا تھا -

اضاعونی وای فتے اضاعوا - اوسنے عرض کی "نہین - آپنے ہمسایگی کا پورا حق ادا
کیا"[۱] - اسکے بعد اوسنے عیش پرستی سے توبہ کی - اور امام صاحب کے حلقۂ درس مین بیٹھنے لگا
رفتہ رفتہ علم فقہ مین مہارت حاصل کی - اور فقیہ کے لقب سے ممتاز ہوا -

والدہ کی خدمت

امام صاحب کے والد نے امام کے سن رشد سے پہلے قضا کی - لیکن والدہ مدت تک
زندہ رہین اور امام کو اونکی خدمت گزاری کا کافی موقع ہاتھ آیا - وہ مزاج کی شکّی تھین اور
جیسا کہ عورتون کا قاعدہ ہے وعّاظ اور قصاص کے ساتھ نہایت عقیدت رکھتی تھین - کوفہ
مین عمرو بن ذر ایک مشہور واعظ تھے - اونکے ساتھ خاص عقیدت تھی - کوئی مسئلہ پیش

[۱] یہ واقعہ بہت سی کتابون مین مختلف طریقے سے مذکور ہے مین نے کتاب الاغانی و ابن خلکان و
عقود الجمان کی روایت اختیار کی ہے -

آتا تو امام صاحب کو حکم دیتین کہ عمر بن ذر سے پوچھ آؤ۔ امام تعمیل ارشاد کے لئے اونکے پاس جاکر مسئلہ پوچھتے۔ وہ عذر کرتے کہ آپ کے سامنے مین کیا زبان کھول سکتا ہون۔ فرماتے کہ "والدہ کا یہی حکم ہے"۔ اکثر ایسا ہوتا کہ عمر و کو مسئلہ کا جواب نہ آتا۔ امام صاحب سے درخواست کرتے کہ "آپ مجھکو بتا دین۔ مین اوسی کو آپ کے سامنے دہرا دون"۔

کبھی کبھی اصرار کرتین کہ مین خود چلکر پوچھونگی۔ خچر پر سوار ہوتین۔ امام صاحب پاپیادہ ساتھ ہوتے۔ خود مسئلہ کی صورت بیان کرتین اور اپنے کانون سے جواب سن لیتین تب تسکین ہوتی۔ ایک دفعہ امام صاحب سے پوچھا کہ یہ صورت پیش آئی ہے مجھکو کیا کرنا چاہیئے۔ امام صاحب نے جواب بتایا۔ بولین کہ تمہاری سند نہین۔ زرعہ واعظ تصدیق کرین تو مجھکو اعتبار آئے"۔ امام صاحب ان کو لیکر زرعہ کے پاس گئے۔ اور مسئلہ کی صورت بیان کی۔ زرعہ نے کہا آپ مجھسے زیادہ جانتے ہین۔ آپ کیون نہین بتا دیتے۔ امام صاحب نے فرمایا مین نے یہ فتوی دیا تھا۔ زرعہ نے کہا بالکل صحیح ہے۔ یہ سنکر اونکو تسکین ہوئی اور گھر واپس آئین۔ ابن ہبیرہ نے جب امام صاحب کو بلاکر میر منشی مقرر کرنا چاہا اور انکار کے جرم پر دُرّے لگوائے۔ اوسوقت امام کی والدہ زندہ تھین۔ اون کو نہایت صدمہ ہوا۔ امام صاحب فرمایا کرتے تھے کہ "مجھکو اپنی تکلیف کا چندان خیال نہ تھا۔ البتہ یہ رنج ہوتا تھا کہ میری تکلیف کی وجہ سے والدہ کے دل کو صدمہ پہنچتا ہے"۔

امام صاحب اگرچہ نہایت رقیق القلب تھے اور کسی کو تکلیف اور رنج کی حالت مین

دیکھتے تو بیتاب ہوجاتے۔ ایک دفعہ مسجد مین بیٹھے تھے کسی نے آکر کہا کہ فلان شخص کوٹھے سے گر پڑا۔ دفعتہً اس زور سے چیخ اوٹھے کہ مسجد مین تہلکہ پڑگیا۔ حلقۂ درس چھوڑ کر برہنہ پا دوڑے اور اوس شخص کے گھر پر جا کر بہت کچھ غمخواری اور ہمدردی کی۔ جب تک وہ اچھا نہوا روزانہ صبح کو جاتے اور اوسکی تیمارداری کرتے۔ تاہم اپنے اوپر کوئی مصیبت آن پڑتی تو اس استقلال سے برداشت کرتے کہ لوگون کو تعجب ہوتا۔ عمّال اور اہلِ دربار کے ہاتھ سے اکثر اونکو تکلیفین پہونچین مگر کبھی اونکے پاے ثبات کو لغزش نہین ہوئی۔ نہایت مضبوط دل رکھتے تھے اور ضبط و استقلال گویا اونکا مایۂ خمیر تھا۔

رقت طبع

ایک دن جامع مسجد مین درس دے رہے تھے۔ مستفیدون اور ارادتمندون کا مجمع تھا۔ اتفاقاً چھت سے ایک سانپ گرا اور امام کی گود مین آیا۔ تمام لوگ گھبرا کر بھاگ گئے مگر وہ اوسی اطمینان سے بیٹھے رہے۔ **امام مالک** کو بھی ایکبار ایسا ہی اتفاق پیش آیا۔ اور وہ اونکی تاریخ زندگی کا مشہور اور دلچسپ واقعہ ہے۔

استقلال۔

بات نہایت کم کرتے اور غیر ضروری باتون مین کبھی دخل نہ دیتے۔ درس مین بھی معمول تھا کہ شاگرد آپسمین نہایت آزادی سے بحثین کرتے۔ آپ چپ بیٹھے سُنا کرتے۔ جب بحث زیادہ بڑھ جاتی اور کسی بات کا تصفیہ نہوتا تو قول فیصل بیان کر دیتے کہ سبکو تشفی ہوجاتی۔

حفظ لسان۔

غیبت سے پرہیز رکھتے۔ اس نعمت کا شکر ادا کرتے کہ خدا نے میری زبان کو اس آلودگی سے پاک رکھا۔ ایک شخص نے کہا حضرت! لوگ آپ کی شان مین کیا کچھ نہین کہتے مگر آپ سے مینے کسی کی برائی نہین سنی۔ فرمایا "ذٰلک فضل اللّٰہ یوتیہ من یشاء" امام سفیان ثوری

سے کسی نے کہا۔ ابو حنیفہ کو مینے کسی کی غیبت کرتے نہین سُنا۔ اونہون نے کہا کہ "ابو حنیفہ ایسے بیوقوف نہین کہ اپنے اعمال صالح کو۔ آپ برباد کرین"

قسم کھانی بُرا جانتے تھے اور اوس سے بہت پرہیز کرتے تھے۔ عہد کر لیا تھا کہ اتفاقاً بھی اس خطا کا مرتکب ہونگا تو ایک درہم کفارہ دون گا۔ اتفاق سے بھول کر کسی موقع پر قسم کھالی اوسکے بعد عہد کیا کہ اب بجاے درہم کے دینار دون گا۔

ذکر وعبادت

نہایت مرتاض اور زاہد تھے۔ ذکر وعبادت مین اونکو مزہ آتا تھا اور بڑے ذوق وخلوص سے ادا کرتے تھے۔ اس باب مین اونکی شہرت ضرب المثل ہو گئی تھی۔ علامہ ذہبی نے لکھا ہے کہ "اونکی پرہیزگاری اور عبادت کے واقعات تواتر کی حد کو پہونچ گئے ہین"۔ اکثر نماز مین یا قرآن پڑہنے کے وقت رقت طاری ہوتی اور گھنٹون رویا کرتے۔ ابراہیم بصری کا بیان ہے کہ ایک دفعہ نماز فجر مین امام ابو حنیفہ کے ساتھ شریک تھا۔ امام نماز۔ نے یہ آیت پڑہی ولا تحسبن اللہ غافلا عما یعمل الظالمون یعنی خدا کو ظالمون کی کردار سے بیخبر نہ سمجھنا! امام ابو حنیفہ پر ایسی حالت طاری ہوئی کہ سارا بدن کانپنے لگا۔ زایدہ کہتے ہین کہ مجھکو ایک ضروری مسئلہ دریافت کرنا تھا امام ابو حنیفہ کے ساتھ نماز عشا مین شریک ہوا اور منتظر رہا کہ نوافل سے فارغ ہون تو دریافت کرون وہ قرآن پڑہتے پڑہتے اس آیت پر پہونچے وقانا عذاب السموم بار بار اِس آیت کو پڑہتے تھے۔ یہان تک کہ صبح ہو گئی اور وہی آیت پڑہتے رہے۔ ایکبار نماز مین یہ آیت پڑہی بل الساعۃ موعدھم والساعۃ ادھی وامر۔ "یعنی قیامت گنہگارون کا وعدہ گاہ ہے اور قیامت سخت مصیبت کی چیز اور

ناگوار حیپیسے ہز"۔ اسی آیت مین رات ختم ہوگئی۔ بار بار پڑہتے تھے اور روتے جاتے تھے۔

یزید بن کمیت ایک مشہور عابد اور امام صاحب کے ہمعصر تھے۔ اون کا بیان ہے کہ مین ایک دفعہ نماز عشا مین امام ابوحنیفہ کے ساتھ شریک تھا۔ امام نماز نے اذا زلزلت پڑہی لوگ نماز پڑہکر چلے گئے۔ مین ٹھہرا رہا۔ امام ابوحنیفہ کو دیکھا کہ بیٹھے ٹھنڈی سانسین بھر رہے ہین۔ یہ دیکھکر مین اُٹھ آیا کہ اونکے اوقات مین خلل نہو۔ صبح کو مسجد مین گیا تو دیکھا کہ غمزدہ بیٹھے ہین۔ داڑہی ہاتھ مین ہے اور بڑی رقّت سے کہہ رہے ہین۔ "اے وہ! جو ذرہ بھر نیکی اور ذرّہ بھر بدی دونون کا بدلہ دے گا۔ **نعمان** اپنے غلام کو آگ سے بچانا"

ایک دن بازار مین چلے جاتے تھے۔ ایک لڑکے کے پانون پر پانون پڑگیا۔ وہ چیخ اوٹھا اور کہا کہ تو خدا سے نہین ڈرتا۔ امام کو غش آگیا۔ مسعر بن کدام۔ ساتھ تھے انہون نے سنبھالا۔ ہوش مین آئے تو پوچھا کہ ایک لڑکے کی بات پر اسقدر بیقرار ہوجانا کیا تھا؟ فرمایا "کیا عجب۔ کہ اوسکی آواز غیبی ہدایت ہو"۔

عبرت پذیری۔

ایک دفعہ حسب معمول دوکان پر گئے۔ نوکر نے کپڑون کے تھان نکالکر رکھے اور تفاؤل کے طور پر کہا۔ خدا ہمکو جنت دے۔ امام صاحب پر رقّت طاری ہوئی اور اسقدر روئے کہ شانے تر ہوگئے۔ نوکر سے کہا دوکان بند کردو۔ آپ چہرہ پر رومال ڈالکر کسی طرف نکل گئے۔ دوسرے دن دوکان پر گئے تو نوکر سے کہا۔ بھائی! ہم اس قابل کہان ہین کہ جنت کی آرزو کرین۔ یہی بہت ہے کہ عذاب الٰہی مین گرفتار نہون"۔ حضرت عمر فاروق بھی اکثر فرمایا کرتے تھے کہ "قیامت کے دن اگر مجھسے نہ مواخذہ ہو نہ انعام ملے۔ تو

مین بالکل راضی ہون"۔

ایک دفعہ کسی کو مسئلہ بتا رہے تھے۔ ایک شخص نے کہا ابوحنیفہ! خدا سے ڈر کر فتوی دیا کرو۔ امام صاحب پر اسکا اسقدر اثر ہوا کہ چہرہ کی رنگت زرد پڑ گئی۔ اوس شخص کی طرف مخاطب ہوئے۔ اور کہا "بھائی! خدا تمکو جزاے خیر دے۔ اگر مجھکو یہ یقین نہوتا کہ خدا مجھسے مواخذہ کرے گا کہ تو نے جانکر علم کو کیون چھپایا۔ تو مین ہرگز فتوی ندیتا" کوئی مسئلہ مشکل آجاتا اور جواب نہ معلوم ہوتا تو متردد ہوتے کہ غالباً مین کسی گناہ کا مرتکب ہوا۔ یہ اوسی کی شامت ہے۔ پھر وضو کرکے نماز پڑہتے۔ اور استغفار کرتے۔ فضیل بن عیاض کہ مشہور صوفی گذرے ہین اون سے کسی نے یہ حکایت بیان کی۔ بہت روئے اور کہا۔ "ابوحنیفہ۔ کے گناہ کم تھے اسلئے اونکو یہ خیال ہوتا تھا۔ جو لوگ گناہون مین غرق ہین اون پر ہزار آفتین آتی ہین اور مطلق خبر نہین ہوتی کہ یہ غیبی تنبیہ ہے"۔

تقسیم اوقات

معمول تھا کہ صبح کی نماز کے بعد مسجد مین درس دیتے۔ دور دور سے استفتے آئے ہوتے اونکے جواب لکھتے پھر تدوین فقہ کی مجلس منعقد ہوتی۔ بڑے بڑے نامور شاگردون کا مجمع ہوتا۔ جو مسائل اتفاق رائے سے طے ہوتے قلمبند کرلئے جاتے۔ نماز ظہر پڑہکر گھر آتے۔ گرمیون مین ہمیشہ ظہر کے بعد سو رہتے۔ نماز عصر کے بعد کچھ دیر تک درس و تعلیم کا مشغلہ رہتا۔ باقی وقت دوستون سے ملنے ملانے۔ بیمارونکی عیادت۔ ماتم پرسی۔ غریبون کی خبرگیری مین صرف ہوتا۔ مغرب کے بعد پھر درس کا سلسلہ شروع ہوتا اور عشا تک رہتا۔ نماز عشا پڑہکر عبادت مین مشغول ہوتے اور اکثر رات بھر نہ سوتے۔ جاڑون مین مغرب کے بعد

مسجد ہی مین سو رہتے اور قریباً دس بجے اوٹھکر نماز عشا پڑھتے - پہر تمام رات تہجد اور درود وظائف مین گذرتی - کبھی کبھی دوکان پر بیٹھتے اور وہین یہ تمام مشاغل انجام پاتے -

ذہانت اور طباعی - فتوی اور مناظرات - نصایح اور دلپذیر باتین

جو چیز - امام صاحب کی - قوت ایجاد - حدت طبع - دقت نظر - وسعت معلومات - غرض اونکے تمام کمالات علمی کا آئینہ ہے وہ علم فقہ ہے - جسکی ترتیب و تدوین مین انکو وہ پایہ حاصل ہے جو ارسطو کو منطق اور اقلیدس کو ہندسہ مین - لیکن اوسپر تفصیلی بحث کرنیکے لئے ایک مستقل کتاب درکار ہے - اسی ضرورت سے ہمنے اپنی کتاب کا دوسرا حصہ - اس بحث کے لئے خاص کردیا ہے - اس موقع پر صرف وہ واقعات لکھتے ہین جو امام صاحب کی علمی تاریخ کے عام واقعات ہین - لیکن غور سے دیکھو تو وہ بھی بجاے خود اصول ہین جن پر سیکڑون مسائل کی بنیاد قایم ہے -

اس مقام پر یہ کہدینا ضرور ہے کہ امام ابو حنیفہ کے مناظرات اور نکتہ آفرینیون کے متعلق بہت سے بے سروپا افسانے شہرت پکڑ گئے ہین اور طرہ یہ کہ بعض مشہور مصنفون نے بغیر تحقیق و تنقید کے اونکو اپنی تالیفات مین نقل کردیا جس سے عوام کو اپنے غلط خیالات کے لئے ایک دستاویز ہاتھ آگئی - یہ ایک عام قاعدہ ہے کہ جو شخص کسی فن مین کمال کے ساتھ شہرت عام حاصل کرتا ہے اوسکی نسبت اچھی یا بری سیکڑون روایتین خود بخود پیدا ہوجاتی ہین اور بعض حالتون مین اسقدر عام زبانون پر قبضہ کرلیتی ہین کہ خواص تک

کو اون پر تواتر کا دہوکا ہوتا ہے۔ لطف یہ کہ معتقدین۔ جوش اعتقاد مین ایسی باتین بیان
کرجاتے ہین جسکو وہ مدح سمجھتے ہین اور دراصل ذم ہوتی ہے۔ اسیطرح مخالف عیب و منقصت
کی مثالین پیش کرتا ہے۔ حالانکہ غور سے دیکھئے تو اون واقعات سے بجاے اسکے کہ اوس
شخص کی برائی ثابت ہو مدح کا پہلو نکلتا ہے۔ امام ابو حنیفہ بھی اس کلیہ سے مستثنی نہین ہین۔
بعض مصنفون نے اونکی ذہانت اور طباعی کے ذیل مین بہت سے ایسے قصے لکھدئے
ہین جنکو خدا نخواستہ ہم سچ تسلیم کرین تو عیاذاً باللہ امام صاحب کو حیلہ جو۔ چالاک۔ متفنی۔
سخن ساز۔ ماننا پڑیگا۔ لیکن وہ روایتین تاریخی اصول سے ثابت نہین اور اسی وجہ سے
اہل تحقیق خصوصاً محدثین نے اونکے لکھنے سے ہمیشہ پرہیز کیا ہے۔ ہم بھی اونکو قلم انداز کرتے
ہین اور انہین روایتون پر اکتفا کرتے ہین جو بظن غالب ثابت اور صحیح ہین۔

اسمین شبہہ نہین کہ امام صاحب کو اور ایمہ کی نسبت مناظرہ اور مباحثہ کے موقعے زیادہ
پیش آئے۔ انہون نے علوم شرعیہ کے متعلق بہت سے ایسے نکتے ایجاد کئے تھے جو عام
طبیعتون کی دسترس سے باہر تھے۔ اسلئے ظاہر بینون کا ایک بڑا گروہ جنمین بعض مقدس
سادہ دل بھی شامل تھے اونکا مخالف ہو گیا تھا۔ اور ہمیشہ اون سے بحث و مناظرہ کیلئے
تیار رہتا تھا۔ امام صاحب کو بھی مجبوراً اونکے شبہات رفع کرنے پڑتے تھے۔ اس اتفاقی
سبب نے مناظرہ اور مباحثہ کا ایک وسیع سلسلہ قایم کر دیا تھا۔ لیکن امام صاحب کے مناظرات
اسی پر محدود نہین۔ مناظرہ اوسوقت درس کا ایک خاص طریقہ تھا۔ اور امام صاحب نے اکثر
اساتذہ سے اسی طریقہ پر تعلیم پائی تھی۔ عیون والحدایق کے مصنف نے اونکے تذکرہ مین

لکھا ہے کہ "انہون نے شعبی۔ طاوس۔ عطاء۔ سے مناظرات کئے"۔ یہ لوگ امام صاحب
کے اساتذۂ خاص ہین اور وہ ان لوگون کا نہایت ادب کرتے تھے۔ اس مناظرہ سے
مقصود وہی درس کا مخصوص طریقہ ہے۔ جو اُس عہد مین عموماً مروج تھا۔[۵۱]

رفع یدین کے مسئلہ مین امام اوزاعی سے مناظرہ

امام اوزاعی کہ اقلیم شام کے امام اور فقہ مین مذہب مستقل کے بانی تھے۔ مکۂ معظمہ
مین امام ابوحنیفہ سے ملے۔ اور کہا کہ عراق والون سے نہایت تعجب ہے کہ رکوع مین۔ اور رکوع
سے سر اُٹھانیکے وقت۔ رفع یدین نہین کرتے۔ حالانکہ مینے زہری سے انہون نے سالم
بن عبداللہ سے۔ انہون نے عبداللہ بن عمر سے سُنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ان موقعون پر رفع یدین کرتے تھے"۔ امام ابوحنیفہ نے اوسکے مقابلہ مین حماد۔ ابراہیم
نخعی۔ علقمہ۔ عبداللہ بن مسعود کے سلسلہ سے حدیث روایت کی کہ آنحضرت ان موقعون پر
رفع یدین نہین فرماتے تھے"۔ امام اوزاعی نے کہا سبحان اللہ! "مین تو زہری۔ سالم۔
عبداللہ۔ کے ذریعہ سے حدیث بیان کرتا ہون۔ آپ اسکے مقابلہ مین۔ حماد۔ نخعی۔
علقمہ کا نام لیتے ہین"۔ امام ابوحنیفہ نے کہا۔ میری رُواۃ آپ کی رُواۃ سے زیادہ فقیہ
ہین اور عبداللہ بن مسعود کا رتبہ تو معلوم ہی ہے۔ اسلئے اونکی روایت کو ترجیح ہے"۔
امام رازی نے اس مناظرہ کو مناقب شافعی مین نقل کیا ہے[۵۲] اور گو واقعہ کی صحت سے

[۵۱] امام صاحب کے بعض مناظرات مورخ خطیب نے تاریخ بغداد مین۔ اور امام رازی نے اس آیت کی تفسیر مین
وعلم آدم الاسماء کلھا۔ لکھے ہین۔ اور عقود الجمان مین زیادہ استقصا کیا ہے۔ انکے علاوہ اور کتابون مین
بھی جستہ جستہ مذکور ہین۔ ۱۲ [۵۲] علامہ ابن الہمام نے اس مناظرہ کو فتح القدیر مین ذکر کیا ہے اور حجۃ اللہ البالغہ
کے مختلف مقامات سے اسکے اشارے پائے جاتے ہین۔

انکار نہین کرسکتے تاہم یہ نکتہ چینی کی ہے کہ جسے واقعات مین تفقہ کو کیا دخل ہے۔

اِس اصول پر مفصل بحث کتاب کے دوسرے حصہ مین ہوگی۔ یہان امام رازی کے حوالہ سے یہ مقصود ہے کہ اصل واقعہ صحیح ہے جس سے شافعیون کو بھی انکار نہین۔ اِس مسئلہ کے متعلق امام محمد نے کتاب الحجج مین ایک لطیف بحث کی ہے۔ وہ لکھتے ہین کہ ہماری روایت عبداللہ بن مسعود تک منتہی ہوتی ہے۔ اور فریق مخالف کی عبداللہ بن عمر تک اِسلئے بحث کا تمام تر مدار اسپر آجاتا ہے کہ ان دونون مین کسکی روایت ترجیح کے قابل ہے۔ عبداللہ بن مسعود آنحضرت کے زمانہ مین پوری عمر کو پہونچ چکے تھے اور جیسا کہ حدیثون مین آیا ہے جماعت کی صف اول مین جگہ پاتے تھے۔ بخلاف اِسکے عبداللہ بن عمر کا محض آغاز تھا اور اونکو دوسری تیسری صف مین کھڑا ہونا پڑتا تھا۔ اِسلئے آنحضرت کے حرکات وسکنات سے واقف ہونے کے جو موقعے عبداللہ بن مسعود کو ملسکے عبداللہ بن عمر کو کیونکر حاصل ہوسکتے تھے۔ امام محمد کا یہ طرز استدلال حقیقت مین اصول درایت پر مبنی ہے۔ امام ابوحنیفہ صاحب نے اپنی تقریر مین عبداللہ بن مسعود کی عظمت وشان کا جو ذکر کیا اوس مین اِسی کی طرف اشارہ ہے۔

قرأت خلف الامام

ایک دن بہت سے لوگ جمع ہو کر آئے کہ قرأۃ خلف الامام کے مسئلہ مین امام صاحب سے گفتگو کرین۔ امام صاحب نے کہا "اتنے آدمیون سے مین تنہا کیونکر بحث کرسکتا ہون البتہ یہ ہوسکتا ہے کہ آپ اِس مجمع مین سے کسی کو انتخاب کرلین جو سبکی طرف سے اِس خدمت کا کفیل ہو۔ اور اوسکی تقریر پورے مجمع کی تقریر سمجھی جائے" لوگون نے منظور کیا۔ امام

صاحب نے کہا "آپ نے یہ تسلیم کیا تو بحث کا خاتمہ بھی ہوگیا آپ نے جسطرح ایک شخص کو سب کی طرف سے بحث کا مختار کردیا اسیطرح امام نماز بھی تمام مقتدیون کی طرف سے قرأت کا کفیل ہے"

یہ نہ سمجھنا چاہئیے کہ امام نے ایک شرعی مسئلہ کو صرف عقلی طور پر طے کردیا۔ بلکہ حقیقت مین یہ اوس حدیث کی تشریح ہے جسکو خود امام صاحب نے بسند صحیح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچایا ہے کہ من صلے خلف الامام فقرۃ الامام قرءۃ لہ۔ "یعنی جو شخص امام کے پیچھے نماز پڑھے تو امام کی قرءت بہی اوسکی قرءت ہے"

یہ امام صاحب کی مختصات مین سے ہے کہ وہ مشکل سے مشکل مسئلہ کو ایسے عام فہم طریقہ سے سمجھا دیتے تھے کہ مخاطب کے ذہن نشین ہوجاتا تھا اور بحث نہایت جلد اور آسانی سے طے ہوجاتی تھی۔ ایک دفعہ **ضحاک خارجی** جو خارجیون کا ایک مشہور سردار تھا اور بنو امیہ کے زمانہ مین کوفہ پر قابض ہوگیا تھا۔ امام صاحب کے پاس آیا اور تلوار دکھا کر کہا کہ "توبہ کرو" انہون نے پوچھا کس بات سے۔ ضحاک نے کہا "تمہارا عقیدہ ہے کہ علی (علیہ السلام) نے معاویہ کے جھگڑے مین ثالثی مان لی تھی۔ حالانکہ جب وہ حق پر تھے تو ثالث ماننے کے کیا معنی" امام صاحب نے فرمایا کہ "اگر میرا قتل مقصود ہے تو اور بات ہے ورنہ اگر تحقیق حق منظور ہے تو مجھکو تقریر کی اجازت دو" ضحاک نے کہا مین بھی مناظرہ ہی چاہتا ہون۔ امام صاحب نے فرمایا اگر بحث آپس مین نہ طے ہو تو کیا علاج ہے۔ ضحاک نے کہا ہم دونون ایک شخص کو منصف قرار دین۔ چنانچہ ضحاک ہی کے ساتھیون مین سے ایک شخص انتخاب کیا گیا کہ دونون فریق کی صحت و غلطی کا تصفیہ

ایک خارجی سے گفتگو

کرے - امام صاحب نے فرمایا "یہی تو حضرت علی علیہ السلام نے بھی کیا تھا - پھر اون پر کیا الزام ہے" ضحاک دم بخود ہو گیا - اور چپکا اٹھکر چلا آیا -

اسی ضحاک نے ایکبار کوفہ پہونچکر قتل عام کا حکم دیدیا - امام صاحب کو خبر ہوئی دوڑے گئے اور پوچھا کہ "آخر ان لوگون نے کیا جرم کیا ہی" اوسنے کہا یہ سب مرتد ہو گئے ہین - امام صاحب نے فرمایا - "پہلے ان لوگون کا کچھ اور مذہب تھا جسکو انہون نے چھوڑ دیا - یا ہمیشہ سے یہی مذہب رکھتے تھے جو - اب رکھتے ہین ؟ ضحاک نے کہا - کیا کہا پھر کہنا ! امام صاحب نے زیادہ وضاحت سے بیان کیا - ضحاک نے کہا بےشبہ میری خطا تھی - اوسی وقت حکم دیا کہ "تلوارین نیام مین کر لیجائین"

قتادہ بصری سے مناظرہ

قتادہ بصری - جنکا مختصر حال امام صاحب کے اساتذہ کے ذکر مین ہم لکھ آئے ہین - کوفہ مین آئے - اور اشتہار دیدیا کہ "مسائل فقہ مین جسکو جو پوچھنا ہو پوچھے - مین ہر مسئلہ کا جواب دونگا" چونکہ وہ مشہور محدث اور امام تھے - بڑا مجمع ہوا - جوق جوق لوگ آتے تھے اور مسئلے دریافت کرتے تھے - امام ابوحنیفہ بھی موجود تھے - کھڑے ہو کر پوچھا کہ "ایک شخص سفر مین گیا - برس دو برس کے بعد اوسکے مرنے کی خبر آئی - اوسکی بیوی نے دوسرا نکاح کر لیا - اور اوس سے اولاد ہوئی - چندروز کے بعد وہ شخص واپس آیا - اولاد کی نسبت اوسکو انکار ہے کہ میری صلب سے نہین ہے زوج ثانی دعوی کرتا ہے کہ میری ہے تو آیا دونون اوس عورت پر زنا کا الزام لگاتے ہین یا صرف وہ شخص جو ولدیت سے انکار کرتا ہے" قتادہ نے کہا - "یہ صورت پیش بھی آئی ہے" امام نے کہا نہین - لیکن علما کو پہلے سے

تیار رہنا چاہیئے کہ وقت پر تردد نہو - قتادہ کو فقد سے زیادہ تفسیر مین دعویٰ تھا - بولے کہ ان مسائل کو رہنے دو - تفسیر کے متعلق جو پوچھنا ہو پوچھو - امام ابو حنیفہ نے کہا اس آیت کے کیا معنی ہین - قال الذی عندہ علم من الکتاب انا اٰتیک بہ قبل ان یرتد الیک طرفک - یہ وہ قصہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے درباریون سے بلقیس کے تخت لانیکی فرمایش کی اور ایک شخص نے جو غالباً آصف بن برخیا حضرت سلیمان کے وزیر تھے دعویٰ کیا کہ مین چشم زدن مین لا دون گا - اہل کتاب کی روایت ہے کہ آصف بن برخیا اسم اعظم جانتے تھے جسکی تاثیر سے ایک دم مین شام سے یمن پہونچکر تخت اُٹھا لائے - یہی روایت عام مسلمانون مین پھیل گئی تھی - اور اوسیکے مطابق اس آیت کا مطلب لگایا جاتا تھا - قتادہ نے بھی یہی معنی بیان کئے - امام ابو حنیفہ نے کہا حضرت سلیمان خود بھی اسم اعظم جانتے تھے یا نہین" قتادہ نے کہا "نہین" امام صاحب نے کہا - کیا "آپ اس بات کو جایز رکھتے ہین کہ نبی کے زمانہ مین ایسا شخص موجود ہو جو خود نبی نہو اور نبی سے زیادہ علم رکھتا ہو" قتادہ کچھ جواب نہ دے سکے - اور کہا کہ عقاید کے متعلق پوچھو - امام صاحب نے کہا "آپ مومن ہین" اکثر محدثین اپنے آپ کو مومن کہتے ہوئے ڈرتے تھے اور اسکو احتیاط مین داخل سمجھتے تھے حسن بصری سے ایک شخص نے یہی سوال کیا تھا جسکے جواب مین انہون نے کہا کہ "ان شاء اللہ" پوچھنے والے نے کہا کہ "انشاء اللہ کا کیا محل ہے" فرمایا کہ "مین اپنے تئین مومن تو کہون مگر ڈرتا ہون کہ خدا یہ نہ کہدے کہ تو جھوٹ کہتا ہے" قتادہ نے بھی امام ابو حنیفہ کے سوال کا یہی جواب دیا" لیکن حقیقت مین یہ ایک قسم کی وہم پرستی ہے - ایمان - اعتقاد کا

نام ہے جو شخص خدا اور رسول پر اعتقاد رکھتا ہے وہ قطعاً مومن ہے اور اوسکو سمجھنا چاہیے
کہ مین مومن ہون - البتہ اگر اسمین شک ہے تو قطعی کافر ہے - اور پھر انشاء اللہ کہنا بھی بیکار ہے
امام ابوحنیفہ نے اس عام غلطی کو مٹانا چاہا - قتادہ سے پوچھا آپ نے یہ قید کیون لگائی - انہون
نے کہا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا تھا - کہ "مجھکو امید ہے کہ خدا قیامت کے دن
میرے گناہون کو معاف کر دے - امام ابوحنیفہ نے کہا خدا نے حضرت ابراہیم سے جب یہ
سوال کیا کہ اولم تومن تو انہون نے جواب مین "بلی" کہا تھا - یعنی ہان مین مومن
ہون - آپ نے حضرت ابراہیم کے اس قول کی کیون تقلید نہ کی - قتادہ ناراض ہو کر اوٹھے
اور گھر مین چلے گئے[۱]

یحییٰ بن سعید انصاری - کوفہ کے قاضی تھے - اور منصور عباسی کے دربار مین بڑا جاہ و اعتبار
رکھتے تھے - تاہم کوفہ مین اونکا وہ اثر قایم نہو سکتا تھا جو امام ابوحنیفہ صاحب کا تھا - اسپر اونکو
تعجب ہوتا تھا - اور لوگون سے کہا کرتے تھے کہ کوفہ والے بھی عجب سادہ دل ہین -
تمام شہر ایک شخص کے اشارون پر حرکت کرتا ہے" امام ابوحنیفہ نے ابو یوسف - وزفر - اور
چند ممتاز شاگردون کو بھیجا کہ قاضی یحییٰ سے مناظرہ کرین - امام ابو یوسف نے تقریر شروع
کی - مسئلہ یہ تھا کہ ایک غلام اگر دو شخصون مین مشترک ہو اور صرف ایک شخص آزاد کرنا چاہے
تو کر سکتا ہے یا نہین ؟ - قاضی یحییٰ نے کہا "نہین کر سکتا - کیونکہ حدیث مین آیا ہے

یحییٰ بن سعید سے مناظرہ

[۱] اس مناظرہ کو خطیب نے تاریخ بغداد مین - اور حافظ ابوالمحاسن نے عقود الجمان مین - کسیقدر اختلاف کے
ساتھ نقل کیا ہے ۱۲-

لا ضرر و لا ضرار۔ یعنی وہ کام جس سے کسی شخص کو ضرر پہونچے جایز نہین ۔صورت زیر بحث مین ۔چونکہ دوسرے شریک کا ضرر ہے ۔ اسلئے شریک اوّل ایسے فعل کا مجاز نہین ہوسکتا"۔ امام ابویوسف نے کہا ۔ اگر دوسرا شریک آزاد کردے ؟ قاضی یحییٰ بولے ۔تب جایز ہے اور غلام آزاد ہوجاسے گا" امام ابویوسف نے کہا آپنے خود اپنے قول کی مخالفت کی ۔کیونکہ آپ کے نزدیک ایک شریک کے آزاد کرنے سے غلام آزاد نہین ہوتا ۔ یعنے اوسیطرح غلام کا غلام رہتا ہے صورت مذکور مین جب ایک شریک نے آزاد کیا تو آپکے نزدیک اوسکا یہ فعل بالکل اثر ہے یعنی وہ اسیطرح غلام باقی رہا جیسا پہلے تہا ۔ اب صرف دوسرے شریک کے آزاد کرنے سے کیونکر آزاد ہوسکتا ہے"

قاضی ابن ابی لیلی کے فیصلہ پر نکتہ چینی۔

محمد بن عبدالرحمن جوزیادہ تر ابن ابی لیلی کے لقب سے مشہور ہین ۔ بڑے مشہور فقیہ اور صاحب الراے تھے ۔۳۳ برس کوفہ مین منصب قضا پر مامور رہے ۔ امام ابوحنیفہ اور اونمین کسیقدر شکر رنجی تھی جسکی وجہ یہ تھی کہ فیصلون مین وہ غلطی کرتے تھے تو امام صاحب اوسکی اصلاح کرنی چاہتے تھے ۔ یہ اونکو ناگوارا ہوتا تھا ۔ لیکن امام صاحب اظہار حق پر مجبور تھے ۔ قاضی صاحب مسجد مین بیٹھکر انفصال مقدمات کیا کرتے تھے ۔ ایک دن کام سے فارغ ہوکر مجلس قضا سے اوٹھے ۔ راہ مین ایک عورت کو دیکھا کہ کسی سے جھگڑ رہی ہے کھڑے ہوگئے ۔ اثناء گفتگو مین عورت نے اوس شخص کو یا ابن الزانیتین کہدیا یعنی "ائے زانی اور زانیہ کے بیٹے" قاضی صاحب نے حکم دیا کہ عورت گرفتار کرلیجاے ۔ پھر مجلس قضا مین واپس آئے ۔ اور حکم دیا کہ عورت کو کھڑی کرکے دُرّے لگاے‌ین ۔ اور

دو حد ماریں۔ امام ابوحنیفہ کو اس واقعہ کی اطلاع ہوئی۔ فرمایا کہ قاضی صاحب نے اس فیصلہ
مین چند غلطیان کین۔ مجلس[1] قضا سے اوٹھکر واپس آئے اور دوبارہ اجلاس کیا۔ یہ آئین
عدالت کے خلاف ہے[2]۔ مسجد مین حد مارنے کا حکم دیا۔ حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس
سے منع کیا ہے۔ عورت[3] کو بٹھا کر حد مارنی چاہیئے۔ قاضی صاحب نے اسکے خلاف کیا۔
ایک[4] لفظ سے ایک ہی حد لازم آتی ہے۔ اور دو حدین لازم بھی آئین تو ایک ساتھ دونون
کا نفاذ نہین ہو سکتا۔ ایک حد کے بعد مجرم کو چھوڑ دینا چاہئے کہ زخم بالکل بھر جائین پھر دوسرے
حد کی تعمیل ہو سکتی ہے۔ جسکو[5] گالی دی گئی اوسنے ب دعوی نہین کیا تو قاضی صاحب
کو مقدمہ قایم کرنے کا کیا اختیار تھا۔" قاضی ابن ابی لیلی نہایت برہم ہوئے اور گورنر کوفہ سے
جا کر شکایت کی۔ کہ **ابوحنیفہ** نے مجھکو تنگ کر رکھا ہے۔ گورنر نے حکم بھیجدیا کہ ابوحنیفہ
فتوی نہ دینے پائین۔ امام صاحب اگرچہ حق کے خلاف کسی حاکم و امیر کے حکم کی پروا نہین
کرتے تھے تاہم چونکہ فتوی دینا فرض کفایہ تھا اور کوفہ مین اور بہت سے علما موجود تھے۔
اسلئے حاکم وقت کی اطاعت کو مقدم رکھا اور بغیر کسی عذر کے حکم کی تعمیل کی۔ ایک دن
گھر مین بیٹھے تھے۔ اون کی لڑکی نے مسئلہ پوچھا کہ مین آج روزہ سے ہون۔ دانتون
سے خون نکلا اور تھوک کے ساتھ گلے سے اوتر گیا۔ روزہ جاتا رہا یا باقی ہے؟" امام صاحب
نے فرمایا کہ "جان پدر۔ اپنے بھائی حماد سے پوچھ۔ مین فتوی دینے سے منع کر دیا گیا
ہون" مورخ ابن **خلکان** نے اس روایت کو نقل کر کے لکھا ہے کہ "اطاعت حکم
اور امانت کی۔ اس سے بڑھکر کیا مثال ہو سکتی ہے[5]" چند روز کے بعد گورنر کوفہ کو اتفاق

دیانت

سے فقہی مسایل مین مشکلات پیش آئین اور امام ابوحنیفہ - کی طرف رجوع کرنا پڑا - جسکی وجہ سے -
امام صاحب کو پہر فتوی دینے کی عام اجازت حاصل ہوگئی -

امام صاحب کے مناظرات مین کہین کہین ہم اوس ادعا اور جوش مقابلہ - کا اثر پاتے ہین جو بظاہر اونکی تواضع اور بے نفسی کے خلاف ہے - لیکن یہ انسانی جذبات ہین جن سے کوئی شخص بری نہین ہوسکتا - ہمنے امام شافعی - امام مالک - امام بخاری - امام مسلم - اور بڑے بڑے ایمہ کے مناظرات کتابون مین پڑہے ہین - ادن مین اس سے زیادہ ادعا اور حوصلہ مندی کا زور پایا جاتا ہے - اور سچ یہ ہے کہ اگر اس قسم کی باتین بزرگون کے حالات مین مذکور نہ ہوتین تو ہمکو شبہہ ہوتا کہ تذکرہ نویسون نے ادن بزرگونکی اصلی تصویر نہین دکھائی ہے بلکہ اپنی خوش اعتقادیون کا خاکہ کہینچا ہے - ایک حکیم نے نہایت سچ کہا ہے کہ "دو کسی نامور یا مقتدا کے حالات لکھو تو اوسکے وہ خصایل بھی ضرور دکھاؤ جنمین انسانی فطرت کی جھلک نظر آتی ہے - اس سے لوگون کو اچھے کامون مین اونکی تقلید کی خواہش پیدا ہوگی - بخلاف اسکے اگر بالکل فرشتہ بنا کر پیش کروگے تو لوگ شاید اونکی پرستش کرنے پر آمادہ ہوجاین لیکن اونکی ریس کرنیکا خیال ہرگز نہ پیدا ہوگا - وہ سمجھین گے کہ یہ شخص انسانی دایرہ سے باہر تھا - ہم انسان ہوکر کیونکر اوسکی تقلید کرسکتے ہین"

ایک دن حسن اتفاق سے - امام سفیان ثوری - قاضی ابن ابی لیلی - شریک - امام ابوحنیفہ - ایک مجلس مین جمع تھے - شایقین علم کو اس سے عمدہ کیا موقع ملسکتا تھا - ایک شخص نے آکر مسئلہ پوچھا کہ چند آدمی ایک جگہ مجتمع تھے - دفعۃً ایک سانپ نکلا اور

استفتا

ایک شخص کے بدن پر چڑھنے لگا - اوسنے گھبراکر پھینکدیا وہ دوسرے شخص پر جاگرا - اوسنے بھی اضطراب مین ایسا ہی کیا - یون ہی ایک دوسرے پر پھینکتے رہے یہانتک کہ اخیر شخص کو اوسنے کاٹا اور وہ مرگیا - دیت کس پر لازم آئیگی،، یہ فقہ - کا ایک دقیق مسئلہ تھا سب کو تامل ہوا - کسی نے کہا سب کو دیت دینی ہوگی - بعضون نے کہا صرف پہلا شخص ذمہ دار ہوگا - سب کے سب مختلف الراے تھے اور باوجود بحث کے کچھ تصفیہ نہین ہوتا تہا - امام ابو حنیفہ چپ بیٹھے اور مسکراتے جاتے تھی - آخر سب نے انکی طرف خطاب کیا کہ آپ بھی تو اپنا خیال ظاہر کیجیے - امام صاحب نے فرمایا جب پہلے شخص نے دوسرے پر پھینکا اور وہ محفوظ رہا تو پہلا شخص بری الذمہ ہو چکا - اسیطرح دوسرا اور تیسرا بھی بحث اگر ہے تو صرف اخیر شخص کی نسبت ہے - اوسکی دو حالتین ہین - اگر اوسکے پھینکنے کے ساتھ ہی سانپ نے اوس شخص کو کاٹا تو اوسپر دیت لازم آئیگی - اور اگر کچھ وقفہ ہوا تو یہ شخص بھی بری الذمہ ہو چکا - اب اگر سانپ نے اوسکو کاٹا تو اوسکی خود غفلت ہے کہ اوسنے اپنی حفاظت مین جلدی اور تیزدستی کیون نہ کی،، اس راے سے سب نے اتفاق کیا - اور امام کی جودت طبع کی تحسین کی -

راے و تدبیر - عقل و فراست - ذہانت و طباعی - امام صاحب کے وہ مشہور اوصاف ہین جنکو موافق و مخالف - سب نے تسلیم کیا ہے - محمد انصاری کہا کرتے تھے کہ امام ابو حنیفہ کی ایک ایک حرکت یہان تک کہ بات چیت - اوٹھنے بیٹھنے - چلنے پھرنے مین دانشمندی کا اثر پایا جاتا تھا - علی بن عاصم کا قول تہا کہ اگر آدھی دنیا کی عقل ایک پلہ مین اور ابو حنیفہ

راے و تدبیر

ذہانت و طباعی

کی عقل دوسرے پلہ مین رکھی جاتی تو ابوحنیفہ کا پلہ بھاری رہتا۔ خارجہ بن مصعب کہا کرتے تھے کہ "مین کم و بیش ایک ہزار عالمون سے ملا ہون جنمین۔ عاقل صرف تین چار شخص دیکھے۔ ایک اونمین ابوحنیفہ تھے"

ہمارے تذکرون اور رجال کی کتابون مین علما کے وہ اوصاف جنکا ذکر خصوصیت کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ تیزی ذہن۔ قوت حافظہ۔ بے نیازی۔ تواضع۔ قناعت۔ زہد۔ اتقا۔ غرض اس قسم کے اوصاف ہوتے ہین۔ لیکن عقل ورائے۔ فراست و تدبیر۔ کا ذکر تک نہین آتا۔ گویا۔ یہ باتین۔ دنیا دارون کے ساتھ مخصوص ہین۔ اسی بات کو علامہ ابن خلدون نے اس پیرایہ مین لکھا ہے کہ "علما کا گروہ انتظام اور ریاست سے بالکل مناسبت نہین رکھتا" اور یہ بالکل سچ ہے۔ حالانکہ اگر سچ پوچھیے تو علما مین ان اوصاف کی زیادہ ضرورت ہے۔ اسلام۔ بخلاف اور مذہبون کے۔ دین کے ساتھ دنیوی انتظامات کا بھی متضمن ہے۔ خلفاے اولین کے حالات پڑہو۔ سیاست اور انتظام ملکی کے لحاظ سے تمام دنیا کے سلاطین اور فرمانروا اون مین کون شخص اونکا ہمسر کہا جاسکتا ہے؟ بے شبہہ اس خصوصیت کے اعتبار سے امام ابوحنیفہ۔ تمام فرقہ علما مین ممتاز ہین کہ وہ مذہبی امور کے ساتھ دنیوی ضرورتون کے بھی اندازہ دان تھے۔ یہی بات ہے کہ اونکا مذہب سلطنت و حکومت کے ساتھ زیادہ مناسبت رکھتا ہے۔ اسلام مین سلطنت و حکومت کے جو بڑے بڑے سلسلے قایم ہوئے۔ مذہباً اکثر حنفی ہی تھے۔

امام ابوحنیفہ اگرچہ شاہی تعلقات سے آزاد رہے لیکن قوم اور ملک کے ساتھ اونکے

جو تعلقات تھے وہ خود ایک ملکی حیثیت رکھتے تھے جسکے فرایض کو انہون نے اس دانائی اور ہوشمندی کے ساتھ انجام دیا جو ایک مدبر سلطنت کے شایان تھا۔ وہ اپنے ہمعصرون کی طرح اپنے تلامذہ کو یہ نہین سکھاتے تھے کہ زندگی کی ضروریات مین امیرون اور رئیسون کی فیاضیون کا منھ تکتے رہین۔ وہ خود کسی کے دست نگر نہین ہوئے۔ اور شاگردون کو بھی اسی کی تعلیم کی۔ ہم نے اُنکے شاگردون کی مفصل فہرست دیکھی ہے۔ اونمین اکثر ایسے لوگ ہین جو حلقۂ درس سے اُٹھکر۔ ملکی عہدون پر پہونچے اور نہایت قابلیت و دیانت سے اپنی خدمتون کو انجام دیا۔ قاضی ابو یوسف صاحب۔ جو ہرون الرشید کے عہد مین صیغۂ قضا کے وزیر تھے اور جنکی حسن تدبیر و انتظام نے اِس صیغہ کو اِس قدر وسیع۔ باقاعدہ۔ مرتب۔ کر دیا کہ اوس سے پہلے کبھی نہین ہوا تھا۔ اور زمانۂ مابعد مین بھی اوس سے بڑھکر نہو سکا۔ یہ امام ابو حنیفہ ہی کی صحبت کا فیض تھا۔

یہ ضرور ہے کہ ملکی تعلقات کے ساتھ مذہب اور اخلاق کے فرایض کو سنبھالنا نہایت مشکل ہوتا ہے۔ لیکن امام صاحب اس سے بیخبر نہ تھے۔ وہ شاگردون کو ہمیشہ ایسی ہدایتین کرتے تھے جنکی پابندی سے دینا و دین دونون حاصل ہون جو اس آیت کی تفسیر ہے۔ آتنا فی الدنیا حسنة و فی الآخرة حسنة قاضی ابو یوسف کو امام صاحب کی زندگی مین اگرچہ دربار سے کوئی تعلق نہین پیدا ہوا تھا۔ تاہم اونکی قابلیت اور امام صاحب کی تعلیم نے جو لیاقت اونمین پیدا کر دی تھی اوسکے جوہر صاف نظر آتے تھے۔ اسی لحاظ سے امام صاحب نے اونکو کچھ ہدایتین لکھکر دین۔ جو تمام مہمات دینی اور دنیوی کے لئے دستور العمل

تعین - یہ تحریر کتابون مین منقول ہے - افسوس ہے کہ تطویل کے لحاظ سے ہم اوسکو تمامہا نہین نقل کرسکتے تاہم موقع اور مقام کی رعایت سے اوسکا انتخاب دکھانا ضرور ہے -

اِس تحریر مین پہلے سلطان وقت کے تعلقات کا ذکر کیا ہے - چنانچہ لکھتے ہین کہ "بادشاہ کے پاس بہت کم آمدورفت رکھنا - اوس سے ہر وقت اسطرح پرخطر رہنا جیسا انسان آگ سے احتیاط رکھتا ہے جب تک کوئی خاص ضرورت نہو دربار مین نہ جانا کہ اپنا اعزاز اور وقار قایم رہے - اگر اتفاق سے دربار مین ایسے لوگ موجود ہون جنسے تمکو واقفیت نہو تو اور بھی پرہیز کرنا کیونکہ جب اونکا رتبہ معلوم نہین تو ممکن ہے کہ مخاطبت اور گفتگو مین اون سے جو برتاؤ کیا جاوے اونکی شان کے مناسب نہو - وہ اگر تمسے زیادہ بلند رتبہ ہین اور تمنے اسکا لحاظ نہین کیا تو بے تمیزی سمجھی جاوے گی - اگر معمولی آدمی ہین اور تمنے زیادہ تعظیم و تکریم کی تو بادشاہ کی آنکھ مین تمہاری ذلت ہوگی - بادشاہ اگر تمکو عہدۂ قضا پر مقرر کرنا چاہے تو پہلے دریافت کرلینا کہ وہ تمہارے طریقۂ اجتہاد سے موافق ہے یا نہین - ایسا نہو کہ سلطنت کے دباؤ سے تمکو اپنی راے کے خلاف عمل کرنا پڑے - جس عہدہ اور خدمت کی تم مین قابلیت نہو اوسکو ہرگز نہ قبول کرنا"

ان ہدایتون مین اگرچہ بادشاہ کی حرمت و توقیر کی بہت تاکید کی ہے لیکن اظہار حق کے موقع پر پوری آزادی سے کام لیا ہے چنانچہ اخیر مین لکھتے ہین کہ "اگر کوئی شخص شریعت مین کسی بدعت کا موجد ہو تو علانیہ اوسکی غلطی کا اظہار کرنا - کہ اور لوگون کو اوسکی تقلید کی جرأت نہو -

قاضی ابو یوسف کے لیے جو ہدایت نامہ لکھا تہا اوسکے بعض مقامات

---

[1] اشباہ والنظایر کے اخیر مین یہ وصیت بتمامہا مذکور ہے اور مینے اوسی سے التقاط کیا ہے - ۱۲

اسباب کی کچھ پروا نکرنا کہ وہ شخص جاہ وحکومت رکھتا ہے کیونکہ اظہار حق مین خدا تمہارا مددگار رہوگا۔ اور وہ اپنے دین کا آپ محافظ وحامی ہے۔ خود بادشاہ سے اگر کوئی نامناسب حرکت صادر ہو تو صاف کہدینا کہ۔ گو مین عہدہ وخدمت کے لحاظ سے آپ کا مطیع ہون تاہم آپ کو آپکی غلطی پر مطلع کردینا میرا فرض ہے۔ پہر بھی تمانے تو تنہائی مین سمجھانا کہ آپ کا یہ فعل قرآن مجید اور احادیث نبوی کے خلاف ہے۔ اگر سمجھ گیا تو خیر ورنہ خدا سے دعا کرنا کہ اوسکی شر سے تمکو محفوظ رکھے"

زندگی کے معمولی کاروبار کے متعلق بھی نہایت عمدہ ہدایتین کین ہین۔ چنانچہ تحریر فرماتے ہین کہ "تحصیل علم کو سب پر مقدم رکھنا اس سے فراغت ہو چکے تو جایز ذریعون سے دولت حاصل کرنا کیونکہ ایک وقت علم و دولت دونون کی تحصیل نہین ہوسکتی۔ پہر نکاح کرنا لیکن اوسوقت جب یہ یقین ہو کہ اہل وعیال کی تمام ذمہ داریان اٹھا سکوگے۔ ایسی عورت سے شادی نکرنا جو دوسرے شوہر سے اولاد رکھتی ہو۔ عام آدمیون اور خصوصاً دولتمندون سے کم میل جول رکھنا ورنہ انکو گمان ہوگا کہ تم اون سے کچھ توقع رکھتے ہو اور اس خیال سے وہ رشوت دینے پر آمادہ ہونگے۔ بازار مین جانا۔ دوکانون پر بیٹھنا۔ راستہ یا مسجد مین کوئی چیز کہا لینے سقایات۔ یا سقاؤن کے ہاتھ سے پانی پی لینا۔ ان باتون سے نہایت احتراز رہے۔ کوئی شخص مسئلہ پوچھے تو صرف سوال کا جواب دو۔ اپنی طرف سے کچھ نہ بڑہاؤ۔ عقاید کے متعلق عوام سے گفتگو نہین کرنی چاہیئے۔ شاگردون کے ساتھ ایسے خلوص اور محبت سے پیش آؤ کہ کوئی غیر دیکھے تو سمجھے کہ تمہاری اولاد ہین۔ عام اور معمولی رتبہ کے لوگ مناظرہ کرنا چاہین

تو احتراز کرو۔ کسی شہر مین جانا ہو تو وہان کے علما و فضلا سے اسطرح ملو کہ اونکو رقابت کا
خیال نہو۔ علمی تذکرہ آئے تو جو۔ بات کہو خوب سوچ سمجھکر کہو اور وہی کہو جسکا کافی ثبوت
دے سکتے ہو۔ مناظرہ کے وقت نہایت جرٔت و استقلال سے کام لو۔ ورنہ دل مین ذرا بھی
خوف ہوگا تو خیالات مجتمع نرہ سکینگے۔ اور زبان مین لغزش ہوگی۔ جو لوگ داب مناظرہ سے
واقف نہین یا مکابرہ کرنا چاہتے ہین اون سے ہرگز گفتگو نہین کرنی چاہیئے۔ مناظرہ کے
وقت غصہ نآنا چاہیئے۔ ہنسنا کم چاہیئے۔ زیادہ ہنسی سے دل فسردہ ہوتا ہے۔ جو کام کرو
اطمینان اور وقار کے ساتھ کرو۔ کوئی شخص جب تک سامنے سے نہ پکارے کبھی جواب دو
کیونکہ پیچھے سے پکارنا جانورون کے لئے مخصوص ہے۔ رستہ چلو تو داہین باہین نہ دیکھو۔
حمام مین جاؤ۔ تو عام آدمیون کی بہ نسبت زیادہ اُجرت دو۔ صبح اور دوپہر کے وقت حمام
مین نجاؤ۔ گفتگو مین سختی نہو اور آواز بلند نہونے پاسے۔ کوئی چیز خریدنی ہو تو خود بازار نجاؤ
بلکہ نوکر کو بھیجکر منگوالو۔ خانگی کاروبار۔ دیانت دار نوکرون کے ہاتھ مین چھوڑ دینا چاہیئے۔ کہ تمکو
اپنے مشاغل کے لئے کافی وقت اور فرصت ہاتھ آئے۔ بادشاہ کے قریب سکونت نہ اختیار
کرو۔ ہر بات سے۔ بے پروائی اور بے نیازی ظاہر ہو۔ اور فقر کی حالت مین بھی وہی استغنا قایم
رہے۔ عام آدمیون مین بیٹھکر وعظ نہ کہو۔ کیونکہ ایسے موقع پر واعظ اکثر جھوٹ بولنے پر مجبور ہوتا ہے۔
شاگردون مین کسی کو فقہ کے درس کی اجازت دو تو خود بھی اوسکی درسگاہ مین شریک ہو کہ اوسکے
متعلق راے قایم کرسکو۔ وہ اگر کبھی غلطی کر جاے تو بتا دو ورنہ تمہارے چپ رہنے سے
لوگون کو گمان ہوگا کہ اوسنے جو کہا صحیح کہا۔ فقہ کے سوا اور علوم کی مجلس ہو تو خود نجاؤ بلکہ

اپنے معتمد دوستون یا شاگردون کو بھیجو کہ وہ آکر تم سے پورے حالات بیان کرین"
"ہر بات مین تقوی اور امانت کو پیش نظر رکھو۔ خدا کے ساتھ دل سے وہی معاملہ رکھو جو لوگون کے سامنے ظاہر کرتے ہو۔ جسوقت اذان کی آواز آئے فوراً نماز کے لئے تیار ہوجاؤ۔ ہر مہینہ مین دو چار دن روزہ کے لئے مقرر کرلو۔ نماز کے بعد ہر روز کسی قدر وظیفہ پڑھا کرو۔ قرآن کی تلاوت قضا نہ ہونے پاے۔ دنیا پر بہت نہ مایل ہو۔ اکثر قبرستان مین نکل جایا کرو۔ لہو ولعب سے پرہیز رکھو۔ ہمسایہ کی کوئی برائی دیکھو تو پردہ پوشی کرو۔ اہل بدعت سے بچتے رہو۔ نماز مین جب تک تمکو لوگ خود امام نہ بنائین امام نہ بنو جو لوگ تم سے ملنے آئین اونکے سامنے علمی تذکرہ کرو۔ اگر وہ اہل علم ہونگے تو فائدہ اٹھائین گے ورنہ کم از کم اونکو تم سے محبت پیدا ہوگی"

عبدالعزیز بن رواد کو خلیفہ نے دربار مین بلایا۔ وہ امام صاحب کے شاگرد تھے مشورہ کے لئے انکے پاس آئے اور کہا کہ "خلیفہ نے طلب کیا ہے۔ مین چاہتا ہون کہ اوسکے سامنے وعظ کہون۔ مگر کیا کہون اور کس طریقہ سے کہون۔ اسمین آپکی ہدایت چاہتا ہون"
امام صاحب نے فرمایا۔ یہ کہنا کہ "اے امیرالمؤمنین دنیا کے طلب کرنے کی تین غرضین ہوسکتی ہین۔ عزت۔ ملک۔ مال۔ یہ سب آپکو حاصل ہین۔ اب تقوی اور عمل صالح بھی اختیار کیجئے کہ دنیا و آخرت دونون دولتین حاصل ہون۔

اِس موقع پر امام صاحب کے حکیمانہ مقولے بھی سننے اور یاد رکھنے کے قابل ہین۔
فرمایا کرتے تھے کہ جس شخص کو علم نے بھی معاصی اور فواحش سے نہ باز رکھا اوس سے زیادہ

حکیمانہ مقولے

زبان کا کون ہوگا" "جو شخص علم دین مین گفتگو کرے اور اوسکو یہ خیال نہ ہو کہ ان باتون کی باز پرس ہوگی وہ مذہب اور خود اپنے نفس کی قدر نہین جانتا" اگر علما خدا کے دوست نہین ہین تو عالم مین خدا کا کوئی دوست نہین" "جو شخص قبل از وقت ۔ ریاست کی تمنا کرتا ہے ذلیل ہوتا ہے" "جو شخص علم کو دنیا کے لئے سیکھتا ہے ۔ علم اوسکے دل مین جگہ نہین پکڑتا" "سب سے بڑی عبادت ایمان اور سب سے بڑا گناہ کفر ہے پس جو شخص افضل ترین عبادت کا پابند اور بدترین معاصی سے محترز ہے ۔ اوسکی مغفرت کی بہر حال امید کیجا سکتی ہے" "جو شخص حدیث سیکھتا ہے اور اوس سے استنباط مسایل نہین کرتا وہ ایک عطار ہے جسکے پاس دوائین ہین لیکن یہ نہین جانتا کہ کون کس مرض کے لئے ہے" "جو شخص علم کا مذاق نہین رکھتا اوسکے آگے علمی گفتگو کرنی اوسکو اذیت دینی ہے" "اپنے دوست (نفس) کے لئے گناہ جمع کرنے اور دشمن (ورثا) کے لئے مال فراہم کرنا کیسی غلطی ہے"

ایک شخص نے پوچھا فقہ کے حاصل ہونے مین کیا چیز معین ہوسکتی ہے ۔ امام صاحب نے فرمایا "دلجمعی" اوسنے عرض کی کہ دلجمعی کیونکر حاصل ہو ۔ ارشاد ہوا کہ "تعلقات کم کئے جائین" پوچھا کہ تعلقات کیونکر کم ہون ۔ جواب دیا کہ انسان ضروری چیزین لیلے اور غیر ضروری چھوڑدے ایکبار کسی نے سوال کیا کہ حضرت علیؓ اور امیر معاویہ کی لڑائیون کے متعلق آپ کیا کہتے ہین فرمایا کہ "قیامت مین جن باتون کی پرسش ہوگی مجھکو ان کا ڈر لگا رہتا ہے ۔ ان واقعات کو خدا مجھسے نہ پوچھیگا ۔ اسلئے اوسپر توجہ کرنیکی چندان ضرورت نہین"

اس سے یہ خیال نہ کرنا چاہیئے کہ وہ اس بحث کے متعلق اپنی ذاتی راے نہین رکھتے تھے

خود اُن کا قول ہے کہ حضرت علیؑ کی نظیر اگر ہمارے سامنے موجود نہ ہوتی تو ہم نہ بتا سکتے کہ باغیون کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہیئے - امام شافعی کا بھی یہی قول ہے - البتہ ان باتون کو اسلام کا ایک ضروری مسئلہ قرار دینا اور اوسپر بحثون کا دفتر تیار کرنا ایک فضول کام ہے - اور اسی کی طرف امام صاحب نے اشارہ کیا ہے -

ایک دفعہ ایک شخص تحصیل علم کی غرض سے امام صاحب کے پاس حاضر ہوا اور سفارشی خط پیش کیا - امام صاحب نے فرمایا "علم مین سعی سفارش کا کام نہین - عُلما کا خود فرض ہے کہ اونکو جو کچھ آتا ہو دوسرون کو بھی بتائین - علم کے دربار مین خاص وعام کی کوئی تفریق نہین" ایک دن - گورنر کوفہ نے کہا آپ ہم سے کیون الگ رہتے ہین - فرمایا "روٹی کا ایک ٹکڑا اور معمولی کپڑا امن و عافیت سے ملجاے تو اوس عیش سے بہتر ہے جسکے بعد ندامت اٹھانی پڑے" اِسی مضمون کو ایک شاعر نے نہایت خوبی اور سادگی سے ادا کیا ہے وہ کہتا ہے -

دو قرص نان اگر از گندم است یا از جو	سہ تا سے جامہ اگر کہنہ است یا خود نو
بچار گوشۂ دیوار خود - بخاطر جمع	کہ کس نگوید از ین جا بخیز و آنجا رو
ہزار بار فزون تر بنزد ابن یمین	ز فر مملکت کیقباد و کیخسرو

امام صاحب کبھی کبھی شعر بھی کہتے تھے - لیکن تشبیب وغزل کی حیثیت سے نہین بلکہ وعظ و پند کے طور پر - چنانچہ فرماتے ہین -

امام صاحب کے بعض اشعار -

ومن المروۃ للفتی + ما عاش دار فاخرۃ + فاشکر اذا اوتیتھا + واعمل لدار الاخرۃ

یعنی "انسان جب تک زندہ ہے عزت و آبرو کے لیے اوسکو ایک اچھا مکان چاہیے۔ ایسا مکان نصیب ہو تو شکر کرنا چاہیے اور عاقبت کے مکان کے لیے کوشش کرنی چاہیے"

ذہانت و طباعی

امام صاحب کی ذہانت اور طباعی عموماً ضرب المثل ہے۔ یہانتک کہ اونکا اجمالی ذکر بھی کہین آجاتا ہے تو ساتھ ہی یہ صفت بھی ضرور بیان کیجاتی ہے۔ علامہ ذہبی نے عبر فی اخبار من غبر مین اونکا ترجمہ نہایت اختصار کے ساتھ لکھا ہے۔ تاہم اس فقرہ کو نچھوڑ سکے کہ کان من اذکیاء بنے آدم یعنی "اولاد آدم مین جو نہایت ذکی گزرے ہین امام ابو حنیفہ اونمین شمار کیے جاتے ہین" مشکل سے مشکل مسئلون مین اونکا ذہن اس تیزی سے لڑتا تھا کہ لوگ حیران رہجاتے تھے۔ اکثر موقعون پر اونکے ہم عصر جو معلومات کے لحاظ سے اونکے ہمسر تھے موجود ہوتے تھے۔ اونکو اصل مسئلہ بھی معلوم ہوتا تھا لیکن جو واقعہ درپیش ہوتا تھا اوس سے مطابق کرکے فوراً جواب بتا دینا امام صاحب ہی کا کام تھا۔

ایک شخص کسی بات پر اپنی بیوی سے ناراض ہوا اور قسم کھا کر کہا کہ "جب تک تو مجھسے نہ بولیگی مین تجھسے کبھی نہ بولونگا" عورت تندمزاج تھی اوسنے بھی قسم کھالی اور وہی الفاظ دوہرائے جو شوہر نے کہے تھے۔ اوسوقت تو غصہ مین کچھ نہ سوجھا مگر پھر خیال آیا تو دونون کو نہایت افسوس ہوا۔ شوہر۔ امام سفیان ثوری کے پاس گیا اور صورت واقعہ بیان کی۔ سفیان نے کہا "قسم کا کفارہ دینا ہوگا۔ اس سے چارہ نہین" وہ مایوس ہوکر اوٹھا اور امام ابو حنیفہ کی خدمت مین حاضر ہوا کہ للہ آپ کوئی تدبیر بتائے۔ امام صاحب نے فرمایا جاؤ شوق سے باتین کرو۔ کسی پر کفارہ نہین ہے۔ امام سفیان ثوری کو معلوم ہوا تو نہایت برہم ہوئے اور امام ابو حنیفہ

سے جاکر کہا کہ آپ لوگون کو غلط مسئلے بتا دیا کرتے ہین۔ امام صاحب نے اوس شخص کو بلا بھیجا اور کہا کہ تم دوبارہ واقعہ کی صورت بیان کرجاؤ۔ اوسنے اعادہ کیا۔ امام صاحب۔ سفیان کی طرف مخاطب ہوئے۔ اور کہا کہ مینے پہلے جو کہا تھا اب بھی کہتا ہون۔ سفیان نے کہا کیون؟! فرمایا کہ جب عورت نے شوہر کو مخاطب کرکے وہ الفاظ کہے تو عورت کی طرف سے بولنے کی ابتدا ہو چکی۔ پھر قسم کہان باقی رہی؟[1] سفیان نے کہا حقیقت مین آپ کو جو بات وقت پر سوجھ جاتی ہے۔ ہم لوگون کا وہان تک خیال بھی نہین پہونچتا۔

کوفہ۔ مین ایک شخص نے بڑی دھوم دھام سے۔ ایک ساتھ اپنے دو بیٹیون کی شادی کی۔ ولیمہ کی دعوت مین شہر کے تمام اعیان واکابر کو مدعو کیا۔ مسعر بن کدام۔ حسن بن صالح۔ سفیان ثوری۔ امام ابوحنیفہ شریک دعوت تھے۔ لوگ بیٹھے کھانا کھا رہے تھے کہ دفعۃً صاحبخانہ بدحواس گھر سے نکلا اور کہا غضب ہو گیا!۔ لوگون نے کہا خیر ہے؟۔ بولا کہ زفاف کی رات عورتون کی غلطی سے شوہر اور بی بیان بدل گئین۔ جو لڑکی جسکے پاس رہی وہ اوسکا شوہر نہ تھا۔ اب کیا کیا جائے۔ سفیان نے کہا امیر معاویہ کے زمانہ مین بھی ایسا ہی اتفاق ہوا تھا اس سے نکاح مین کچھ فرق نہین آتا۔ البتہ دونون کو مہر دینا لازم ہوگا۔ مسعر بن کدام امام ابوحنیفہ کی طرف مخاطب ہوئے کہ آپ کی کیا رائے ہے۔ امام صاحب نے کہا شوہر خود میرے سامنے آئین تو جواب دون۔ لوگ جا کر بلا لائے۔ امام صاحب نے دونون سے الگ الگ پوچھا کہ۔ رات جو عورت تمہارے ساتھ رہی وہی تمہارے نکاح مین رہے تو تمکو پسند

[1] اس واقعہ کو امام رازی نے تفسیر کبیر مین نقل کیا ہے۔

سے ہے دونون نے کہا "ہان" امام صاحب - نے کہا تو اپنی بیبیون کو جنسے تمہارا نکاح بندھا تھا - طلاق دیدو - اور ہر شخص اوس عورت سے نکاح پڑھالے جو اوسکے ساتھ ہم بستر رہچکی"
سفیان - نے جو جواب دیا اگرچہ فقہ کی رو سے وہ بھی صحیح تھا کیونکہ یہ صورت وطی بالشبہ کی ہے جس سے نکاح نہین ٹوٹتا - لیکن امام - صاحب نے مصلحت کو پیش نظر رکھا وہ جانتے تھے کہ موجودہ صورت مین نکاح کا قایم رہنا غیرت وحمیت کے خلاف ہوگا - کسی مجبوری سے زوجین نے تسلیم بھی کر لیا تو دونون مین وہ خلوص واتحاد نہ پیدا ہوگا جو تزویج کا مقصود اصلی ہے اسکے ساتھ مہر کی بھی تخفیف ہے کیونکہ خلوت صحیحہ سے پہلے طلاق دیجاسکے تو صرف آدہا مہر لازم آتا ہے -

لیث بن سعد جو مصر کے مشہور امام تھے اون کا بیان ہے کہ مین ابو حنیفہ کا ذکر اکثر سنا کرتا تھا اور اونکے دیکھنے کا نہایت شتاق تھا - حج کی تقریب سے مکہ معظمہ جانا ہوا - اتفاق سے ایک مجلس مین پہونچا - دیکھا تو بڑا ہجوم ہے - ایک شخص صدر کی جانب بیٹھا ہے اور لوگ اوس سے مسئلے پوچھ رہے ہین - ایک شخص نے بڑھکر کہا - "یا ابا حنیفہ" (یہ پہلا موقع تھا کہ مینے انکو پہچانا) امام ابو حنیفہ - اوسکی طرف متوجہ ہوئے - اوسنے کہا - "میرا ایک بدمزاج بیٹا ہے - اوسکی شادی کر دیتا ہون تو بیوی کو طلاق دیدیتا ہے - لونڈی خرید دیتا ہون تو آزاد کر دیتا ہے - فرمائیے کیا تدبیر کرون" امام ابو حنیفہ - نے برجستہ کہا کہ "تم اوسکو ساتھ لیکر بازار مین جہان لونڈیان بکتی ہین جاؤ اور جو لونڈی اوسکو پسند آئے خرید کر اوسکا نکاح پڑہادو - اب اگر وہ آزاد کرے گا تو نہین کر سکتا کیونکہ لونڈی اوسکی ملک نہین طلاق

دیگا تو تمہارا کچھ نقصان نہین - تمہاری لونڈی کہین نہین گئی" سعد کہتے ہین کہ مجھکو جواب پر - تو کم - لیکن اونکی حاضر جوابی پر بہت تعجب ہوا -

ربیع جو خلیفہ منصور کا عرض بیگی تہا - امام ابوحنیفہ - سے عداوت رکہتا تہا - ایک دن امام صاحب حسب الطلب دربار مین گئے - ربیع - بھی حاضر تہا منصور سے کہا کہ "حضور! یہ شخص امیر المومنین کے جد بزرگوار (عبداللہ بن عباس) کی مخالفت کرتا ہے - اونکا قول ہے کہ اگر کوئی شخص کسی بات پر قسم کہا ہے اور دو ایک روز کے بعد انشا اللہ کہہ دے تو وہ قسم مین داخل سمجہا جاے گا اور قسم کا پورا کرنا کچھ ضرور نہ ہوگا - ابوحنیفہ - اسکے خلاف فتوی دیتے ہین - اور کہتے ہین کہ انشا اللہ کا لفظ - قسم کے ساتھ ہو تو البتہ جز قسم سمجہا جائیگا - ورنہ لغو اور بے اثر ہے" امام صاحب نے کہا امیر المومنین! ربیع کا خیال ہے کہ لوگون پر آپکی بیعت کا کچھ اثر نہین - منصور نے کہا - یہ کیونکر؟ امام صاحب نے کہا - "انکا گمان ہے کہ جو لوگ دربار مین آپکے ہاتھ پر بیعت خلافت کرتے ہین اور قسم کہاتے ہین - گھر پر جا کر" انشاء اللہ کہہ لیا کرتے ہین جس سے قسم بے اثر ہو جاتی ہے - اور اون پر شرعاً کچھ مواخذہ نہین رہتا - منصور - ہنس پڑا اور ربیع ؔسے کہا کہ تم ابوحنیفہ کو نہ چھیڑو - ان پر تمہارا داؤ - نہین چل سکتا"

امام صاحب دربار سے نکلے تو ربیع نے کہا - آج تو آپ میری جان ہی لے چکے تھے - فرمایا کہ "یہ تو تمہارا ارادہ تہا - مینے صرف مدافعت کی"

ایک دفعہ بہت سے خارجی - امام صاحب کے گھر پر چڑھ آئے اور کہا کہ کفر - سے توبہ کرو - امام - نے کہا "ہان مین تمہارے کفر سے توبہ کرتا ہون" خارجیون کا اعتقاد ہے کہ گناہ کرنے

سے انسان کافر ہوجاتا ہے۔ یعنی گناہ اور کفر ایک چیز ہے۔ امام۔ صاحب کا مطلب یہ تھا کہ جس چیز کو تم کفر سمجھتے ہو مین اوس سے توبہ کرتا ہون۔ کسی نے اون (خارجیون) سے جا لگایا کہ ابو حنیفہ۔ نے تم لوگون کو دہوکہ دیا اون کا مطلب اور تھا" خارجیون۔ نے امام صاحب کو پکڑا کہ تمنے تاویل کیون کی۔ امام نے کہا۔ تمکو یقین ہے یا محض گمان کی بنا پر میری نسبت ایسا خیال کرتے ہو۔ بولے کہ "نہین۔ گمان ہی گمان ہے" امام نے کہا تو تمکو خود توبہ کرنی چاہیئے کیونکہ خدا فرماتا ہے۔ ان بعض الظن اثم۔

ایک دن مسجد مین تشریف رکھتے تھے شاگردون کا مجمع تھا۔ دفعۃً خارجیون کا ایک گروہ مسجد مین گھس آیا لوگ بھاگ چلے۔ امام صاحب نے روکا اور تسلی دی کہ ڈرو نہین۔ اطمینان سے بیٹھ جاؤ۔ ایک خارجی۔ جو سب کا سردار تھا امام صاحب کے پاس آیا اور کہا کہ تم کون لوگ ہو۔ امام صاحب نے فرمایا" مستجیر ہین اور خدا نے فرمایا ہے کہ وان احد من المشرکین استجارک فاجرہ حتی یسمع کلام اللہ ثم ابلغہ مامنہ۔ یعنی" مشرکین مین سے کوئی شخص اگر پناہ چاہے تو اوسے پناہ دو تاکہ وہ خدا کا کلام سنے پہر اوسکو اوسکے مامن تک پہونچا دو" خارجی اپنے سوا مسلمانون کے تمام فرقون کو مشرک اور کافر سمجھتے ہین۔ اور واجب القتل جانتے ہین۔ اسموقع پر وہ اسی نیت سے آئے تھے کہ امام ابو حنیفہ۔ اپنا عقیدہ بیان کرین تو کفر کا الزام لگا کر اونکو قتل کر دین۔ لیکن امام صاحب کے الزامی جواب نے اونکو بالکل مجبور کر دیا۔ چنانچہ اونکے سردار نے ساتھیون سے کہا کہ" انکو قرآن پڑہکر سناؤ اور انکو انکے گہر پہونچا آؤ"۔

ابو العباس۔ جو منصور کے دربار مین ایک معزز درجہ رکھتا تھا۔ امام صاحب کا دشمن تھا

اور ہمیشہ اونکو ضرر پہونچانیکی فکر مین رہتا تھا۔ ایک دن امام صاحب کسی ضرورت سے دربار مین گئے۔ اتفاق سے ابوالعباس بھی حاضر تھا۔ لوگون سے کہا آج ابوحنیفہ میرے ہاتھ سے بچکر نہین جا سکتے۔ امام صاحب کی طرف مخاطب ہوا اور کہا کہ ابوحنیفہ! امیرالمومنین کبھی کبھی ہم لوگون کو بلاکر حکم دیتے ہین کہ اس شخص کی گردن ماردو۔ ہمکو مطلق معلوم نہین ہوتا کہ وہ شخص واقعی مجرم ہے یا نہین۔ ایسی حالت مین ہمکو اس حکم کی تعمیل کرنی چاہیئے یا انکار کرنا چاہیئے"۔ امام صاحب نے کہا تمہارے نزدیک خلیفہ کے احکام حق ہوتے ہین یا باطل"۔ منصور۔ کے سامنے کسکی تاب تھی کہ احکام خلافت کی نسبت ناجایز ہونے کا احتمال ظاہر کرسکتا۔ ابوالعباس کو مجبوراً کہنا پڑا کہ حق ہوتے ہین۔ امام صاحب نے فرمایا پھر حق کی تعمیل مین پوچھنا کیا؟۔

ایک شخص نے قسم کھائی کہ آج اگر مین غسل جنابت کرون تو میری بیوی کو تین طلاق ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد کہا کہ آج کی کوئی نماز قضا ہو تو میری زوجہ مطلقہ ہے۔ پھر کہا کہ اگر آج مین اپنی بیوی کے ساتھ صحبت نکرون تو اوسکو طلاق ہے"۔ لوگون نے امام صاحب سے آکر مسئلہ پوچھا فرمایا کہ نماز عصر پڑھکر بیوی سے ہم صحبت ہو۔ اور غروب کے بعد غسل کرکے فوراً مغرب کی نماز پڑھ لے اس صورت مین سب شرطین پوری ہوگئین۔ بیوی سے ہم صحبت بھی ہوا۔ نماز بھی قضا نہین کی۔ غسل جنابت کیا تو اوسوقت کیا کہ دن گزرچکا تھا۔

ایک دفعہ ایک شخص امام صاحب کے پاس آیا اور کہا کہ مینے کچھ روپیے ایک جگہ احتیاط سے گاڑ دیئے تھے۔ اب یاد نہین آتا کہ کہان رکھے تھے۔ مجھکو سخت ضرورت درپیش ہے۔ کوئی تدبیر بتائیے"۔ امام نے فرمایا۔ بھائی! یہ مسئلہ تو فقہ مین کہین مذکور نہین۔ مجھسے کیا

پوچھنے آئے ہوئے اوسنے زیادہ لجاجت کی توکہا کہ "آج ساری رات نماز پڑہو" اوسنے جاکر نماز پڑہنی شروع کی۔ اتفاق یہ کہ تہوڑی ہی دیر کے بعد اوسکو یاد آگیا کہ روپیے فلان جگہہ رکھے تھے۔ دوڑا ہوا امام صاحب کے پاس آیا۔ اورعرض کی کہ آپ کی تدبیر راست آئی۔ فرمایا کہ "ہان شیطان۔ کب گوارا کرتا کہ تم رات بھر نماز پڑہتے رہو۔ اسلیئے اوسنے جلد یاد دلا دیا۔ تاہم تمکو مناسب تھا کہ اسکے شکریہ مین شب بیداری کرتے اور نمازین پڑہتے۔

ایک اور دن ایک شخص نے آکر کہا کہ "مینے کچھ اسباب گھر کے کسی کونے مین گاڑ دیا تھا۔ اب یاد نہین آتا کہ کہان گاڑا تھا۔ کیا کرون" امام صاحب نے کہا "تمکو یاد نہین تو مجھکو اور بھی نہ یاد ہونا چاہیئے" وہ رونے لگا۔ امام صاحب کو رحم آیا۔ چند شاگرد ساتھ لیئے۔ اور اوسکے گھر پر گئے۔ شاگردون سے کہا کہ "اگر یہ تمہارا گھر ہوتا اور تم حفاظت کیلیئے کوئی چیز چھپا کر رکھتے تو کہان رکھتے" سب نے اپنے اپنے قیاس سے مختلف موقعے بتائے۔ امام صاحب نے فرمایا کہ "انہین تین چار جگہون مین سے کہین نہ کہین گاڑا ہوگا۔ اونکے کہدوانے کا حکم دیا۔ خدا کی شان۔ تیسری جگہہ کہودی تو اسباب بجنسہ مدفون ملا۔

ظرافت

امام صاحب اگرچہ نہایت ثقہ۔ متین باوقار۔ تھے تاہم ذہانت کی شوخیان کبھی کبھی ظرافت کا رنگ دکھاتی تہین۔ ایک دن اصلاح بنوا رہے تھے۔ حجام سے کہا کہ سفید بالونکو چن لینا۔ اوسنے عرض کی کہ جو بال چنے جاتے ہین اور زیادہ نکلتے ہین۔ امام صاحب نے کہا "یہ قاعدہ ہے تو سیاہ بالون کو چن لو کہ اور زیادہ نکلین" !! قاضی شریک نے یہ حکایت سنی تو کہا کہ "ابو حنیفہ نے حجام کے ساتھ بھی قیاس کو نچھوڑا"

امام صاحب کے محلہ مین ایک پسنھارا رہتا تھا - جو نہایت متعصب شیعہ تھا - اوسکے پاس دو خچر تھے تعصب سے ایک کا ابوبکر - اور دوسرے کا عمر نام رکھا تھا - اتفاق سے ایک خچر نے لات ماری کہ اوسکا سر پھٹ گیا اور اوسی صدمہ سے مرگیا - محلہ مین اسکا چرچا ہوا - امام صاحب نے سُنا تو کہا - دیکھنا! اوسی خچر نے مارا ہوگا جسکا نام اوسنے عمر رکہا تہا - لوگون نے دریافت کیا تو واقعی ایسا ہی ہوا تھا -

کوفہ - مین ایک غالی شیعی تھا - جو حضرت عثمان کی نسبت کہا کرتا تہا کہ "یہودی تھے" - امام صاحب ایک دن اوسکے پاس گئے - اور کہا کہ تم اپنی بیٹی کی نسبت ڈہونڈہتے تھے - ایک شخص موجود ہے جو شریف بھی ہے - دولتمند بھی ہے - اسکے ساتھ پرہیزگار - قایم اللیل - حافظ قرآن ہے "شیعی نے کہا - تو اوس سے بڑہکر کون ملیگا - آپ ضرور شادی ٹھہرا دیجئے - امام صاحب نے کہا "صرف اتنی بات ہے کہ مذہباً یہودی ہے" وہ نہایت برہم ہوا اور کہا "سبحان اللہ آپ یہودی - سے قرابت کرنیکی راے دیتے ہین" - امام صاحب نے فرمایا - "کیا ہوا - خود پیغمبر خدا نے جب یہودی کو (تمہارے اعتقاد کے موافق) داماد بنایا تو تمکو کیا عذر ہے" خدا کی قدرت - اتنی بات سے اوسکو تنبیہ ہوگئی اور اپنے عقیدہ سے توبہ کی ٭

باب پنجم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حصۂ دوم

امام صاحب کی تصنیفات

امام صاحب کی طرف جو کتابین منسوب ہین اونکے یہ نام ہین۔ فقہ اکبر۔ العالم والمتعلم۔ مسند

فقہ اکبر

فقہ اکبر۔ عقاید کا ایک مختصر سا رسالہ ہے۔ مسایل اور ترتیب قریب قریب وہی ہے جو عقاید نسفی۔ وغیرہ کی ہے۔ یہ رسالہ چھپ گیا ہے اور ہر جگہہ مل سکتا ہے۔ لوگون نے اوسپر شرحین بھی لکھی ہین۔ مثلاً محی الدین محمد بن بہاء الدین المتوفی سنہ ۹۵۳ھ۔ مولی الیاس بن ابراہیم السینوبی۔ مولی احمد بن محمد المغنیساوی۔ حکیم اسحق۔ شیخ اکمل الدین۔ ملا علی القاری۔ ملا علی قاری کی شرح متداول ہے۔ بعض اور شرحون کے نسخے بھی جا بجا قلمی پائے جاتے ہین۔ حکیم اسحق کی شرح کو ابو البقاء احمدی نے سنہ ۹۱۸ مین نظم کیا۔

اور اصل کتاب کو ابراہیم بن حسام نے جو شرنقی کے نام سے مشہور ہین -

العالم والمتعلم

العالم والمتعلم- سوال وجواب کے طور پر ایک مختصر سا رسالہ ہے لیکن ہماری نظر سے نہین گذرا-

مسند- کے متعدد نسخے ہین جنکو ابو المؤید محمد بن محمود الخوارزمی المتوفی ۶۶۵ھ نے یکجا جمع کردیا ہے- دیباچہ مین لکھتے ہین کہ "بلاد شام مین بعض جاہلون کو مین نے یہ کہتے سُنا کہ امام ابو حنیفہ کو فن حدیث مین چندان دخل نہ تھا اور اسی وجہ سے حدیث مین اونکی کوئی کتاب نہین ہے- اسپر مجھکو حمیت مذہبی کا جوش ہوا اور مین نے چاہا کہ اون تمام مسندون کو یکجا کردون جو علما نے امام ابو حنیفہ کی حدیثون سے مرتب کئے ہین اور جنکی تفصیل حسب ذیل ہے (۱) مسند حافظ ابو محمد عبد اللہ بن محمد بن یعقوب الحارثی البخاری المعروف بعبد اللہ الاوستاد (۲) مسند امام ابو القاسم طلحہ بن محمد بن جعفر الشاہد (۳) مسند حافظ ابو الحسن محمد بن المظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ- (۴) مسند حافظ ابو نعیم الاصبہانی (۵) مسند شیخ ابو بکر محمد بن عبد الباقی محمد الانصاری (۶) مسند امام ابو احمد عبد اللہ بن عدی الجرجانی (۷) مسند امام حافظ عمر بن حسن الاشنانی- (۸) مسند ابو بکر احمد بن محمد بن خالد الکلاعی (۹) مسند امام ابو یوسف قاضی (۱۰) مسند امام محمد (۱۱) مسند حماد بن امام ابو حنیفہ (۱۲) آثار امام محمد (۱۳) مسند امام ابو القاسم عبد اللہ بن ابی العوام العدی-

ابو المؤید الخوارزمی نے جن مسندون کے نام لئے ہین اونکے سوا اور بھی مسانید ہین مثلاً مسند حافظ ابو عبد اللہ حسین بن محمد بن خسرو البلخی المتوفی ۵۲۳ھ- مسند حصفکی جسکی شرح

ملا علی قاری - نے لکھی - مسند ماوردی - مسند ابن البزازی المتوفی ۸۲۷ھ - ان مسندون کی شرحین بھی لکھی گئین -

جو لوگ امام صاحب کے سلسلۂ کمالات مین تصنیف و تالیف کا وجود بھی ضروری سمجھتے ہین - وہ انہین مفصلہ بالا کتابون کو - شہادت مین پیش کرتے ہین - لیکن انصاف یہ ہے کہ ان تصنیفات کو امام صاحب کی طرف منسوب کرنا نہایت مشکل ہے - اس سے انکار نہین ہو سکتا کہ امام صاحب کی زندگی مین ایک مجموعۂ فقہ مرتب ہو گیا تھا جسکے حوالے عقود الجمان وغیرہ مین جا بجا ملتے ہین - لیکن قیاس غالب یہ ہے کہ وہ نسخہ معدوم ہو گیا - اوس زمانہ کی ہزارون تصنیفات کے نام - تراجم کی کتابون مین مذکور ہین - لیکن دو تین کے سوا - ایک کا بھی دنیا کے کسی کتب خانہ مین پتہ نہین چلتا - خود امام صاحب کے ہمعصرون مین سے سفیان ثوری - امام اوزاعی - حماد بن سلمہ - ہشیم - معمر - جریر بن عبد الحمید - عبد اللہ بن المبارک نے حدیث و فقہ مین بڑی بڑی کتابین لکھین - لیکن آج انکا نام ہی نام رہگیا ہے اور ایک کا بھی وجود نہین - امام رازی نے مناقب الشافعی مین تصریح کی ہے کہ امام ابو حنیفہ - کی کوئی تصنیف باقی نہین رہی -

مسند خوارزمی

مسند خوارزمی - کو امام صاحب کا مسند کہنا مجازی اطلاق ہے - خوارزمی - خود ساتوین صدی مین تھے - جن مسندونکو جمع کیا ہے - وہ بھی اکثر تیسری چوتھی صدی یا اس سے بھی بعد کی ہین - حماد - قاضی ابو یوسف - البتہ امام صاحب کے ہمعصر ہین اور اونکا مسند بے شبہ - امام ابو حنیفہ - کا مسند کہا جا سکتا تھا - لیکن خوارزمی کے سوا اور کسی نے اونکا

مسندون کا نام نہین لیا ہے۔ حالانکہ حدیث کی کتاب جب تک مشہور اور مستند روایتون سے نہ ثابت ہو اوسکا اعتبار نہین کیا جا سکتا۔ ہمارے نزدیک اِس بحث مین شاہ ولی اللہ صاحب کا فیصلہ کافی ہے۔ وہ حجۃ اللہ البالغہ مین فرماتے ہین کہ "طبقہ رابعہ کی۔ وہ کتابین ہین جنکے مصنفون نے ایک مدت دراز کے بعد اون روایتون کو جمع کرنا چاہا جو دو پہلے طبقون مین موجود نہ تھین۔ اور گمنام مسندون اور مجموعون مین پائی جاتی تھین۔ اِن لوگون نے اون کو بلند نام کرنا چاہا۔ حالانکہ وہ حدیثین اون لوگون کی زبانون پر تھین۔ جنکا محدثین اعتبار نہین کرتے۔ مثلاً زیادہ گو واعظین اور اہلِ بدعت۔ اور ضعیف الروایۃ۔ یا وہ صحابہ اور تابعین کے آثار۔ یا بنی اسرائیل کے قصے تھے۔ یا حکما اور واعظین کے مقولے تھے جنکو راویون نے رسول اللہ کے کلام سے مخلوط کر دیا تھا۔ یا قرآن اور حدیث کے محتمل مضامین تھے جنکو اون نیک آدمیون نے بالمعنی روایت کیا جو فن روایت کی باریکیون سے ناواقف تھے۔ اِن لوگون نے اون باتون کو رسول اللہ کی طرف منسوب کر دیا۔ یا ایسے مضامین تھے جو قرآن اور حدیث سے مستنبط ہوتے تھے۔ اونکو قصداً حدیث نبوی بنا دیا۔ یا مختلف حدیثون کے ٹکڑے تھے جو ایک عبارت مین مرتب کر دئے گئے۔ اِس قسم کی حدیثین کتاب الضعفا ابن حبان کامل ابن عدی۔ تصنیفات خطیب۔ و ابونعیم و جوزقانی۔ و ابن عساکر۔ و ابن نجار و دیلمی مین ملسکتی ہین۔ مسند خوارزمی بھی قریباً اسی طبقہ مین داخل ہے"

شاہ ولی اللہ صاحب نے ذرا سختی کی۔ بات اتنی ہے کہ جن مسندون کی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ امام صاحب کے شاگردون نے لکھے اون کا نہ تاریخون سے ثبوت ملتا ہے

نہ وہ خود کہین پائے جاتے ہین - جو مسند - امام صاحب کے زمانہ سے بہت پیچھے لکھے گئے وہ البتہ موجود ہین لیکن اونکی حدیثون کا امام صاحب تک بسند صحیح متصل پہونچنا نہایت مشتبہ ہے اس سے بڑھکر یہ کہ بعض بعض مسانید مین بے اعتباری کی اندرونی شہادتین موجود ہین مسند حصفکی مین کئی روایتین - امام صاحب کی طرف منسوب ہین - جنکو اونھون نے خود صحابہ سے سُنا اور روایت کیا ہے - حالانکہ امام صاحب - کا صحابہ - سے روایت کرنا محدثانہ تحقیقات کی روسے ہرگز ثابت نہین ہوسکتا - خوارزمی - نے آثار امام محمد - کو بھی امام - کی مسانید مین داخل کیا ہے - بے شبہ اس کتاب مین اکثر روایتین امام صاحب ہی سے ہین - اسلئے ناظرین کو اختیار ہے کہ اوسکو امام ابو حنیفہ - کا مسند - کہین یا آثار امام محمد - کے نام سے پکارین لیکن یاد رہے کہ امام محمد - نے اس کتاب مین بہت سے آثار اور حدیثین دوسرے شیوخ سے بھی روایت کی ہین - اس لحاظ سے اس مجموعہ کا انتساب - امام محمد کی طرف زیادہ موزون ہے -

فقہ اکبر

فقہ اکبر - کو اگرچہ فخر الاسلام بزدوی - عبد العلی بحر العلوم - وشارحین فقہ اکبر - نے امام صاحب کی طرف منسوب کیا ہے - لیکن ہم مشکل سے اوسپر یقین کرسکتے ہین - یہ کتاب جس زمانہ کی تصنیف بیان کی جاتی ہے اوسوقت تک یہ طرز تحریر پیدا نہین ہوا تھا - وہ بطور ایک متن کے ہے اور اوس اختصار و ترتیب کے ساتھ لکھی گئی ہے جو متاخرین کا خاص انداز ہے ایک جگہ اوسمین جوہر و عرض کا لفظ آیا ہے - حالانکہ یہ فلسفیانہ الفاظ - اوسوقت تک زبان مین داخل نہین ہوئے تھے - بے شبہ منصور عباسی - کے زمانہ مین فلسفہ کی کتابین یونانی

زبان سے عربی مین ترجمہ کی گئین تھین - لیکن یہ زمانہ امام صاحب - کی آخر زندگی کا زمانہ ہے کسی طرح قیاس نہین کیا جاسکتا کہ ترجمہ ہوتے ہی یہ الفاظ اس قدر جلد شایع ہوجائین کہ عام تصنیفات مین اون کا رواج ہوجاے - فلسفہ کے الفاظ نے مذہبی دایرہ مین اسوقت بار پایا ہے جب کثرت استعمال کی وجہ سے وہ زبان کا جزو بنگئے اور عام بول چال مین بھی اونکے استعمال کے بغیر چارہ نرہا - لیکن یہ دور امام صاحب کے زمانہ کے بعد شروع ہوا ہے -

یہ بحث تو درایت کی حیثیت سے تھی - اصول روایت کے لحاظ سے بھی یہ امر ثابت نہین ہوتا - دوسری تیسری بلکہ چوتھی صدی کی تصنیفات مین اس کتاب کا پتہ نہین چلتا - قدیم سے قدیم تصنیف جسمین اس رسالہ کا ذکر کیا گیا ہے - (جہانتک ہمکو معلوم ہے) - فخر الاسلام بزدوی - کی کتاب الاصول - ہے جو پانچوین صدی کی تصنیف ہے - امام ابوحنیفہ کے ہزارون شاگرد تھے جنمین سے اکثر بجاے خود اوستاد تھے - اور واسطہ در واسطہ اونکے ہزارون لاکھون شاگرد ہوئے - نہایت خلاف قیاس ہے کہ امام صاحب کی کوئی تصنیف موجود ہوتی اور اتنی بڑی گروہ مین اوسکا نام تک نہ لیا جاتا - علم عقاید - اور اوسکے متعلقات پر جو بڑی بڑی کتابین مثلاً صحایف - شرح مقاصد - شرح مواقف - ملل و نحل - وغیرہ تصنیف ہوئین - اونمین کہین اسکا ذکر تک نہین ہے - اس کتاب کی جسقدر شرحین ہوئین سب آٹھوین صدی مین یا اوسکے بعد ہوئین - اسکے علاوہ ابومطیع بلخی - جو اس کتاب کے راوی ہین - حدیث و روایت مین چندان مستند نہین ہین کتب رجال مین اونکی

نسبت محدثین نے نہایت سخت ریمارک کیے ہین - اگرچہ مین اونکو کلیۃً تسلیم نہین کرتا تاہم ایک ایسی مشتبہ کتاب جسکا ثبوت صرف ابو مطیع بلخی - کی روایت پر منحصر ہو - محدثانہ اصول پر قابل تسلیم نہین ہوسکتی -

میرا خیال ہے کہ ابو مطیع بلخی - نے ایک رسالہ مین بطور خود عقاید کے مسایل قلمبند کیے تھے - رفتہ رفتہ - وہ امام صاحب - کی طرف منسوب ہوگیا - اس خیال کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ علامہ ذہبی - نے عبر فی اخبار من غبر - مین ابو مطیع - کا جہان ذکر کیا ہے - ان سے کیا ہے کہ "صاحب الفقہ الاکبر" جسکی متبادر معنی یہی ہین کہ خود ابو مطیع - اوسکے مصنف ہین - میرا یہ بھی خیال ہے کہ فقہ اکبر - کی موجودہ ترتیب و عبارت - ابو مطیع کے زمانہ سے بھی بہت بعد کی ہے - اور یہ کچھ نئی بات نہین - جامع صغیر - جو امام محمد - کی تالیف ہے - اوسکی موجودہ ترتیب - امام ابو طاہر دباس - نے کی ہے جو چوتھی صدی مین تھی - فرق یہ ہے کہ جامع صغیر - کی عبارت وہی اصلی ہے صرف ترتیب بدلدی گئی ہے برخلاف اسکے فقہ اکبر - کا انداز عبارت بھی زمانہ مابعد کا معلوم ہوتا ہے -

ہمنے اس بحث مین اپنی راے اور قیاسات کو بہت دخل دیا ہے - لیکن تمام واقعات بھی لکھ دیے ہین - ناظرین کو ہم اپنی راے کے قبول کرنے پر مجبور نہین کرتے - اصلی واقعات اور ہماری رائین - دونون اونکے سامنے ہین - وہ جو چاہین خود فیصلہ کرلین - بے شبہہ ہماری ذاتی راے یہی ہے کہ آج - امام صاحب - کی کوئی تصنیف موجود نہین ہے -

عقاید و کلام

امام صاحب ابتدای تحصیل مین علم کلام کی طرف زیادہ مایل تھے - صحابہ کے آخر زمانہ مین نئے نئے فرقے پیدا ہو چلے تھے - معبد جہنی نے جو صحابہ کا صحبت یافتہ تھا مسئلہ قدر کو چھیڑا - واصل بن عطا نے جو علوم عربیہ و علم کلام کا بہت بڑا عالم اور امام حسن بصری کا شاگرد تھا - اعتزال کی بنیاد قایم کی - جہم بن صفوان - فرقہ جہمیہ کا بانی ہوا - خوارج - متعدد فرقے اس سے پہلے پیدا ہو چکے تھے - امام ابوحنیفہ کے زمانہ مین ان مسایل کے جا بجا چرچے تھے اور ہر جگہ بحث و مناظرہ کا بازار گرم تھا - امام صاحب کو بھی اونکی رد کیطرف التفات ہوا - اسمین شبہہ نہین کہ اونکی بے نظیر ذہانت نے ان مسایل مین نہایت دقیق بحثین پیدا کی ہونگی - لیکن چونکہ یہ شغل تھوڑے زمانہ تک رہا اور بالآخر وہ فقہ کے مہمات مین مصروف ہوئے اسلئے اون مباحث کا آج پتہ نہین چلتا - تاہم چند مسایل جو بتواتر اونکی طرف منسوب ہین - اونکی - دقت نظر - حدت ذہن - وسعت خیال - کے شاہد عادل ہین - انہین سے ہم بعض مسایل کا ذکر کرتے ہین جو محدثین کے نزدیک بڑے معرکۃ الآرا مسئلے ہین -

اعمال جزو ایمان نہین ہین -

پہلا مسئلہ - یہ ہے کہ امام صاحب - فرایض اور اعمال کو جزو ایمان نہین سمجھتے - آج تو اسکی نسبت بحث کرنی گویا تحصیل حاصل ہے ایک معمولی سمجھ کا آدمی بھی سمجھ سکتا ہے کہ ایمان اعتقاد - کا نام ہے جو دل سے متعلق ہے - فرایض اور اعمال - جوارح کے کام ہین - اسلئے نہ اون دونون سے کوئی حقیقت مرکب ہو سکتی ہے - نہ انہین سے ایک دوسرے کا جزو ہو سکتا ہے - لیکن اوس زمانہ مین یہ ایک بڑا معرکۃ طلب مسئلہ تھا اور اکثر ارباب ظاہر

بلکہ بعض مجتہدین بھی اسکے خلاف تھے۔

صحابہ۔ کے زمانہ تک اسلامی عقاید کی سطح۔ نہایت ہموار اور غیر متحرک رہی۔ اہل عرب کو ان موشگافیون اور باریک بینیون سے سروکار نہ تھا۔ بنو امیہ۔ کے وسط زمانہ مین جب فوجی قوت کو زوال ہوا تو تمدن و معاشرت کی وسعت نے اور قسم کے اشتغال پیدا کر دئے جبر و قدر تشبیہ و تنزیہ۔ عدل و جور۔ کی بحثین چھڑ گئین۔ ان بحثون کی ابتدا اون لوگون نے کی جو عجم کی خاک سے تھے۔ یا اون پر عجم کا پرتو پڑا تھا۔ چونکہ یہ نامانوس صدائین تھین ان باتون پر مذہبی گروہ مین۔ جو زیادہ تر عرب سے تعلق رکھتا تھا سخت برہمی پیدا ہوگئی اور محدثین و فقہا نہایت سختی سے بدعتیون کے مقابلہ کو اوٹھے۔ اس مقابلہ کی بنا پر ان بزرگون کو خود بھی اون مسائل مین نفی یا اثبات کا پہلو اختیار کرنا پڑا۔ لیکن جوش مخالفت نے اکثرون کو اعتدال کی حد پر نہ رہنے دیا۔ معتزلہ۔ کا مذہب تھا کہ قرآن مجید۔ خدا کا ایک جدید کلام ہے جو رسول اللہ۔ کی نبوت کے ساتھ وجود مین آیا۔ لوگون نے اسکی یہانتک مخالفت کی کہ بعض محدثین نے تلفظ بالقرآن۔ کو بھی قدیم ٹھہرایا۔ امام ذہلی۔ جو امام بخاری کے اساتذہ مین سے تھے۔ اور صحیح بخاری مین اونکی سند سے اکثر روایتین ہین۔ اسی بات پر امام بخاری۔ سے ایسے ناراض ہوئے کہ اونکو حلقۂ درس سے نکلوا دیا اور عام حکم دیدیا کہ جو شخص بخاری۔ کے پاس آمد و رفت رکھے وہ ہمارے حلقہ مین نہ آنے پائے[۱] امام بخاری۔ خود قرآن۔ کے۔ قدم کے قایل تھے۔ لیکن قرأت قرآن۔ کو حادث کہتے تھے

[۱] ان واقعات کو حافظ ابن حجر نے۔ فتح الباری مین تفصیل کے ساتھ لکھا ہے۔

ذہلی- کو اصرار تھا کہ یہ بھی قدیم ہین -

اور مسایل مین بھی اس قسم کی بے اعتدالیان ہوئین جنکی تفصیل کا یہ موقع نہین - امام ابو حنیفہ - نے - ان تمام بحثون مین وہی پہلو اختیار کیا جو مغز سخن تھا اور جو عقل کے ساتھ نقل کے بھی مطابق تھا - انہین مسائل مین ایمان وعمل کا مسئلہ بھی تھا - مرجیہ کا مذہب ہے کہ "ایمان اور عمل دو مختلف چیزین ہین - اور ایمان اور تصدیق کامل ہو تو عمل کا نہونا کچھ ضرر نہین کرتا - ایک شخص اگر دل سے توحید و نبوت کا معترف ہے اور فرائض نہین ادا کرتا - تو وہ مواخذہ سے بری ہے" اس راے کا پہلا حصہ گو صحیح تھا - مگر محدثین نے کچھ تفریق نہ کی اور کلیۃً اس مذہب کے مخالف ہوگئے چونکہ قرآن کی بعض آیتین بھی بظاہر اسکے موید تھین اونکی راے کو اور بھی قوت و شدت ہوگئی - یہ ایک اجتہادراے تھا اور یہین تک رہتا تو چندان مضایقہ نہ تھا لیکن افسوس یہ ہے کہ ان بزرگون نے یہانتک شدت کی کہ جو شخص اونکی راے کے ساتھ متفق نہ ہوتا تھا اوسکو فاسق یا کافر سمجھتے تھے - قاضی ابو یوسف - ایکبار شریک کی عدالت مین گواہ ہو کر گئے - تو انہون نے کہا "مین اوس شخص کی شہادت نہین قبول کرتا جسکا یہ قول ہو کہ نماز جزو ایمان نہین"

ایمان اور عمل- جداگانہ چیزین ہین

امام ابو حنیفہ - کو اس سے کچھ بحث نہ تھی کہ یہ مسئلہ فلان شخص یا فلان فرقہ کا ہے - وہ اصل حقیقت کو دیکھتے تھے اور مغز سخن کو پہونچتے تھے - جب یہ بحث اونکے سامنے پیش کی گئی تو انہون نے علانیہ کہا - کہ "ایمان اور عمل دو جداگانہ چیزین ہین اور دونون کا حکم مختلف ہے" اسپر بہت سے لوگون نے اونکو بھی مرجیہ - کہا لیکن وہ ایسا مرجیہ - ہونا خود پسند کرتے تھے - محدثین

اور فقہاء میں سے جو لوگ۔ امام صاحب کے ہمزبان تھے اونکو بھی یہی خطاب عنایت ہوا۔ محدث ابن قتیبہ۔ نے اپنی مشہور اور مستند کتاب المعارف میں مرجیہ۔ کے عنوان سے بہت سے فقہا اور محدثین کے نام گنائے ہین جنمین سے چند یہ ہین۔ ابراہیم تیمی۔ عمرو بن مرۃ۔ طلق الحبیب۔ حماد بن سلیمان۔ عبدالعزیز بن ابی دواد۔ خارجہ بن مصعب۔ عمرو بن قیس الاصر۔ ابو معاویہ الضریر۔ یحیی بن ذکریا۔ مسعر بن کدام۔ حالانکہ انمین سے اکثر حدیث و روایت کے امام ہین۔ اور صحیح بخاری و مسلم مین۔ ان لوگونکی سیکڑون روایتین موجود ہین۔ ہمارے زمانہ کے بعض کوتاہ بین جو اسپر غش ہین کہ امام صاحب کو بعض محدثین نے مرجیہ۔ کہا ہے ابن قتیبہ۔ کی فہرست دیکھتے تو شاید اونکو ندامت ہوتی محدث ذہبی نے میزان الاعتدال مین۔ مسعر بن کدام کے تذکرہ مین لکھا ہے کہ ارجاء (مرجیہ ہونا) بہت سے علماے کبار کا مذہب ہے اور اس مذہب کے قایل پر مواخذہ نکرنا چاہئے۔ یہ اوہی ارجا کی طرف اشارہ ہے جو امام ابو حنیفہ کا مذہب تھا۔

جو لوگ مرجیہ کہلائے۔

یہ مسئلہ اگرچہ بظاہر چندان مہتم بالشان نہ تھا۔ لیکن اوسکے نتایج بہت بڑا اثر رکھتے تھے اسی لحاظ سے امام۔ صاحب نے نہایت آزادی سے اوسکا اظہار کیا عمل کو جزو ایمان قرار دینا۔ اسبات کو مستلزم ہے کہ جو شخص اعمال کا پابند نہو وہ مومن بھی نہو جیسا کہ خارجیون کا مذہب ہے جو مرتکب کبایر کو کافر سمجھتے ہین۔ اگرچہ اکثر محدثین۔ ایسے شخص کو کافر نہین سمجھتے تھے۔ لیکن یہ نہ سمجھنا اس وجہ سے تھا کہ وہ لزوم سے ناواقف تھے۔ حالانکہ لزوم قطعی اور یقینی ہے جس سے انکار نہین ہوسکتا۔

امام رازی ـ نے جو ـ امام شافعی کے بہت بڑے حامی ہین ـ کتاب مناقب الشافعی
مین لکھا ہے کہ "لوگون نے امام شافعی پر یہ اعتراض کیا ہے کہ وہ تناقض باتون کے
قایل ہین کیونکہ ایک طرف تو وہ یہ کہتے ہین کہ "ایمان تصدیق وعمل کے مجموعہ کا نام ہے ساتھ ہی
اس بات کے بھی قایل ہین ـ کہ "ترک عمل سے کوئی شخص کافر نہین ہوتا" حالانکہ مرکب
چیز ـ کا جب ایک جزو نرہا تو مرکب بھی من حیث المرکب نرہا ـ اسی لئے معتزلہ جو اسبات
کے قایل ہین کہ عمل جزو ایمان ہے اسبات کے بھی قایل ہین کہ عمل نہو تو ایمان بھی نہین ـ
لیکن امام شافعی ـ کی طرف سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اصل ایمان اقرار اور اعتقاد کا نام ہے ـ
باقی اعمال ـ تو وہ ایمان کے ثمرات اور توابع ہین ـ لیکن چونکہ توابع پر بھی کبھی مجازاً اصل
شے کا اطلاق ہوتا ہے اسلئے مجازاً اعمال پر بھی ایمان ـ کا اطلاق ہوا اور یہ مسلم ہے کہ توابع
کے فوت ہونے سے اصل شے فوت نہین ہوتی"

لیکن یہ جواب توجیہ القول بما لا یرضی بہ قایلہ ہے اور خود امام رازی ـ کو اس کا اعتراف
کرنا پڑا ـ چنانچہ جواب کے بعد فرماتے ہین کہ فیہ ترک لھذا المذھب یعنی اس
جواب سے یہ مذہب باطل ہوا جاتا ہے ـ امام رازی گو شافعی المذہب اور اپنے امام کے
نہایت طرفدار ہین ـ لیکن چونکہ صاحب نظر اور نکتہ شناس ہین اونکو تسلیم کرنا پڑا کہ ـ یا عمل کو
ایمان کے توابع سے شمار کرنا چاہیئے ـ یا مان لینا چاہیئے کہ جو شخص پابند عمل نہین ـ
مومن بھی نہین ـ

اس بحث کے متعلق امام ابوحنیفہ کی ایک تحریر موجود ہے جسکی طرز استدلال و استنباط

نتائج سے۔ امام صاحب کی دقت نظر کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ اور اصل مسئلہ کی حقیقت کھلتی ہے اسلئے اس موقع پر ہم اوسکا حوالہ دینا مناسب سمجھتے ہین۔ یہ تحریر عثمان بتی کے ایک خط کا جواب ہے جو اونہون نے امام صاحب کو لکھا تھا۔ عثمان اوس زمانہ کے ایک مشہور محدث تھے۔ عام لوگون مین جب امام ابو حنیفہ کے۔ ان خیالات کے چرچے ہوئے تو اونہون نے امام صاحب کو ایک دوستانہ خط لکھا جسکا مضمون یہ تھا کہ "لوگ آپ کو مرجیہ کہتے ہین اور بیان کرتے ہین کہ آپ مومن کا ضال (گمراہ) ہونا جایز قرار دیتے ہین۔ مجھکو ان باتون کے سننے سے نہایت رنج ہوتا ہے۔ کیا یہ باتین صحیح ہین"۔ اس خط کے جواب مین امام صاحب نے ایک طولانی خط لکھا ہے جسکے فقرے کہین کہین سے ہم انتخاب کرتے ہین۔ حمد و نعت کے بعد۔ عثمان بتی کے دوستانہ نصیحت اور خیر خواہی کا شکریہ ادا کر کے اصل مضمون اسطرح شروع کیا ہے۔ "مین آپکو بتاتا ہون کہ رسول اللہ کے مبعوث ہونے سے پہلے تمام لوگ مشرک تھے۔ رسول اللہ جب مبعوث ہوئے تو لوگون کو اسبات کی طرف دعوت کی کہ خدا کو ایک مانین اور رسول اللہ جو کچھ لائے اوسکو تسلیم کرین۔ پس جو شخص اسلام مین داخل ہوتا تھا اور شرک چھوڑ دیتا تھا اوسکی جان اور مال حرام ہو جاتا تھا۔ پھر خاص اون لوگون کے لئے جو ایمان لاچکے تھے فرایض کے احکام آئے۔ پس اوسکا پابند ہونا۔ عمل ٹھہرا اور خدا نے اسی کی طرف اشارہ کیا ہے الذین امنوا وعملوا الصالحات ومن یومن باللہ ویعمل صالحا۔ اس قسم کی اور آیتین ہین جن سے ثابت ہوتا ہے کہ عمل کے نہونے سے ایمان جاتا نہین رہتا۔ البتہ اگر تصدیق و اعتقاد نہو تو مومن کا

امام صاحب کی تحریر

اطلاق نہین ہوسکتا۔ عمل وتصدیق کا دوجداگانہ چیز ہونا اس سے بھی ظاہر ہے کہ تصدیق کے لحاظ سے سب مسلمان برابر ہین۔ لیکن اعمال کے لحاظ سے مراتب مین فرق ہوتا ہے کیونکہ دین و مذہب سب کا ایک ہی ہے خدا نے خود کہا ہے شرع لکم من الدین ما وصی به نوحا والذی اوحینا الیك وما وصی به ابراھیم وموسی وعیسیٰ ان اقیموا الدین و لا تتفرقوا فیه یعنی تمہارے لئے اوسی دین کو مشروع کیا جسکی وصیت نوح کو کی تھی۔ اور جو تجھ پر وحی بھیجی اور جسکی وصیت۔ ابراہیم و موسیٰ وعیسیٰ کو کی۔ وہ یہ ہے کہ دین کو قائم رکھو اور اوسمین متفرق نہو"

آپکو جاننا چاہیئے کہ تصدیق مین ہدایت۔ اور اعمال مین ہدایت۔ یہ دونون دو چیزین ہین آپ ایک شخص کو جو فرایض سے ناواقف ہو مومن کہہ سکتے ہین۔ پس ایسا شخص فرایض کے لحاظ سے جاہل اور تصدیق کے لحاظ سے مومن ہے۔ خود خدا نے قرآن مین یہ اطلاقات کیئے ہین۔ کیا آپ اوس شخص کو جو خدا اور رسولؐ خدا کے پہچانے مین گمراہ ہو اوس شخص کی برابر قرار دینگے جو مومن ہو لیکن اعمال سے ناواقف ہو۔ خدا نے جہان فرایض بتائے ہین اوس موقع پر ارشاد فرمایا ہے کہ یبین الله لکم ان تضلوا۔ (یعنی خدا نے اسلئے بیان کیا کہ تم گمراہ نہو) دوسری آیت مین ہے ان تضل احدھما فتذکر احدھما الاخری۔ (یعنی ایک گمراہ ہو تو دوسرا یاد دلاوے) حضرت موسیٰ کی زبان سے فرمایا۔ فعلتھا اذا وانا من الضالین (یعنی جب مین نے وہ کام کیا تب مین گمراہ تھا) ان آیتون کے علاوہ اور بہت سی آیتین ہین جو اس دعویٰ کے ثبوت کے لئے دلائل قاطعہ ہین۔ اور حدیثین

تو اور بھی واضح اور صاف ہین ٭ ٭ حضرت عمرؓ اور حضرت علیؑ - امیر المومنین کے لقب سے پکارے جاتے تھے تو کیا اسکے یہ معنی تھے کہ وہ صرف اون لوگون کے امیر تھے جو فرایض اور اعمال کے پابند تھے حضرت علیؑ - نے شام - والون کو جو اون سے لڑتے تھے مومن کہا - کیا قتل سے بڑھکر کوئی گناہ ہے - پھر جو لوگ قتل کے مرتکب ہوئے - کیا آپ قاتلین اور مقتولین - دونون کو برسرحق قرار دیتے ہین - اگر آپ صرف ایک کو (یعنی حضرت علیؑ اور طرفداران علیؑ) برسرحق تسلیم کرینگے تو دوسرے فریق کو کیا کہین گے اسکو خوب سمجھ لیجئے اور غور کیجئے ''

تیسرا یہ قول ہے کہ اہل قبلہ سب مومن ہین اور فرایض کے ترک سے کافر نہین ہوسکتے - جو شخص ایمان کے ساتھ تمام فرایض بجالاتا ہے وہ مومن اور جنتی ہے - جو ایمان اور اعمال دونون کا تارک ہے وہ کافر اور دوزخی ہے - جو شخص ایمان رکھتا ہے اور فرایض اوس سے ترک ہو جاتے ہین - وہ مسلمان ضرور ہے لیکن گنہگار مسلمان ہے - خدا کو اختیار ہے اوسپر عذاب کرے یا معاف کر دے ''

امام صاحب - نے جس خوبی سے اس دعوی کو ثابت کیا ہے - انصاف یہ ہے کہ اوس سے بڑھکر نہین ہوسکتا - فرایض اور ایمان - کے باہمی امتیاز کی اس سے عمدہ کیا دلیل ہوگی - کہ آغاز اسلام مین ایمان - کی دعوت ہوتی تھی اور فرایض کا وجود نہ تھا - امام صاحب نے - قرآن کی جو آیتین - استدلال مین پیش کی ہین - اون سے بداہتہً ثابت ہوتا ہے کہ دونون دو چیزین ہین - کیونکہ ان تمام آیتون مین عمل کو ایمان پر معطوف کیا ہے

اور ظاہر ہے کہ جزو کل - پر معطوف نہین ہوسکتا - من یومن باللہ فیعمل صالحا مین حرف تعقیب آیا ہے - جس سے اس بحث کا قطعی فیصلہ ہوجاتا ہے - ان دلائل قاطعہ کے مقابلہ مین دوسری طرف - بعض آیتین اور حدیثین ہین لیکن اون مین سے کوئی اثبات مدعا کے لئے کافی نہین - بڑا استدلال اس حدیث پر ہے کہ "مومن - مومن ہوکر زنا اور چوری نہین کرتا" حالانکہ یہ کلام کے زور دینے کا ایک پیرایہ ہے - ہم اپنی زبان مین کہتے ہین - کہ بھلا آدمی ہوکر تو ایسا کام نہین کرسکتا جس کا صرف یہ مطلب ہوتا ہے کہ وہ کام شان شرافت کے خلاف ہے - بے شبہہ زنا اور سرقہ بھی ایمان کی شان کے خلاف ہین - اور حدیث کا مقصد اسیقدر ہے - ورنہ ابوذر کی حدیث مین صراحۃً یہ الفاظ موجود ہین - کہ "جو شخص لا الہ الا اللہ کا قایل ہے وہ جنت مین جاے گا - گو - زانی - اور چور ہو"

ایمان کم او زیادہ نہین ہوتا -

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ الایمان لا یزید ولا ینقص - یعنی ایمان کم و بیش نہین ہوسکتا بے شبہہ یہ امام صاحب کا قول ہے لیکن اسکی تعبیر مین لوگون نے غلطی کی ہے - نہ صرف محدثین اور شافعیہ - نے بلکہ خود احناف نے بھی - ایمان - کی کمی و زیادتی دو لحاظ سے ہوسکتی ہے - ایک اس اعتبار سے کہ وہ مقولہ کیف سے ہے جسمین شدت و ضعف ممکن ہے - یا دوسرے لفظون مین یون کہا جاے کہ ایمان یقین کا نام ہے - اور یقین کے مراتب متفاوت ہوتے ہین حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب خدا سے کہا کہ اے خدا تو مُردون کو کیونکر جلاتا ہے - تو ارشاد ہوا کہ اولم تومن یعنی کیا اب تک تجھکو یقین نہین آیا - عرض کی - کہ یقین ضرور ہے - لیکن لیطمئن قلبی یعنی اور زیادہ اطمینان خاطر

چاہتا ہون "۔ خدا نے متعدد آیتون مین صاف تصریح کردی ہے کہ ایمان مین ترقی ہوتی ہے زادتھم ایمانا ۔ اس مسئلہ مین نص صریح ہے ۔ لیکن امام ابوحنیفہ کو بلحاظ اس معنی کے نہ انکار ہے ۔ نہ یہ امر اوسوقت زیر بحث تھا ۔ امام صاحب کے دعوی کا اور منشا ہے اور وہ بالکل صحیح ہے ۔ جن لوگون نے عمل کو جزو ایمان قرار دیا ۔ اون کا مذہب ہے کہ ایمان بلحاظ مقدار کے زیادہ و کم ہوتا ہے ۔ جو شخص اعمال کا زیادہ پابند ہے ۔ وہ زیادہ مومن ہے ۔ جو گنہکار ہے وہ کم مومن ہے ۔ محدثین صراحۃً اسکے مدعی ہین اور اوسپر دلیلین لاتے ہین ۔ علامہ قسطلانی ۔ صحیح بخاری کی شرح مین لکھتے ہین فاعلم ان الایمان یزید بالطاعات وینقص بالمعصیۃ یعنی "ایمان ۔ ثواب کے کام کرنے سے زیادہ ہوتا ہے ۔ اور گناہ کرنے سے گھٹ جاتا ہے "۔ اور محدثین نے بھی جابجا اسکی تصریح کی ہے ۔ امام ابوحنیفہ ۔ اس اعتبار سے ۔ ایمان کی زیادت و نقصان کے منکر تھے ۔ اونکے نزدیک جب اعمال جزو ایمان نہین ۔ تو اعمال کی کمی بیشی سے ۔ ایمان مین کمی بیشی نہین ہوسکتی ۔ اور یہ بالکل صحیح ہے ۔ حدیث مین آیا ہے کہ "ابوبکر ۔ کو تم لوگون پر جو ترجیح ہے وہ کثرت صوم و صلوٰۃ کی وجہ سے نہین ۔ بلکہ اوس چیز کی وجہ سے ہے جو اُسکے دل مین ہے "۔ غرض امام صاحب کا یہ دعوی نہین ہے کہ ایمان بلحاظ کیفیت ۔ یعنی شدت و ضعف کے زیادہ و کم نہین ہوسکتا بلکہ اونکا یہ دعوی ہے کہ ایمان ۔ مقدار کے اعتبار سے کم و بیش نہین ہوتا ۔ یہ دعوی اسبات کی فرع ہے کہ اعمال جزو ایمان نہین ۔ اور اس ۔ کو ہم ابھی ثابت کرچکے ہین ۔

متعلق ایمان مین سب برابر ہین

امام صاحب۔ اسبات کے بھی قایل تھے کہ متعلقِ ایمان مین کچھ تفاوت نہین ہے۔ یعنی معتقدات کے لحاظ سے سب مسلمان برابر ہین۔ ایمان کے لیئے جن مسایل پر اعتقاد رکھنا ضروری ہے وہ سب کے لئے یکسان ہین۔ صحابہ اور عام مسلمان۔ اِس لحاظ سے برابر ہین۔ کہ دونون ایک ہی چیز یعنی توحید و نبوت کا اعتقاد رکھتے ہین۔ فرق۔ ہے تو اعتقاد کی شدت و ضعف مین ہے۔ اسی مطلب کو امام صاحب نے عثمان بتی کے جواب مین اِن الفاظ سے بیان کیا ہے کہ دین اهل السماء والارض واحد یعنی آسمان اور زمین والون کا ایک ہی دین ہے۔ پھر اس دعوی پر آیت قرآنی سے استدلال کیا ہے شرع لکم من الدین ما وصینا به نوحاً" یعنی ہمنے تمہارے لئے وہی دین مشروع کیا جسکی وصیت نوح کو کی تھی"۔ مخالفین نے بڑے زور شور سے امام صاحب پر یہ الزام لگایا ہے کہ وہ اِس بات کے قایل تھے کہ "میرا ایمان اور ابو بکر صدیق رضہ کا ایمان برابر ہے"۔ اگرچہ امام صاحب کی طرف اس قول کی اسناد ثابت نہین لیکن اگر ثابت ہو تو کیا نقصان ہے۔ جس اعتبار سے وہ مساوات کے مدعی ہین اوس سے کس کو انکار ہو سکتا ہے۔ تعجب اور سخت تعجب ہے کہ ایسا صاف مسئلہ معترضونکی سمجھ مین نہ آیا۔ خطیب بغدادی نے صفحے کے صفحے سیاہ کر دئے اور یہ نہ سمجھے کہ امام صاحب کا دعوی کیا ہے۔ اونکو یہ الفاظ نہایت گران گذرتے ہین۔ کہ "ہمارا اور صحابہ کا ایمان برابر ہے"۔ وہ یہ نہین سمجھتے کہ بہت سی چیزون مین ہم اور صحابہ برابر ہین۔ تاہم ہم مین اور صحابہ مین زمین و آسمان کا فرق ہے۔

اگرچہ اِس قسم کے تمام مسایل مین۔ امام صاحب۔ اپنی خاص رائین رکھتے تھے لیکن وہ

مخالف رایون پر کفر و فسق کا الزام نہین لگاتے تھے۔ یہ فیاض دلی امام صاحب کا خاصہ ہے۔
اور قرن اول کے بعد اسلام مین اسکی بہت کم نظیرین ملتی ہین۔ اسلام کو کسی چیز نے اون
مشاجرات سے زیادہ نقصان نہین پہونچایا جو اختلاف آرا کی بنا پر قایم ہوگئی۔ ان اختلافات
کی بنیاد اگرچہ خود صحابہ کے زمانہ مین شروع ہوچکی تھی۔ عبداللہ بن عباس اور بہت سے صحابہ
کا اعتقاد تھا کہ رسول اللہ صلعم نے معراج مین خدا کو آنکھون سے دیکھا۔ حضرت عائیشہ نہایت
اصرار سے اسکے مخالف تھین۔ امیر معاویہ کو معراج جسمانی سے انکار تھا۔ حضرت عائیشہ
سماع موتی کی قایل نہ تھین۔ لیکن اوس زمانہ تک ان اختلافات پر ہدایت و گمرہی کا مدار
نہ تھا۔ جو لوگ مختلف رائین رکھتے تھے اونہین کبھی کسی نے کسی کی تکفیر یا تفسیق نہین کی۔
حضرت عبداللہ بن عمر سے ایک شخص نے پوچھا کہ "کچھ لوگ پیدا ہوئے ہین جو قرآن کی غلط
تاویل کرتے ہین۔ اور ہمکو کافر قرار دیتے ہین۔ وہ خود کافر ہین یا نہین"۔ حضرت عبداللہ
نے فرمایا کہ "اسوقت تک کوئی شخص کافر نہین ہوسکتا جبتک خدا کو دو نہ کہے"[۱]۔ صحابہ
کے بعد یہ اختلافات زور پکڑتے گئے اور رفتہ رفتہ مستقل فرقے قایم ہوگئے۔ اعتقادی
اور فقہی مسایل۔ اکثر ایسے ہین جنہین نص قاطع موجود نہین۔ اور ہین تو متعارض ہین۔ اسلئے
استنباط اور رفع تعارض۔ کی ضرورت نے اجتہاد کو بہت وسعت دی۔ اور سیکڑون رائین قایم
ہوگئین۔ بے شبہ انمین بہت سی رائین صحیح نہین لیکن یہ ضرور نہین کہ وہ سب کفر ہون۔
افسوس ہے کہ سرگرم طبیعتین۔ جو مذہبی جوش اور تقدس کے نشہ مین سرشار تھین۔ اختلاف

[۱] آثار امام محمد صفحہ ۶۵۔

راے کے صدمہ کی تاب نہ لاسکین - اور نہایت بے صبری سے مخالفت پر آمادہ ہوگئین - بات بات پر کفر کے فتوے ہونے لگے - جو لوگ جسقدر زیادہ مذہبی حرارت رکھتے تھے اوسیقدر کفر کے اطلاق مین کم احتیاط کرتے تھے - رفتہ رفتہ یہانتک نوبت پہونچی کہ ہر فریق نے دوسرے کی ضلالت و گمرہی ثابت کرنے کے لئے - موضوع روایتون سے اعانت لی - اور اس قسم کی حدیثین ایجاد ہونے لگین - کہ میری امت مین ۷۳ فرقے پیدا ہونگے جنمین صرف ایک جنتی ہوگا باقی سب دوزخی - اس فرضی تعداد کو پورا کرنا بھی ضرور تھا اسلئے کھینچ تان کر ۷۳ فرقے قرار دئے - اور سب کے الگ الگ نام رکھے - اسپر بھی تسکین نہوئی تو ہر ہر فرقہ کے لئے جدا جدا روایتین گھڑین مثلاً القدریۃ مجوس ھذہ الامۃ وغیرہ وغیرہ

امام صاحب اہل قبلہ کی تکفیر نہین کرتے تھے

ان تعصبات اور جھگڑون نے جماعت اسلامی کے تمام اجزا پراگندہ کردئے - اور مذہب اخلاق - حکومت - تمدن - معاشرت - سب کا نقشہ بگڑ گیا - اس عالمگیر آشوب مین صرف ایک امام ابوحنیفہ - تھے جنکی صدا سب سے الگ تھی - اور جو پکار کر کہتے تھے لا نکفر احداً من اھل القبلۃ یعنی "اہل قبلہ مین سے ہم کسی کو کافر نہین سمجھتے" اوسوقت تو اس صدا پر چندان توجہ نہین ہوئی - لیکن زمانہ جسقدر ترقی کرتا گیا اس جملہ کی قدر بڑہتی گئی یہانتک کہ وہ علم کلام کا ایک بیش بہا اصول بنگیا - اگرچہ افسوس ہے کہ اوسپر عمل کم کیا گیا اور تکفیر کے غلغلے اب بھی پست نہوئے -

امام صاحب کی یہ راے نہایت غور و تحقیق و تجربہ کے بعد قایم ہوئی تھی - بڑے بڑے مشہور - بانیان مذہب انہین کے زمانہ مین پیدا ہوئے تھے اور امام صاحب کو ان سے

ملنے کا موقع حاصل ہوا تھا۔ خارجیون۔ کا صدر مقام بصرہ تھا جو امام۔ صاحب کے شہر سے نہایت قریب تھا۔ واصل بن عطا و عمرو بن عبید جو مذہب اعتزال۔ کے بانی اور مروج تھے۔ بصرہ ہی کے رہنے والے اور امام صاحب کے ہمعصر تھے۔ جہم بن صفوان۔ جسکے نام سے فرقہ جہمیہ مشہور ہے اسی زمانہ مین تھا۔ امام صاحب انہین سے اکثرون سے ملے اور اونکے خیالات سے مطلع ہوئے تھے۔ ان فرقون کی نسبت جو اقوال مشہور تھے کچھ تو سرے سے غلط اور افترا تھے۔ بعض کی تعبیر غلط طور پر کی گئی تھی۔ بعض در اصل لغو و باطل تھے لیکن کفر کی حد تک نہ پہنچتے تھے۔ اسلئے امام ابو حنیفہ۔ نے یہ عام حکم دیا کہ اہل قبلہ سب مومن ہین۔ وہ دیکھ رہے تھے کہ جن مسایل پر قیامتین برپا ہین۔ جو کفر و اسلام کی معیار قرار دی گئی ہین۔ وہ صرف لفظی بحثین اور فرضی اصطلاحین ہین۔ سب سے بڑا مسئلہ قدم قرآن۔ کا تھا جسکو لوگون نے قریباً کلمہ توحید کی برابر قرار دیا تھا۔ بڑے بڑے علما کا قول ہے کہ "اسلام کو دو شخصون نے نہایت نازک وقتون مین محفوظ رکھا حضرت ابوبکر صدیق۔ جنہون نے رسول اللہ کی وفات کے بعد۔ مرتدین عرب کا استیصال کیا۔ اور امام احمد حنبل جو مامون الرشید کے زمانہ مین حدوث قرآن کے منکر رہے۔ بلکہ ایک اعتبار سے امام حنبل کو ترجیح ہے کیونکہ صحابہ حضرت ابو بکر کے معاون اور انصار تھے لیکن امام حنبل۔ کا کوئی مددگار نہ تھا"۔

اہل قبلہ سب مومن ہین۔

رجال کی کتابون مین جب کسی شخص کو ثقہ اور مستند ثابت کیا جاتا ہے تو سب سے بڑی دلیل یہ پیش کیجاتی ہے کہ وہ حدوث قرآن کو کفر سمجھتا تھا"۔ حالانکہ یہ صرف ایک لفظی بحث ہے۔ جو لوگ قرآن کو حادث کہتے تھے اونکی غرض۔ اون الفاظ اور اصوات سے تھی جس کا ظہور

رسول اللہ کی زبان سے ہوا۔ یا جسپر عام طور سے قرآن کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ جو قدیم مانتے تھے وہ کلام سے کلام نفسی کو مراد لیتے تھے جو خدا کی صفات مین سے ہے۔ امام ابو حنیفہ سے اس بارہ مین مختلف اقوال ہین اور وہ اسی تفصیل کی بنا پر ہین۔ ایک شخص نے اون سے پوچھا کہ قرآن حادث ہے یا قدیم۔ فرمایا کہ حادث۔ کیونکہ قرآن خدا نہین اور جو خدا نہین وہ حادث ہے[1]۔"

غرض اس قسم کے مسایل نفیاً یا اثباتاً نصیّ نہین ہین اور اسوجہ سے وہ کفر و اسلام کے معیار نہین ہو سکتے۔ امام ابو حنیفہ کی نکتہ شناسی کی بڑی دلیل یہ ہے کہ انہون نے اسلام کے دایرہ کو جو من قال لا الٰہ الا اللہ دخل الجنۃ کی وسعت رکھتا تھا اصلی وسعت پر قایم رکہا۔ افسوس ہے کہ اونکی اس راے پر بہت کم لحاظ کیا گیا ورنہ امام غزالی محی الدین عربی حضرت غوث الاعظم۔ ابن تیمیہ۔ ابو طالب مکی۔ کو ہم فقہا کی زبان سے کافر نہ سنتے۔

حدیث۔ اور اصول حدیث

یہ خیال اگرچہ غلط اور بالکل غلط ہے۔ کہ امام ابو حنیفہ علم حدیث مین کم مایہ تھے۔ تاہم اس سے انکار نہین ہو سکتا۔ کہ عام طور پر وہ محدث کے لقب سے مشہور نہین۔ بزرگان سلف مین سیکڑون ایسے گذرے ہین جو اجتہاد و روایت دونون کے جامع تھے۔ لیکن شہرت اُسی صفت کے ساتھ ہوئی جو اونکا کمال غالب تھا۔ امام ابو حنیفہ کی تو حدیث مین کوئی تصنیف

[1] کتاب الاوایل ابو ہلال عسکری۔

نہین۔ تعجب ہے کہ امام مالک و امام شافعی۔ بھی اس لقب کے ساتھ مشہور نہوے۔ نہ اونکی تصنیفونکو وہ قبول عام حاصل ہوا جو صحاح ستتہ کو ہوا۔ امام احمد بن حنبل۔ ان لوگون کی نسبت علم حدیث مین زیادہ نام آور ہین۔ اونکی مسند کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ صحیح حدیثون کا اتنا بڑا مجموعہ اور کوئی نہین مل سکتا۔ لیکن جسقدر حدیث و روایت مین اونکا زیادہ اعتبار ہے۔ اوسیقدر استنباط و اجتہاد مین اونکی نام آوری کم ہے۔ علامہ طبری نے جو خود بھی محدث اور مجتہد تھے مجتہدین مین اون کا شمار نہین کیا[1]۔ قاضی ابن عبد البر نے کتاب الانتہار فی الثلثۃ الفقہاء مین جو مجتہدین کے حالات مین ہے۔ امام ابو حنیفہ و امام مالک و امام شافعی پر اکتفا کی۔ امام رازی۔ مناقب الشافعی مین۔ لکھتے ہین کہ "امام شافعی کے بعد کوئی مجتہد مطلق پیدا نہین ہوا"۔ اگرچہ امام احمد حنبل۔ کی نسبت گروہ کثیر علما کی یہی راے تھی کہ وہ اجتہاد کامل کا منصب رکھتے تھے۔ تاہم اون کے اجتہاد پر اتفاق عام نہوا۔

مجتہد و محدث کی حیثیتین الگ الگ ہین۔

حقیقت یہ ہے کہ مجتہد و محدث۔ کی حیثیتین الگ الگ ہین۔ محدث۔ مواعظ۔ قصص۔ فضائل۔ سیر۔ ہر ایک قسم کی روایتون کا استقصا کرتا ہے۔ بخلاف اسکے مجتہد کو زیادہ تر صرف اون احادیث سے غرض ہوتی ہے جن سے کوئی حکم شرعی مستنبط ہوتا ہے۔ یہی سبب ہے کہ محدثین۔ کی بہ نسبت مجتہدین ہمیشہ قلیل الروایۃ ہوے۔ موطا مین جو امام مالک کی تمام روایتون کا مجموعہ ہے۔ زیادہ سے زیادہ ہزار حدیثین ہین جنمین صحابہ

[1] طبقات المفسرین حافظ جلال الدین سیوطی۔ ترجمہ علامہ طبری۔

اور تابعین کے اقوال بھی شامل ہین۔ امام شافعی۔ نے امام احمد حنبل۔ کے سامنے اکثر اعتراف کیا ہے کہ تم لوگ بہ نسبت ہمارے احادیث سے زیادہ واقف ہو۔ قاضی یحیی بن اکثم جو ترمذی۔ کے شیخ ہین حسرت سے کہا کرتے تھے کہ اگر" امام شافعی۔ نے علم حدیث کی طرف پوری توجہ کی ہوتی تو ہم لوگون کو سب سے بے نیاز کردیا ہوتا" حافظ ابن حجر۔ نے توالی التاسیس مین جو امام شافعی۔ کے حالات مین ایک مختصر اور مفید رسالہ ہے۔ جہان امام شافعی۔ کے شیوخ حدیث سے بحث کی ہے۔ خاتمہ پر لکھا ہے کہ" ولم یکثر من الشیوخ کعادۃ اھل الحدیث لاقبالہ علی الاشتغال بالفقہ" یعنی وہ بہت سے شیوخ سے نہین ملے۔ جیسا کہ اہل حدیث کی عادت ہے۔ کیونکہ اونکو فقہ کا شغل رہتا تھا[۱]
حافظ ابن حجر۔ نے امام شافعی۔ کی نسبت قلت شیوخ کا جو سبب بیان کیا۔ امام ابو حنیفہ۔ کی قلت روایت کا بھی وہی سبب ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ بعض لوگون نے اس دایرہ کو زیادہ وسیع کیا۔ اور عموماً اونکی قلت روایت کے قایل ہوئے۔ یہ خیال کچھ نیا نہین ہے۔ اگلے زمانہ مین بھی بعض بعض لوگون کی یہ راے تھی اور وہی غلط فہمی آج تک چلی آتی ہے۔

اس سے انکار نہین ہوسکتا۔ کہ امام ابو حنیفہ۔ کے وہ واقعات جو منظر عام پر نمایان ہین اون سے ایک ظاہر بین شخص ایسی ہی راے قایم کرسکتا ہے۔ حدیث مین اونکی کوئی تصنیف موجود نہین۔ صحاح۔ مین بجز ایک دو روایت کے اونکا نام تک نہین

---

[۱] توالی التاسیس لحافظ ابن حجر۔ صفحہ ۵۶۔

پایا جاتا۔ سب سے زیادہ یہ کہ اونکی شہرت اہل الرائے کے لقب سے ہے جس سے متبادر
ہوتا ہے کہ حدیث سے اونکو کم تعلق تہا۔ اِس قدر ہم بھی تسلیم کرتے ہین کہ مغازی۔ قصص۔
سیر۔ وغیرہ مین اونکی نظر چندان وسیع نہ تہی۔ امام مالک۔ وامام شافعی۔ کا بھی یہی
حال تہا۔ لیکن احکام وعقاید۔ کے متعلق امام ابوحنیفہ کو جو واقفیت اور تحقیق حاصل تہی اُس
سے انکار کرنا صرف کم نظری اور ظاہر بینی کا نتیجہ ہے۔

اونکی تصنیف یا روایتون کا مدوّن نہونا۔ قلت نظر کی دلیل نہین ہو سکتا۔ حضرت ابوبکر صدیق
سے زیادہ کسی صحابی کو رسول اللہ کے ساتھ جلوت وخلوت مین رہنے کا اتفاق نہین ہوا
تھا۔ رسول اللہ کے اقوال وافعال سے جسقدر وہ واقف تھے اور کون ہو سکتا تھا۔ لیکن
حدیث کی تمام کتابون مین اونکی روایت سے جسقدر صحیح حدیثین ہین اونکی تعداد سترہ سے
زیادہ نہین[۱]۔ کون شخص کہہ سکتا ہے کہ اونکو صرف اسیقدر حدیثین معلوم تہین حضرت ابوبکر
کے بعد۔ عمر فاروق کا درجہ ہے۔ اون سے بھی صرف پچاس حدیثین مروی ہین جنمین
سے بعض کا کافی ثبوت نہین۔ حضرت عثمان۔ اور جناب امیر۔ کا بھی یہی حال ہے بخلاف
انکے حضرت ابوہریرہ سے ۵۳۶۴۔ انس۔ سے ۲۲۸۶۔ عبداللہ بن عباس۔ سے
۲۶۶۰۔ جابر سے ۲۵۴۰۔ عبداللہ بن عمر۔ سے جو رسول اللہ کے زمانہ مین نوجوان تھے

خلفاے اربعہ کی قلت روایت

---

[۱] مناقب الشافعی للامام الرازی خلفاے اربعہ کی نسبت یہ تعداد مین نے امام شافعی کے قول کے موافق لکھی ہے۔ اور محدثین کے نزدیک اِس سے زیادہ حدیثین اون لوگون سے مروی ہین۔ تاہم اسقدر تعداد نہین پہونچتی جسپر کثرت روایت کا اطلاق کیا جاسے۔ ۱۲

۲۲۳۰ حدیثیں مروی ہیں۔ اگر روایتوں کا موجود ہونا ہی معیار ہے۔ تو خلفائے اربعہ کی نسبت تسلیم کرنا پڑے گا کہ یا اون کا حافظہ ضعیف اور نہایت ضعیف تھا۔ یا دانستہ اونکو رسول اللہ کے اقوال و افعال کی طرف التفات اور توجہ نہ تھی۔ وحاشاھم عن ذالک۔

یہ سچ ہے کہ صحاح ستہ۔ کے مصنفین نے امام صاحب سے روایت نہیں کی (دو ایک روایتیں مستثنیٰ ہیں) لیکن اس الزام میں اور ائمہ بھی اونکے شریک ہیں۔ امام شافعی جنکو بڑے بڑے محدثین۔ مثلاً امام احمد حنبل۔ اسحاق بن راہویہ۔ ابو ثور۔ حمیدی ابو زرعۃ الرازی ابو حاتم۔ نے حدیث و روایت کا مخزن تسلیم کیا ہے۔ اونکی سند سے صحیحین میں ایک بھی روایت موجود نہیں۔ بلکہ بخاری و مسلم نے کسی اور تصنیف میں بھی امام شافعی کی سند سے کوئی روایت نہیں کی۔ امام رازی۔ نے بخاری و مسلم کی اس بے اعتنائی کی بہت سی تاویلیں کی ہیں۔ مگر کوئی معقول بات نہیں بتا سکے۔ صحیحین۔ پر موقوف نہیں ترمذی۔ ابو داود۔ ابن ماجہ۔ نسائی۔ میں بھی بہت کم ایسی حدیثیں ہیں جنکے سلسلہ رواۃ میں امام شافعی کا نام آیا ہو۔ حقیقت یہ۔ ہے کہ بعض محدثین نے۔ اعتماد و استناد کا جو معیار قرار دیا تھا اوسمیں اہل نظر۔ بلکہ اکثر لوگوں کے۔ لئے کم گنجایش تھی۔ علامہ قسطلانی۔ نے شرح صحیح بخاری میں لکھا ہے۔ کہ امام بخاری فرمایا کرتے تھے۔ کہ میں نے کسی ایسے شخص سے حدیث نہیں لکھی جسکا یہ قول نہ تھا کہ الایمان قول و عمل[1] اگر یہ صحیح ہے تو امام ابو حنیفہ۔ کو اونکے دربار میں پہونچنے کی کیونکر امید ہو سکتی تھی۔

بخاری و مسلم نے امام شافعی کے واسطے سے کوئی حدیث روایت نہیں کی۔

جو شخص ایمان کے حقیقت میں عمل کو داخل نہیں سمجھتا تھا امام بخاری اوس سے روایت نہیں کرتے تھے۔

[1] حافظ ابن حجر نے فتح الباری کے مقدمہ میں امام بخاری کا یہ قول نقل کیا ہے۔

امام بخاری نے۔ تاریخ کبیر۔ مین امام شافعی۔ کا ذکر کیا ہے لیکن جس بے پروائی سے کیا ہے اوسکے لحاظ سے امام رازی۔ نے یہی غنیمت سمجھا کہ تضعیف نہین کی۔ چنانچہ امام شافعی۔ کے فضائل مین فرماتے ہین۔ واما الامام محمد بن اسمعیل البخاری فقد ذکر الشافعی فی تاریخه الکبیر فقال فی باب محمد بن ادریس بن عبد الله محمد الشافعی القرشی مات سنه اربع ومائتین ثم انه ماذکرہ فی باب الضعفاء مع علمه بانه کان قد روی شیئا کثیرا من الحدیث ولو کان من الضعفاء فی ھذہ الباب لذکرہ یعنی "امام بخاری نے شافعی کا ذکر تاریخ کبیر۔ مین کیا ہے چنانچہ فلان باب مین لکھا ہے کہ محمد بن ادریس بن عبد اللہ محمد الشافعی القرشی نے ۲۰۴ھ مین وفات پائی۔ لیکن اونکو ضعفاء کے باب مین ذکر نہین کیا۔ حالانکہ امام بخاری جانتے تھے کہ شافعی نے بہت سی حدیثین روایت کی ہین۔ اور اگر وہ اس باب مین ضعیف ہوتے تو امام بخاری ضرور اونکو ضعیف لکھتے"

امام اوزاعی۔ جو محدث اور مجتہد مستقل تھے اور بلاد شام مین اونکا وہی اعزاز و اعتبار تھا جو عرب و عراق مین۔ امام مالک۔ و شافعی۔ کا۔ اونکی نسبت کسی نے امام احمد حنبل۔ سے رائے پوچھی۔ فرمایا کہ "حدیث ضعیف و رائے ضعیف"[1]

لطف یہ ہے کہ مجتہدین۔ جس چیز پر فخر کر سکتے ہین وہ دقت نظر۔ قوت استنباط۔ استخراج مسایل۔ تفریع احکام ہے۔ لیکن محدثین کے ایک گروہ کے نزدیک یہی

[1] مناقب الشافعی امام الرازی۔ باب رابع۔

باتین عیب و نقص مین داخل ہین۔ علامہ ابو جعفر محمد بن جریر طبری۔ قاضی ابو یوسف کے ذکر مین لکھتے ہین کہ" اہل حدیث مین سے ایک گروہ نے اونکی روایت سے اس بنا پر احتراز کیا ہے کہ اون پر راے غالب تھی اور فروع احکام کی تفریع کرتے تھے۔ ان باتون کے ساتھ بادشاہ کی صحبت مین رہتے تھے اور منصب قضا پر مامور تھے[۱۵۱]" اگر فروع اور احکام کا استنباط بھی جرم ہے تو بے شبہ امام ابوحنیفہ۔ قاضی ابو یوسف سے زیادہ مجرم ہین۔

البتہ یہ بات غور کے قابل ہے کہ امام ابوحنیفہ۔ اور اونکے اتباع کو کیون اہل الراے کہا جاتا تھا۔ اس باب مین اکثر لوگون نے غلطی کی ہے جسکی وجہ یہ ہے کہ انھون نے شہرت عام کے مقابلہ مین تحقیق کی پروا نہ کی۔

اس بحث کے تصفیہ کیلئے سب سے پہلے یہ پتہ لگانا چاہیے کہ یہ لقب کب ایجاد ہوا اور کن لوگون پر اطلاق کیا گیا۔ جہانتک ہمکو معلوم ہے اس لقب کے ساتھ اول جسکو امتیاز حاصل ہے وہ ربیعۃ الراے ہین جو امام مالک۔ کے اوستاد اور شیخ الحدیث تھے۔ راے کا لفظ اونکے نام کا جزو بنگیا ہے اور تاریخ واسماء الرجال مین ہمیشہ اونکا نام ربیعۃ الراے لکھا جاتا ہے۔ یہ مشہور محدث اور فقیہ تھے۔ اور بہت سے صحابہ سے ملے تھے۔ علامہ ذہبی۔ نے میزان الاعتدال۔ مین اون کا ذکر ان لفظون سے کیا ہے "تمام اصحاب کتب۔ (یعنی صحاح ستہ) نے اون سے احتجاج کیا ہے۔ عبد العزیز ماجشون کا قول ہے کہ واللہ مینے ربیعۃ سے زیادہ کسی کو حافظ الحدیث نہین دیکھا"

اہل الراے کی تحقیق۔ ربیعۃ الراے۔

۱۵۱ تاریخ ابن خلکان۔ ترجمہ قاضی ابو یوسف۔

اسی زمانہ مین اور اوسکے بعد اور لوگ بھی اس لقب سے پکارے گئے۔ محدث ابن قتیبہ نے کتاب المعارف مین اہل الرائے کی سرخی سے ایک باب باندہا ہے۔ اور عنوان کے نیچے یہ نام لکھے ہین۔ ابن ابی لیلی۔ ابوحنیفہ۔ ربیعۃ الرائے۔ زفر۔ اوزاعی۔ سفیان ثوری۔ مالک بن انس۔ ابویوسف قاضی۔ محمد بن حسن۔ "ابن قتیبہ نے ۲۷۶ھ مین وفات پائی۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ کم از کم تیسری صدی تک مذکورہ بالا لوگ اہل الرائے کے لقب سے مشہور تھے۔ اگرچہ یہ سب لوگ درحقیقت (زفر کے سوا) محدث ہین۔ لیکن امام مالک۔ سفیان ثوری۔ امام اوزاعی۔ کی شہرت تو محتاج بیان نہین۔

جو لوگ اہل الرائے کے لقب سے مشہور تھے۔

اصل یہ ہے کہ جو لوگ علم حدیث کی درس تدریس مین مشغول تھے اونمین دو فرقے قایم ہوگئے تھے۔ ایک وہ جنکا کام صرف حدیثون اور روایتون کا جمع کرنا تھا۔ وہ حدیثون سے صرف من حیث الروایۃ بحث کرتے تھے۔ یہانتک کہ اونکو ناسخ و منسوخ سے بھی کچھ سروکار نہ تھا۔ دوسرا فرقہ حدیثون کو۔ استنباط احکام۔ اور استخراج مسایل۔ کے لحاظ سے دیکھتا تھا۔ اور اگر کوئی نص صریح نہین ملتی تھی تو قیاس سے کام لیتا تھا۔ اگرچہ یہ دونون حیثیتین دونون فریق مین کسی قدر مشترک تھین۔ لیکن وصف غالب کے لحاظ سے ایک دوسرے سے ممتاز تھا۔ پہلا فرقہ۔ اہل الروایۃ۔ اور اہل الحدیث۔ اور دوسرا فرقہ۔ مجتہد اور اہل الرائے کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ امام مالک۔ سفیان ثوری۔ اوزاعی اسلیئے اہل الرائے کہلائے کہ وہ محدث ہونیکے ساتھ مجتہد مستقل اور بانی مذہب تھے۔ لیکن چونکہ ان لوگون مین بھی معلومات حدیث اور قوت اجتہاد کے لحاظ سے اختلاف

محدثین مین دو گروہ تھے۔

مراتب تھا۔ اسلئے اضافی طور پر کبھی کبھی اسی فرقہ میں سے ایک کو اہل الرائے اور دوسرے کو اہل حدیث کہتے تھے مثلاً امام مالک کی بہ نسبت امام ابو حنیفہ پر مجتہد اور اہل الرائے کا لقب زیادہ موزون تھا۔ امام احمد بن حنبل سے ایک بار نضر بن یحییٰ نے پوچھا کہ "آپ لوگوں کو ابو حنیفہ پر کیا اعتراض ہے۔ اونہوں نے جواب دیا کہ "رائے" نضر نے کہا کہ کیا امام مالک رائے پر نہیں عمل کرتے۔ امام احمد بن حنبل بولے کہ ہاں لیکن ابو حنیفہ رائے کو زیادہ دخل دیتے ہیں۔ نضر نے کہا تو حصہ رسدی کے موافق دونوں پر الزام آنا چاہئے نہ صرف ایک پر امام احمد حنبل کچھ جواب نہ دیسکے اور چپ ہو گئے۔[۵]

امام ابو حنیفہ سے پہلے فقہ کوئی مستقل اور مرتب فن نہ تھا۔ امام صاحب نے جب اوسکی تدوین کی طرف توجہ کی تو ہزاروں مسئلے ایسے پیش آئے جنمیں کوئی حدیث صحیح بلکہ صحابہ کا قول بھی موجود نہ تھا۔ اس لئے اونکو قیاس سے کام لینا پڑا۔ قیاس پر گو پہلے بھی عمل تھا۔ خود صحابہ قیاس کرتے تھے اور اوسکے مطابق فتوے دیتے تھے (اسکا مفصل بیان آگے آئے گا) لیکن اوسوقت تک تمدن کو چنداں وسعت حاصل نہ تھی۔ اسلئے نہ کثرت سے واقعات پیش آتے تھے نہ چنداں قیاس کی ضرورت پڑتی تھی۔ امام صاحب نے فقہ کو مستقل فن بنانا چاہا تو قیاس کی کثرت استعمال کے ساتھ اوسکے اصول و قواعد بھی مرتب کرنے پڑے اس بات نے اونکو رائے اور قیاس کے انتساب سے زیادہ شہرت دی۔ چنانچہ تاریخوں میں جہاں اونکا نام لکھا جاتا ہے امام اہل الرائے لکھا جاتا ہے۔

امام صاحب کے اہل الرائے کے لقب سے مشہور ہونے کی وجہ

---

[۵] عقود الجمان خاتمہ فصل اول۔

ایک اور وجہ

اس شہرت کی ایک اور وجہ ہوئی۔ عام محدثین۔ حدیث و روایت مین درایت سے بالکل کام نہین لیتے تھے۔ امام ابوحنیفہ۔ نے اوسکی ابتدا کی۔ اور اوسکے اصول و قواعد منضبط کئے۔ اونھون نے بہت سی حدیثین اس بناپر قبول نہ کین کہ اصولِ درایت کے موافق ثابت نہ تھین۔ اس لئے اس لقب کو زیادہ شہرت ہوئی۔ کیونکہ درایت۔ اور۔ راے مترادف سے الفاظ ہین۔ اور کم از کم یہ کہ عام لوگ ان دونون مین فرق نہین کرسکتے تھے۔

امام ابوحنیفہ کا محدث اور حافظ الحدیث ہونا

ان عارضی بحثون کے بعد ہم اصل مسئلہ پر متوجہ ہوتے ہین۔ یعنی یہ کہ امام ابوحنیفہ۔ کو فن حدیث مین کیا رتبہ حاصل تھا۔ اس بحث۔ کے فیصلے کے لئے اونکی علمی زندگی کے اون واقعات پر نظر ڈالنی چاہیئے جو نہایت صحیح اور مستند روایتون سے ثابت ہین۔ اس کتاب کے پہلے حصّہ مین ہم امام ابوحنیفہ کی تحصیلِ حدیث کے حالات۔ اون کتابون کی سند سے لکھ آئے ہین جنپر فن رجال کا دارومدار ہے۔ اب غور کرو کہ جس شخص نے بیس برس کی عمر سے جو فہم کی درستی اور پختگی کا زمانہ ہے۔ علمِ حدیث پر توجہ کی ہو۔ اور ایک مدت تک اس شغل مین مصروف رہا ہو۔ جسنے کوفہ کے مشہور شیوخِ حدیث سے حدیثین سیکھی ہون۔ جو حرمِ محترم کی درسگاہ مین برسون تحصیلِ حدیث کرتا رہا ہو۔ جسکو مدینہ منورہ کے شیوخ نے سندِ فضیلت دی ہو جسکے اساتذۂ حدیث۔ عطاء بن ابی رباح۔ نافع بن عمر۔ عمرو بن دینار۔ محارب بن دثار۔ اعمش کوفی۔ امام باقر۔ علقمہ بن مرثد۔ مکحول شامی۔ امام اوزاعی۔ محمد بن مسلم الزہری۔ ابواسحق السبیعی سلیمان بن یسار۔ عبدالرحمن بن ہرمز الاعرج۔ منصور المعتمر۔ ہشام بن عروہ۔ وغیرہ ہون جو فن روایت کے ارکان ہین۔ اور جنکی روایتون سے بخاری و مسلم مالامال ہین۔ وہ حدیث

مین کس رتبہ کا شخص ہوگا؟

اِسکے ساتھ - امام صاحب کے شاگردون پر لحاظ کرو - یحیی بن سعید القطان[51] جو فن جرح و تعدیل کے امام ہین - عبدالرزاق بن ہمام - جنکے جامع کبیر - سے امام بخاری - نے فایدہ اُٹھایا ہے - یزید بن ہرون - جو امام احمد حنبل کے اُستاد تھے - وکیع بن الجراح - جنکی نسبت امام احمد حنبل - کہا کرتے تھے کہ حفظ - اسناد - روایت - مین مینے اونکا ہمسر کسی کو نہین دیکھا عبداللہ بن المبارک - جو فن حدیث مین امیر المومنین - تسلیم کئے گئے ہین - یحیی بن زکریا بن ابی زایدہ جنکو علی بن المدینی - (اُستاد بخاری) منتہاے علم کہا کرتے تھے - یہ لوگ براے نام امام صاحب - کے شاگرد نہ تھے بلکہ برسون اونکے دامن فیض مین تعلیم پائی تھی اور اِس انتساب پر اونکو فخر و ناز تھا - عبداللہ بن المبارک کہا کرتے تھے کہ اگر خدا نے ابو حنیفہ و سفیان ثوری - سے میری مدد نہ کی ہوتی تو مین ایک معمولی آدمی ہوتا[52] - وکیع - اور یحیی بن ابی زایدہ امام صاحب کی صحبت مین اتنی مدت تک رہے تھے کہ صاحب ابی حنیفہ کہلاتے تھے - کیا اس رتبہ کے لوگ جو خود حدیث و روایت کے پیشوا اور مقتدا تھے کسی معمولی شخص کے سامنے سر جھکا سکتے تھے؟

اجتہاد کی شرط اور امام ابو حنیفہ کا مجتہد مطلق ہونا۔

اِن باتون کے علاوہ امام ابو حنیفہ - کا مجتہد مطلق ہونا ایک ایسا مسلم مسئلہ ہے جس سے بارہ سو برس کی مدت مین شاید ایک آدھ ہی شخص نے انکار کیا ہو - اجتہاد کی تعریف - علماے حدیث مثلاً - بغوی - رافعی - علامہ نووی - وغیرہ نے اِن لفظون مین کی ہے - "مجتہد وہ شخص ہے

[51] اِن لوگون کا تذکرہ اِس کتاب کے خاتمہ مین کسیقدر تفصیل کے ساتھ مذکور ہے [52] تہذیب التہذیب - ترجمہ امام ابو حنیفہ

جو قرآن - حدیث - مذاہب سلف - لغت - قیاس - ان پانچ چیزون مین کافی دستگاہ رکھتا ہو یعنی مسایل شرعیہ کے متعلق جسقدر قرآن مین آیتین ہین - جو حدیثین رسول اللہ سے ثابت ہین - جسقدر علم لغت درکار ہے - سلف کے جو اقوال ہین - قیاس کے جو طرق ہین قریب کل کے جانتا ہو - اگر انمین سے کسی مین کمی ہے تو وہ مجتہد نہین ہے اور اوسکو تقلید کرنی چاہیئے"۔[۵۱]

اسی بنا پر علامہ ابن خلدون - نے فصل علوم الحدیث - مین مجتہدین کا ذکر کر کے لکھا ہے کہ "بعض ناانصاف مخالفین کا قول ہے کہ ان مجتہدون مین سے بعض - فن حدیث مین کم مایہ تھے - اسلئے اونکی روایتین کم ہین - لیکن یہ خیال غلط ہے - ایمہ کبار کی نسبت یہ گمان نہین کیا جاسکتا - کیونکہ شریعت - قرآن وحدیث - سے ماخوذ ہے - پس جو شخص حدیث مین کم مایہ ہے اوسکو تلاش اور کوشش کرنی چاہیئے تاکہ دین کو اصول صحیحہ سے اخذ کر سکے" اسکے بعد علامہ موصوف لکھتے ہین کہ "فن حدیث مین امام ابوحنیفہ کا کبار مجتہدین مین ہونا اس سے ثابت ہے کہ اون کا مذہب محدثین مین معتبر خیال کیا جاتا ہے اور رداً وقبولاً اوس سے بحث کیجاتی ہے"[۵۲] علامہ موصوف نے اسکا سبب بھی بتایا ہے - کہ امام ابوحنیفہ - کی روایتین کم کیون ہین - ہم خود اسکو مفصل لکھین گے -

---

[۵۱] عقد الجید شاہ ولی اللہ صاحب - بحث حقیقت اجتہاد - [۵۲] تعجب ہے کہ اس تصریح کے ہوتے ہوئے بعض کوتاہ بینون نے امام صاحب کی ناواقفیت حدیث پر - ابن خلدون کے ایک مہمل قول سے استدلال کیا ہے جسکو خود ابن خلدون نے ایسے لفظون سے بیان کیا ہے جو ضعف اور عدم وثوق پر دلالت کرتا ہے - ۱۲

محدثین - مین بھی اکثرون نے اس کا اعتراف کیا ہے - علامۂ ذہبی - نے جو زمانہ مابعد کے تمام محدثین کے پیشوا اور امام ہین - حفاظ حدیث - کے حالات مین ایک مستقل کتاب لکھی ہے - دیباچہ مین لکھتے ہین کہ "یہ اون لوگون کا تذکرہ ہے جو علم نبوی کے حامل ہین اور جنکے اجتہاد پر - توثیق اور تضعیف - تصحیح و تزئیف - مین رجوع کیا جاتا ہے" علامہ موصوف نے تمام کتاب مین اس اصول کو ملحوظ رکھا ہے - اور کسی ایسے شخص کا حال نہین لکھا جو علم حدیث کا بڑا ماہر نہو - چنانچہ خارجہ بن زید بن ثابت - کا ضمناً ایک موقع پر ذکر آگیا ہے تو لکھتے ہین "کہ مینے اونکو حفاظ حدیث مین اسلئے ذکر نہین کیا کہ وہ قلیل الحدیث تھے" امام ابوحنیفہ - کے محدث ہونے کا اس سے زیادہ کیا ثبوت درکار ہے کہ علامۂ ذہبی - نے اس کتاب مین اونکا ترجمہ لکھا ہے - اور اونکو حفاظ حدیث سے شمار کیا ہے -

محدث ذہبی نے امام ابوحنیفہ کو حفاظ حدیث مین محسوب کیا ہے -

حافظ ابوالمحاسن دمشقی شافعی نے عقود الجمان مین ایک خاص باب باندہا ہے جسکے یہ الفاظ ہین الباب الثالث والعشرون - فی بیان کثرۃ حدیثه وکونه من اعیان الحفاظ المحدثین - یعنی "تیئسوان باب اس بیان مین کہ وہ (امام ابوحنیفہ) کثیر الحدیث اور اعیان الحفاظ سے تھے" قاضی ابویوسف صاحب جنکو یحیی بن معین - صاحب الحدیث کہتے تھے اور علامۂ ذہبی - نے اونکو حفاظ حدیث مین محسوب کیا ہے - اونکا بیان ہے کہ "ہم لوگ امام ابوحنیفہ سے مسایل مین بحث کرتے ہوتے تھے جب اونکی رائے قایم ہوجاتی تہی تو مین حلقۂ درس سے اوٹھکر کوفہ کے محدثین کے پاس جاتا تہا - اور اون سے اوس مسئلہ کے متعلق حدیثین دریافت کرکے امام صاحب کی خدمت مین حاضر ہوتا تہا

امام صاحب اون حدیثون مین سے بعض کو قبول کرتے تھے۔ بعض کو فرماتے تھے کہ صحیح نہین۔ مین پوچھتا کہ آپ کو کیونکر معلوم ہوا۔ فرماتے کہ کوفہ مین جو علم ہے۔ مین اوسکا عالم ہون[1]۔"

یہ تمام باتین اسباب کی شاہد ہین کہ علم حدیث مین۔ امام ابوحنیفہ کا کیا پایہ تھا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان باتون نے امام ابوحنیفہ کو امام ابوحنیفہ نہین بنایا۔ اگر وہ حافظ الحدیث تھے تو اور لوگ بھی تھے۔ اگر اونکے شیوخ حدیث کئی سو تھے تو بعض آیٔمہ سلف کے شیوخ کئی کئی ہزار تھے۔ اگر انہون نے کوفہ وحرمین کی درسگاہون مین تعلیم پائی تھی تو اورون نے بھی یہ شرف حاصل کیا تھا۔ امام ابوحنیفہ کو جس بات نے تمام ہمعصرون مین امتیاز دیا وہ اور چیز ہے جو ان سب باتون سے بالاتر ہے۔ یعنی احادیث کی تنقید اور بلحاظ ثبوت احکام۔ اونکے مراتب کی تفریق۔ امام ابوحنیفہ کے بعد۔ علم حدیث کو بہت ترقی ہوئی۔ غیر مرتب اور پریشان حدیثین یکجا کی گئین۔ صحاح کا التزام کیا گیا۔ اصول حدیث کا مستقل فن قایم ہوگیا جسکے متعلق سیکڑون بیش بہا کتابین تصنیف ہوئین۔ زمانہ اس قدر ترقی کر گیا ہے۔ باریک بینی اور دقت آفرینی کی کوئی حد نہین رہی۔ تجربہ اور دقت نظر نے سیکڑون نئے نکتے ایجاد کیے۔ لیکن تنقید احادیث اصول درایت۔ امتیاز مراتب۔ مین امام ابوحنیفہ کی تحقیق کی جو حد ہے آج بھی ترقی کا قدم اوس سے آگے نہین بڑھتا۔

اس اجمال کی تفصیل اوسوقت سمجھ مین آسکتی ہے کہ فن حدیث کی آغاز اور طرز ترقی۔

---

[1] عقود الجمان۔

کا اجمالی نقشہ کھینچا جاے - جس سے ظاہر ہو کہ روایتون کا سلسلہ کیونکر پیدا ہوا - اور کس کس دور مین اوسکی کیا کیا حالتین بدلین - اسی سے اسبات کا اندازہ ہو سکے گا کہ احادیث کی تنقید مین اجتہاد وراے کا کس قدر کام ہے اور امام ابوحنیفہ کو اس لحاظ سے اپنے تمام ہمفنون مین کیا خاص امتیاز حاصل ہے -

سلسلہ حدیث کی مختصر تاریخ -

اسناد و روایت کا سلسلہ اگرچہ رسول اللہ کے عہد مبارک ہی مین شروع ہو چکا تھا لیکن اوسوقت تک جسقدر تھا نہایت سادہ اور قدرتی صورت مین تھا - آغاز نبوت سے تیرہ برس کا زمانہ تو ایسا پر آشوب زمانہ تھا کہ صحابہ کو اپنی جان کی پڑی تھی - اسناد و روایت کا کہان موقع تھا - اسی ضرورت سے احکام و فرایض بھی کم تھے یعنی نماز کے سوا اور کچھ فرض نہوا تھا - کیونکہ اس زحمت مین اور فرایض کی تکلیف - تکلیف مالایطاق سے کم نہ تھے - نمازین بھی مختصر تھین - یعنی ظہر - عصر - عشا - سب مین صرف دو رکعتین فرض تھین - جمعہ و عیدین سرے سے ماسور نہ تھے - ۲ھ ہجری مین یعنی نبوت سے تیرھوین برس روزے فرض ہوے - زکوٰۃ - کی نسبت اختلاف ہے، علامہ ابن الاثیر نے لکھا ہے کہ ۹ھ مین فرض ہوئی " - حج کا حکم بھی اسی سنہ مین ہوا - غرض آغاز نبوت سے ایک مدت تک - نماز - کے سوا نہ اور احکام صادر ہوے تھے نہ اونکے متعلق حدیثین اور روایتین پیدا ہوئی تھین - صحابہ مسایل و احکام کے متعلق زیادہ پرس و جو نہین کرتے تھے - خود قرآن مین حکم آچکا تھا - لا تسئلوا عن اشیاء ان تبد لکم تسؤکم - عبد اللہ بن عباس فرمایا کرتے تھے کہ "مینے رسول اللہ کے اصحاب سے کسی قوم کو بہتر نہین دیکھا - تمام زمانہ نبوت مین صرف ۱۳ مسئلے رسول اللہ

سے پوچھے جو سب قرآن مین مذکور ہین[۵] اور صحابہ سے بھی اسی قسم کے اقوال منقول ہین۔

جو احکام اور واقعات پیش آتے تھے اونمین بھی روایت کا سلسلہ کم جاری ہوا تھا۔ صحابہ خود رسول اللہ سے پوچھ لیا کرتے تھے۔ اور واسطہ ور روایت کی کم ضرورت پڑتی تھی۔ حدیثون کی قلمبند کرنے کی اجازت نہ تھی۔ صحیح مسلم مین روایت ہے کہ لاتکتبوا عنی شیا الا القرآن ومن کتب عنی شیا غیر القرآن فلیمحہ۔ رسول اللہ کے بعد حضرت ابوبکرؓ کی خلافت شروع ہوئی۔ اور ابتدا ہی مین عرب کی بغاوت عام کا مقابلہ کرنا پڑا۔ اس سے فارغ ہوکر روم و ایران کی مہمین شروع ہوگئین۔ اور اونکی مختصر خلافت مین حدیثون کی چندان اشاعت نہو سکی۔ حضرت عمرؓ نے سات برس خلافت کی اور ملک مین نہایت امن وامان رہا۔ لیکن وہ دانستہ حدیثون کی کثرت کو روکتے رہے۔ علامۂ ذہبی نے طبقات الحفاظ مین لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ اس خوف سے کہ حدیث بیان کرنیوالا رسول اللہ کی طرف غلط روایت منسوب نکردے۔ صحابہ کو ہمیشہ حکم دیتے تھے کہ حدیثین کم بیان کیا کرین[۵۲]۔ ایک بار انصار کے ایک گروہ کو کوفہ بھیجا۔ چلتے وقت اون سے فرمایا کہ "تم لوگ کوفہ جاتے ہو۔ وہان ایک قوم سے ملوگے جو بڑی رقت سے قرآن تلاوت کرتے ہین۔ وہ تمہاری آمد سنکر مشتاق ہونگے کہ رسول اللہ کے اصحاب آئے ہین۔ رسول اللہ کے اصحاب آئے ہین۔ لیکن جب وہ تمہارے پاس آئین اور حدیثین سننی چاہین تو زیادہ حدیثین نہ بیان

حضرت عمر کثرت روایت کو روکتے تھے

[۵۱] سنن دارمی [۵۲] طبقات الحفاظ ترجمہ حضرت عمرؓ

کرنا"[۵۱] اسیطرح عراق -کو صحابہ جانے لگے تو حضرت عمرؓ -نے خود اونکی مشایعت کی - اور اون سے پوچھا کہ "جانتے ہو! مین کیون تمہارے ساتھ آرہا ہون" لوگون نے کہا تکرمۃ علینا- یعنی ہماری عزت افزائی کے لئے" فرمایا کہ ہان لیکن ایک اور مقصد ہے - وہ یہ کہ جہان جارہے ہو وہان لوگ اکثر قرآن کی تلاوت کیا کرتے ہین - اون کو حدیثون مین نہ پھنسا لینا اور رسول اللہ سے کم روایت کرنا" چنانچہ جب یہ لوگ قرظہ پہنچے - تو لوگ یہ سُنکر کہ صحابہ تشریف لائے ہین زیارت کو آئے -اور حدیثون کی خواہش ظاہر کی- ان لوگون نے اس بنا پر انکار کیا کہ "حضرت عمرؓ -نے منع کیا ہے"[۵۲]- حضرت ابوہریرہ -سے ابوسلمہ- نے پوچھا کہ آپ حضرت عمرؓ -کے زمانہ مین بھی اسطرح حدیثین روایت کیا کرتے تھے - بولے کہ نہین ورنہ عمرؓ- دُرّہ مارتے"[۵۳]

حضرت عثمانؓ -وحضرت علیؓ- کی مجموعی خلافت بیس اکیس برس رہی - اسمین احادیث کی زیادہ اشاعت ہوئی -صحابہ دور دور پہونچگئے تھے -ضرورتین بڑھتی جاتی تھین -نئے نئے مسئلے پیش آتے تھے -اِن اسباب نے حدیث و روایت کے سلسلہ کو بہت وسعت دی- حضرت عثمانؓ کے اخیر زمانہ مین بغاوت ہوئی -جسکا خاتمہ خلیفہ وقت کی شہادت پر ہوا - اور یہ پہلا موقع تھا کہ جماعت اسلام مین فرقہ بندیان قایم ہوئین -حضرت علیؓ- کی خلافت شروع ہی سے پُر آشوب رہی -ان اختلافات اور فتن کے ساتھ وضع احادیث کی ابتدا ہوئی اور اگرچہ کثرت اور انتشار زیادہ تر زمانۂ مابعد مین ہوا -لیکن خود صحابہ -کے عہد مین

---

[۵۱] مسند دارمی [۵۲] طبقات الحفاظ - ترجمہ حضرت عمر فاروقؓ [۵۳] طبقات الحفاظ - ترجمہ عمرؓ فاروق-

اہل بدعت نے سیکڑون ہزارون حدیثین - ایجاد کرلی تھین - مقدمۂ صحیح مسلم مین ہے کہ ایکبار بشیر عدوی حضرت عبداللہ بن عباس کے پاس آیا اور حدیث بیان کرنی شروع کی - اونھون نے کچھ خیال نہ کیا بشیر نے کہا ابن عباس! مین رسول اللہ سے روایت کررہا ہون اور تم متوجہ نہین ہوتے" فرمایا کہ "ایک زمانہ مین ہمارا یہ حال تھا کہ کسیکو قال رسول اللہ کہتے سنتے تھے تو فوراً ہماری نگاہین اوٹھ جاتی تھین اور کان لگاکر سنتے تھے - لیکن جب سے لوگون نے نیک و بد مین تمیز نہین رکھی ہم صرف اون حدیثون کو سنتے ہین جنکو ہم خود بھی جانتے ہین"

حدیثون کا وضع کیا جانا -

زبانی روایت سے گذر کر تحریرون مین بھی جعل شروع ہوگیا تھا مسلم - نے روایت کی ہے کہ ایک دفعہ عبداللہ بن عباس حضرت علیؑ - کے ایک فیصلہ کی نقل لے رہے تھے بیچ بیچ مین الفاظ چھوڑتے جاتے تھے اور کہتے تھے کہ "واللہ علیؑ - نے ہرگز یہ فیصلہ نہین کیا ہوگا" اسی طرح ایک اور دفعہ عبداللہ بن عباس - نے حضرت علیؑ - کی ایک تحریر دیکھی تو تھوڑے سے الفاظ کے سوا باقی سب عبارت مٹادی -

لوگون کو وضع حدیث کی زیادہ جرأت اس وجہ سے ہوتی تھی کہ اوسوقت تک اسناد و روایت کا طریقہ جاری نہین ہوا تھا - جو شخص چاہتا تھا قال رسول اللہ کہدیتا تھا - اور اثبات سند کے مواخذہ سے بری رہتا تھا - ترمذی - نے کتاب العلل - مین امام ابن سیرین سے روایت کی ہے کہ "پہلے زمانہ مین لوگ اسناد نہین پوچھا کرتے تھے - جب فتنہ پیدا ہوا تو اسناد کی پوچھ گچھ ہونے لگی - تاکہ اہل سنت کی حدیثین لیجائین اور اہل بدعت کی ترک

وضع حدیث اور روایت مین بے احتیاطی کے اسباب

کیجائین "۔ لیکن حدیث کی بے اعتباری اہل بدعت پر موقوف نہ تھی۔ اسلیئے یہ احتیاط چندان مفید نہوئی۔ اور غلطیون کا سلسلہ برابر جاری رہا۔

بنوامیہ۔ کا دور شروع ہوا اور بڑے زور شور سے حدیث نے ترویج پائی صحابہ کی تعداد جسقدر کم ہوتی جاتی تھی۔ اُسیقدر۔ اونکی قدر اور اُنکی طرف التفات بڑہتا جاتا تھا۔ تمدن مین بہت کچھ ترقی ہوگئی تھی۔ نئی نئی قومین مسلمان ہوتی جاتی تہین۔ ان نومسلمونکو ادہر تو اسلام کا نیا نیا جوش تھا۔ اُدہر۔ قوم فاتح کے مجمع مین عزت و اثر پیدا کرنیکی اس سے بڑہکر کوئی تدبیر نہ تھی۔ ان باتون نے اونکو معلومات مذہبی کا اس قدر شایق بنا دیا تہا کہ خود عرب۔ اونکی ہمسری کا دعوی نہین کرسکتے تھے۔ غرض تمام ممالک اسلامیہ مین گہر گہر حدیث و روایت کے چرچے پھیل گئے اور سیکڑون ہزارون درسگاہین قایم ہوگئین۔

لیکن جسقدر اشاعت کو وسعت حاصل ہوتی جاتی تھی۔ اعتماد اور صحت کا معیار کم ہوتا جاتا تھا ارباب روایت کا دایرہ اسقدر وسیع تہا کہ اوسمین مختلف خیال۔ مختلف عادات۔ مختلف عقائد۔ مختلف قوم کے لوگ شامل تھے۔ اہل بدعت جا بجا پھیل گئے تھے۔ اور اپنے مسایل کی ترویج مین مصروف تھے۔ سب سے زیادہ یہ کہ پوری ایک صدی گذر جانے پر بھی کتابت کا طریقہ مروج نہین ہوا تھا۔ ان اسباب سے روایتون مین اسقدر بے احتیاطیان ہوئین کہ موضوعات اور اغالیط۔ کا ایک دفتر بے پایان طیار ہوگیا۔ یہانتک کہ امام بخاری۔ نے اپنے زمانہ مین صحیح حدیثون کو جدا کرنا چاہا تو کئی لاکھ مین سے انتخاب کرکے جامع صحیح لکھی جسمین کُل ۷۲۹۷ حدیثین ہین۔ اوسمین بھی اگر مکررات نکال ڈالی جائین تو صرف ۲۷۶۱ حدیثین باقی

رہتی ہین -

سیکڑون ہزارون بلکہ لاکھون حدیثین دانستہ لوگون نے وضع کرلین - حماد بن زید کا بیان ہے کہ چودہ ہزار حدیثین صرف ایک فرقہ زنادقہ نے وضع کرلین[۵۱] - عبدالکریم وضاع نے خود تسلیم کیا تھا کہ چار ہزار حدیثین اوسکی موضوعات سے ہین[۵۲] - بہت سے ثقات اور پارسا تھے جو نیک نیتی سے فضائل اور ترغیب مین حدیثین وضع کرتے تھے حافظ زین الدین عراقی - لکھتے ہین کہ "ان حدیثون نے بہت ضرر پہونچایا کیونکہ ان واضعین کی تقدس اور تورع و زہد کی وجہ سے یہ حدیثین اکثر مقبول ہوگئین اور رواج پاگئین -

زنادقہ نے چودہ ہزار حدیثین وضع کین -

ایک شخص نے چار ہزار حدیثین وضع کین -

وضع کے بعد تساہلات - غلط فہمیان - بے احتیاطیون کا درجہ تھا - جنکی وجہ سے ہزارون اقوال رسول اللہ کی طرف بے قصد منسوب ہوگئے - بعض محدثین - کا قاعدہ تھا کہ حدیث کے ساتھ - حدیث کی تفسیر بھی بیان کرتے جاتے تھے اور اکثر حروف تفسیر حذف کردیتے تھے - جس سے سامعین کو دہوکا ہوتا تھا اور وہ اونکے تفسیری جملون کو بھی حدیث مرفوع سمجھ لیتے تھے - تعجب یہ ہے کہ اس قسم کے مسامحات بڑے بڑے ایمہ فن سے صادر ہوئے - امام زہری - جو امام مالک - کے اُستاد - اور حدیث کے ایک بڑے رکن تھے - اونکی نسبت علامہ سخاوی - لکھتے ہین وکذا کان الزہری یفسر الحدیث کثیرا وربما اسقط اداۃ التفسیر - یعنی اسیطرح - زہری - اکثر حدیث کی تفسیر کرتے تھے اور وہ حروف جن سے اوس عبارت کا تفسیر ہونا ظاہر ہو - چھوڑ دیا کرتے تھے" - وکیع - کا بھی یہی حال تھا - وہ اکثر

[۵۱] فتح المغیث صفحہ ۱۰۸ [۵۲] فتح المغیث صفحہ ۱۰۸ -

حدیث کے بیچ بیچ مین "یعنی" کہکر مطلب بیان کرتے جاتے - اور اکثر "یعنی" کا لفظ چھوڑ دیتے تھے جس سے سامعین کو اشتباہ ہوتا تھا کتب رجال و اصول حدیث مین اس قسم کی اور بہت مثالین ملتی ہین-

بڑی آفت تدلیس کی تھی جسکا ارتکاب بڑے بڑے ایمہ فن کرتے تھے - اس تدلیس نے اسناد کے اتصال کو بالکل مشتبہ کر دیا تھا - اِنکے سوا اور بہت سی بے احتیاطیان تھین جنکی تفصیل اصول حدیث کی کتابون مین ملسکتی ہے -

غرض امام ابو حنیفہ کے زمانہ مین احادیث کا جو دفتر طیار ہو چکا تھا - ہزارون موضوعات اغالیط - ضعاف - مدرجات - سے بھرا ہوا تھا - اوسوقت امام بخاری - و مسلم نہ تھے - جو صحیح حدیثون کے انتخاب کی کوشش کرتے - امام ابو حنیفہ - گو مہمات فقہ کی وجہ سے اسطرف متوجہ نہو سکے - تاہم انہون نے روایتون کی تنقید کی بنیاد ڈالی - اور اُسکے اصول وضوابط قرار دیے اونکے اصولِ تنقید نہایت سخت خیال کیے گئے ہین - یہانتک کہ محدثین نے اونکو متشدد فی الروایۃ کا لقب دیا ہے - تمام اور محدثین کی بہ نسبت امام صاحب کی قلیل الروایۃ ہونیکی ایک یہ بھی وجہ ہے بلکہ تمام اور وجوہ کی بہ نسبت یہ زیادہ قوی سبب ہے - علامہ ابن خلدون لکھتے ہین - والامام ابوحنیفۃ انما قلت روایتہ لما شدد فی شروط الروایۃ والتحمل یعنی "ابو حنیفہ کی روایتین اسلئے کم ہین کہ انہون نے روایت اور تحمل کی شروط مین سختی کی"-

حدیث - کے متعلق پہلا اجمالی خیال جو امام صاحب کے دل مین پیدا ہوا وہ یہ تھا کہ بہت کم حدیثین ہین جو صحیح ہین - یا یہ کہ بہت کم حدیثین ہین جنکی صحت کا کافی ثبوت موجود ہے -

امام صاحب کا خیال تھا کہ بہت کم حدیثین صحیح ہین

یہ صدا۔ اگرچہ جدت کی وجہ سے کسیقدر نامانوس صدا تھی اور اسی وجہ سے بعض بعض ارباب حدیث نے نہایت سخت مخالفت کی۔ لیکن امام صاحب اس خیال پر مجبور بلکہ معذور تھے۔ انہون نے یہ رائے مقلدانہ نہین قایم کی تھی۔ وہ اپنے زمانہ کے اکثر مشہور شیوخ سے ملے تھے۔ اور اونکے سرمایہ حدیث سے متمتع ہوئے تھے۔ حرمین کی بڑی بڑی درسگاہون مین برسون تعلیم پائی تھی۔ کوفہ۔ بصرہ۔ حرمین۔ مین ارباب روایت کا جو گروہ موجود تھا برسون کے تجربہ سے اونکے ذاتی اوصاف۔ اخلاق و عادات۔ پر اطلاع حاصل کی تھی۔ غرض اس مسئلہ کے متعلق اثباتاً یا نفیاً مجتہدانہ رائے قایم کرنے کے لئے جو شرطین درکار تھین۔ سب اونمین موجود تھین۔

اس خیال کا ایک بڑا سبب

اس خیال کا ایک بڑا سبب یہ بھی تھا کہ یہ مسئلہ کسی نہ کسی پیرایہ مین اونکے خاندان تعلیم مین وراثتاً چلا آتا تھا۔ حدیث و فقہ مین اونکے خاندان تعلیم کے مورث اول عبداللہ بن مسعود ہین اور مذہب حنفی کی بنیاد زیادہ تر انہین کی روایات و استنباطات پر ہے۔ عبداللہ بن مسعود اگرچہ بہت بڑے محدث تھے۔ لیکن اور محدثین صحابہ کی نسبت قلیل الروایۃ تھے جسکی وجہ یہ تھی کہ وہ متشدد اور محتاط تھے۔ علامہ ذہبی۔ اونکے تذکرہ مین لکھتے ہین کہ کان ممن یتحری فی الاداء ویشدد فی الروایۃ ** وکان یقل من الروایۃ للحدیث۔ یعنی عبداللہ بن مسعود اداء مین تحری اور روایت مین تشدد کرتے تھے۔ اور حدیث کی روایت کم کرتے تھے۔ ابراہیم نخعی۔ جو عبداللہ بن مسعود۔ کے بہ یک واسطہ شاگرد اور امام ابو حنیفہ کے بہ یک واسطہ اُستاد تھے۔ اونکا بھی یہی مذہب تھا اور اسی وجہ سے وہ صیرفی الحدیث کہلاتے تھے۔

امام ابوحنیفہ نے گو اور بہت سے درسگاہون مین تعلیم پائی تھی لیکن اونکی معلومات اور خیالات کا اصلی مرکز یہی خاندان تھا۔ یہی خاندانی اثر تھا جس نے اونکے دل مین یہ خیال پیدا کیا۔ اور اوسکو اونکے ذاتی تجربہ اور دقت نظر نے اور بھی قوت دی۔

امام صاحب کے اس خیال نے اگرچہ قبول عام کی سند حاصل نہین کی تاہم وہ بالکل بے اثر نہین رہا۔ امام مالک و امام شافعی۔ جو اجتہاد مین امام ابوحنیفہ سے متاخر ہین اونکے اصول اجتہاد مین اس خیال کا صاف پرتو پایا جاتا ہے۔ امام مالک نے روایت کے متعلق جو قید اور شرطین لگائی ہین وہ امام ابوحنیفہ کے شرایط کے قریب قریب ہین اور یہی وجہ ہے کہ مشددین فی الروایۃ۔ مین۔ امام ابوحنیفہ و امام مالک کا نام ساتھ ساتھ لیا جاتا ہے ابن الصلاح۔ مقدمہ مین لکھتے ہین۔ ومن مذاهب التشديد مذهب من قال لا حجة الا فيما رواه الراوي من حفظه وتذكره وذلك مروي عن مالك وابي حنيفة يعنی "مشددین کا یہ مذہب ہے کہ صرف وہ حدیث قابل حجت ہے جسکو راوی نے اپنی حفظ سے یاد رکھا ہو اور یہ قول مالک و ابوحنیفہ سے منقول ہے" محدثین نے لکھا ہے کہ امام مالک نے اول جب موطا لکھی تو اوس مین دس ہزار حدیثین تھین۔ پھر امام مالک زیادہ تحقیق کرتے گئے تو یہ تعداد کم ہوتی گئی۔ یہان تک کہ چھ سات سو رہگئی"۔ امام شافعیؒ نے صاف لفظون مین امام ابوحنیفہ کے خیالات ظاہر کئے ہین۔ امام بیہقی نے روایت کی ہے کہ ایک دن ہرم قرشی نے امام شافعی سے کہا کہ آپ وہ حدیثین لکھوائے جو رسول اللہ سے ثابت ہین۔ اونہون نے جواب دیا کہ "ارباب معرفت کے نزدیک صحیح حدیثین کم ہین۔ کیونکہ ابوبکر صدیقؓ۔

امام مالک و امام ابوحنیفہ کی شروط روایت قریب قریب متحد ہین۔

امام شافعی کا قول تھا کہ صحیح حدیثین بہت کم ہین

نے جو حدیثین رسول اللہ سے روایت کین اونکی تعداد سترہ سے زیادہ نہین ہے۔ عمر بن الخطابؓ۔ باوجود اسکے کہ رسول اللہ کے بعد مدت تک زندہ رہے اونکی روایت سے پچاس حدیثین بھی ثابت نہین حضرت عثمانؓ کا بھی یہی حال ہے حضرت علیؓ۔ اگرچہ لوگون کو حدیث سیکھنے کی ترغیب دلاتے تھے۔ لیکن اون سے بھی کم حدیثین مروی ہین کیونکہ وہ مطمئن نہین رہے۔ اون سے جو حدیثین مروی ہین اکثر حضرت عمر۔ اور حضرت عثمان۔ کے عہد خلافت کی ہین۔ ان لوگونکے سوا اور صحابہ سے بہت سی حدیثین مروی ہین لیکن اہل معرفت کے نزدیک وہ تمام روایتین صحیح سند سے ثابت نہین[۱]"

ان باتون سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ امام ابوحنیفہ۔ معتزلیون کی طرح احادیث کے منکر تھے یا صرف دس بیس حدیثون کو تسلیم کرتے تھے۔ اونکے شاگردون نے خود اون سے سیکڑون حدیثین روایت کی ہین۔ موطا امام محمد۔ کتاب الآثار۔ کتاب الحجج۔ جو عام طور پر متداول ہین۔ اِن مین بھی امام صاحب سے بیسیون حدیثین مروی ہین۔ البتہ اور محدثین کی نسبت اونکی احادیث مسلمہ کی تعداد کم ہے اور۔ اوسکی وجہ وہی شروطِ روایت کی سختی ہے۔ امام صاحب نے روایت کے متعلق جو شرطین اختیار کین کچھ تو وہی ہین جو اور محدثین کے نزدیک مسلم ہین۔ کچھ ایسی ہین جنمین وہ منفرد ہین یا صرف امام مالک اور بعض اور مجتہدین اونکے ہمزبان ہین۔

امام صاحب نے روایت کے لئے کیا شرطین مقرر کین۔

اِن مین سے ایک یہ مسئلہ ہے کہ "صرف وہ حدیث حجت ہے جسکو راوی نے اپنے

[۱] مناقب الشافعی از امام رازی فصل ثامن شرح مذہب شافعی - ۱۲

کانون سُنا ہو اور روایت کے وقت تک یاد رکھا ہو" یہ قاعدہ بظاہر نہایت صاف ہے جس سے کسی کو انکار نہین ہو سکتا لیکن اوسکی تفریعین نہایت وسیع اثر رکھتی ہین اور عام محدثین کو اون سے اتفاق نہین ہے۔ محدثین کے نزدیک اِن پابندیون سے روایت کا دایرہ تنگ ہو جاتا ہے اور اس سے ہمکو بھی انکار نہین۔ لیکن اسکا فیصلہ ناظرین خود کر سکتے ہین کہ احتیاط مقدم ہے۔ یا روایت کی وسعت۔ ہم بعض تفریعات کو کسیقدر تفصیل کے ساتھ ذکر کرتے ہین جس سے ظاہر ہو گا کہ امام ابو حنیفہ۔ کو کس خیال نے اِس قسم کی سختیون پر مجبور کیا تھا۔

اکثر شیوخ کا حلقۂ درس نہایت وسیع ہوتا تھا یہانتک کہ ایک ایک مجلس ہین دس دس ہزار سامعین جمع ہوتے تھے۔ اوسوقت متعدد مستملی یعنی نایب۔ جابجا بٹھائے جاتے تھے کہ شیخ کے الفاظ کو دور والون تک پہونچائین۔ بہت سے ایسے لوگ ہوتے تھے جنکے کانون ہین شیخ کا ایک لفظ بھی نہین پہونچتا تھا وہ صرف مستملی۔ کے الفاظ سُنکر حدیث روایت کرتے تھے۔ اب بحث یہ پیدا ہوتی ہے کہ جس شخص نے صرف مستملی سے سُنا وہ اصل شیخ کی نسبت حدثنا کہہ سکتا ہے یا نہین۔ اکثر ارباب روایت کا مذہب ہے کہ کہہ سکتا ہے۔ امام ابو حنیفہ۔ اسکے خلاف ہین۔ ایمہ محدثین مین سے حافظ ابو نعیم فضل بن دکین۔ زاید بن قدامۃ۔ امام صاحب کے ہمزبان ہین[۵۱]۔ حافظ ابن کثیر۔ نے لکھا ہے کہ "مقتضائے عقل یہی (امام ابو حنیفہ کا) مذہب ہے لیکن عام مذہب مین آسانی ہے[۵۲]"۔

---

۵۱ فتح المغیث صفحہ ۱۸۷ و ۱۸۸۔ ۵۲ فتح المغیث صفحہ ۱۸۸۔

امام ابو حنیفہ۔ کو اس احتیاط پر جس چیز نے مجبور کیا تھا وہ یہ تھی کہ اونکے زمانہ تک روایت بالمعنی کا طریقہ نہایت عام تہا اور بہت کم لوگ تھے جو الفاظ حدیث کی پابندی کرتے تھے۔ اسلیئے روایات مین تغیر و تبدل کا احتمال ہر واسطہ مین بڑہتا جاتا تھا۔ کم از کم یہ کہ ہر روایت پہلے واسطہ مین جسقدر قوی ہوتی تہی دوسرے واسطہ مین اوسکا وہ پایہ نہین قایم رہ سکتا تھا بے شبہ مستملی کے مقرر کرنے کا طریقہ قایم رکھنا ضرور تھا کیونکہ اکثر موقعون پر بغیر مستملی کے کام نہین چلسکتا تھا۔ لیکن ناانصافی تھی کہ جس شخص نے بلاواسطہ شیخ سے سنا ہو اور جسنے مستملی سے روایت کی ہو دونون کا ایک درجہ قرار دیا جاے۔ مستملی کبھی کبھی نہایت غافل اور بے سمجھ ہوتے تھے۔ اسلیئے غلطیون کا احتمال اور بھی قوی ہو جاتا تھا۔

اخبرنا وحدثنا کی مفہوم کی وسعت

اسیطرح بلکہ اس سے زیادہ غیر محتاط طریقہ یہ تھا کہ اخبرنا وحدثنا کو بعض بعض محدثین نہایت عام معنون مین استعمال کرتے تھے۔ امام حسن بصری۔ نے متعدد روایتون مین کہا ہے حدثنا ابو ھریرۃ۔ حالانکہ ابو ہریرہ۔ سے وہ کبھی نہین ملے تھے۔ انہون نے اسکی یہ تاویل کی تھی کہ ابو ہریرہ۔ نے جب وہ حدیث بیان کی تہی تو اوس شہر مین وہ موجود تھے۔ اسیطرح اور شیوخ۔ صحابہ کی نسبت حدثنا کا لفظ استعمال کرتے تھے اور معنی یہ لیتے تھے کہ اونکے شہر والون نے اون شیوخ سے سُنا تھا۔ محدث بزار۔ نے لکھا ہے کہ حسن بصری۔ نے اون لوگون سے روایت کی ہے جن سے وہ کبھی نہین ملے۔ اور تاویل یہ کرتے تھے کہ اونکی قوم نے وہ حدیث اون لوگون سے سُنی تھی"[۵۷] یہ امر علاوہ اسکے کہ ایک قسم کی

[۵۷] فتح المغیث صفحہ ۱۷۱۔

غلط بیانی تھی حدیث کی اسناد کو مشتبہ کر دیتا تھا۔ کیونکہ راوی نے جب خود شیخ سے حدیث نہیں سُنی تو بیچ مین کوئی واسطہ ہوگا اور چونکہ راوی نے اوسکا نام نہین بتایا اسلیے اوسکے ثقہ و غیر ثقہ ہونے کا حال نہین معلوم ہو سکتا صرف حسن ظن پر مدار رہگیا کہ ایسے شخص نے جس سے سُنا ہوگا وہ ضرور قابل استناد ہوگا۔ امام ابوحنیفہ نے اس طریقہ کو ناجایز قرار دیا۔ اور اونکے بعد اور ایمہ حدیث نے بھی اونکی متابعت کی۔

ارباب روایت کا ایک یہ طریقہ تھا کہ جب کسی شیخ سے کچھ حدیثین سُنین اور قلمبند کر لین تو ان اجزا سے روایت کرنی ہمیشہ جایز سمجھتے تھے۔ اسکو اسقدر وسعت دیگئی کہ گو راوی کو اون حدیثون کے الفاظ و معانی کچھ یاد نہ رہے ہون تاہم اس بنا پر کہ اجزا اوسکے پاس موجود ہین اونکی روایت کر سکتا ہے۔ امام ابوحنیفہ نے اس طریقہ کو قایم رکھا لیکن یہ قید لگائی کہ حدیث کے الفاظ و مطالب محفوظ ہونے چاہئین ورنہ روایت جایز نہین۔

اجزا سے روایت

یہ مسئلہ بھی اگرچہ عام طور پر نہین تسلیم کیا گیا تاہم جیسا کہ محدث سخاوی نے تصریح کی ہی امام مالک اور بہت سے ایمہ فن نے اوسکی موافقت کی۔ امام بخاری و مسلم وغیرہ کے زمانہ مین اس قید کی چندان ضرورت نہین رہی تھی کیونکہ اوسوقت روایت باللفظ کا عام رواج ہو چکا تھا۔ لیکن امام ابوحنیفہ کے عہد تک حدیثین زیادہ تر بالمعنی روایت کی جاتی تھین۔ اسلیے اگر راوی کو الفاظ حدیث۔ موقع حدیث۔ شان نزول۔ وغیرہ یاد نہین ہوتے تھے تو روایت کا بعینہا ادا کرنا قریباً ناممکن ہوتا تھا۔ اسی ضرورت سے امام ابوحنیفہ نے اس طریقہ کو محدود کر دیا۔ اور انصاف یہ ہے کہ ایسا کرنا ضروری تھا۔

روایت بالمعنی

سب سے زیادہ مہتم بالشان اور قابل بحث مسئلہ یہ ہے کہ روایت بالمعنی جایز ہے یا نہین۔ یا یہ کہ ایسی روایت قطعاً قابل حجت ہے یا نہین۔ یہ مسئلہ ہمیشہ مختلف فیہ رہا ہے اور اب بھی ہے۔ امام شافعی۔ نے روایت کی ہے کہ بعض تابعین نے ایک حدیث۔ متعدد صحابہ سے سُنی جسکو سب نے مختلف لفظون مین بیان کیا لیکن مطلب ایک تھا۔ اُنہون نے کسی صحابی سے یہ حقیقت بیان کی۔ صحابی نے جواب دیا کہ جب معنی مختلف نہین تو کچھ مضایقہ نہین ؎ اگرچہ امام شافعی۔ نے تابعی کا نام نہ بتایا جس سے روایت کی قوت اور ضعف کا اندازہ ہوسکتا۔ تاہم اس سے انکار نہین ہوسکتا کہ بعض صحابہ روایت بالمعنی جایز سمجھتے تھے اور اوسپر عمل کرتے تھے۔ بخلاف اسکے بعض صحابہ مثلاً عبداللہ بن مسعود کو روایت باللفظ پر اصرار تھا۔ علامہ ذہبی تذکرۃ الحفاظ مین اونکے حالات کے ذیل مین لکھتے ہین کہ وہ روایت مین سختی کرتے تھے اور اپنے شاگردون کو زجر کرتے تھے الفاظ کے ضبط مین بے پروائی نکرین۔

روایت بالمعنی مین صحابہ کی احتیاط۔

عبداللہ بن مسعود۔ جب کبھی بالمعنی روایت کرتے تھے تو ساتھ ہی یہ الفاظ استعمال کرتے تھے۔ او مثلہ او نحوہ او شبیہ بہ۔ اما فوق ذلک۔ واما دون ذلک واما قریب من ذلک۔ یعنی رسولؐ اللہ نے اسطرح فرمایا تھا یا اسکے مثل یا اسکے مشابہ یا اس سے کچھ زیادہ یا کم یا اسکے قریب فرمایا تھا۔ ابو الدرداء۔ کا بھی یہی حال تھا وہ حدیث بیان کرکے کہا کرتے تھے ھذا او نحو ھذا او شکلہ۔[۱] حضرت عمر رضی اللہ عنہ جو لوگون کو روایت حدیث سے منع کیا کرتے تھے اونکا بھی غالباً یہی منشا تھا۔ وہ جانتے تھے کہ الفاظ کم یاد رہ سکتے ہین اور معنی

---

[۱] فتح المغیث۔

کی عام اجازت مین تغیر و تبدل کا احتمال بڑہتا جاتا ہے۔

صحابہ کے دور کے بعد ہی یہ مسئلہ یکسو نہوا۔ تابعین کے دو گروہ تھے اور خود امام ابو حنیفہ کے استاد الاستاد روایت بالمعنی کے قایل تھے۔ آگے چلکر تو گویا اسپر اتفاق عام ہوگیا کہ روایت بالمعنی جایز ہے۔ چنانچہ اصول حدیث کی کتابون مین جمہور کا یہی مذہب بیان کیا جاتا ہے۔ مجتہدین مین سے صرف امام مالک اسکے خلاف ہین۔ محدثین کا ایک گروہ جسمین امام مسلم۔ قاسم بن محمد۔ محمد بن سیرین۔ رجاء بن حیواۃ۔ ابو زرعۃ۔ سالم بن ابی الجعد۔ عبد الملک بن عمر۔ داخل ہین۔ روایت باللفظ پر عمل کرتا تھا۔ لیکن عام محدثین جواز ہی کے قایل ہین اور حقیقت ایک ایسا فرقہ جسکا عام میلان ہر حالت مین کثرت روایت کی طرف ہو۔ جواز ہی کا قایل ہوسکتا تھا۔

اسمین شبہہ نہین کہ اکثر تابعین اور صحابہ نے بالمعنی حدیثین روایت کین۔ اور اگر شروع سے یہ قید لگائی جاے تو روایت کا دایرہ اسقدر تنگ ہوجاتا ہے کہ مسایل و احکام کے لئے کچھ باقی نہین رہتا۔ لیکن اس سے بھی انکار نہین ہوسکتا کہ روایت بالمعنی مین اصل روایت کا اصلی حالت پر قایم رکھنا اسقدر مشکل ہے کہ قریباً ناممکن ہے۔ زبان کے نکتہ شناس جانتے ہین کہ مرادف الفاظ بھی یکسان اثر نہین رکھتے اور معنی کی حیثیتون مین کچھ نہ کچھ فرق ضرور پیدا ہوجاتا ہے۔ حالانکہ مجوزین نے مرادف وغیرہ کی قید بھی نہین رکھی۔ اور اداے مطلب کو نہایت عام وسعت دی ہے۔ صحابہ سے زیادہ کوئی شخص رسول اللہ کے الفاظ و مطالب کا اندازہ دان نہین ہوسکتا تھا۔ اول تو وہ زباندان اور زبان کے

حاکم تھے۔ اسکے ساتھ شرفِ صحبت کی وجہ سے رسول اللہ کی طرز ادا طریقۂ گفتگو۔ انداز کلام۔ فحوائے سخن۔ سے خوب واقف تھے۔ تاہم کتب حدیث مین اسکی متعدد نظرین ملتی ہین کہ خود صحابہ سے اداے مطلب مین کمی یا زیادتی ہوگئی۔

ابن ماجہ۔ مین روایت ہے کہ ابو موسی اشعری۔ نے آنحضرت سے روایت کی ان المیت یعذب ببکاء الحی اذا قالوا واعضداہ واکاسباہ واناصراہ واجبلاہ یعنی جب مردہ پر یہ الفاظ کہکر رویا جاتا ہے تو اوسکو عذاب دیا جاتا ہے" کسی نے حضرت عائشہ۔ سے کہا کہ۔ ابن عمر۔ یہ حدیث بیان کرتے تھے۔ حضرت عائشہ۔ نے کہا مین یہ نہین کہتی کہ ابن عمر جھوٹ کہتے ہین لیکن اونکو سہو ہوا۔ واقعہ یہ ہے کہ ایک یہودی عورت مرگئی۔ اوسکے گھر والے اوسپر روتے تھے۔ آنحضرت نے سُنا تو فرمایا کہ "اوسکے گھر والے رو رہے ہین اوسپر قبر مین عذاب ہو رہا ہے" ایک اور روایت مین ہے کہ حضرت عائشہ نے قرآن کی یہ آیت پڑہی ولا تزر وازرۃ وزر اخری جس سے اسبات پر استدلال کیا کہ ایک شخص کے فعل کا دوسرا شخص ذمہ دار نہین ہوسکتا۔ گھر والے روتے ہین تو اونکا قصور ہے مردے نے کیا گناہ کیا ہے کہ اوسپر عذاب کیا جاوے۔ دیکھو اس حدیث مین رسول اللہ۔ نے یہودیہ عورت کا معذب ہونا بطور ایک واقعہ بیان کیا تھا۔ راوی نے رونے کو اوسکا سبب قرار دیا اور حدیث کے یہ الفاظ بیان کرکے کہ ان المیت لیعذب ببکاء الحی۔ یعنی مردہ کو۔ زندون کے رونیکی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے۔

اسیطرح غزوہ بدر۔ کے واقعہ مین عام روایت یہ ہے کہ رسول اللہ نے قلیب پر کھڑے

صحابہ سے۔ اداے مطلب مین جو کمی یا زیادتی ہوگئی اوسکی مثالین۔

ہوکر فرمایا ھل وجدتم ما وعد ربکم حقا۔ لوگون نے عرض کی کہ آپ مردون سے خطاب فرماتے ہین۔ ارشاد ہوا کہ "جو میننے کہا ان لوگون نے سن لیا"۔ لیکن یہ واقعہ حضرت عائشہ کے سامنے بیان کیا گیا تو اونہون نے فرمایا رسول اللہ نے یہ نہین فرمایا تھا بلکہ یہ الفاظ کہے تھے لقد علموا ان ما دعوتھم حق[۵۷] یعنی ان لوگون کو معلوم ہوگیا کہ جس چیز کی مین نے دعوت کی تہی۔ وہ حق ہے دیکھو ان دونون جملونکے مفہوم مین کسقدر فرق ہے اور اوس سے سماع موتی کے مسئلہ پر کیسا مختلف اثر پڑتا ہے۔

غرض جب صحابہ سے اس قسم کے مسامحات واقع ہوتے تھے تو دوسرے اور پیسر دور کا کیا ذکر ہے۔ لطف یہ ہے کہ جو لوگ روایت بالمعنی کے قایل ہین اونہون نے چند الفاظ مثالاً بتائے ہین کہ "انکو دوسرے لفظون مین اسطرح ادا کرسکتے ہین اور معنی مین مطلق فرق نہین پیدا ہوگا"۔ حالانکہ غور سے دیکھئے توان لفظون کے اثر مین صاف تفاوت نظر آتا ہے محدث سخاوی لکھتے ہین کہ حدیث مین آیا ہے۔ اقتلوا الاسودین الحیۃ والعقرب۔ اب بجائے اسکے یہ کہہ سکتے ہین کہ امر بقتلھما محدث سخاوی کے نزدیک اس مثال مین الفاظ کے اختلاف نے معنی مین کچھ فرق نہین پیدا کیا۔ حالانکہ اقتلوا اور امر بالقتل۔ مین صریح تفاوت ہے۔ اقتلوا۔ اگرچہ امر کا صیغہ ہے لیکن اسمین وہ تحتّم اور تاکید نہین ہے جو امر مین ہے۔

امام ابوحنیفہ۔ نے ان مشکلات کا اندازہ کرکے نہایت معتدل طریقہ اختیار کیا۔ جو حدیثین

---

۵۷ تاریخ کبیر علامہ ابوجعفر جریر طبری صفحہ ۱۳۳۲۔

روایت بالمعنی کے متعلق امام ابو حنیفہ کے اصول۔

اونکے زمانہ سے پہلے بالمعنی روایت ہوچکی تھین اور محدثین مین شایع تھین اونکے قبول سے توچارہ نہ تھا ورنہ روایت کا تمام دفتر بیکار ہوجاتا۔ اسلیئے امام صاحب نے اون حدیثون کو قبول کیا۔ لیکن یہ قید لگائی کہ "رُوات حدیث فقیہ ہون۔ یعنی الفاظ کے اثر اور مطالب کی تعبیر سے واقف ہون" تغیر مطالب کا احتمال اب بھی باقی رہتا ہے۔ لیکن احادیث کا مدار (جیسا کہ محدثین نے تصریح کردی ہے) ظن غالب پر ہے۔ اِسلیئے جبتک کوئی مخالف دلیل موجود نہو روایت بالمعنی قابل عمل ہوگی۔ امام صاحب۔ نے اون احادیث کو بھی قبول کیا جنکے رُواۃ ثقہ ہون اور فقیہ نہون۔ لیکن اونکا درجہ پہلے کی بہ نسبت کم قرار دیا اور اونمین اصول درایت کی زیادہ ضرورت سمجھی۔ امام صاحب کے اِن اصول سے اور ایمہ نے بھی اتفاق کیا۔ الفیۃ الحدیث مین ہے کہ "جو شخص مدلول الفاظ کو اچھی طرح نہین سمجھتا اوسکو روایت باللفظ ضروری ہے۔ البتہ جو شخص مطالب کا اندازہ دان ہے اوسکی نسبت اختلاف ہے۔ کثرت رائے اسطرف ہے کہ وہ الفاظ کا پابند نہین" لیکن امام ابوحنیفہ۔ نے اس اجازت کو صحابہ اور تابعین تک محدود کردیا اور اورلوگون کے لیئے روایت بالالفاظ کی قید لگائی۔ اور امام طحاوی۔ نے بسند متصل اون سے روایت کی ہے کہ "صرف وہ حدیث روایت کرنی چاہیئے جو روایت کرنیکے وقت اوسیطرح یاد ہو جسطرح سننے کے وقت یاد تھی"[۱] ملا علی قاری۔ اس روایت کو نقل کرکے لکھتے ہین اسکا حاصل یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ روایت بالمعنی کو جایز نہین رکھتے تھے"

[۱] شرح مسند امام اعظم از ملا علی قاری صفحہ ۳۔

اس پابندی مین اگرچہ امام مالک اور بعض محدثین نے امام ابوحنیفہ سے اتفاق کیا فتح المغیث مین ہے۔ وقیل لا تجوز له الروایة بالمعنی مطلقا قاله طایفة من المحدثین والفقهاء والاصولیین من الشافعیة وغیرهم۔ قال القرطبی وهو الصحیح من مذهب مالک[1]۔ لیکن عام ارباب روایت اس سختی کے کیونکر پابند ہو سکتے تھے۔ چنانچہ ایک بڑے فرقہ نے مخالفت کی اور امام صاحب کو متشدد فی الروایۃ ٹھہرایا۔ تاہم انصاف یہ ہے کہ جو اصول امام صاحب نے اختیار کیا وہ ضروری اور نہایت ضروری تھا۔ خود حدیث مین آیا ہے کہ نضر الله امرءاً سمع منا شیئا فبلغه کما سمعه۔ یعنی "رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ خدا اوس شخص کو شاداب کرے جسنے ہمسے کچھ سُنا اور اوسکو اوسیطرح پہونچایا جیسا کہ ہمسے سُنا تھا" اس سے زیادہ اسباب مین کسی دلیل کی کیا ضرورت ہے۔ صحابہ مین سے جو لوگ روایت باللفظ کو غیر ضروری سمجھتے تھے ممکن ہے کہ یہ حدیث اونکو نہ پہونچی ہو چنانچہ جن صحابہ کی نسبت ثابت ہے کہ انہون نے اس حدیث کو سنا تھا۔ مثلاً عبداللہ بن مسعود۔ جو اس حدیث کے راوی ہین۔ وہ الفاظ کے پابند تھے۔ امام ابوحنیفہ کے زمانہ مین یہ حدیث عام ہو چکی تھی۔ اسلیے اونکو اوسکی تعمیل مین کیا عذر ہو سکتا تھا۔

اصولِ درایت

فن حدیث مین سب سے بڑا کام امام ابوحنیفہ نے یہ کیا کہ درایت کے اصول قایم کیے اور اونکو احادیث کی تحقیق و تنقید مین برتا۔ فن حدیث کی ایک شاخ یعنی روایت پر ہمارے علما

---

[1] یعنی کہا گیا ہے کہ روایت بالمعنی مطلقاً جایز نہین۔ محدثین و فقہاء و اصولیین شافعیہ کا ایک گروہ اسی قول کا قایل ہے اور قرطبی نے کہا ہے کہ امام مالک کا صحیح مذہب یہی ہے۔ ۱۲

نے جسقدر توجہ کی اوسکی کوئی نظیر دنیا کی گذشتہ اور موجودہ تاریخ مین نہین ملسکتی۔ لیکن یہ افسوس ہے کہ اصول درایت کے ساتھ چندان اعتنا نہین کیا گیا۔ حافظ ابن حجر کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ اس فن مین بعض تصنیفین لکھی گئین۔ لیکن وہ اسقدر کم اور غیر متعارف ہین کہ گویا نہین ہین۔ اصول حدیث۔ ایک مستقل فن بنگیا ہے اور بڑی بڑی کتابین جو اس فن مین لکھی گئین عمومًا متداول ہین۔ لیکن اون سے اصول درایت کے متعلق بہت کم واقفیت حاصل ہوتی ہے۔ حالانکہ یہی اصول۔ فن حدیث کے نہایت ضروری اجزاء ہین۔ یہ عزت صرف امام ابوحنیفہ۔ کو حاصل ہے کہ جب اس فن کا نام و نشان بھی نہ تھا اوسوقت اونکی نگاہ ان باریک نکتون پر پہونچی۔ بے شبہہ صحابہ کی تاریخ مین جستہ جستہ اصول درایت کے آثار نظر آتے ہین اور درحقیقت وہی امام ابوحنیفہ۔ کے لئے دلیل راہ بنے۔ لیکن وہ باتین عام مسایل۔ کے ہجوم مین ایسی گم اور ناپید تھین۔ کہ اون پر عام لوگون کی نگاہ نہین پڑسکتی تھی۔

روایات کی صحت و عدم صحت کا مدار ہمیشہ راویون کے اعتبار و عدم اعتبار پر نہین ہوتا۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ایک واقعہ کی روایت جس سند سے بیان کی جاتی ہے اوسکے تمام راوی ثقہ اور قابل اعتبار ہوتے ہین لیکن واقعہ صحیح نہین ہوتا۔ حدیث مین بھی اسکی سیکڑون مثالین ملتی ہین۔ اسلئے ضرور ہے کہ صرف روات کی بنا پر احادیث کا فیصلہ نہ کیا جاے بلکہ یہ بھی دیکھا جائے کہ وہ اصول درایت کے مطابق ہین یا نہین۔

درایت - سے یہ مطلب ہے کہ جب کوئی واقعہ بیان کیا جائے تو اسپر غور کیجائے کہ وہ طبیعت انسانی کے اقتضا - زمانہ کی خصوصیتین - منسوب الیہ - کے حالات - اور دیگر قراین عقلی کے ساتھ کیا نسبت رکھتا ہے - اگر اس معیار پر پورا نہین اوترتا تو اسکی صحت کی مشتبہ ہوگی - یعنی یہ احتمال ہوگا کہ روایت کے تغیرات نے واقعہ کی صورت بدل دی ہے - اس قسم کے قواعد - حدیث کی تحقیق و تنقید مین بھی استعمال کئے جاتے ہین اور انہین کا نام اصول درایت ہے - علامہ ابن جوزی - جو فن حدیث مین بڑا پایہ رکھتے تھے لکھتے ہین[1] کہ "جس حدیث کو تم دیکھو کہ عقل کے مخالف یا اصول کے مناقض ہے تو یہ سمجھ لو کہ وہ موضوع ہے - اوسمین راویون کی تحقیق حال کی کچھ ضرورت نہین ہے - اسیطرح وہ حدیث بھی موضوع ہے جو حس و مشاہدہ سے باطل ثابت ہو - یا قرآن - حدیث متواتر - اجماع قطعی - کے خلاف ہو اور قابل تاویل نہو - یا جسمین ایک معمولی بات پر سخت عذاب کی دہمکی ہو یا ذراسے کام پر بڑے انعام کا وعدہ ہو - اسطرح کی حدیثین واعظون اور صوفیون کی روایتون مین بہت پائی جاتی ہین"۔

امام ابوحنیفہ - نے درایت کے جو اصول قایم کئے ہین ان مین سے بعض ہم اس مقام پر نقل

[1] ابن جوزی کے الفاظ جیسا کہ فتح المغیث مین منقول ہے یہ ہین - کل حدیث رایته یخالف العقول او یناقض الاصول فاعلم انه موضوع فلا تتکلف اعتباره ای لا تعتبر رواته ولا تنظر فی جرحهم - او یکون مما یدفعه الحس والمشاهدة او مباینا لنص الکتاب او السنة المتواترة والاجماع القطعی حیث لا یقبل شیء من ذلک التاویل او تضمن الافراط بالوعید الشدید علی الامر الیسیر او بالوعد العظیم علی الفعل الیسیر و هذا الاخیر کثیر موجود فی حدیث القصاص والطرقیة -

کرتے ہین

جو حدیث عقل قطعی کے مخالف ہو صحیح نہین۔

(۱) جو حدیث عقل قطعی کے مخالف ہو وہ اعتبار کے قابل نہین[۵۱]۔ یہ وہی قاعدہ ہے جسکو ابن جوزی نے تمام اصول درایت پر مقدم رکھا ہے۔ ابن جوزی۔ چھٹی صدی مین تھے اوسوقت اسلامی علوم۔ اوج کمال تک پہونچ گئے تھے۔ اور فلسفیانہ خیالات کا اثر زیادہ عام ہوگیا تھا۔ لیکن امام ابوحنیفہ۔ کے زمانہ تک مذہب مین عقل کا نام لینا ایک جرم عظیم تھا۔ امام صاحب۔ نے اول اول جب یہ قاعدہ قرار دیا اور روایات مین برتا تو سخت مخالفت ہوئی اس قسم کی حدیثین جنمین ناممکن اور محال واقعات۔ بیان کئے جاتے ہین امام صاحب کے سامنے پیش کیجاتی تہین تو وہ اون سے انکار کرتے تھے۔ یہ امر عام لوگون پر گران گذرتا تھا۔ کیونکہ ان لوگون کے خیال مین روایات کی تحقیق و تنقید کا مدار صرف رُواۃ کی حالت پر تھا۔ اصول درایت سے غرض نہ تھی۔ زمانۂ مابعد مین اگرچہ یہ قاعدہ۔ اصول حدیث۔ مین داخل کرلیا گیا۔ لیکن ارباب روایت نے اسکو بہت کم برتا اور اسی کا نتیجہ ہے کہ آج بیسیون عزخرف اور دوراز کار حدیثین قبول عام کے شرف سے ممتاز ہین۔

تلاث الغرانیق العلیٰ کی حدیث مین بیان کیا گیا ہے کہ "رسول اللہ کی زبان سے (سورہ نجم کی تلاوت کے وقت) بتون کی تعریف مین یہ الفاظ ادا ہوئے۔ تلاث الغرانیق العلیٰ وان شفاعتھن لترتجی۔ یعنی "یہ بت بہت معزز ہین اور اونکی شفاعت کی امید کیجاسکتی ہے" اور یہ الفاظ شیطان نے آنحضرت کی زبان مین ڈال دیئے تھے۔ چنانچہ

---

[۵۱] اس اصول کو علامہ ابن خلدون نے مقدمہ تاریخ مین امام ابوحنیفہ کی طرف منسوب کیا ہے۔

تلاوت کے بعد جبریل آئے اور اونھون نے یہ شکایت کی کہ مینے تو یہ الفاظ آپکو نہین سکھائی تھے آپنے کہان سے پڑھ دیئے۔ اس حدیث کو امام صاحب کے اصول کے موافق بعض محدثین مثلاً قاضی عیاض و ابو بکر بیہقی وغیرہ نے غلط کہا۔ لیکن محدثین کا ایک بڑا گروہ اوسکو اب بھی صحیح تسلیم کرتا ہے۔ متاخرین مین حافظ ابن حجر سے زیادہ نامور کوئی محدث نہین گذرا۔ وہ بڑے زور شور سے اس حدیث کی تائید کرتے ہین۔ اور فرماتے ہین کہ چونکہ اسکے رُواۃ ثقہ ہین اسلیے اوسکی صحت سے انکار نہین کیا جا سکتا!!! اسیطرح ردالشمس کی حدیث کو جسمین بیان کیا گیا ہے کہ حضرت علیؑ کی نماز عصر قضا ہو گئی تھی اسلیے آنحضرت کی دعا سے آفتاب غروب ہونکے بعد پھر طالع ہوا۔ محدث ابن جوزی نے جرأت کر کے موضوع کہا۔ لیکن حافظ ابن حجر و جلال الدین سیوطی وغیرہ نے نہایت شدت سے مخالفت کی۔ امام صاحب کے زمانہ مین اس سے زیادہ مخالفتین ہوئین لیکن وہ ان باتون کی کچھ پروا نہین کرتے تھے۔ لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ لفظ عقل سے امام صاحب کی مراد وہ وسیع معنی نہین ہین جو آج کل کے تعلیم یافتہ لوگون نے قرار دیے ہین جسکی رو سے شریعت کے بہت سے اصلی مسایل برباد ہوئے جاتے ہین۔

(۲) جو واقعات تمام لوگون کو رات دن پیش آیا کرتے ہین اونکے متعلق اگر رسول اللہؐ سے کوئی ایسی روایت منقول ہو جو اخبار احاد کے درجہ سے زیادہ نہو تو وہ روایت مشتبہ ہوگی۔ یہ اصول اس بنا پر ہے کہ جو واقعات تمام لوگون کو اکثر پیش آیا کرتے تھے اونکے متعلق جو کچھ آنحضرت کا ارشاد تھا اوسکی ضرورت تمام لوگون سے متعلق تھی۔ اسلیے صرف ایک آدھ

شخص تک اوس روایت کا محدود رہنا درایت کے خلاف ہے۔

اکثر مصنفین نے تصریح کی ہے کہ امام ابوحنیفہ اوس روایت کو قبول نہین کرتے تھے جو قیاس کے مخالف ہو۔ اگرچہ یہ قول محض بے اصل نہین ہے۔ لیکن اوسکی تعبیر مین لوگون نے اکثر غلطی کی ہے اور انہین غلط تعبیرات کا اثر ہے کہ امام ابوحنیفہ۔ کی نسبت ارباب ظاہر مین بہت سی بدگمانیان قایم ہوگئین۔ اِن لوگون نے امام صاحب کے مقصد و منشا پر کافی غور نہین کی اور عام راے قایم کرلی کہ وہ قیاس کو حدیث پر مقدم سمجھتے ہین۔ امام صاحب سے اس مسئلہ کے متعلق جو اقوال منقول ہین وہ صریح اس دعوی کے خلاف ہین۔ مسائل فقہ مین متعدد مثالین موجود ہین جنہین امام ابوحنیفہ نے حدیث و اثر کی وجہ سے قیاس کو مطلقاً ترک کردیا ہے۔ امام محمد۔ اس بحث مین کہ قہقہہ نماز ناقض وضو ہے۔ امام ابوحنیفہ کی طرف سے استدلال کرتے ہین اور لکھتے ہین۔ لولا ماجاء من الاثار کان القیاس علی ما قال اهل المدینة ولکن لاقیاس مع اثر ولا ینبغی الا ان ینقاد للاثار "یعنی قیاس وہی ہے جو اہل مدینہ کہتے ہین لیکن حدیث کے ہوتے قیاس کوئی چیز نہین۔ اور صرف حدیث ہی کی پیروی کرنی چاہیئے" اِس سے زیادہ اسباب مین کیا تصریح ہوسکتی ہے۔

عقود الجمان۔ کے مصنف نے مختلف روایتون سے امام ابوحنیفہ۔ کے خاص اقوال نقل کیئے ہین کہ مین حدیث کے مقابلہ مین قیاس کو دخل نہین دیتا۔ امام جعفر صادقؑ سے۔ امام صاحب۔ نے جو گفتگو کی تھی اوسمین بھی اِس خیال کا اظہار کیا ہے۔

اِن تصریحات کو دیکھکر بعضون نے اس انتساب مین تخصیص کی اور دعوی کیا کہ جو حدیث۔

مخالفت قیاس

قیاس جلی کے مخالف ہو۔ اوسکو امام صاحب قبول نہین کرتے"۔ عبد الکریم شہرستانی نے
اصحاب الرأے۔ کے بیان مین جہان امام ابوحنیفہ۔ اور اونکے تلامذہ کا ذکر آیا ہے لکھا ہے کہ
وربما یقدمون القیاس الجلی علی احاد الاخبار۔ یعنی یہ لوگ اکثر قیاس جلی کو اخبار احاد پر
ترجیح دیتے ہین۔ امام رازی۔ نے بھی مناقب الشافعی مین اسکی جابجا تصریح کی ہے اور
اس بنا پر امام ابوحنیفہ۔ کے مقابلہ مین۔ امام شافعی۔ کی ترجیح کے وجوہ قایم کیے ہین۔
مینے بہت کچھ جد و جہد کی کہ اس مسئلہ کے متعلق امام صاحب کا کوئی صریح قول مل سکے۔
لیکن نہ ملسکا۔ جن لوگون نے امام صاحب کی طرف اس قول کو منسوب کیا ہے غالباً صرف
استنباط سے کام لیتے ہین صریح قول نہین پیش کر سکتے۔ بے شبہ حنفیون کے اصول فقہ مین
یہ مسئلہ مذکور ہے کہ "وہ حدیث جسکی رُواۃ فقیہ نہون اور ہر طرح قیاس کے مخالف ہو۔ قابل حجت
نہین"۔ لیکن یہ حنفیون کا مسلمہ اصول نہین ہے۔ بلکہ صرف عیسیٰ بن ابان۔ اور اونکے
پیرون کی راے ہے۔ ابوالحسن کرخی۔ وغیرہ صریح اسکے مخالف ہین۔ اور صاحب مسلم الثبوت
نے اسی قول کو ترجیح دی ہے۔ تعجب اور سخت تعجب ہے کہ بغیر کسی ثبوت کے امام ابوحنیفہ۔
کی طرف یہ دعوی صرف اس اعتماد پر منسوب کر دیا گیا کہ فقہاے حنفیہ مین سے چند علما اوسکے
قایل ہین۔ بہت بڑی مثال۔ بیع مصراۃ۔ کی پیش کیجاتی ہے جس سے یہ ثابت کیا جاتا ہے
کہ امام ابوحنیفہ۔ نے اس مسئلہ مین صریح حدیث کے ہوتے ہوئے قیاس کو مقدم رکھا ہے[۱]۔

[۱] تعجب ہے کہ بڑے بڑے علما، یہانتک کہ امام غزالی۔ امام رازی۔ نے بھی۔ امام ابوحنیفہ کی نسبت یہ الزام لگایا اور
یہی بیع مصراۃ کی مثال پیش کی۔ ۱۲

لیکن اِن مدعیون کو معلوم نہین کہ اس مثال مین قیاس کی تقدیم بعض علماے حنفیہ کی ذاتی راے ہے - امام صاحب سے اوسکو کچھ واسطہ نہین- امام رازی- نے مناقب الشافعی - مین اتنی احتیاط کی کہ اس موقع پر امام ابوحنیفہ کا نام نہین لیا- بلکہ اصحاب ابی حنیفہ لکھا لیکن ہم اس احتیاط مین بھی اونکو معذور نہین رکھتے -کیونکہ یہ راے بعض حنفیونکی ہے نہ سب کی امام رازی- نے اصحاب کے لفظ سے جو تعمیم ظاہر کی وہ صحیح نہین -

بیع مصراۃ- کی حدیث کو امام ابوحنیفہ نے قیاس کی بنا پر رد نہین کیا بلکہ اوسکے نسخ کا دعوی کیا ہے -امام طحاوی -نے معانی الآثار مین اس بحث کو نہایت تفصیل سے لکھا ہے - وہ امام ابوحنیفہ -اور امام محمد- کا مذہب لکھکر لکھتے ہین - وذہبوا الی ان ما روی عن رسول اللہ فی ذلک مما تقدم ذکرنا لہ فھذا الباب منسوخ" یعنی یہ لوگ اسبات کے قایل ہوے ہین کہ اسبارہ مین جو کچھ رسول اللہ سے روایت کیا گیا ہے وہ منسوخ ہے۔

اس موقع پر ہم اس بحث کی تفصیل نہین کر سکتے صرف یہ بتانا چاہتے ہین کہ اس مسئلہ مین امام صاحب نے قیاس کو ترجیح نہین دی بلکہ نسخ کا ادعا کیا ہے حقیقت یہ ہے کہ اس قسم کے موقعون پر نہایت دقیقہ بینی سے دیکھنا چاہیے کہ جو اقوال امام صاحب کی طرف منسوب کیے جاتے ہین وہ ان سے ثابت بھی ہین یا نہین ؟ -متاخرین نے ان باتون مین کم احتیاط کی ہے - اسلیے ہمکو نہایت غور و تحقیق سے کام لینا ہے یہی بیع مصراۃ کی حدیث- ہمیشہ اصول موضوعہ کے طور پر پیش کی جاتی ہے اور اس سے ثابت کیا جاتا ہے کہ امام ابوحنیفہ- قیاس کو- حدیث پر مقدم رکھتے تھے -لیکن ذرا تحقیق سے

کام لو تو معلوم ہوتا ہے کہ اس تمام شور و غل کی کچھ اصل نہین۔

امام صاحب نے تصریح کی ہے کہ وہ حدیث کے مقابلہ مین قیاس کا اعتبار نہین کرتے

بخلاف اسکے نہایت قوی ذریعہ سے امام ابوحنیفہ کی تصریحات ثابت ہین کہ وہ حدیث صحیح کے مقابلہ مین قیاس کا مطلق اعتبار نہین کرتے تھے۔ امام محمد اس بحث کے ذیل مین کہ جو شخص رمضان مین بھولکر کچھ کھا پی لے تو روزہ نہین ٹوٹتا اور قضا نہین لازم آتی۔ حدیث پر استدلال کر کے لکھتے ہین کہ آثار کے ہوتے ہوئے راے کچھ چیز نہین۔ پھر امام ابوحنیفہ کا خاص قول نقل کرتے ہین کہ لولا ما جاء فی ھذا من الآثار لامرت بالقضا یعنی "اگر اسبارہ مین آثار موجود نہوتے تو مین قضا کا حکم دیتا"[۵۱]

ہان یہ ضرور ہے کہ احادیث کے ثبوت کے متعلق امام ابوحنیفہ کی شرطین نہایت سخت ہین۔ جبتک وہ شرطین پائی نہ جائین وہ حدیث کو قابل استدلال نہین سمجھتے لیکن اون شرطون کے ساتھ حدیث ثابت ہو تو اونکے نزدیک پھر قیاس کوئی چیز نہین۔

جس حد تک ہم تحقیق کر سکے امام ابوحنیفہ نے قیاس فقہی کو حدیث پر ہرگز مقدم نہین رکھا۔ لیکن اونکے زمانہ تک قیاس کا لفظ نہایت وسیع معنون مین مستعمل تھا۔ اور بےشبہ

قیاس کے ایک اور معنی۔

اون معنون کے لحاظ سے امام صاحب نے قیاس کو حدیثون مین دخل دیا ہے۔ مسائل اور احکام شرعیہ کے متعلق اسلام مین شروع ہی سے دو فرقے قایم ہو گئے تھے۔ ایک کا خیال تھا کہ شرعی احکام کسی مصلحت اور اقتضاے عقل پر مبنی نہین ہین۔ جسکا حاصل یہ ہے کہ حسن و قبح اشیاء عقلی نہین ہے۔ دوسرے فریق کی راے تھی کہ تمام احکام

---

۵۱ کتاب الحجج امام محمد

مصالح پر مبنی ہین - جنمین سے بعض کی مصلحتین صاف نمایان ہین اور خود شارع کے کلام سے اوسکے اشارے پاے جاتے ہین - بعض ایسے ہین جنکی مصلحت ہمکو معلوم نہین لیکن فی الواقع وہ مصالح سے خالی نہین - اِس اختلاف راے نے حدیثون کی روایت پر مختلف اثر پیدا کئے - بعض لوگ - جب کسی حدیث کو سنتے تھے تو صرف یہ دیکھ لیتے تھے کہ اوسکی راوی ثقہ ہین یا نہین - اگر اونکے خیال کے موافق قابل حجت ہین تو پھر انکو کوئی بحث نہین ہوتی تھی - اور بے تکلف اوس حدیث کو قبول کر لیتے تھے - دوسرا فریق جو حسن و قبح عقلی کا قایل تھا یہ بھی دیکھتا تھا کہ جو مسئلہ یا عقیدہ - حدیث سے مستنبط ہوتا ہے - وہ عقل و مصلحت کے موافق ہے یا نہین - اگر نہین ہوتا تھا تو وہ حدیث کی زیادہ تحقیق و تنقید کی طرف مایل ہوتے تھے - وہ دیکھتے تھے کہ راوی - فہم و درایت کے لحاظ سے کیا پایہ رکھتے ہین - روایت باللفظ ہے یا بالمعنی - موقع حدیث کیا تھا - کون لوگ مخاطب تھے - کیا حالت تھی - غرض اِس قسم کے اسباب اور وجوہ پر غور کرتے تھے - اِن باتون سے اکثر اصل حقیقت کا پتہ لگ جاتا تھا -

یہ طرز تحقیق خود صحابہ کے زمانہ مین قایم ہو چکا تھا - صحیح ابن ماجہ و ترمذی مین ہے کہ حضرت ابوہریرہ نے رسول اللہ سے حدیث روایت کی کہ توضوء امما غیرت النار یعنی جس چیز کو آگ نے متغیر کر دیا ہو اوسکے استعمال سے وضو ٹوٹ جاتا ہے" اسی بنا پر بعض مجتہدین قایل ہین کہ گوشت کھانے سے وضو لازم آتا ہے - ابوہریرہ نے جب یہ حدیث بیان کی تو عبد اللہ بن عباس - موجود تھے بولے کہ انتوضا من الحمیم - یعنی اس بنا پر تو گرم پانی کے

استعمال سے بھی وضو لازم آتا ہے"۔ ابوہریرہ نے کہا "اے برادرزادہ! جب رسول اللہ سے کوئی روایت سنو تو اوسپر مثالین نہ کہو" لیکن عبداللہ بن عباس اپنی راے پر قایم رہے حضرت عائشہ نے ابن عمر کی اس حدیث پر ان المیت یعذب ببکاء اھلہ۔ جو اعتراض کیا تھا۔ اسی طرز تحقیق پر مبنی تھا صحابہ کے حالات مین اس قسم کی متعدد مثالین ملتی ہین جنکا استقصا اس موقع پر ضروری نہین۔

امام ابوحنیفہ کا بھی یہی مسلک تھا اور اسی کو لوگون نے قیاس کے لفظ سے شہرت دی۔ اس مسئلہ پر کہ احکام شریعت مصالح پر مبنی ہین۔ اس موقع پر ہم تفصیلی گفتگو نہین کرسکتے۔ شاہ ولی اللہ صاحب کی بے نظیر کتاب حجۃ اللہ البالغہ اس بحث کے لیے کافی و وافی ہے۔ یہان صرف اسقدر کہنا ضرور ہے کہ علماے اسلام مین جو لوگ عقل و نقل دونون کے جامع تھے مثلاً امام غزالی۔ عزالدین عبدالسلام۔ شاہ ولی اللہ وغیرہ ان لوگون کا یہی مسلک تھا امام ابوحنیفہ احادیث کی تنقید مین اس اصول کو ضروری طور پر ملحوظ رکھتے تھے۔ دو متعارض حدیثین جو روایت کی حیثیت سے یکسان نسبت رکھتی تھین اونمین وہ اوس حدیث کو ترجیح دیتے تھے جو اصول مذکور کے موافق ہو۔

امام صاحب نے بعض موقعون پر محض اس اصول کی مخالفت کیوجہ سے بعض حدیثون کے تسلیم مین تامل کیا ہے۔ اونکی اصطلاح مین یہ ایک علت خفیہ ہے۔ محدثین نے اقسام حدیث مین ایک قسم **معلل** قرار دی ہے جسکی یہ تعریف کی ہے کہ "حدیث مین بظاہر صحت کی تمام شرطین پائی جاتی ہین اور وہ قابل استدلال نہین ہوتی"۔ اس قسم کی حدیثون کی تمیز

پر محدثین کو نہایت فخر ہے اور وہ اوسکو ایک قسم کا الہام سمجھتے ہین۔ علی بن المدینی جو امام بخاری کے اُستاد اور بہت بڑے مشہور محدث تھے اونکا قول ہے کہ ھی الھام وقلت للقیم بالعلل من این لک ھذا لم تکن لہ حجۃ[۱]۔ یعنی یہ الہام ہے اور اگر تم ماہر علل سے پوچھو کہ تمنے کیونکر اوسکو معلل کہا تو وہ کوئی دلیل نہین پیش کر سکتا۔ محدث ابو حاتم۔ سے ایک شخص نے چند حدیثین پوچھین انھون نے بعض کو مدرج۔ بعض کو باطل۔ بعض کو منکر۔ بعض کو صحیح بتایا۔ پوچھنے والے نے کہا کہ آپ کو کیونکر معلوم ہوا۔ کیا راوی نے آپکو ان باتون کی اطلاع دی ہے۔ ابو حاتم نے کہا نہین! بلکہ مجھکو ایسا ہی معلوم ہوتا ہے۔ سایل نے کہا تو کیا آپ علم غیب کے مدعی ہین۔ ابو حاتم۔ نے جواب دیا کہ تم اور ماہرین فن سے پوچھو۔ اگر وہ میرے ہمزبان ہون تو سمجھنا کہ مینے بیجا نہین کہا۔ سایل۔ نے ابوزرعہ۔ سے وہ حدیثین جا کر دریافت کین۔ انھون نے ابو حاتم کی موافقت کی۔ تب سایل کو تسکین ہوئی[۲]۔

بعض محدثین کا قول ہے۔ اثر یھجم علی قلوبھم لا یمکنھم ردہ وھیئۃ نفسانیۃ لا معدل لھم۔ یعنی "وہ ایک امر ہے جو ایکہ حدیث کے دلپر وارد ہوتا ہے اور وہ اسکو رد نہین کر سکتے اور نفسانی اثر ہے جس سے گریز نہین ہو سکتا"۔ محدثین کا یہ دعوی بالکل صحیح ہے۔ بے شبہ فن روایت کی ممارست سے ایک ملکہ یا ذوق پیدا ہو جاتا ہے۔ جس سے خود تمیز ہو جاتی ہے کہ یہ قول رسول اللہ کا ہو سکتا ہے یا نہین۔

[۱] فتح المغیث صفحہ ۹۸ - [۲] فتح المغیث صفحہ ۵۸ -

اسیطرح شریعت کے احکام اور مسایل - اور اونکے اسرار و مصالح کے تتبع اور استقرار سے ایسا ذوق حاصل ہوسکتا ہے - جس سے یہ تمیز ہوسکتی ہے کہ رسول ؐ اللہ نے یہ حکم دیا ہوگا یا نہین - لیکن ان اسرار اور مصالح کا تتبع محدث کا فرض نہین ہے - وہ مجتہد کے ساتھ مخصوص ہے - اور یہی وجہ ہے کہ جب اِن دقیق وجوہ کے لحاظ سے امام ابوحنیفہ نے بعض حدیثون کو معلل قرار دیا تو ارباب ظاہر نے مخالفت کی - اور بعضون کو بدگمانی ہوئی کہ امام صاحب حدیث کو عقل و راے کی بنا پر رد کرتے ہین - لیکن انصاف پسند انصاف کرسکتا ہے کہ جب روایات او ظاہر الفاظ کے استقرار سے محدثین کو ایسا مذاق پیدا ہوجاتا ہے جس سے وہ ایک حدیث کو جسمین بظاہر صحت کی تمام شرطین پائی جاتی ہین - رد کرسکتے ہین - تو کوئی وجہ نہین کہ جس شخص نے دقّت نظر اور نکتہ شناسی کے ساتھ احکام شریعت کے اسرار اور مصالح کا تتبع کیا ہو وہ ایسے وجدان اور ذوق سے محروم ہے البتہ یہ نہایت نازک اور ذمہ داری کا کام ہے جسکا صرف وہ شخص متکفل ہوسکتا ہے جو بہت ہی بڑا عالم - مجتہد - محدث - دقیقہ بین - مویدبتائید آلہی ہو - لیکن ان شرطون کا جامع امام ابوحنیفہ سے زیادہ کون ہوسکتا ہے -

مراتب احادیث کا تفاوت -

نہایت مہتم بالشان اور دقیق چیز جو امام ابوحنیفہ نے اس فن مین اضافہ کی وہ احادیث کے مراتب کا تفاوت اور اون تفاوتون کے لحاظ سے احکام شرعیہ کی تقسیم ہے - احکام اور مسائل کا پہلا ماخذ قرآن ہے جسمین کسی کو گفتگو نہین ہوسکتی - قرآن کے بعد حدیث کا رتبہ ہے - حدیث اور قرآن مین اصل امر کے لحاظ سے توچندان فرق نہین - وہ وحی متلو ہے

اور یہ غیر متناہ - جو کچھ تفاوت اور اختلاف ہے وہ ثبوت کی حیثیت سے ہے - اگر کوئی حدیث اوسی تواتر اور قطعیت سے ثابت ہو جسطرح قرآن ثابت ہے تو اثبات احکام مین وہ قرآن کے ہم پلہ ہے لیکن حدیثون کے ثبوت کے مراتب متفاوت ہین - اور احکام کے ثبوت مین انہین تفاوتون کے لحاظ کی ضرورت ہے - محدثین نے حدیث کی جو تقسیمین کی ہین یعنی صحیح - حسن - ضعیف - مشہور - عزیز - غریب - وغیرہ اونکے اختلاف مراتب سے احکام پر چندان اثر نہین پڑتا چنانچہ ان قسمون مین سے محدثین صرف ضعیف کا اعتبار نہین کرتے - باقی اقسام کو قریباً یکسان قابل حجت قرار دیتے ہین - محدثین کو اس سے زیادہ تدقیق اور امتیاز مراتب کی ضرورت بھی نہ تھی - کیونکہ استنباط احکام اور تفریع مسایل اونکا فرض نہ تھا لیکن امام ابوحنیفہ - کو تدوین فقہ کی وجہ سے جسکے وہ بانی اول ہین زیادہ تدقیق اور فرق مراتب کی ضرورت پڑی - انہون نے نوعیت ثبوت کے لحاظ سے حدیث کی تین قسمین قرار دین -

متواتر

(۱) متواتر - یعنی وہ حدیث جسکی رُواۃ ہر طبقہ روایت مین اس کثرت سے ہون جنکی تواطو علی الکذب کا گمان نہین ہو سکتا - یعنی رسول اللہ سے بیشمار لوگون نے روایت کی ہو اسیطرح اون لوگون سے لیکر اخیر زمانہ تک بیشمار رُواۃ روایت کرتے آتے ہون -

مشہور

(۲) مشہور - یعنی وہ حدیث جسکی رواۃ پہلی طبقہ روایت مین تو بہت نہون لیکن دوسرے طبقہ سے اخیر تک اوسی کثرت سے ہون جو متواتر کے لئے مشروط ہے -

احاد

(۳) احاد - جو متواتر اور مشہور نہو - اس تقسیم کا اثر اونکی راے کے موافق احکام شرعیہ پہ جو پڑتا ہے وہ یہ ہے کہ متواتر سے فرضیت اور رکنیت ثابت ہو سکتی ہے مشہور کا درجہ چونکہ

متواتر سے کم ہے۔ اسلئے اوس سے فرضیت کا اثبات تو نہین ہوسکتا۔ لیکن قرآن مین
جو حکم مطلق ہو۔ حدیث مشہور سے مقید ہوسکتا ہے۔ اسیطرح اوس سے زیادۃ علی الکتاب
ہوسکتی ہے۔ احاد کا ثبوت چونکہ بالکل ظنی ہے اسلئے وہ قرآن کے احکام منصوصہ پر کچھہ
اثر نہین پیدا کرسکتی۔ یہ مسئلہ اگرچہ نہایت واضح اور صاف ہے لیکن تعجب ہے کہ امام شافعی اور
بعض اور محدثین اسکے مخالف ہین۔ امام بیہقی وغیرہ نے بعض مناظرات نقل کئے ہین
جو امام شافعی اور امام محمد مین واقع ہوے اور جنمین یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس مسئلہ مین امام
شافعی نے امام محمد کو بند کردیا۔ اگرچہ ہمارے نزدیک یہ مناظرے فرضی مناظرے ہین جنکا
ثبوت اصول روایت کے مطابق ہرگز نہین ہوسکتا۔ لیکن اس سے اسقدر ضرور ثابت
ہوتا ہے کہ اس مسئلہ کا انتساب۔ امام ابوحنیفہ کی طرف ضرور صحیح ہے۔

قوی سے قوی اعتراض اس مسئلہ پر جو کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ خود امام ابوحنیفہ اور اونکے
تلامذہ اوسکے پابند نہ رہ سکے۔ شاہ ولی اللہ صاحب نے حجۃ اللہ البالغہ مین لکھا ہے کہ
"امام شافعی نے امام محمد سے کہا کہ کیا آپکے نزدیک خبر واحد سے قرآن پر زیادتی نہین
ہوسکتی۔ امام محمد نے کہا ہان۔ امام شافعی نے کہا قرآن مجید مین وارثون کے حق مین وصیت
کا حکم ہے آپ اس حدیث کی بناپر لا وصیۃ لوارث وصیت کو ناجایز کیون قرار دیتے ہین؟"
غالباً شاہ صاحب نے یہ روایت بیہقی کی کتاب مناقب الشافعی سے لی ہے جسمین اور
بھی بہت بے سروپا روایتین مذکور ہین لیکن ہم شاہ صاحب کی خدمت مین عرض کرتے ہین
کہ حنفیون کے نزدیک وارثون کے حق مین وراثت کا حکم کسی حدیث سے نہین منسوخ ہوا

بلکہ خود قرآن مجید کی اُس آیت سے جسمین توریث کے احکام ہین - یہ صرف حنفیون ہی کی راے نہین بلکہ تمام مفسرین کا یہی قول ہے (الا الشاذ النادر منہم)

ان مسایل پر اور بھی بہت سی بحثین پیدا ہو گئی ہین جنکی تفصیل ہم نہین کر سکتے - لیکن اخبار احاد کی بحث اور اوس سے عقاید اسلام پر جو اثر پڑتا ہے اوسکو ہم اس موقع پر تفصیل سے لکھتے ہین - کیونکہ بعض محدثین کو زیادہ تر اسی مسئلہ مین اون سے اختلاف ہے -

اخبار احاد کی نسبت اگرچہ محققین اور اکثر ائمہ حدیث کا یہی مذہب ہے کہ وہ ظنی الثبوت ہین لیکن ایک فرقہ اسکے خلاف بھی ہے - جسکے سرگروہ علامہ بن الصلاح ہین - اگرچہ علامہ بن الصلاح نے بھی اخبار احاد کی تمام اقسام کو قطعی نہین تسلیم کیا ہے - انہون نے حدیث صحیح کی سات قسمین کی ہین (۱) جسپر بخاری و مسلم دونون متفق ہون (۲) بخاری متفرد ہون - (۳) مسلم متفرد ہون (۴) بخاری و مسلم نے اوسکو روایت نہ کیا ہو لیکن اونکی شرطون کے موافق ہو - (۵) صرف بخاری کی شرط پر ہو - (۶) صرف مسلم کی شرط پر ہو - (۷) بخاری و مسلم کی شرط کے موافق نہو - لیکن اور محدثین نے اوسکو صحیح تسلیم کیا ہو - ان سات قسمون مین سے علامہ بن الصلاح - پہلی قسم کو قطعی الصحۃ قرار دیتے ہین اور لکھتے ہین وھذا القسم جمیعہ مقطوع بصحتہ والعلم النظری واقع بہ متفردات بخاری اور مسلم - کی نسبت اونکی راے ہے کہ اسی قبیل مین داخل ہین - بجز اون چند حدیثون کے جن پر دار قطنی وغیرہ نے جرح کی ہے - ابن الصلاح کا قول - اگرچہ ظاہر بینون مین اور بالخصوص آج کل زیادہ رواج پا گیا ہے - لیکن کچھ شبہہ نہین کہ وہ بالکل غلط اور بے دلیل خیال ہے - اور خود

ایمہ حدیث اوسکے مخالف ہین - علامہ نووی شرح صحیح مسلم مین ابن الصلاح - کاقول تفصیلاً نقل کرکے لکھتے ہین وھذا اللذی ذکرہ الشیخ فی ھذہ المواضع خلاف ما قالہ المحققون والاکثرون - فانھم قالوا احادیث الصحیحین اللتی لیست بمتواترۃ انما تفید الظن فانھا احاد والاحاد انما تفید الظن علی ما تقرر ولا فرق بین البخاری ومسلم وغیرھما فی ذلک - یعنی شیخ ابن الصلاح - نے ان موقعون پر جو کچھ کہا وہ محققین اور اکثرون کی راے کے خلاف ہے کیونکہ محققین اور اکثرون کا قول ہے کہ صحیحین کی حدیثین جو تواتر کے رتبہ کو نہین پہونچی ہین صرف ظن کی مفید ہین کیونکہ وہ اخبار احاد ہین اور اخبار احاد کی نسبت ثابت ہو چکا ہے کہ اون سے صرف ظن پیدا ہو سکتا ہے - اور اسباب مین بخاری و مسلم اور اور لوگ برابر ہین" ابن الصلاح کے قول کو اور ایمہ فن نے بھی رد کیا ہے لیکن ہم اس بحث کو نقلی طور سے طے کرنا نہین چاہتے ہمکو خود غور کرنا چاہیئے کہ اخبار احاد سے یقین پیدا ہو سکتا ہے یا ظن -

احاد کی ظنی الثبوت ہونے کی تحقیق -

کسی حدیث کو جب ایک محدث گو وہ کسی رتبہ کا ہو صحیح کہتا ہے تو اوسکا یہ دعوی درحقیقت چند ضمنی دعوٰن پر مشتمل ہوتا ہے - یعنی یہ کہ [1] یہ روایت متصل ہے - اوسکی [2] رواۃ ثقہ ہین - [3] ضابطہ القلب ہین - روایت مین شذوذ نہین ہے - کوئی علۃ قادحہ نہین ہے - یہ سب امور ظنی اور اجتہادی ہین - جن پر یقین کی بنیاد نہین قایم ہو سکتی - جسطرح ایک فقیہ کسی مسئلہ کو قرآن یا حدیث سے استنباط کرکے اپنی دانست مین صحیح سمجھتا ہے اور اوسکی صحت یقینی نہین ہوتی - کیونکہ استنباط مین جن مقدمات سے اوسنے کام لیا ہے اکثر اوسکے ظنیات ہین -

اسیطرح حدیث کا حال ہے۔کسی حدیث کو صحیح کہنا محدث کے ظنیات و اجتہادات پر مبنی ہے
ایک یا چند محدثین نے کسی حدیث کو اگر صحیح کہا ہے۔اور دوسرا شخص اوسکی صحت
نہین تسلیم کرتا تو وہ صرف اس گناہ کا مجرم ہے کہ اوس محدث یا محدثین کے اصول تحقیق۔ تو ہد
استنباط۔طریق روایت۔غرض اونکے اجتہادات اور مزعومات کا مخالف ہے۔

حدیث کی تحقیق و تنقید کے لئے محدثین نے جو اصول مقرر کئے ہین اور جنپر احادیث کی
صحت کا مدار ہے، سب عقلی اور اجتہادی مسایل ہین اور یہی وجہ ہے کہ اونمین۔خود محدثین
باہم اختلاف عظیم رکھتے ہین۔ظاہر بینون کا خیال ہے کہ حدیث کا فن نقلی ہے نہ عقلی۔
لیکن جس شخص نے اصول حدیث پر غور کی ہے وہ اس خیال کی غلطی کو نہایت آسانی سے
سمجھ سکتا ہے۔اسی نکتہ کی طرف امام ابوحنیفہ۔نے اشارہ کیا ہے کہ ھذا الذی نحن فیہ
رای لانجبر علیہ احدا ولا نقول یجب علی احد قبولہ بعضون نے غلطی سے
امام صاحب کے اس وسیع قول کو فقہ پر محدود سمجھا۔لیکن اونکو معلوم نہین کہ مجتہد کو مسایل سے
زیادہ مسایل کے ماخذ سے بحث ہوتی ہے۔

اصول حدیث۔کے ظنی اور اجتہادی ہونیکا ہی اثر ہے کہ محدثین کو احادیث کی صحت
و عدم صحت مین باہم اختلاف ہوتا ہے۔ایک محدث ایک حدیث کو نہایت صحیح مستند۔
واجب العمل قرار دیتا ہے۔دوسرا اوسی کو ضعیف بلکہ موضوع کہتا ہے۔محدث ابن جوزی
نے بہت سی حدیثون کو موضوعات مین داخل کیا ہے جنکو دوسرے محدثین صحیح اور حسن
کہتے ہین۔ابن جوزی نے تو یہ قیامت کی کہ صحیحین کی بعض حدیثون کو موضوع لکھدیا۔

علامہ سخاوی لکھتے ہین۔ بل ربما ادرج فیہا الحسن والصحیح مما ھو فی احدی الصحیحین فضلا عن غیرھما یعنی "ابن جوزی نے حسن اور صحیح تک کو جو بخاری یا مسلم مین موجود ہین موضوعات مین درج کر دیا ہے۔ دوسری کتابون کا کیا ذکر ہے" بے شبہہ ابن جوزی نے اس افراط مین غلطی کی۔ لیکن یہ غلطی ایک اجتہادی غلطی ہے۔ جسکا حاصل اسیقدر ہے کہ انہون نے بخاری یا مسلم کی صحیح اجتہاد کو غلط خیال کیا۔ ان اصولی اختلافات کی وجہ سے احادیث کی صحت اور عدم صحت مین جو اختلافات پیدا ہو گئے ہین اونکا استقصار کیا جاے تو ایک ضخیم کتاب تیار ہو سکتی ہے۔

حدیث مرفوع کی پہلی ضروری شرط یہ ہے کہ رسول اللہ تک متصل ثابت ہو۔ لیکن اتصال کے ثبوت کے جو طریقے تسلیم کئے ہین اونمین اکثر ظنی اور اجتہادی ہین۔ صحابہ کے ان الفاظ کو۔ "یہ امر سنت سے ہے" "ہمکو یہ حکم دیا گیا تھا" "ہم اسبات سے روکے گئے تھے" "رسول اللہ کے زمانہ مین ہم فلان کام کرتے تھے" "یا ہم اوسکو برا نہین سمجھتے تھے" اکثرون نے مرفوع قرار دیا ہے اور بعضون نے یہانتک وسعت دی کہ جن حدیثون مین یہ الفاظ تھے اونکو ان لفظون سے روایت کر دیا کہ "رسول اللہ نے یہ فرمایا" حالانکہ یہ الفاظ اس معنی مین قطعی الدلالۃ نہین ہین۔ بلکہ صحابہ کے ظن اور اجتہاد پر مبنی ہین جسکی نسبت عموماً تسلیم کیا گیا ہے کہ فہم الصحابی لیس بحجۃ۔ یعنی صحابی کی سمجھہ کوئی دلیل نہین۔ اسی بنا پر بعض علما نے اختلاف کیا اور کہا کہ یہ الفاظ اتصال و رفع کے لئے کافی نہین ہین۔ امام شافعی۔ ابن حزم ظاہری۔ ابو بکر رازی۔ اور دیگر محققین نے۔ صحابہ کے اس قول کو کہ "یہ فعل سنت سے ہے"

حدیث مرفوع نہین قرار دیا۔ کتب سیر و احادیث مین بیسیون مثالین ملتی ہین جنمین صحابی نے یہ الفاظ استعمال کئے اور وہ حدیث نبوی نہ تھی۔ بلکہ خود اونکا قیاس و اجتہاد تھا۔ لیکن اکثر محدثین نے ان حدیثون کو مرفوع کہا۔ اِس خیال نے یہ آفت پیدا کی کہ اوسکی بنا پر بعض رواۃ نے صریح مرفوع الفاظ مین حدیث کی روایت کردی۔ جسکی وجہ سے ایک عام شبہ پیدا ہوگیا۔

معنعن روایتین

معنعن روایتون مین اتصال کا ثابت ہونا نہایت مشکل ہے۔ حالانکہ اس قسم کی روایتین کثرت سے ہین۔ امام بخاری کا مذہب ہے کہ معنعن حدیثون مین اگر یہ ثابت ہو کہ راوی اور مروی عنہ دونون ہمزمان تھے اور کبھی ملے بھی تھے تو وہ حدیث متصل سمجھی جائیگی۔ امام مسلم حالانکہ امام بخاری۔ کے شاگرد اور زیادہ تر اونہین کے طریقے کے پیرو تھے۔ تاہم انہون نے نہایت سختی سے اس شرط کی مخالفت کی اور صرف ہمزمان ہونا کافی سمجھا[۱]۔ اس اختلاف کا نتیجہ ہے کہ امام بخاری۔ کے اصول کے موافق۔ امام مسلم کی وہ تمام معنعن روایتین جنمین لقا نہین ثابت ہے منقطع ہین۔ حالانکہ امام مسلم۔ اونکو متصل سمجھتے ہین۔ اور اوسپر اونکو یہانتک اصرار ہے کہ اپنے مخالف کو سخت الفاظ سے یاد کرتے تھے۔ امام مسلم۔ نے تو زیادہ توسیع کی لیکن امام بخاری۔ کی شرط کے موافق بھی معنعن روایت مین۔ اتصال کا ثبوت محض ظنی ہے۔ یہ کچھ ضرور نہین کہ دو شخص ہمزمان اور ہم لقا ہون تو اونکی روایتین ہمیشہ بالذات ہون۔ جہان حدثنا۔ اور اخبرنا۔ ہوگا۔ وہان ایسا ہونا البتہ ضرور ہے۔ لیکن اگر یہ الفاظ نہین ہین اور

[۱] دیکھو مقدمہ صحیح مسلم۔

راوی نے عن کے لفظ سے روایت کی ہے تو اتصال کا خیال قیاس غالب ہوگا لیکن یقینی نہوگا۔ حدیث وسیر مین بیسیون مثالین ملسکتی ہین کہ دو راوی۔ ایک زمانہ مین تھے اور آپسمین ملاقات بھی تھی۔ تاہم ایک نے دوسرے سے بعض روایتین بواسطہ کین۔ روزمرہ کے تجربون مین اسکی سیکڑون شہادتین ملتی ہین۔

رجال کی تنقید

سب سے بڑا ضروری اور اہم مسئلہ رجال کی تنقید ہے۔ اخبار احاد کا تمامتر مدار رجال پر ہے۔ لیکن رجال کی تنقید و توثیق۔ ایسا ظنی مسئلہ ہے جسکا قطعی فیصلہ نہایت مشکل اور قلیل الوجود ہے۔ ایک شخص کو بہت سے لوگ نہایت ثقہ۔ نہایت متدین۔ نہایت راستباز سمجھتے ہین اوسی شخص کو دوسرے اشخاص ضعیف الروایۃ۔ غیر ثقہ۔ ناقابل اعتبار۔ خیال کرتے ہین۔ لطف یہ ہے کہ دونون فریق اس رتبہ کے لوگ ہوتے ہین جنکی عظمت وشان سے انکار نہین کیا جاسکتا۔ امام بخاری و مسلم مین گو ایسا سخت اختلاف نہین ہے۔ تاہم بہت سی رواۃ ہین جنکو ان دونون امامون مین۔ سے ایک قابل حجت سمجھتا ہے اور دوسرا نہین سمجھتا۔ علامہ نووی۔ نے مقدمہ شرح صحیح مسلم مین بعضون کے نام بھی لکھے ہین۔ اور محدث حاکم۔ کی کتاب المدخل سے نقل کیا ہے کہ اون لوگون کی تعداد جنسے امام مسلم نے مسند صحیح مین احتجاج کیا ہے اور امام بخاری۔ نے جامع صحیح۔ مین اون سے حجت نہین لی ۶۲۵ ہے۔

میزان الاعتدال۔ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سیکڑون بلکہ ہزارون رواۃ ہین جنکی جرح وتعدیل مختلف فیہ ہے اور ایسا ہونا ضرور تھا۔ کسی شخص کے اون تمام اوصاف و

عادات پر مطلع ہونا جنکا اثر روایت کی قوت وضعف پر پڑ سکتا ہے۔ مدتون کی ملاقات اور تجربہ پر موقوف ہے۔ جو لوگ جرح وتعدیل کے کام مین مصروف تھے سیکڑون ہزارون راویون سے ایسی عمیق واقفیت کیونکر حاصل کر سکتے تھے۔ اسی لئے مختلف قراین۔ ظاہری آثار عام شہرت۔ تیممی روایتون سے کام لینا پڑتا تھا اور بہت کم قطعی فیصلہ ہو سکتا تھا۔ اگرچہ محدثین نے ان متعارضات کے رفع کرنے کے لئے اصول قرار دئے ہین۔ لیکن وہ اصول خود اجتہادی اور مختلف فیہ ہین۔ اسکے علاوہ متعدد موقعون پر محدثین کو خود اپنے اصول سے انحراف کرنا پڑتا ہے۔ جرح کو عموماً تعدیل پر مقدم مانا گیا ہے۔ لیکن بہت سی رواۃ ہین جنکی نسبت اس قاعدہ کی پابندی نہین کیجاتی۔ محمد بن بشار المصری۔ احمد بن صالح مصری۔ عکرمہ مولی بن عباس۔ کی نسبت سفر جرحین موجود ہین تاہم ان جرحون کا اعتبار نہین کیا جاتا۔

تعجب یہ ہے کہ جارحین و معدلین دونون ایمہ فن ہوتے ہین اور اونکی رایون مین اسقدر اختلاف ہوتا ہے جس سے تعجب پیدا ہوتا ہے۔ جابر جعفی کوفی۔ ایک مشہور راوی ہے جسکو دعوی تہا کہ مجھکو پچاس ہزار حدیثین یاد ہین۔ اوسکی نسبت ایمہ جرح وتعدیل کی یہ رائین ہین۔ سفیان کا قول ہے کہ مینے جابر۔ سے زیادہ محتاط حدیث مین نہین دیکھا شعبہ کہتے ہین جابر جب اخبرنا وحدثنا کہین تو وہ اوثق الناس ہین۔ امام سفیان ثوری۔ نے شعبہ سے کہا کہ اگر تم جابر جعفی مین گفتگو کروگے۔ تو مین تم مین گفتگو کرونگا۔ وکیع۔ کا قول ہے کہ تم لوگ اور کسی بات مین شک کرو تو کرو۔ لیکن اس بات مین کچھ شک نہ کرو کہ جابر جعفی۔ ثقہ ہین۔ اسکے مقابلہ مین اور ایمہ فن کی رائین ہین جسکے یہ الفاظ ہین کہ وہ متروک ہے۔ کذاب ہے۔ وضاع ہے ۔

چنانچہ اخیر فیصلہ جو پچھلے محدثون نے کیا وہ یہی ہے کہ جابر کی روایت قابل اعتبار نہین۔ اس سے یہ غرض نہین کہ جرح و تعدیل کا فن ناقابل اعتبار ہے۔ بلکہ یہ مقصود ہے کہ جن وسایل اور طرق سے رجال کے حالات قلمبند کئے گئے اور کئے جا سکتے تھے۔ اونکا مرتبہ ظن غالب۔ یا محض ظن سے فایق نہین ہو سکتا۔ اسلئے اوسپر یقینیات اور قطعیات کی بنیاد نہین قایم ہو سکتی۔

ان امور کے بعد تاویہ معنی کی بحث باقی رہتی ہے۔ مثلاً ایک حدیث تمام محدثین اور مجتہدین کے اصول کے موافق متصل بھی ہے۔ رُواۃ بھی ثقہ ہین۔ شذوذ بھی نہین ہے لیکن یہ بحث اب بھی باقی ہے کہ راوی نے ادائے مطلب کیونکر کیا؟ موقع اور محل روایت کی تمام خصوصیتین ملحوظ رکھین یا نہین؟ فہم مطلب۔ یا طریقہ ادا مین تو کوئی غلطی نہین کی؟ چونکہ یہ مسلم ہے کہ حدیثین اکثر بالمعنی روایت کی گئی ہین اسلئے ان احتمالات کو زیادہ قوت ہو جاتی ہے۔ صحابہ۔ کے زمانہ مین کسی روایت کی صحت سے انکار کیا جاتا تھا۔ تو اسی بنا پر کیا جاتا تھا۔ ورنہ یہ ظاہر ہے کہ صحابہ عموماً ثقہ تھے اور اونکی روایت مین انقطاع کا کوئی احتمال نہ تھا۔ صحیح مسلم باب التیمم مین ہے کہ ایک شخص نے حضرت عمر سے مسئلہ دریافت کیا کہ مجھکو غسل کی حاجت ہوئی اور پانی نہ ملسکا۔ حضرت عمر نے فرمایا کہ نماز نہ پڑہو۔ عمار۔ موجود تھے اونہون نے اس مسئلہ کے متعلق رسول اللہ سے ایک روایت بیان کی اور کہا کہ اوس موقع پر آپ بھی موجود تھے۔ حضرت عمر نے کہا۔ اتق اللہ یا عمار یعنی "اے عمار خدا سے ڈرو" یہ ظاہر ہے کہ حضرت عمر۔ عمار۔ کو کاذب الروایۃ نہین سمجھتے تھے۔ لیکن اس احتمال پر کہ شاید

ادائے مطلب

ادا سے مطلب مین غلطی ہوئی - یہ الفاظ فرمائے - چنانچہ عمار نے کہا - کہ اگر آپکی مرضی نہو تو مین یہ حدیث نہ روایت کیا کرون" - اخبار احاد کی بحث کو ہمنے قصداً اسلئے طول دیا کہ محدثین زیادہ اسی مسئلہ کی وجہ سے امام ابوحنیفہ پر ردو قدح کرتے ہین - حالانکہ امام صاحب کا مذہب - نہایت تحقیق اور دقّت نظر پر مبنی ہے -

یہ تمام احتمالات اور اجتہادات اخبار احاد کے ساتھ مخصوص ہین - متواتر اور مشہور مین ان بحثون کا مساغ نہین - انہین وجوہ اور اسباب سے اخبار احاد کے متعلق مختلف رائین پیدا ہوگئین - معتزلہ نے تو سرے سے انکار کیا - اونکے مقابل مین بعض محدثین نے یہ شدت کی کہ خبر واحد کو قطعی قرار دیا - صرف یہ شرط لگائی کہ رُواۃ ثقہ ہون - اور انقطاع - وشذوذ وعلت نہو بعض محدثین اگرچہ اصول کے طور پر اخبار احاد کو ظنی کہتے ہین لیکن جزئیات احکام اور مسائل اعتقادی مین اسکا خیال نہین رکھتے - امام ابوحنیفہ نے اس بحث مین جو مسلک اختیار کیا وہ نہایت معتدل اور اونکی دقّت نظر کی بہت بڑی دلیل ہے - اونہون نے نہ معتزلہ کی طرح سرے سے انکار کیا - نہ ظاہر بینون کی طرح خوش اعتقادی سے اوسکی قطعیت تسلیم کی - امام صاحب کی یہ راے بڑے بڑے صحابہ کی راے کے موافق ہے حضرت عمرؓ حضرت عائشہؓ - عبداللہ بن مسعودؓ - نے متعدد موقعون پر خبر واحد کی تسلیم مین تردد کیا ہے - جسکی وجہ یہی تھی کہ وہ اخبار احاد کو قطعی نہین سمجھتے تھے - فاطمہ بنت قیس - نے جب حضرت عمرؓ کے سامنے رسول صلعم اللہ سے روایت کی کہ لاسکنی ولانفقۃ - تو حضرت عمرؓ نے فرمایا - لا اترک کتاب اللہ بقول امرءۃ لاتدری صدقت ام کذبت - یعنی مین ایک عورت کی روایت کی بنا پر جسکی

خبر واحد قطعی نہین -

خبر واحد مین صحابہ نے شک کیا -

نسبت معلوم نہین کہ اوسنے غلط کہا یا صحیح - ہم کتاب آلہی کو چھوڑ نہین سکتے فقہی احکام مین اس قاعدہ کی متعدد تفریعین ہین - مثلاً یہ کہ اخبار احاد سے کسی حکم کا فرض ہونا نہین ثابت ہوسکتا - کیونکہ فرضیت - ثبوت قطعی کی محتاج ہے البتہ اوس سے ظن غالب پیدا ہوتا ہے - اسلئے وجوب - تسنن - استحباب - ثابت ہوسکتا ہے - اسی بنا پر نماز مین قرأۃ فاتحہ - کو امام شافعی - فرض سمجھتے ہین - اور امام ابوحنیفہ - واجب - اس اصول پر بہت سے احکام متفرع ہین -

اس قاعدہ کا اثر علم کلام کے مسایل پر -

فقہ - سے زیادہ اس قاعدہ کا اثر علم کلام پر پڑتا ہی - اور یہی چیز ہے جسنے ایک زمانہ کو امام ابوحنیفہ کا مخالف بنا دیا تھا - امام صاحب نے مذکورۂ بالا قاعدہ کی بنا پر یہ اصول قرار دیا تھا کہ جو مسایل اور عقاید - اسلام مین متفق علیہ ہین اونکے خلاف اخبار احاد - قابل اعتبار نہین - مثلاً انبیا کی عصمت - اہل حق کا ایک مسلمہ مسئلہ ہے - اسکے برخلاف جن روایتون سے انبیا کا مرتکب کبایر ہونا ثابت ہوتا ہے - امام ابوحنیفہ کے اصول کے موافق وہ روایتین قابل اعتبار نہین - اس اصول کی بنا پر بہت سے اشکالات سے جو ملاحدہ پیش کرتے ہین نجات ملتی ہے - لیکن افسوس ہے کہ اکثر ارباب روایت نے اس عمدہ اصول کی قدر نہ کی بلکہ اولٹی اور مخالفت کی - علامہ ابن عبدالبر نے جو مشہور محدث ہین کتاب الکنی مین لکھا ہے - کان مزمذھب الامام ابی حنیفہ فی اخبار احاد ان لایقبل منہا ما خالف الاصول المجمع علیہا فانکر علیہ اصحاب الحدیث فافرطوا - [۵۱]

---

[۵۱] اس عبارت کو حافظ ابوالمحاسن نے عقود الجمان مین نقل کیا ہے -

یعنی اخبار احاد مین امام ابوحنیفہ کا یہ مذہب تہا کہ اصول متفق علیہ کے خلاف ہو تو قابل قبول نہین۔ اسپر اصحاب حدیث نے اونکی مخالفت کی اور افراط کو پہونچا دیا؟"

محدثین اور امام ابوحنیفہ کے اصول مین عملاً یہ فرق ہے کہ جو حدیث اصول متفق علیہ کے خلاف ہوتی تہی محدثین اوسکی صحت کو تسلیم کر کے تاویل سے کام لیتے تھے۔ حالانکہ اکثر جگہہ محض بارد تاویل ہوتی تہی بخلاف اسکے امام صاحب اسطرف مائل ہوتے تھے کہ چونکہ وہ حدیث متواتر اور مشہور نہین ہے اسلیے ممکن ہے کہ رُواۃ نے غلطی یا مسامحت کی ہو۔ امام فخر الدین رازی۔ نے تفسیر کبیر مین ایک بحث لکہی ہے جو اس موقع کی ایک عمدہ مثال ہے۔ وہ لکہتے ہین کہ "ایک شخص سے مینے کہا کہ یہ حدیث جسمین بیان کیا گیا ہے کہ حضرت ابراہیم تین بار جہوٹ بولے۔ ماکذب ابراهیم الا ثلث کذبات۔ صحیح نہین۔ کیونکہ اس سے حضرت ابراہیم کا (نعوذ باللہ) کاذب ہونا لازم آتا ہے۔ اوس شخص نے کہا کہ اِس حدیث کی رواۃ ثقہ ہین اونکو کاذب کیونکر کہا جاے۔ مینے جواب دیا کہ حدیث کو صحیح مانین تو حضرت ابراہیم کا کذب لازم آتا ہے۔ اور غلط تسلیم کرین تو راوی کو کاذب ماننا پڑتا ہے۔ لیکن یہ بدیہی بات ہے کہ حضرت ابراہیم کو راوی پر ترجیح ہے" امام رازی کا استدلال۔ امام ابوحنیفہ کے اسی خیال پر مبنی ہے۔ یعنی چونکہ انبیا کا معصوم اور صادق ہونا متفق علیہ ہے۔ اسلیے خبر واحد اوسکے متعارض نہین ہوسکتی۔ افسوس ہے کہ محدث قسطلانی صحیح بخاری کی شرح مین اس استدلال کو نقل کر کے لکہتے ہین کہ "جب رُواۃ ثقہ ہین تو حدیث کو بہرحال صحیح ماننا چاہیے؟"

اسی اصول پر امام صاحب اسبات کے قایل ہین کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہر سورۃ کے شروع مین جزو قرآن نہین ہے" - امام شافعی - اور بعض محدثین اسکے خلاف ہین اور سند مین چند حدیثین پیش کرتے ہین - امام ابوحنیفہ کی طرف سے یہ جواب ہے کہ قرآن تواتر سے ثابت ہے اور جو تواتر سے ثابت ہے وہی قرآن ہے - اخبار احاد سے قرآن نہین ثابت ہوسکتا - اسیطرح امام صاحب کے اصول کے مطابق - وہ روایتین قابل اعتبار نہین جنمین عبد اللہ بن مسعود - کی طرف معوذتین - کا انکار نسوب کیا گیا ہے - حافظ ابن حجر - نے ان روایتون کو صحیح تسلیم کیا ہے اور کہا ہے کہ "روایت سے انکار نہین کرنا چاہیے - بلکہ تاویل سے کام لینا چاہیے" لیکن تاویل کیا ہوسکتی ہے - خدانخواستہ یا تو یہ ماننا پڑے گا کہ معوذتین - متواتر نہین ہین - یا تواتر کا اسقدر رتبہ گھٹانا ہوگا کہ رسول اللہ کے اصحاب کو بھی اوس سے واقف ہونا ضرور نہو - امام صاحب کے اس اصول کے مطابق اسلام کا دایرہ اوسقدر وسیع رہتا ہے جسقدر کہ اوسکو ہونا چاہیے - بخلاف اسکے اور لوگون کی راے کے مطابق اوسکی وسعت نقطہ سے بھی کم رہجاتی ہے مثلاً یہ مسلم اور یقینی ہے کہ جو شخص توحید و نبوت کا قایل ہے اور دل سے اسپر اعتقاد رکھتا ہے وہ قرآن مجید کی نص کے مطابق مسلمان ہے - اب اسکے مقابلہ مین وہ حدیثین جو قطعی الثبوت نہین ہین - اور جنمین بہت سے خارجی امور پر کفر کا حکم دیا گیا ہے - کچھ اثر نہین پیدا کرسکتین - اسی بنا پر امام صاحب معتزلہ قدریہ - جہمیہ - وغیرہ کو کافر نہین کہتے تھے اور اس قسم کی حدیثون کا کہ "تہتر فرقون مین سے صرف ایک فرقہ جنتی ہے اور باقی دوزخی" اعتبار نہین کرتے تھے - لیکن بہت سے

ظاہر بینوں نے اِن حدیثوں کا یہ رتبہ قایم کیا کہ اونکی بنا پر بات بات پر کفر کے فتوی دئے یہانتک کہ جو شخص وضع قطع مین ذرا بھی کسی دوسرے کے مشابہ ہوجاے وہ کافر ہے خود متاخرین حنفیہ نے امام صاحب کے اِس عمدہ اصول کو نظر انداز کردیا اور سیکڑون ہزارون مسئلے کفر کے ایجاد کردے لے جنکی تفصیل سے فقہ کی کتابین مالامال ہین -

فقہ

اسلامی علوم مثلاً تفسیر - حدیث - فقہ - مغازی - انکی ابتدا اگرچہ اسلام کے ساتھ ساتھ ہوئی لیکن جسوقت تک اونکو فن کی حیثیت نہین حاصل ہوئی وہ کسی خاص شخص کی طرف منسوب نہین ہوئے - دوسری صدی کے اوایل مین تدوین و ترتیب شروع ہوئی ہے اور جن لوگون نے تدوین و ترتیب کی وہ اون علوم کے بانی کہلائے چنانچہ بانی فقہ کا لقب امام ابوحنیفہ کو ملا جو درحقیقت اس لقب کے سزاوار تھے - اگر ارسطو علم منطق کا موجد ہے تو بے شبہہ امام ابوحنیفہ بھی علم فقہ کے موجد ہین - امام صاحب کی علمی زندگی کا بڑا کارنامہ فقہ ہی ہے اسلیے ہم اُسپر تفصیلی بحث کرنی چاہتے ہین لیکن اصل مقصد سے پہلے ضرور ہے کہ مختصر طور پر ہم علم فقہ کی تاریخ لکھین جس سے ظاہر ہو کہ علم کب شروع ہوا اور کیونکر شروع ہوا؟ - اور خاصکر یہ کہ امام ابوحنیفہ نے جب اُسکو پایا تو اوسکی کیا حالت تھی؟ -

فقہ کی مختصر تاریخ

فقہ - کی تاریخ پر شاہ ولی اللہ صاحب نے ایک نہایت عمدہ مضمون لکھا ہے جسکا التقاط ہمارے لیے کافی ہے - وہ لکھتے ہین کہ رسول اللہ ؐ کے زمانہ مین احکام کی قسمین نہین پیدا ہوئی تھین - آنحضرت صحابہ کے سامنے وضو فرماتے تھے - اور کچھ نہ بتاتے تھے - کہ یہ رکن

ہے - یہ واجب ہے - یہ مستحب ہے - صحابہ - آپ کو دیکھکر - اُسیطرح وضو کرتے تھے - نماز - کا بھی یہی حال تھا - یعنی صحابہ - فرض و واجب وغیرہ کی تفصیل و تدقیق - نہین کیا کرتے تھے - جسطرح رسول اللہ - کو نماز پڑہتے دیکھا - خود بھی پڑہ لی - ابن عباس کہتے ہین کہ "مین نے کسی قوم کو رسول اللہ کے اصحاب سے بہتر نہین دیکھا - لیکن اونہون نے رسول اللہ - کی تمام زندگی مین تیرہ مسئلون سے زیادہ نہین پوچھے - جو سب کے سب قرآن مین موجود ہین" البتہ جو واقعات غیر معمولی طور سے پیش آتے تھے اُنھین - لوگ آنحضرت سے استفتا کرتے اور آنحضرت جواب دیتے - اکثر ایسا بھی ہوتا کہ لوگون نے کوئی کام کیا اور آپ نے اُسپر تحسین کی یا اوس سے ناراضمندی ظاہر کی - اِس قسم کے فتاوے اکثر عام مجمعون مین ہوتے تھے - اور لوگ آنحضرت کے اقوال کو محفوظ رکھتے تھے -

آنحضرت کی وفات کے بعد - فتوحات کو نہایت وسعت ہوئی اور تمدن کا دایرہ وسیع ہوتا گیا - واقعات اس کثرت سے پیش آئے کہ اجتہاد و استنباط کی ضرورت پڑی اور اجمالی احکام کی تفصیل پر متوجہ ہونا پڑا - مثلاً کسی شخص نے غلطی سے نماز مین کوئی عمل ترک کردیا - اب بحث یہ پیش آئی کہ "نماز ہوئی یا نہین" اِس بحث کے - پیدا ہونے کے ساتھ یہ تو ممکن نہ تھا کہ نماز مین جسقدر اعمال تھے سب کو فرض کہدیا جاتا - صحابہ کو تفریق کرنی پڑی کہ نماز مین کتنے ارکان فرض و واجب ہین - کتنے مسنون اور مستحب - اِس تفریق کے لئے جو اصول قرار دئے جاسکتے تھے - اُن پر تمام صحابہ کی رایون کا متفق ہونا ممکن نہ تھا - اسلئے مسائل مین اختلاف آرا ہوا اور اکثر مسئلون مین صحابہ کی مختلف رائین قائم ہوئین بہت سے ایسے واقعات پیش آئے

کہ رسول اللہ کے زمانہ مین انکا عین و اثر بھی پایا نہین گیا تھا۔ صحابہ کو ان صورتون مین۔ استنباط۔ تفریع۔ حمل النظیر علی النظیر۔ قیاس۔ سے کام لینا پڑا۔ ان اصول کے طریقے یکسان نہ تھے۔ اسلیئے ضروری اختلاف پیدا ہوئے۔ غرض صحابہ ہی کے زمانہ مین احکام اور مسایل۔ کا ایک دفتر بنگیا اور جدا جدا طریقے قایم ہو گئے۔ صحابہ۔ مین سے جن لوگون نے استنباط و اجتہاد سے کام لیا۔ اور مجتہد یا فقیہ۔ کہلائے اون مین سے چار بزرگ نہایت ممتاز تھے۔ عمرؓ۔ علیؑ۔ عبد اللہ بن مسعود۔ عبد اللہ بن عباس۔ حضرت علیؑ و عبد اللہ بن مسعود زیادہ تر۔ کوفہ مین رہے اور وہین اونکے مسایل و احکام کی زیادہ ترویج ہوئی۔ اس تعلق سے کوفہ۔ فقہ کا دار العلوم بنگیا۔ جسطرح کہ حضرت عمرؓ و عبد اللہ بن عباس۔ کے تعلق سے حرمین کو دار العلوم۔ کا لقب حاصل ہوا تھا۔

مجتہدین صحابہ

حضرت علیؑ۔ بچپن سے رسول اللہ۔ کی آغوش تربیت مین پلے تھے۔ اور جسقدر اونکو آنحضرتؐ کے اقوال و افعال سے مطلع ہونے کا موقع ملتا تھا کسی کو نہین ملتا تھا۔ ایک شخص نے اون سے پوچھا کہ آپ اور صحابہ کی نسبت کثیر الروایۃ کیون ہین۔ فرمایا کہ "مین آنحضرتؐ سے کچھہ دریافت کرتا تھا تو بتاتے تھے اور چپ رہتا تھا تو خود ابتدا کرتے تھے"۔ اسکے ساتھ ذہانت قوت استنباط۔ ملکۂ استخراج۔ ایسا بڑھا ہوا تھا کہ عموماً صحابہ۔ اعتراف کرتے تھے۔ حضرت عمرؓ۔ کا عام قول تھا کہ "خدا نکرے کہ کوئی مشکل مسئلہ آن پڑے اور علیؑ۔ موجود نہ ہون"۔ عبد اللہ بن عباس۔ خود مجتہد تھے مگر کہا کرتے تھے کہ "جب ہمکو علیؑ۔ کا فتویٰ ملجاے تو کسی اور چیز کی ضرورت نہین"۔

حضرت علیؑ

عبداللہ بن مسعود

عبداللہ بن مسعود بھی حدیث و فقہ - دونون مین کامل تھے - رسول اللہ - کے ساتھ جسقدر
جلوت و خلوت مین وہ ہمدم و ہمراز رہتے تھے بہت کم لوگ رہے ہونگے - صحیح مسلم - مین ابو موسیٰ
سے روایت ہے کہ ہم یمن - سے آئے اور کچھ دنون تک (مدینہ مین) رہے - ہم نے عبداللہ
بن مسعود - کو رسول اللہ - کے پاس اس کثرت سے آتے جاتے دیکھا کہ ہم انکو رسول اللہ کے
اہلبیت سے گمان کرتے رہے" عبداللہ بن مسعود - کو دعوی تھا کہ "قرآن مجید مین کوئی آیت ایسی
نہین ہے جسکی نسبت مین یہ نہ جانتا ہون کہ کس باب مین اتری ہے" وہ کہا کرتے تھے کہ "اگر کوئی شخص قرآن
مجید - کا مجھسے زیادہ عالم ہوتا تو مین اسکے پاس سفر کرکے جاتا" صحیح مسلم مین ہے کہ انہون نے
ایک مجمع مین دعوی کیا کہ تمام صحابہ - جانتے ہین کہ مین قرآن کا سب سے زیادہ عالم ہون -
شقیق اس جلسہ مین موجود تھے - وہ کہتے ہین کہ اس واقعہ کے بعد - مین اکثر صحابہ کے حلقون مین
شریک ہوا مگر کسی کو عبداللہ بن مسعود - کے دعوی کا منکر نہین پایا -

عبداللہ بن مسعود - باقاعدہ طور پر حدیث و فقہ کی تعلیم دیتے تھے اور انکی درسگاہ مین
بہت سے تلامذہ کا مجمع رہتا تھا جنمین سے چند شخص یعنی اسود - عبیدہ - حارث - علقمہ - نہایت
نامور ہوئے - علقمہ - رسول اللہ کی زندگی مین پیدا ہوئے تھے - اور حضرت عمر - عثمان -
علیؓ - عائشہ - سعد - حذیفہ - خالد بن الولید - خباب - اور بہت سے صحابہ سے حدیثین
روایت کین - خاصکر - عبداللہ بن مسعود کی صحبت مین - اس التزام سے رہے تھے اور انکے
طور و طریقہ کے اسقدر قدم بقدم چلتے تھے کہ لوگون کا قول تھا کہ "جسنے علقمہ کو دیکھ لیا اسنے
عبداللہ بن مسعود - کو دیکھ لیا" خود عبداللہ بن مسعود - کا قول تھا کہ "جسقدر علقمہ کی معلومات ہین

میری معلومات اوس سے زیادہ نہیں ہین"۔ اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ صحابہ اُن سے مسائل دریافت کرنے آتے تھے۔ عبداللہ بن مسعود کے شاگردون مین اگر کوئی شخص علقمہ کا ہمسر تھا تو اسود تھے۔

ابراہیم نخعی

علقمہ واسود۔ کے انتقال کے بعد ابراہیم نخعی۔ مسند نشین ہوئے۔ اور فقہ۔ کو بہت کچھ وسعت دی یہانتک کہ اونکو فقیہ العراق کا لقب ملا۔ علم حدیث مین اونکا یہ پایہ تھا کہ صیرفی الحدیث کہلاتے تھے۔ امام شعبی۔ نے جو علامۃ التابعین کے لقب سے ممتاز ہین اونکی وفات کے وقت کہا کہ "ابراہیم۔ نے کسی کو نہین چھوڑا جو اُن سے زیادہ عالم اور فقیہ ہو" اسپر ایک شخص نے تعجب سے پوچھا کہ کیا حسن بصری۔ اور ابن سیرین۔ بھی۔ شعبی نے کہا حسن بصری۔ اور ابن سیرین پر کیا ختم ہے۔ بصرہ۔ کوفہ۔ شام۔ حجاز مین کوئی شخص اُن سے زیادہ عالم نہین رہا۔

ابراہیم نخعی۔ کے عہد مین مسایل فقہ کا ایک مختصر مجموعہ تیار ہوگیا تھا جسکا ماخذ حدیث نبوی اور حضرت علیؓ اور عبداللہ بن مسعود۔ کے فتاوے تھے۔ یہ مجموعہ گو مرتب طور پر قلمبند نہین کیا گیا۔ لیکن اونکے شاگردون کو اُسکے مسایل زبانی یاد تھے۔ سب سے زیادہ یہ مجموعہ حماد کے پاس جمع تھا۔ جو ابراہیم۔ کے تلامذہ مین نہایت ممتاز تھے۔ چنانچہ اونکے مرنے کے بعد فقہ۔ کی مسند خلافت بھی انہین کو ملی۔ حماد۔ نے گو فقہ۔ کو چندان ترقی نہین دی لیکن وہ ابراہیم۔ کے مجموعہ فقہ کے بہت بڑے حافظ تھے۔ حماد۔ نے ۱۲۰ھ ہجری مین قضا کی اور لوگون نے اُنکی جگہ امام ابو حنیفہ۔ کو فقہ کی مسند پر بٹھایا۔

امام صاحب کے زمانہ تک اگرچہ فقہ کے معتدبہ مسایل مدون ہو چکے تھے لیکن اوّلاً تو یہ تدوین صرف زبانی روایت تھی۔ دوسرے جو کچھ تھا فن کی حیثیت سے نہ تھا۔ نہ استنباط و استدلال کے قواعد قرار پائے تھے نہ احکام کی تفریع کے اصول منضبط تھے۔ نہ حدیثون مین امتیاز مراتب تھا۔ نہ قیاس اور شبہ النظیر علی النظیر کے قاعدے مقرر تھے۔ مختصر یہ کہ فقہ جزئیات مسایل کا نام تھا اور اوسکو قانون کے رتبہ تک پہنچانیکے لئے بہت سے زینے باقی تھے۔

امام ابوحنیفہ کو فقہ کی تدوین کا خیال کیونکر پیدا ہوا۔

تاریخ سے اسباب کا پتہ لگانا مشکل ہے کہ امام ابوحنیفہ کو خاص کس وجہ سے فقہ کی تدوین کا خیال پیدا ہوا۔ قلاید عقود العقیان کے مصنف نے کتاب انموذج القتال سے اسکا ایک قصہ نقل کیا ہے وہ لکھتے ہین کہ "دو شخص حمام مین نہانے گئے اور حمامی کے پاس کچھ امانت رکھتے گئے۔ ایک اونمین سے نہا کر نکلا اور حمامی سے امانت طلب کی۔ اسنے دیدی۔ یہ لیکر چلتا ہوا۔ دوسرا حمام سے باہر آیا اور امانت مانگی تو اسنے عذر کیا کہ مین نے تمہارے شریک کو حوالہ کر دی۔ اسنے عدالت مین استغاثہ کیا۔ قاضی صاحب نے حمامی کو ملزم ٹھہرایا۔ کہ جب دونون نے ملکر تیرے پاس امانت رکھی تھی تو تجھکو ضرور تھا کہ دونون کی موجودگی مین واپس کرتا۔ حمامی گھبرایا ہوا امام ابوحنیفہ کے پاس آیا۔ امام صاحب نے کہا کہ تم جا کر اوس شخص سے کہو کہ مین تمہاری امانت ادا کرنے کے لئے تیار ہون۔ لیکن قاعدہ کے موافق تنہا تمکو نہین دے سکتا۔ شریک کو لاؤ تو لیجاؤ۔ اس واقعہ کے بعد امام صاحب کو فقہ کی تدوین کا خیال پیدا ہوا۔ اور اوسکی ترتیب شروع کی"۔

اصلی اسباب۔

ممکن ہے کہ یہ واقعہ صحیح ہو لیکن اس خیال کے پیدا ہونے کے اصلی اسباب اور تھے۔

یہ امر تاریخون سے ثابت ہے کہ امام صاحب کو تدوینِ فقہ کا خیال تقریباً سنہ ۱۲۰ھ مین پیدا ہوا یعنی جب اُنکے اُستاد حماد نے وفات کی۔ یہ وہ زمانہ ہے کہ اسلام کا تمدن نہایت وسعت پکڑ گیا تھا۔ عبادات اور معاملات کے متعلق اس کثرت سے واقعات پیدا ہو گئے تھے اور ہوتے جاتے تھے کہ ایک مرتب مجموعہ قانون کے بغیر کسی طرح کام نہین چل سکتا تھا۔ نیز سلطنت کی وسعت اور دوسری قومون کے میل جول سے تعلیم و تعلم نے اسقدر وسعت حاصل کر لی تھی کہ زبانی سند و روایت۔ اُسکا تحمل نہین کر سکتی تھی۔ ایسے وقت پر قدرتی طور پر۔ لوگون کے دل مین خیال آیا ہوگا کہ ان جزئیات کو اصول کے ساتھ ترتیب دیکر ایک فن بنا دیا جائے۔

امام ابو حنیفہ کی طبیعت مجتہدانہ اور غیر معمولی طور پر مقننانہ واقع ہوئی تھی۔ اسکے ساتھ تجارت کی وسعت اور ملکی تعلقات نے اونکو معاملات کی ضرورتون سے خبردار کر دیا تھا۔ اطراف و بلاد سے ہر روز جو سیکڑون ضروری استفتا آتے تھے اون سے اُنکو اندازہ ہوتا تھا کہ ملک کو اس فن کی کسقدر حاجت ہے۔ قضاۃ اور حکام فصلِ قضایا مین جو غلطیان کرتے تھے۔ وہ اپنی آنکھون سے دیکھتے تھے۔ غرض یہ اسباب اور وجوہ تھے جنھون نے اُنکو اس فن کی تدوین و ترتیب پر آمادہ کیا۔ ممکن ہے کہ کسی خاص واقعہ سے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا اس آمادگی کو اور تحریک ہوئی۔ جسکے ساتھ عملی کوشش کا ظہور ہوا۔

امام صاحب نے جس طریقہ سے فقہ کی تدوین کا ارادہ کیا وہ نہایت وسیع اور پر خطر کام تھا۔ اسلئے انہون نے اتنے بڑے کام کو اپنی ذاتی رائے اور معلومات پر منحصر کرنا نہین چاہا

تلامذہ جو فقہ کے تدوین میں شریک تھے۔

اس غرض سے اُنھون نے اپنے شاگردون مین سے چند نامور شخص۔ انتخاب کیے جنمین سے اکثر خاص خاص۔ فنون مین جو تکمیل فقہ کیلیے ضروری تھے اُستادِ زمانہ تسلیم کیے جاتے تھے۔ مثلاً یحییٰ بن ابی زایدہ حفص بن غیاث۔ قاضی ابویوسف۔ داؤد الطائی۔ حبان۔ مندل حدیث و آثار مین نہایت کمال رکھتے تھے۔ امام زفر۔ قوت استنباط مین مشہور تھے۔ قاسم بن معن اور امام محمد۔ کو ادب اور عربیت مین کمال تھا۔ امام صاحب۔ نے ان لوگون کی شرکت سے ایک مجلس مرتب کی۔ اور باقاعدہ طور سے فقہ کی تدوین شروع ہوئی۔ امام طحاوی۔ نے بسندِ متصل اسد بن فرات۔ سے روایت کی ہے کہ ابوحنیفہ۔ کے تلامذہ جنھون نے فقہ کی تدوین کی چالیس تھے جنمین یہ لوگ زیادہ ممتاز تھے۔ ابویوسف۔ زفر داؤد الطائی۔ اسد بن عمر۔ یوسف بن خالد التمیمی۔ یحییٰ بن ابی زایدۃ۔ امام طحاوی۔ نے یہ بھی روایت کی ہے کہ لکھنے کی خدمت یحییٰ۔ سے متعلق تھی۔ اور وہ تیس برس تک اس خدمت کو انجام دیتے رہے۔ اگرچہ یہ صحیح ہے کہ اس کام مین کم و بیش تیس برس کا زمانہ صرف ہوا یعنی سنہ ۱۲۱ ہجری سے سنہ ۱۵۰ تک جو امام ابوحنیفہ کی وفات کا سال ہے لیکن یہ غلط ہے کہ یحییٰ ابتدا شروع سے اس کام مین شریک تھے یحییٰ سنہ ۱۲۰ مین پیدا ہوئے تھے اسلیے وہ شروع سے کیونکر شریک ہو سکتے تھے طحاوی۔ نے جن لوگون کے نام گنائے ہین اُنکے سوا۔ عافیہ ازدی۔ ابوعلی غزی۔ علی مسہر۔ قاسم بن معن۔ حبان۔ مندل۔ بھی اس مجلس کے ممبر رہے تھے۔

طریقۂ تدوین۔

تدوین کا طریقہ یہ تھا کہ کسی خاص باب کا کوئی مسئلہ پیش کیا جاتا تھا۔ اگر اُسکے جواب مین سب لوگ متفق الراے ہوتے تو اوسیوقت قلمبند کر لیا جاتا۔ ورنہ نہایت آزادی سے بحثین شروع

ہوتین - کبھی کبھی بہت دیر تک بحث قایم رہتی - امام صاحب غور اور تحمل کے ساتھ سب کی تقریرین سنتے اور بالآخر ایسا جچا تلا فیصلہ کرتے کہ سبکو تسلیم کرنا پڑتا کبھی ایسا بھی ہوتا کہ امام صاحب کے فیصلہ کے بعد بھی لوگ اپنی اپنی رایون پر قایم رہتے - اوسوقت وہ سب مختلف اقوال قلمبند کر لئے جاتے - اس کا التزام تھا کہ جب تک تمام شرکاے جلسہ جمع نہولین کسی مسئلہ کو طے نہ کیا جاے -

جواہر مضیہ - کے مصنف - نے عافیہ بن یزید - کے تذکرہ مین اسحٰق - سے روایت کی ہے کہ امام ابو حنیفہ - کے اصحاب کسی مسئلہ مین بحث کرتے ہوتے اور عافیہ - موجود نہوتے تو امام صاحب فرماتے - کہ عافیہ - کو آلینے دو - جب وہ آ لیتے اور اتفاق کرتے تب وہ مسئلہ درج تحریر کیا جاتا - اسطرح تیس برس کی مدت مین یہ عظیم الشان کام انجام کو پہونچا - امام صاحب کی اخیر عمر قیدخانہ مین گذری وہان بھی یہ کام برابر جاری رہا -

اس مجموعہ کی ترتیب جیسا کہ - حافظ ابو المحاسن - نے بیان کی ہے یہ تھی اول باب الطہارۃ باب الصلوٰۃ - باب الصوم - پھر عبادات - کے اور ابواب - اسکے بعد - معاملات - سب سے اخیر مین باب المیراث -

امام صاحب کی زندگی ہی مین اس مجموعہ - نے وہ حسن قبول حاصل کیا کہ اسوقت کے حالات کے لحاظ سے مشکل سے قیاس مین آسکتا ہے - جسقدر اُسکے اجزا تیار ہوتے جاتے تھے - ساتھ ہی ساتھ - تمام ملک مین اُسکی اشاعت ہوتی جاتی تھی - امام صاحب - کا درسگاہ ایک قانونی مدرسہ تھا - جسکے طلبا نہایت کثرت سے ملکی عہدون پر مامور ہوے - اور اُنکی آئین حکومت کا دستور العمل -

اس مجموعہ کا رواج -

یہی مجموعہ تھا۔ تعجب یہ ہے کہ جن لوگون کو امام صاحب سے ہمسری کا دعویٰ تھا وہ بھی اس کتاب سے بے نیاز نہ تھے۔ امام سفیان ثوری۔ نے بڑے لطائف الحیل سے کتاب الرہن۔ کی نقل حاصل کی اور اوسکو اکثر پیش نظر رکھتے تھے۔ زایدہ۔ کا بیان ہے کہ مین نے ایک دن سفیان۔ کے سرہانے ایک کتاب دیکھی جسکو وہ مطالعہ کر رہے تھے۔ اون سے اجازت مانگ کرین اوسکو دیکھنے لگا تو۔ ابوحنیفہ۔ کی کتاب الرہن۔ نکلی۔ مین نے تعجب سے پوچھا کہ "آپ ابوحنیفہ۔ کی کتابین دیکھتے ہین"، بولے "کاش۔ اونکی سب کتابین میرے پاس ہوتین[1]"

یہ بھی کچھ تعجب کی بات نہین کہ باوجودیکہ اُسوقت بڑے بڑے مدعیان فن موجود تھے اور اونمین بعض امام ابوحنیفہ۔ سے مخالفت بھی رکھتے تھے۔ تاہم کسی کو اس کتاب کی ردوقدح کی جرأت نہین ہوئی۔ امام رازی۔ مناقب الشافعی مین لکھتے ہین "ان اصحاب الرای اظہروا مذاہبھم وکانت الدنیا مملوۃ من المحدثین و رواۃ الاخبار فلم یقدر احد منہم الطعن فی اقاویل اصحاب الرای۔" یعنی اصحاب الراے (ابوحنیفہ اور اُنکے تلامذہ) نے اپنے مسایل جس زمانہ مین ظاہر کئے۔ دنیا محدثین اور راویان اخبار سے بھری ہوئی تھی تاہم کسی کو یہ قدرت نہوئی کہ اُنکے اقوال پر اعتراض کرتا" امام رازی۔ نے تو عام نفی کی ہے لیکن ہمکو زیادہ استقصار سے معلوم ہوا کہ اس عموم مین ایک استثنا ہے۔ کیونکہ بیہقی۔ نے تصریح کی ہے کہ امام اوزاعی۔ نے ابوحنیفہ۔ کی۔ کتاب السیر۔ کا رد لکھا تھا جسکا جواب۔ قاضی ابویوسف۔ نے لکھا۔

غالباً یہ مجموعہ بہت بڑا مجموعہ تھا اور ہزارہا مسایل پر مشتمل تھا۔ قلایدعقود العقیان۔ کے مصنف

---

[1] عقود الجمان باب عاشر۔

نے کتاب الصیانۃ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ نے جسقدر رسایل مدون کئے اونکی تعداد بارہ لاکھ نوے ہزار سے کچھ زیادہ ہے۔ شمس الایمہ کردری نے لکھا ہے کہ یہ مسایل چھہ لاکھ تھے یہ خاص تعداد شاید صحیح نہو لیکن کچھ شبہہ نہین کہ اونکی تعداد لاکھون سے کم نہ تھی۔ امام محمد کی جو کتابین آج موجود ہین اُن سے اِسکی تصدیق ہوسکتی ہے۔

اگرچہ اسمین کسیطرح شبہہ نہین ہوسکتا کہ امام ابوحنیفہ کی زندگی ہی مین فقہ کے تمام ابواب مرتب ہوگئے تھے۔ رجال و تاریخ کی کتابون مین اسکا ثبوت ملتا ہے جسکا انکار گویا تواتر کا انکار ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ وہ مجموعہ ایک مدت سے ضایع ہوگیا ہے۔ اور دنیا کے کسی کتب خانہ مین اُسکا پتہ نہین چلتا۔ امام رازی مناقب الشافعی مین لکھتے ہین کہ "ابوحنیفہ کی کوئی تصنیف باقی نہین رہی" امام رازی نے ۶۰۶ھ مین انتقال کیا۔ اِس لحاظ سے کم از کم چھہ سو برس ہوے کہ امام صاحب کی تصنیفات ناپید ہوچکین۔ امام صاحب کی تصنیفات کا ضایع ہوجانا اگرچہ کچھہ محل تعجب نہین۔ اُس عہد کی ہزارون کتابون مین سے آج ایک کا بھی وجود نہین امام اوزاعی۔ ابن جریج۔ ابن عروبہ۔ حماد بن ابی سلمہ۔ انکی تالیفات عین اُسی زمانہ مین شائع ہوئین جب امام ابوحنیفہ کا دفتر فقہ مرتب ہورہا تھا۔ تاہم اِن کتابون کا نام بھی کوئی نہین جانتا لیکن امام ابوحنیفہ کی تصنیفات کی گم شدگی کی ایک خاص وجہ ہے۔ امام صاحب کا مجموعہ فقہ اگرچہ بجاے خود مرتب اور خوش اسلوب تھا۔ لیکن قاضی ابویوسف و امام محمد نے انہین مسائل کو اس توضیح و تفصیل سے لکھا۔ اور ہر مسئلہ پر استدلال و براہین کے ایسے حاشیے اضافہ کئے کہ انہین کو رواج عام ہوگیا اور اصل ماخذ سے لوگ بے پرواہو گئے۔ ٹھیک اسیطرح

امام صاحب کے زمانہ مین جو مجموعہ فقہ مرتب ہوا تھا وہ معدوم ہوگیا

جسطرح کہ متاخرین نحویون کی تصنیفات کے بعد - فرار - کسائی - خلیل - اخفش - ابوعبیدہ - کی کتابین دنیا سے بالکل ناپید ہوگئین - حالانکہ یہ لوگ فن نحو کے بانی اور مدون اول تھے -

امام صاحب - کے مسایل کا آج جو ذخیرہ دنیا مین موجود ہے وہ امام محمد - اور قاضی ابویوسف - کی تالیفات ہین جنکے نام اور مختصر حالات اِن بزرگون کے ترجمہ مین ہم لکھینگے -

یہ فقہ - اگرچہ عام طور سے فقہ حنفی کہلاتی ہے - لیکن درحقیقت وہ چار شخصون - یعنی امام ابوحنیفہ - زفر - قاضی ابویوسف - امام محمد - کی رایون کا مجموعہ ہے - قاضی ابویوسف - و امام محمد - نے بہت سے مسایل مین - امام ابوحنیفہ - کی راے سے اختلاف کیا ہے - فقہار حنفیہ - نے روایتین نقل کی ہین کہ اِن صاحبون کو اعتراف تھا کہ "ہمنے جو اقوال - امام ابوحنیفہ - کے مخالف کہے وہ بھی امام ابوحنیفہ - ہی کے اقوال ہین - کیونکہ بعض مسئلون مین امام ابوحنیفہ نے متعدد اور مختلف رائین ظاہر کی تھین" یہ روایتین - شامی - وغیرہ مین مذکور ہین لیکن اُنکا ثابت ہونا مشکل ہے - ہمارے نزدیک یہ اُن فقہا کا حسن ظن ہے - قاضی ابویوسف - و امام محمد - اجتہاد مطلق کا منصب رکھتے تھے اور اُنکو اختلاف کا پورا حق حاصل تھا - اسلام کی ترقیان اُسیوقت تک رہین کہ لوگ باوجود حسن عقیدت کے بزرگون اور اُستادون کی راے سے علانیہ مخالفت کرتے تھے - اور خیالات کی ترقی محدود نہ تھی -

یہ مسایل جو فقہ حنفی کے نام سے موسوم ہین نہایت تیزی سے تمام ملک مین پھیل گئے - عرب مین تو اُنکے مسایل کو چندان رواج نہوا - کیونکہ مدینہ - مین امام مالک - اور مکہ مین اور ائمہ اُنکے حریف مقابل موجود تھے - لیکن عرب - کے سوا تمام ممالک اسلامی مین جنکی وسعت سندھ

سے ایشائی کوچک تک بھی عموماً اُنہین کا طریقہ جاری ہوگیا۔ ہندوستان۔ سندھ۔ کابل۔ بخارا۔ وغیرہ مین تو اُنکے اجتہاد کے سوا کسی کا اجتہاد تسلیم ہی نہین کیا جاتا۔ دوسرے ممالک مین گو شافعی۔ و حنبلی فقہ کا رواج ہوا لیکن فقہ حنفی۔ کو دبا نہین سکا البتہ بعض ملکون مین وہ بالکل معدوم ہوگیا۔ اور اُسکے خاص اسباب تھے۔ مثلاً افریقہ۔ مین ۴۰۰ھ تک امام ابوحنیفہ۔ کا طریقہ۔ تمام اور طریقون پر غالب تھا۔ لیکن معز بن بادیس۔ نے ۴۰۶ھ مین جب وہان کی مستقل حکومت حاصل کی۔ تو حکومت کے زور سے تمام ملک مین مالکی فقہ۔ کو رواج دیدیا کہ آج تک۔ قایم ہے۔[۵۱]

ایک خاص بات یہ ہے کہ عنانِ حکومت جن لوگون کے ہاتھون مین رہی وہ اکثر حنفی ہی فقہ کے پابند تھے۔ خلفاے عباسیہ۔ تو اس بحث سے خارج ہین۔ کیونکہ یہ خاندان جب تک اوج پر رہا۔ یہ لوگ تلوار۔ کے ساتھ قلم کے بھی مالک رہے یعنی اونکو خود دعویٰ اجتہاد تھا۔ اور کبھی کسی کی تقلید نہین کی۔ تنزل کے بعد وہ اس قابل ہی نہین رہے کہ اُنکے حالات سے کسی ملکی اثر کا اندازہ کیا جاسکے۔ تاہم اُنہین اگر کسی نے تقلید گوارا کی تو ابوحنیفہ۔ ہی کی کی۔ عبداللہ بن المعتز۔ جو فن بدیع۔ کا موجد تھا اور خلفاے عباسیہ۔ مین سب سے بڑا شاعر اور ادیب تھا حنفی المذہب تھا۔[۵۲]

سلاطین اکثر حنفی تھے۔

عباسیہ۔ کے تنزل کے ساتھ جن خاندان کو عروج ہوا اکثر حنفی تھے۔ خاندان سلجوق۔ جسنے ایک وسیع مدت تک حکومت کی اور جنکے دائرہ حکومت کی وسعت۔ طول مین کاشغر سے بیت المقدس تک اور عرض مین قسطنطینہ سے بلادِ خزر تک پہونچی تھی۔ حنفی تھا۔ محمود غزنوی۔ جسکے نام سے

---

۵۱ تاریخ ابن خلکان ترجمہ معز بن بادیس ۵۲ تاریخ ابن خلکان ترجمہ عبداللہ بن المعتز۔

ہندوستان کا بچہ بچہ واقف ہے - فقہ حنفی کا بہت بڑا عالم تھا - فن فقہ مین اُسکی ایک نہایت عمدہ تصنیف موجود ہے جسکا نام - التفرید - ہے اور جسمین کم و بیش ساٹھ ہزار مسئلے ہین - نور الدین زنگی - کا نام چھپا ہوا نہین ہے - وہ ہمارے ہیروز مین داخل ہے بیت المقدس کی لڑائیون مین اوّل اُسی نے نام حاصل کیا - صلاح الدین - فاتح بیت المقدس - اُسی کے دربار کا ملازم تھا - دنیا مین پہلا دار الحدیث اُسی نے قایم کیا - اگرچہ وہ شافعی - و مالکی - فقہ کی بھی عزت کرتا تھا - لیکن وہ خود اور اُسکا تمام خاندان مذہباً حنفی تھا[۵۷] صلاح الدین - خود شافعی تھا - لیکن اُسکے خاندان مین بھی حنفی المذہب موجود تھے - الملک المعظم عیسیٰ بن الملک العادل - جو ایک وسیع ملک کا بادشاہ تھا - علامہ بن خلکان - اُسکے حالات مین لکھتے ہین کہ وہ نہایت عالی ہمت - فاضل - ہوشمند - دلیر - پُر رعب - تھا اور حنفی مذہب - مین غلو رکھتا تھا چراکسہ مصر جو نوین صدی کے آغاز مین مصر کی حکومت پر پہونچے - اور ۱۴۸ برس تک فرمانروا رہے اور بہت سی فتوحات حاصل کین - خود حنفی تھے اور اُنکے دربار مین اسی مذہب کو زیادہ فروغ تھا سلاطین ترک جو کم و بیش چھ سو برس سے روم - کے فرمانروا ہین اور آج اُنہین کی سلطنت - اسلام کی عزت و وقار کی امیدگاہ ہے - عموماً حنفی تھے - خود ہمارے ہندوستان کے فرمانروا خوانین اور آل تیمور اسی مذہب کے پابند رہے - اور اُنکی وسیع سلطنت مین اس طریقہ کے سوا اور کسی طریقہ کو رواج نہ ہو سکا -

بعضون کا خیال - ہے کہ حنفی - مذہب کو جو قبول عام حاصل ہوا وہ حکومت کے صدقہ سے

---

[۵۷] الجواہر المضیئہ ترجمہ نور الدین زنگی -

ہوا - ابن حزم - جو ارباب ظاہر کے مشہور امام ہین - اُنکا قول ہے کہ "دو مذہبون نے سلطنت کے زور سے ابتدا ہی مین رواج عام حاصل کر لیا - ایک ابوحنیفہ کا مذہب کیونکہ جب قاضی ابویوسف کو قاضی القضاۃ - کا منصب ملا تو اُنہون نے حنفی لوگون کو عہدۂ قضا پر مقرر کیا - دوسرا - امام مالک کا مذہب - اندلس - مین - کیونکہ امام مالک - کے شاگرد یحیی صمودی خلیفہ اندلس - کے نہایت مقرب تھے اور کوئی شخص بے اُنکے مشورہ کے عہدۂ قضا پر مقرر نہین ہو سکتا تھا وہ صرف اپنے ہم مذہبون کو مقرر کراتے تھے"[۱]

حنفی فقہ کی حسن قبول کا سبب

لیکن یہ ابن حزم - کی ظاہر بینی ہے - امام ابوحنیفہ - ۱۲۰ھ مین مسند اجتہاد پر بیٹھے - قاضی ابو یوسف - نے ۱۷۰ھ کے بعد قاضی القضاۃ - کا منصب حاصل کیا - کیونکہ اُنکے تقرر اور عروج کا زمانہ ہرون الرشید - کے عہد سے شروع ہوتا ہے - جو ۱۷۰ھ مین تخت نشین ہوا تھا - قاضی ابو یوسف - کے فروغ سے پہلے پچاس برس کا زمانہ گذر چکا تھا - جسمین امام ابوحنیفہ - کے مذہب نے قبول عام حاصل کر لیا تھا - اور اونکے سیکڑون شاگرد قضا کے عہدون پر مامور ہو چکے تھے - اس کامیابی کو کسکی طرف منسوب کیا جائے ؟ یہ ضرور ہے کہ قاضی ابو یوسف کی وجہ سے امام صاحب کے مسائل کو اور زیادہ عروج ہوا - لیکن مذہب حنفی کا اصلی عروج - قاضی صاحب کی کوششون کا محتاج نہ تھا - امام رازی - نے باوجود مخالفت کے تسلیم کیا ہے - کہ ثم انه لما قوی مذهب اصحاب الرای واشتهر وعظم وقعته فی القلوب - ثم اتفق اتصال ابی یوسف ومحمد بخدمة هرون الرشید عظمت

---

[۱] ابن حزم کے اس قول کو علامہ ابن خلکان نے یحیی صمودی کے ترجمہ مین نقل کیا ہے - ۱۲

تلک القوۃ جدا لان العلم والسلطنۃ حصلا معا - یعنی اصحاب الرائے کا مذہب قوی ہوگیا اور شہرت پکڑ گیا اور اوسکی وقعت دلون مین بہت ہوگئی پہر اسکے بعد ابو یوسف نے محمد کو ہرون الرشید کے دربار مین رسائی حاصل ہوئی تو یہ قوت بہت ہی زیادہ بڑھ گئی کیونکہ علم اور حکومت دونون مجتمع ہوگئے" -

اسکے علاوہ قاضی ابو یوسف کا اثر ہرون الرشید کے زمانہ تک محدود تھا - دیرپا اور غیر منقطع کامیابی کس نے پیدا کی؟ یون تو بعض اور ایمہ نے بھی اپنے عہد مین نہایت عروج حاصل کیا تھا - امام اوزاعی اپنی زندگی مین بلکہ زمانہ مابعد تک بھی تمام شام کے امام مطلق تسلیم کئے گئے اور ان ممالک مین لوگ عموماً انہین کی تقلید کرتے تھے - لیکن وہ ایک محدود اثر تھا جو بہت جلد جاتا رہا - ان واقعات سے صاف نتیجہ نکلتا ہے کہ امام ابو حنیفہ کے مذہب مین ایسی خاص خوبیان ہین جو اور مذہبون مین نہین -

تمام ممالک اسلامی - مین جن ایمہ کی فقہون نے رواج پایا وہ صرف چار ہین - ابو حنیفہ مالک - شافعی - احمد حنبل - مسایل فقہ - کی ترویج و اشاعت کا سبب - اگرچہ خود اُن مسایل کی خوبی و عمدگی ہے - لیکن کچھ شبہ نہین کہ اس امر مین واضع فقہ کی ذاتی رسوخ - اور عظمت کو بھی بہت کچھ دخل ہے - ہمارے نزدیک - امام ابو حنیفہ - کے سوا - اور مجتہدین فقہ کی ترویج و اشاعت کا باعث زیادہ تر انکی ذاتی خصوصیتین تھین - مثلاً امام مالک - مدینہ - کے رہنے والے تھے جو نبوت کا مرکز اور خلفاے راشدین کا دار الخلافہ رہ چکا تھا - اس تعلق سے لوگون کو عموماً مدینہ اور ارباب مدینہ کے ساتھ خلوص و عقیدت تھی - اونکا خاندان ایک علمی خاندان تھا

اور مجتہدین کے رواج مذہب کے اسباب۔

اُنکے دادا۔ مالک بن ابی عامر۔ نے بڑے بڑے صحابہ سے حدیثین سیکھی تھین۔ اُنکے چچا شیخ الحدیث تھے۔ امام مالک۔ نے جب حدیث و فقہ مین کمال پیدا کیا تو یہ عارضی اوصاف اُنکی ذاتی قابلیت پر طرّہ بنکر نمایان ہوے۔ اور تمام اطراف و دیار مین اُنکی شہرت کا سکّہ جم گیا۔

امام شافعی۔ کو اور بھی زیادہ خصوصیتین حاصل تھین۔ مکہ معظمہ وطن تہا۔ باپ کیطرف سے قریشی اور مطلبی اور مان کی طرف سے۔ ہاشمی۔ تھے۔ اُنکا تمام خاندان ہمیشہ سے معزز و ممتاز چلا آتا تھا۔ اُنکے پردادا۔ سایب۔ جنگ بدر مین ہاشمیون کے علمبردار تھے اور گرفتار ہوکر اسلام لاے تھے۔ مکہ معظمہ کی ولادت۔ خاندان کا اعزاز۔ رسول اللہ کے ہم نسبی۔ ایسی چیزین تہین۔ جن سے بڑھکر حسن قبول اور رجعیت کیلیے کوئی کارگر آلہ نہین ہوسکتا تھا۔

امام ابوحنیفہ۔ مین اس قسم کی کوئی خصوصیت نہ تھی۔ قریشی اور ہاشمی۔ ہونا تو ایک طرف وہ عربی النسل۔ بھی نہ تھے۔ خاندان مین کوئی شخص ایسا نہین گذرا تھا جو اسلامی گروہ کا مرجع اور مقتدا ہوتا۔ آبائی پیشہ تجارت تھا اور خود بھی تمام عمر اسی ذریعہ سے زندگی بسر کی۔ کوفہ۔ جو انکا مقام ولادت تہا گو دار العلم تہا۔ لیکن مکہ معظمہ۔ اور مدینہ منورہ۔ کا ہمسر کیونکر ہوسکتا تھا۔ بعض اتفاقی اور ناگزیر اسباب سے ارباب روایت کا ایک گروہ انکی مخالفت پر کمربستہ تھا۔ غرض حسن قبول اور عام اثر کیلیے جو اسباب درکار ہین وہ بالکل نہ تھے۔ باوجود اسکے اونکی فقہ۔ کا تمام ممالک اسلامیہ مین اس وسعت اور ترقی کے ساتھ رواج پانا یقیناً اسبات کی دلیل ہے کہ اُنکا طریقہ رفقہ انسانی ضرورتونکی نہایت مناسب اور موزون واقع ہوا تھا۔ اور

بالخصوص تمدن کے ساتھ جسقدر اُنکی فقہ کو مناسبت تھی کسیکی فقہ کو نہ تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اور ائمہ کے مذہب کو زیادہ تر اُنہین ملکونمین رواج ہوا جہان تہذیب و تمدن نے زیادہ ترقی نہین کی تھی

علامہ ابن خلدون۔ اسبات کی وجہ بتاتے ہین کہ مغرب و اندلس۔ مین امام مالک۔ کا مذہب کیون زیادہ رائج ہوا؟ وہ لکھتے ہین کہ "مغرب و اندلس۔ بدویت غالب تھی۔ اور وہان کے لوگون نے وہ ترقی نہین حاصل کی تھی جو اہل عراق۔ نے کی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ ان ممالک مین امام مالک۔ کی فقہ کے سوا اور کسی فقہ کو فروغ نہوسکا"

حنفی فقہ جسمین امام ابو حنیفہ کے علاوہ اُنکے نامور شاگردون کے مسایل بھی شامل ہین اُس زمانہ کا بہت بڑا قانون بلکہ بہت بڑا مجموعہ قوانین تھا۔ زمانہ مابعد مین۔ گو علماے حنفیہ۔ نے اُسپر بہت کچھ اضافہ کیا۔ اور جزئیات کی تفریع کے ساتھ اصول فن کو نہایت ترقی دی۔ لیکن ایجاد کے زمانہ مین جسقدر کسی فن کی حالت ہوسکتی ہے۔ وہ اِس سے زیادہ نہین ہوسکتی۔ جو امام ابو حنیفہ۔ کے عہد مین فقہ کو حاصل ہوچکی تھی۔ اس مجموعہ مین عبادات۔ کے علاوہ دیوانی۔ فوجداری۔ تعزیرات۔ لگان۔ مالگذاری۔ شہادت۔ معاہدہ۔ وراثت وصیت۔ اور بہت سے قوانین شامل تھے۔ اُسکی وسعت اور خوبی کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ ہرون الرشید اعظم۔ کی وسیع سلطنت جو سندھ۔ سے ایشیاے کوچک۔ تک پھیلی ہوئی تھی۔ انھین اصول پر قایم تھی۔ اور اُس عہد کے تمام واقعات و معاملات انہین قواعد کی بنا پر فیصل ہوتے تھے۔

مسایل فقہ کی تقسیم

یہ قانون جسکو فقہ۔ کہتے ہین دو قسم کے مسایل پر مشتمل ہے اور اس لحاظ سے اُسکے

واضع کی دو مختلف حیثیتین ہین۔

(۱) وہ مسایل جو شریعت سے ماخوذ ہین۔ اور تشریعی احکام کہے جا سکتے ہین۔

(۲) وہ احکام جن سے شریعت نے سکوت کیا ہے اور جو تمدن اور معاشرت کی ضرورتون سے پیدا ہوتے ہین۔ یا جنکا ذکر شریعت مین ہے لیکن تشریعی طور پر نہین۔

پہلی قسم کے مسایل کے لحاظ سے فقیہ کی حیثیت۔ شارح اور مفسر کی حیثیت ہے۔ اور اس اعتبار سے اُسکے لیے جس قسم کی قابلیت درکار ہے وہ مہارت زبان۔ واقفیت نصوص قوت استنباط۔ توفیق متعارضات۔ ترجیح دلایل ہے۔ دوسری قسم کے احکام کے لحاظ سے واضع فقہ ایک مقنن کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور اس لحاظ سے اُسکی قابلیت اُس رتبہ کی ہونی چاہیئے جیسی کہ دنیا کے اور مشہور مقننون کی تھی۔ یہ دونون حیثیتین ایک دوسری سے ممتاز ہین۔ اسلام مین بہت سے نامور گذرے ہین جو قرآن و حدیث کے عمدہ مفسر یا شارح تھے۔ لیکن مقننانہ قابلیت سے معرا تھے۔ اسیطرح ایسے لوگ بھی گذرے ہین جو مقنن اور واضع قانون تھے لیکن نصوص شرعی کے مفسر نہین کہے جا سکتے تھے۔ جہانتک ہماری واقفیت ہے، اسلام کے اس وسیع دور مین قدرت نے یہ دونون قابلیتین جس اعلیٰ درجہ پر۔ امام ابوحنیفہ مین جمع کر دی تہین۔ کسی مجتہد یا امام۔ مین مجتمع نہین ہوئین۔

علم فقہ۔ کے متعلق سب سے بڑا کام جو امام صاحب نے کیا وہ تشریعی اور غیر تشریعی احکام مین امتیاز قایم کرنا تھا۔

تشریعی اور غیر تشریعی احادیث کا فرق

شارع علیہ السلام کے اقوال و افعال جو سلسلہ روایت سے منضبط کیے گئے اور جن

بہت سے ایسے امور تھے جنکو منصب رسالت سے کچھ تعلق نہ تھا لیکن بطور ایک اصطلاح کے اُن سب پر حدیث کا لفظ اطلاق کیا جاتا تھا۔ فقہ کی توضیع مین ایک عام اور سخت غلطی یہ ہوئی کہ لوگون نے ان تمام امور کو شرعی حیثیت پر محمول کیا اور اس خیال سے اُن پر مسایل اور احکام کی بنیاد قایم کی۔ حالانکہ وہ حدیثین منصب شریعت سے علاقہ نہین رکھتی تھین شاہ ولی اللہ صاحب لکھتے ہین[۱] کہ "آنحضرت سے جو کچھ روایت کیا گیا ہے اور کتب حدیث مین اُسکی تدوین ہوئی اُسکی دو قسمین ہین۔

(۱) جو تبلیغ رسالت سے تعلق رکھتا ہے اور اسی بارہ مین یہ آیت اُتری ہے مَا اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰکُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا یعنی "پیغمبر جو چیز تمکو دے اُسکو اختیار کرو اور جس چیز سے روکے اُس سے باز آؤ"

(۲) جو تبلیغ رسالت سے متعلق نہین چنانچہ اُنکی نسبت آنحضرت نے ارشاد فرمایا ہے۔ انما انا بشر اذا امرتکم بشیء من دینکم فخذوا به واذا امرتکم بشیء من رایی فانما انا بشر۔ یعنی "مین ایک آدمی ہون جب مین کوئی مذہبی حکم دون تو تم لوگ اُسکے پابند ہو اور جب مین اپنی راے سے کسی بات کا حکم دون تو مین صرف ایک آدمی ہون" اس دوسری قسم مین وہ حدیثین ہین جو آنحضرت نے طب کے متعلق ارشاد کین۔ اور اسی قسم مین وہ افعال داخل ہین جو آنحضرت سے عادۃً صادر ہوے نہ عبادۃً۔ اور اتفاقاً واقع ہوے نہ قصداً۔ اور اسی قسم مین وہ حدیثین داخل ہین جو آنحضرت نے اپنی قوم کے گمان کے موافق بیان کین مثلاً ام زرع

[۱] حجۃ اللہ البالغہ مطبوعہ بریلی صفحہ ۱۳۳ و ۱۳۴ - ۱۲

کی حدیث اور خرافہ کی حدیث - اور اسی قسم مین وہ امور داخل ہین جو آنحضرت نے اُس وقت مصلحت جزوی کے موافق اختیار فرمائے اور وہ سب لوگون پر واجب العمل نہین ہین مثلاً فوجون کی تیاری اور شعار کی تعیین - اسی بنا پر حضرت عمر نے فرمایا تھا کہ "اب رمل کرنیکی کیا ضرورت ہے جس قوم کے دکھانے کے لئے ہم رمل کرتے تھے اُنکو خدا نے ہلاک کردیا" اور آنحضرت کے بہت سے احکام اسی قسم مین داخل ہین - مثلاً یہ حکم کہ جہاد مین جو شخص کسی کافر کو قتل کرے تو اُسکے ہتیار کا مالک بھی وہی ہوگا"

شاہ ولی اللہ صاحب نے حدیث کی قسمون مین جو دقیق فرق بیان کیا - یہ وہی نکتہ ہے جسکی طرف سب سے پہلے امام ابو حنیفہ کا ذہن منتقل ہوا - اسی بنا پر بہت سے مسایل - مثلاً غسل جمعہ - خروج النساء الی العیدین - نفاذ طلاق - تعین جزیہ - تشخیص خراج - تقسیم غنایم وغیرہ مین جو حدیثین وارد ہین اُنکو امام ابو حنیفہ نے دوسری قسم مین داخل کیا ہے لیکن امام شافعی وغیرہ اِن حدیثون کو بھی تشریعی حدیثین سمجھتے ہین -

حنفی فقہ کو بمقابلہ اور فقہون کے بہت بڑی خصوصیت جو حاصل ہے وہ یہی ہے کہ اُسکے مسایل عموماً اسی اصول پر مبنی ہین اور یہی وجہ ہے کہ اُسمین وہ وسعت اور آزادی پائی جاتی ہے جو اور ایمہ کے مسایل مین نہین پائی جاتی - یہ اصول اگرچہ نہایت صاف اور صریح ہے لیکن افسوس ہے کہ اور ایمہ نے اُسپر لحاظ نہین کیا - اور اگر خلفاے راشدین کی نظیرین موجود نہوتین تو شاید امام ابو حنیفہ کو بھی اُسکے اختیار کرنیکی جرأت نہوتی - اگرچہ امام صاحب کے بعد بھی بعض ایمہ نے جنکو اُنکے مقابلہ مین اجتہاد کا دعوی تھا اِس عمدہ اصول کی پیروی کی اور اُسی غلط خیال

پر قایم ہے۔ لیکن اسمین کون شبہ کرسکتا ہے کہ امام صاحب کی رائے نہایت صحیح اور نہایت دقیقہ سنجی پر مبنی تھی۔

خلفاے راشدین سے بڑھکر کون احکام شریعت کا نکتہ شناس ہوسکتا ہے اُنہون نے کیا کیا؟ حضرت عمرؓ کے آغاز خلافت تک اُمہات اولاد یعنی وہ لونڈیان جنسے اولاد ہوچکی ہو عموماً خریدی اور بیچی جاتی تہین۔ حضرت عمرؓ نے اِس رواج کو بالکل روک دیا۔ آنحضرتؐ نے تبوک کے سفر مین۔ غیر مذہب والون پر جو جزیہ مقرر کیا وہ فی کس ایک دینار تھا۔ حضرت عمرؓ نے ایران مین ۴۸ و ۱۲ و ۶ کے حساب سے شرحین مقرر کین۔ آنحضرتؐ۔ مال غنیمت جب تقسیم کرتے تھے تو اپنے عزیز و اقارب کا بھی حصّہ لگاتے تھے۔ خلفاے راشدین مین سے کسی نے حتیٰ کہ حضرت علیؓ نے بھی ہاشمیون کو کبھی حصّہ نہین دیا۔ آنحضرتؐ کے زمانہ مین بلکہ حضرت ابوبکرؓ کے عہد تک تین طلاقین ایک سمجھی جاتی تہین۔ حضرت عمرؓ نے اپنے زمانہ خلافت مین منادی کرادی کہ تین طلاق طلاق باین سمجھی جائیگی آنحضرتؐ کے عہد مین شراب پینے کی سزا مین کوئی خاص حد نہین مقرر ہوئی تھی۔ حضرت ابوبکرؓ نے اُسکی حد چالیس۴۰ دُرّے قرار دئے۔ اور حضرت عمرؓ نے بسبب اسکے کہ اُنکے زمانہ مین مے نوشی کا زیادہ رواج ہوچلا تھا۔ چالیس۴۰ سے اسّی درّے کردئے۔ یہ وہ واقعات ہین جو حدیث کی کتابون مین مذکور ہین۔ اور جنکے ثبوت سے کوئی شخص انکار نہین کرسکتا۔ لیکن کیا اسکا یہ مطلب ہے کہ خلفاے راشدین کسی حکم کو آنحضرتؐ کا تشریعی حکم سمجھکر اُسکی مخالفت کرتے تھے!! اگر (نعوذ باللہ) ایسا کرتے تھے تو وہ خلفاے راشدین نہ تھے۔ بلکہ (عیاذاً باللہ) رسول اللہ

جو مسایل تشریعی مسائل نہین ہین

کے حریف او رمقابل تھے!!!

حقیقت یہ ہے کہ صحابہ جو رات دن آنحضرتؐ کی خدمت مین حاضر رہتے تھے اور فیض صحبت کی وجہ سے شریعت کے اداشناس ہو گئے تھے۔ اُنکو یہ تمیز کرنا نہایت آسان کام تھا کہ کون سے احکام تشریعی حیثیت رکھتے ہین اور کون سے اُس حد مین داخل ہین جنکی نسبت آنحضرتؐ نے فرمایا تھا کہ انتم اعلم باموردینا کم۔ حضرت عائیشہ۔ نے آنحضرت کی وفات کے بعد ایک موقع پر کہا کہ "آج اگر رسول اللہ موجود ہوتے تو عورتون کو مسجد مین جانیکی اجازت نہ دیتے" یہ صریح اسبات کی شہادت ہے کہ حضرت عائیشہ نے رسولؐ اللہ کی اُس اجازت کو تشریعی اور لازمی حکم نہین قرار دیا ورنہ زمانہ اور حالات کے اختلاف سے اُسپر کیا اثر پڑ سکتا تھا۔

امام ابو حنیفہ نے اِس مرحلہ مین صحابہ ہی کو دلیل راہ بنایا۔ اور اس قسم کے مسایل مین اُنکی رائے عموماً خلفاے راشدین کے طرز عمل کے موافق ہے۔ لیکن جن لوگون کی نگاہ اُس نکتہ تک نہین پہونچی وہ امام ابو حنیفہ بلکہ صحابہ کو بھی مورد الزام ٹھہراتے ہین۔ طلاق کے مسئلہ مین قاضی شوکانی نے حضرت عمرؓ کا قول نقل کر کے لکھا ہے کہ "رسولؐ اللہ کے مقابلہ مین بیچارے عمرؓ کی کیا حقیقت ہے" لیکن قاضی شوکانی یہ نہ سمجھے کہ حضرت عمر۔ قاضی صاحب سے زیادہ اسبات کو سمجھتے تھے کہ رسولؐ اللہ کے مقابلہ مین اونکی کوئی حقیقت نہین۔

فقہ کی پہلی قسم کے متعلق۔ امام ابو حنیفہ نے جو بڑا کام کیا وہ قواعد استنباط کا انضباط تھا جسکی وجہ سے فقہ (جو اب تک جزئیات مسایل کا نام تھا) ایک مستقل فن بنگیا۔ امام ابو حنیفہ کی علمی تاریخ مین جو چیز سب سے زیادہ قابل قدر اور تعجب انگیز ہے وہ اِن قواعد کی تحدید اور انضباط ہے۔

ایسے زمانہ مین جبکہ علوم نہایت ابتدائی حالت مین تھے یہان تک کہ نقل وکتابت کا بھی رواج نہ تھا ایسے دقیق فن کی بنیاد ڈالنی درحقیقت امام ابوحنیفہ ہی کا کام تھا۔

عام خیال یہ ہے کہ یہ قواعد جنکو اب **اصول فقہ** سے تعبیر کیا جاتا ہے سب سے پہلے امام شافعی۔ نے مرتب کئے یہ دعویٰ اس لحاظ سے توصحیح ہے کہ امام شافعی سے پہلے یہ مسائل مستقل طور سے حیز تحریر مین نہین آئے تھے لیکن اصل فن کی بنیاد۔ امام شافعی سے بہت پہلے پڑ چکی تھی۔ اور اگر تحریر کی قید اٹھادی جاے توامام ابوحنیفہ اُسکے موجد کہے جاسکتے ہین۔

اصل یہ ہے کہ مسایل کا استنباط اور احکام کی تفریع۔ تابعین بلکہ صحابہ ہی کے زمانہ مین شروع ہوچکی تھی لیکن استنباط اور استخراج کا جو طریقہ تھا وہ کوئی علمی صورت نہین رکھتا تھا۔ جسطرح عام لوگ کسی عبارت سے کسی نتیجہ کا استنباط یا کسی حکم کی تفریع صرف وجدانی مذاق کی روسے کرتے ہین اور نہین جانتے کہ اونکا استنباط یا تفریع کس قاعدہ کلیہ کے تحت مین داخل ہے اور اسکے کیا شرایط اور قیود ہین۔ اسی طرح فقہی مسایل بھی استنباط کئے جاتے تھے۔ نہ علمی اصطلاحین قایم ہوئی تھین۔ نہ کچھ اصول منضبط ہوے تھے۔

استنباط احکام کی ابتدار

بنوامیہ کے اخیر دور مین کچھ کچھ علمی اصطلاحین پیدا ہوئین۔ چنانچہ واصل بن عطار نے جو علم کلام کا موجد تھا احکام شرعیہ کی تقسیم کی اور کہا کہ ”حق کے ثبوت کے چار طریقے ہین۔ قرآن ناطق۔ حدیث متفق علیہ۔ اجماع امت۔ عقل وحجت (یعنی قیاس)“ واصل نے اور بھی چند مسایل اور اصطلاحین قایم کین مثلاً یہ کہ ”عموم وخصوص دو جداگانہ مفہوم ہین“

واصل بن عطا نے اصول فقہ کے بعض قاعدے بیان کیے

نسخ۔ صرف اوامر و نواہی مین ہوسکتا ہے۔ اخبار و واقعات مین نسخ کا احتمال نہین"[۵]۔
ان مسایل کے لحاظ سے اصول فقہ مین اولیت کا فخر واصل کی طرف منسوب کیا جاسکتا ہے لیکن یہ اُسی قسم کی اولیت ہوگی جسطرح نحو کے دوتین قاعدون کے بیان کرنے سے کہا جاتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام فن نحو کے موجد ہین۔ بہرحال امام ابوحنیفہ کے زمانہ تک جو کچھ ہوا تھا اِس سے زیادہ نہین ہوا تھا۔ لیکن چونکہ امام صاحب نے فقہ کو مجتہدانہ اور مستقل فن کی حیثیت سے ترتیب دینا چاہا اسلئے استنباط اور استخراج مسایل کے اصول قرار دینے پڑے۔

اگرچہ زمانہ مابعد مین اصول فقہ ایک نہایت وسیع فن بنگیا اور سیکڑون مسایل ایسے ایجاد ہوگئے جنکا امام ابوحنیفہ کے زمانہ مین اثر بھی نہ تھا۔ لیکن کچھ شبہ نہین کہ اس فن کے مہمات مسایل جن پر فن کی بنیاد قایم ہے امام صاحب ہی کے زمانہ مین منضبط ہوچکے تھے۔ اصول اربعہ کی توضیح۔ حدیث کے مراتب اور اونکے احکام۔ جرح و تعدیل کے اصول۔ اجماع کے حدود و ضوابط۔ قیاس کے اقسام و شرایط۔ احکام کی انواع۔ عموم و خصوص کی تحدید۔ رفع تعارض کے قواعد۔ فہم مراد کے طرق۔ یہ مسایل ہین جو اصول فقہ کے ارکان ہین۔ ان تمام مسایل کے متعلق امام صاحب نے ضروری اصول و قواعد منضبط کردئے تھے۔

اصول فقہ کی کا پتہ

حدیث کے متعلق امام صاحب نے جو اصول قرار دئے اُنکو ہم حدیث کی بحث مین لکھ آئے ہین۔ انکے علاوہ۔ اور ابواب کے متعلق۔ امام صاحب نے تمام ضروری اصول

[۵] ان مسایل کو ابو ہلال عسکری نے کتاب الاوایل مین۔ واصل بن عطا کی طرف منسوب کیا ہے۔

منضبط کردئے تھے۔ مثلاً۔ ما لم یثبت بالتواتر لیس بقران۔ الزیادۃ نسخ۔ لا یجوز الزیادۃ علی الکتاب بخبر الواحد۔ حمل المطلق علی المقید زیادۃ علی النص۔ عموم القران لا یتخصص باحاد۔ العام قطعی کالخاص۔ الخاص ان کان متاخرا خصص العام وان کان متقدما فلا بل کان العام ناسخا للخاص وان جہل التاریخ تساقطا و یطلب دلیل اخر۔ مفہوم الصفۃ لا یحتج بہ۔ النہی لا تدل علی البطلان

امام صاحب کے یہ اقوال اُنکے شاگردون کی تصنیفات یا اصول کی کتابون مین جو شافعیہ و حنفیہ وغیرہ نے لکھے ہین جستہ جستہ مذکور ہین جنکو اگر یکجا جمع کر دیا جاے تو ایک مختصر رسالہ تیار ہو سکتا ہے[۱] یہی اصول ہین جنکی بنا پر کہا جاتا ہے کہ امام ابو حنیفہ۔ ایک خاص طریقۂ اجتہاد کے بانی ہین۔ انہین اصول کے اتحاد کی بنا پر۔ امام محمد و قاضی ابو یوسف کا طریقہ۔ امام صاحب کے طریقہ سے الگ نہین سمجھا جاتا حالانکہ جزئیات مسایل مین ان لوگون نے سیکڑون ہزارون جگہ اُن سے اختلاف کیا ہے۔

اِن اصولی مسایل پر بوجہ اسکے کہ امام شافعی وغیرہ نے اُن سے مخالفت کی ہے نہایت وسیع اور دقیق بحثین قایم ہو گئی ہین۔ افسوس ہے کہ ہماری مختصر تالیف مین اُنکی گنجایش نہین۔ اُصول کی کتابون مین یہ مباحث نہایت تفصیل سے مذکور ہین جس شخص کا جی چاہے اُن

[۱] لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اصول فقہ کی کتابون مین جو بہت سے اصول مذکور ہین اون سب کی نسبت یہ دعوی نہین کیا جا سکتا وہ امام ابو حنیفہ کے اقوال ہین۔ شاہ ولی اللہ صاحب نے حجۃ اللہ البالغہ مین اسپر ایک نہایت عمدہ تقریر لکھی ہے۔ لیکن شاہ صاحب نے بعض اُن اقوال سے بھی انکار کیا ہے جو بروایت صحیحہ امام صاحب سے ثابت ہین ۱۲

کتابون کی طرف رجوع کر سکتا ہے۔

جیسا کہ ہم اوپر لکھ آئے ہین فقہ کے اس حصہ مین امام صاحب کی حیثیت ایک مفسر اور مستنبط کی حیثیت ہے۔ اور کچھ شبہ نہین کہ اسباب مین امام صاحب نے جو کام کیا وہ نہ صرف تاریخ اسلام مین بلکہ کل دنیا کی تاریخ مین بے نظیر ہے۔ دنیا مین اور بھی قومین ہین جنکے پاس آسمانی کتابین ہین۔ اور وہ لوگ اُن کتابون سے اخذ احکام کرتے ہین۔ لیکن کوئی قوم یہ دعویٰ نہین کر سکتی کہ اُسنے استنباط مسایل کے اصول اور قواعد منضبط کئے اور اُسکو ایک مستقل فن کے رتبہ تک پہنچا دیا۔

فقہ کا دوسرا حصہ

فقہ کا دوسرا حصہ جو صرف قانون کی حیثیت رکھتا ہے۔ پہلے حصہ کی نسبت بہت زیادہ وسیع ہے اور یہ وہ خاص حصہ ہے جسمین امام ابو حنیفہ۔ علانیہ تمام مجتہدین سے ممتاز ہین۔ بلکہ سچ یہ ہے کہ اگر اسلام مین کوئی شخص واضع قانون گذرا ہے تو وہ صرف امام ابو حنیفہ ہین۔ مسلمانون مین توضیع قانون کا کام ہمیشہ اُن لوگون کے ہاتھ مین رہا جو مذہبی پیشوا تھے اور زہد و تقا مین نہایت غلو رکھتے تھے۔ مذہبی لوگون مین جو اوصاف نہایت قابل قدر سمجھے جاتے ہین وہ یہ ہین۔ دنیاوی امور سے علٰحدگی۔ کم آمیزی۔ معاملات مین سختی۔ عام واقعات سے بیخبری۔ غیر مذہب والون سے تنفر۔ یہ تمام اوصاف وہ ہین جو تمدن کے مخالف ہین اور جس شخص مین یہ اوصاف اعتدال سے بڑھکر ہون اور فطرتی ہون۔ وہ مشکل سے تمدن کی ضروریات کا اندازہ دان ہو سکتا ہے۔ تقدس و پاکیزہ نفسی کے لحاظ سے ان لوگون کی جسقدر عظمت کی جائے کم ہے۔ لیکن دنیا اور دنیا والون کا کام اُن سے نہین چل سکتا حضرت جنید بغدادی۔

معروف کرخی - شیخ شبلی - داؤد طائی - کی عظمت وشان سے کسکو انکار ہوسکتا ہے لیکن یہ ظاہر ہے کہ یہ لوگ واضع قانون نہین ہوسکتے تھے -

مجتہدین جنہون نے فقہ کے نام سے ملکی اور شخصی قانون بنائے - اگرچہ رہبانیت کی حد سے دور تھے - تاہم یہ کہنا مشکل ہے کہ تمدن کی اُن تمام وسیع تعلقات پر اُنکی نگاہ پڑسکتی تھی - جنسے اُنکو عمر بھر کبھی سروکار نہین رہا - یہی وجہ ہے کہ اُنکے قوانین مین بعض جگہہ ایسی سختی اور تنگی پائی جاتی ہے جسپر مشکل سے عمل درآمد ہوسکتا ہے - امام شافعی وغیرہ کا مذہب ہے کہ نکاح مین بجز ثقاۃ کے کوئی شخص گواہ نہین ہوسکتا - ہمسایہ کو حق شفعہ نہین پہنچتا - بیع بالمعاطاۃ جایز نہین - ذمیون کی شہادت کسی حال مین مقبول نہین - ایک مسلمان سیکڑون ذمیون کو بے قصور قتل کرڈالے تاہم وہ قصاص مین پکڑا نہین جاسکتا " اِن مسایل سے دنیا کا کام کیونکر چل سکتا ہے -

امام ابوحنیفہ - اِس وصف مین اپنے تمام معصرون سے ممتاز تھے کہ وہ مذہبی تقدس کے ساتھہ دنیاوی اغراض کے اندازہ شناس تھے - اور تمدن کی ضرورتون کو اچھی طرح سمجھتے تھے مرجعیت اور فصل قضایا کی وجہ سے ہزارون پیچیدہ معاملات اُنکی نگاہ سے گذر چکے تھے - اُنکی مجلس افتا بہت بڑی عدالت العالیہ تھی - جسنے لاکھون مقدمات کا فیصلہ کیا تھا - وہ ملکی حیثیت رکھتی تھی اور ارکان سلطنت مہمات امور - مین اُن سے مشورہ لیتی تھی - اُنکے شاگرد اور ہمنشین جنکی تعداد سیکڑون سے زیادہ تھی عموماً وہ لوگ تھے جو منصب قضا پر مامور تھے - اِن باتون کے ساتھہ خود اُنکی طبیعت مقننانہ اور معاملہ سنج واقع ہوئی تھی - وہ ہر بات کو قانونی حیثیت

سے دیکھتے تھے۔ اور اُسکے دقیق نکتون تک پہنچتے تھے۔ اس بات کا اندازہ واقعہ ذیل سے ہوسکتا ہے جسکا ذکر اکثر مورخین نے کیا ہے۔

ایک دن امام صاحب۔ قاضی بن ابی لیلی سے ملنے گئے۔ اُسوقت اُنکے سامنے ایک مقدمہ پیش تھا۔ مدعی کا بیان تھا کہ فلان شخص نے میری مان کو زانیہ کہا ہے۔ اسلئے مین ازالہ حیثیت کا دعویدار ہون۔ قاضی صاحب نے مدعا علیہ کی طرف جو اُس موقع پر موجود تھا خطاب کیا کہ تم کیا جواب دیتے ہو۔ امام ابوحنیفہ۔ نے قاضی صاحب سے کہا کہ ابھی مقدمہ قایم نہین ہوا۔ مدعی کا اظہار لینا چاہیئے کہ اُسکی مان زندہ ہے یا نہین۔ کیونکہ اُسکو بھی شریک مقدمہ ہونا چاہیئے۔ یا اگر اُسنے اسکی معرفت مقدمہ دایر کیا ہے تو اسکو مختارنامہ پیش کرنا چاہیئے۔ قاضی صاحب نے مدعی کا اظہار لیا۔ معلوم ہوا کہ اسکی مان مرچکی ہے۔ اسپر قاضی صاحب نے مقدمہ آگے چلانا چاہا امام صاحب۔ نے کہا۔ مدعی سے پوچھنا چاہیئے کہ اُسکے بھائی بہن ہین یا نہین۔ کیونکہ اگر اور دعویدار موجود ہین تو اُنکو بھی شریک مقدمہ ہونا چاہیئے۔ اسیطرح۔ امام صاحب نے اور چند سوالات کیئے۔ جب وہ مراتب طے ہوچکے تو فرمایا کہ "اب مقدمہ قایم ہوا اور آپ مدعا علیہ کا اظہار لیجیئے"

اس واقعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ قاضی صاحب نے جس طریقہ سے مقدمہ کی کاروائی شروع کی تھی وہ اُس حیثیت سے بڑھکر نہ تھا جسطرح عوام آپسمین فصل خصومات کیا کرتے ہین۔ لیکن امام صاحب۔ باقاعدہ فیصلہ چاہتے تھے جسکا ضروری اصول یہ ہے کہ ایک حق سے جتنے لوگ دعویدار ہوسکتے ہین اُن سب کو مقدمہ مین شریک ہونا چاہیئے۔ تاکہ عدالت کو ایک ہی

حق کے فیصلہ کرنے مین بار بار زحمت نہ اُٹھانی پڑے۔

امام صاحب نے فقہ کے اس دوسرے حصّہ کی جسطرح تدوین کی اور جس ضبط و ربط سے اُسکی جزئیات کا استقصا کیا وہ اس زمانہ کا نہایت وسیع قانون تھا۔ اگرچہ اُسکی تعبیر ایک عام لفظ (فقہ) سے کی جاتی ہے لیکن درحقیقت اُسمین بہت سے قوانین شامل تھے چنانچہ آج تعلیم یافتہ دنیا مین اِن ہی ابواب کے مسایل جو ترتیب دیے گئے ہین وہ جدا جدا قانون کے نام سے موسوم ہین۔ مثلاً قانون معاہدہ۔ قانون بیع۔ قانون لگان و مالگذاری تعزیرات۔ ضابطہ فوجداری وغیرہ وغیرہ۔

اسی بنا پر بعض یورپین مصنفون کا خیال[1] ہے کہ امام ابو حنیفہ نے فقہ کی تدوین مین رومن لا

[1] ہمنے اس خیال کو شہرت عام کی بنا پر لکھا تھا لیکن تالیف کتاب کے بعد ہمکو معلوم ہوا کہ مسٹر شیلڈن ایموز Sheldon Amos نے جو آجکل لندن یونیورسٹی کے لا پروفیسر ہین اپنی کتاب رومن سول لا Roman Civil Law مین اس دعوی کو بڑی شدومد سے ثابت کرنا چاہا ہے اور اسپر ایک مفصل بحث کی ہے[1]۔ یورپ کو جو برتری آج تمام قومون اور بالخصوص مسلمانون پر حاصل ہے اُسنے یورپین مصنفون کے دل مین بالطبع یہ بات پیدا کر دی ہے کہ وہ مسلمانونکے تمام گذشتہ کارنامونکو تحقیر کی نگاہ سے دیکھین اور اگر کوئی کمال ایسا ہی اور نمایان ہو جس سے کسیطرح انکار نہو سکے تو یہ دعوی کرین کہ وہ مسلمانونکی ایجاد نہین ہے بلکہ روم و یونان و مصر وغیرہ سے ماخوذ ہے۔ یہی اثر ہے جسنے مسٹر شیلڈن ایموز کو اس بحث پر مجبور کیا۔ انہون نے اپنے دعوی کو

[1] دیکھو کتاب مذکور صفحہ ۴۰۶ تا صفحہ ۴۱۵۔

فقہ حنفی تک محدود نہین رکھا بلکہ عام قانون اسلام کی نسبت اُنکا یہ دعوی ہے - ہم اُنکے مضمون کو قریباً اُنکے الفاظ مین نقل کرتے ہین اور دیکھنا چاہتے ہین کہ وہ اپنے دعوی مین کہانتک کامیاب ہوئے ہین -

وہ اپنے مضمون کو اس تمہید سے شروع کرتے ہین "مشرق مین دفعۃً ایک بالکل جدید وطبعزاد وقایم بالذات سلسلۂ قانون کا پیدا ہوجانا جسکی نسبت دعوی کیا گیا ہے کہ وہ قرآن وحدیث پر مبنی ہے - ایک ایسی عجیب بات ہے کہ خواہ مخواہ یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ شریعت اسلامی کی نسبت جو دعوی کیا جاتا ہے اُسکی تاریخی بنیاد کیا ہے - علاوہ دوسری شہادتوں کے مورخانہ قیاس اس دعوی کے سخت مخالف ہے"

اسکے بعد پروفیسر موصوف اس کلیہ پر بحث کرکے کہ ہمیشہ سے یہ دستور چلا آتا ہے کہ ہر سلسلہ قانونی کو کسی واقعی یا فرضی واضع قانون کے نام سے موسوم کردیا کرتے ہین - فرماتے ہین کہ "اس لحاظ سے ابتدا ہی مین ایک قوی قیاس پیدا ہوتا ہے کہ جو باترتیب اور مضبوط سلسلۂ قانون مسلمان فاتحون نے تمام ممالک مفتوحہ مین جاری کیا وہ بہ تبدیل ہیئت کوئی اعلی درجہ کا مکمل رواج یافتہ سلسلۂ قانون تھا"

پروفیسر موصوف نے تاریخی شہادتون سے ثابت کیا ہے کہ جو وقت مسلمانون نے شام قیصر کو فتح کیا تو وہان رومی قوانین کے متعدد مدرسے موجود تھے - بیروت مین الگزنڈر سیورس کے زمانہ سے ایک مدرسۂ قانون چلا آتا تھا جسمین چار پروفیسر تھے - قیصریہ مین وکلا کی ایک جماعت رہتی تھی - اسکندریہ مین قانون کی تعلیم جاری تھی - ان واقعات کی تفصیل کے بعد پروفیسر موصوف فرماتے

ہین کہ "اس قیاس کی نسبت کہ اسلامی قوانین پر رومی قانون کا اثر پڑا ہے اسقدر کہنا کافی ہوگا لیکن جس طریقہ سے کہ اسلامی فتوحات ہوئین اور جسطرح پر مسلمان ممالک مفتوحہ مین آباد ہوئے اگر ان امور پر غور کیا جاے تو یہ قیاس یقین سے بدلجاتا ہے"۔

اسلامی فتوحات کے طریقہ سے پروفیسر موصوف نے اسطرح استدلال کیا ہے کہ شروع مین مسلمانون نے غیر قومون سے بجز جزیہ وصول کرنے کے اور کسی قسم کا اثر ڈالنا نہین چاہا۔ لیکن جب علمی ترقی کا زمانہ آیا تو اونہون نے غیر قومون کے لئے قانون وضع کئے جو خود اونہی قومون سے ماخوذ تھے۔

پروفیسر موصوف کے الفاظ یہ ہین۔ "نہ تو قرآن اور نہ ابتدائی خلافت کے زمانہ مین اسبات کی کچھ کوشش ہوئی کہ جو اعلی قومین عرب کے ماتحت ہوگئی تھین اونکی دنیوی زندگی کے پیچیدہ معاملات مین دست اندازی کیجاے۔ نہ اسکے لئے فرصت تھی نہ دماغ اور نہ ایسے آدمی موجود تھے جو اس خدمت کو انجام دیسکتے جب بغداد اور اندلس کے شہرون اور قاہرہ مین امن و امان کا زمانہ آیا اور مطالعہ و غور کا موقع ملا تو طب و ریاضیات و منطق اور علوم نفیسہ مین ترقی ہوئی + + جسطرح کہ ارسطو سے عربون نے منطق سیکھی اسیطرح جسپل (Hessel) لیو (Leo) اور اونکے یونانی شارحون سے علم قانون اخذ کیا۔ اسکے بعد پروفیسر موصوف اس خیال کی قطعیت پر یہ دلیل قایم کرتے ہین کہ قرآن مین اسقدر کم احکام ہین کہ اون پر ایک قانون کی بنیاد نہین قایم ہوسکتی۔ پروفیسر صاحب فرماتے ہین کہ "قرآن مین صرف یہ احکام ہین۔ خدا کو اپنی قسمون کا نشانہ نہ بناؤ۔ تم اپنی بی بیونکو دو دفعہ طلاق دیسکتے ہو پھر اونکو رحمدلی یا مہربانی سے علیحدہ کردو۔ سود خوار قیامت مین آسیب زدونکی طرح اوٹھین گے۔ میعادی قرض کو قلمبند کرلیا کرو۔ اگر یتیمون کے ساتھ انصاف نکرسکو تو کئی نکاح کرسکتے ہو لیکن چار سے زیادہ نہین۔

مرد[۶] کو دو حصہ ملے گا اور عورت کو ایک ـ لیکن صرف عورتین ہون تو دو ـ شوہر[۷] کو نصف حصہ ملے گا ـ مرض[۸] الموت مین وصیت کیوقت گواہون کا ہونا ضرور ہے ـ سال[۹] بارہ مہینے کا ہوتا ہے ـ مکاتب[۱۰] کو آزادی کا معاہدہ لکھدو اگر تمہاری مرضی ہو ـ سزائے[۱۱] زنا و غیبت ـ

پروفیسر صاحب کے نزدیک قرآن مین صرف اسیقدر قانونی احکام مذکور ہین ـ اور اسلیے اونکے نزدیک قرآن مجید ایک وسیع قانون کی بنیاد نہین قرار پا سکتا ـ چنانچہ وہ فرماتے ہین کہ "جو سیدھے سادے قواعد اوپر درج ہوے اونمین مشکل سے رومی بنیاد کا پتہ لگ سکتا ہے ++ + اس لحاظ سے یہ امر اور بھی حیرت انگیز ہے کہ جو عمارت مسلمان فقیہون نے ایسے پرانے مصالحہ سے تیار کی وہ قریب قریب ہر ایک موڑ پر رومی قانون کی کلیون اور جزئیون کو یاد دلاتی ہے"

اسکے بعد پروفیسر موصوف نے دعوی کیا ہے کہ مسایل مندرجۂ[۵۱] ذیل مین فقہ اسلام اور رومی قانون بالکل یکسان ہے اور بالآخر اوس سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ یہ سلسلۂ قانون یعنی علم فقہ ـ دراصل رومی قانون ہے لیکن بہ تبدیل ہئیت"

پروفیسر موصوف نے نو صفحون مین یہ بحث لکھی ہے ہمنے اوسکا خلاصہ لکھدیا ہے لیکن کوئی ضروری بات ترک نہین کی بلکہ اکثر اونکے خاص فقرے لکھدئے ہین ـ پروفیسر موصوف نے جن مقدمات کی ترتیب سے استدلال کیا ہے وہ مختصراً یون بیان کیے جا سکتے ہین ـ "قرآن مجید مین بہت کم احکام ہین اور اون سے قانون نہین بن سکتا" "ممالک مفتوحہ اسلام مین رومی قانون پہلے سے جاری تھا" "مسلمانون نے یونان و روم وغیرہ کی تصنیفات کے ترجمے کیے" "فلان فلان مسایل مین اسلامی فقہ

[۵۱] ہمنے بخوف تطویل ان مسایل کو یہان نقل نہین کیا لیکن آگے چلکر اینمین سے بہت سے مسایل کا ذکر آئیگا ـ

اور رومی قانون متحد ہین"۔

یہ بحث حقیقت مین نہایت مفید اور امپارٹنٹ بحث ہے لیکن جیسا کہ ہمنے اصل کتاب مین بیان کیا ہے اِس معرکہ مین اوس شخص کو قدم رکھنا چاہیے جو فقہ اسلام و رومن لا دونون سے پوری واقفیت رکھتا ہو۔ پروفیسر موصوف بے شبہہ رومن لا کی نسبت ہر قسم کی واقفیت کا دعوی کر سکتے ہین لیکن مسایل اسلام کے متعلق اونکی وسعت معلومات کا اعتراف کرنا مشکل ہے۔ اونہون نے دعوی کیا ہے کہ قرآن مجید مین قانونی احکام صرف معدودے چند ہین جنکی اونہون نے تفصیل کر دی ہے۔ حالانکہ قرآن مجید کی آیات احکام کم و بیش پانسو ہین اور اگرچہ انمین بہت سے احکام عبادات وغیرہ کے متعلق ہین تاہم خاص وہ آیتین جنمین قانونی احکام ہین سَو سے کم نہین۔ یہ آیتین جداگانہ جمع کر لی گئی ہین اور علمار نے اون پر متعدد تفسیرین لکھی ہین۔ اِن تمام احکام سے واقف ہونا تو ایک طرف پروفیسر صاحب کی وسعت معلومات کا یہ حال ہے کہ نکاح و طلاق کے مسایل مین سے اونکو صرف دو مسئلے معلوم ہین تعداد طلاق و تعداد نکاح۔ حالانکہ قرآن مجید مین محرمات نکاح۔ موطوءۂ اب۔ جمع بین الاختین۔ نکاح با مشرکات۔ طلاق قبل خلوت صحیحہ و بعد خلوت اور دونون کے احکام۔ خلع اور ایلاء کے مسایل تفصیل کے ساتھ مذکور ہین۔

وراثت کے متعلق پروفیسر صاحب کو صرف شوہر کا حصّہ اور یہ کہ مرد کو عورت کے دو حصّہ کی برابر ملتا ہے۔ معلوم ہے۔ افسوس اونکو یہ معلوم نہین کہ وراثت کا پورا باب اجمالاً قرآن مجید مین مذکور ہے اور خصوصاً والدین کا حصّہ اور کلالہ کے احکام تو صاف صاف تصریحاً مذکور ہین۔ قصاص اور دیت کے مسایل جو نہایت تفصیل سے قرآن مین مذکور ہین اور جنمین قتل عمد اور قتل خطا اور اونکے احکام کی پوری

تفصیل ہے پروفیسر صاحب کو سرے سے معلوم نہین - حیرت ہے کہ اس محدود واقفیت کے ساتھ پروفیسر صاحب نے اس بحث کے طے کرنیکی کیونکر جرأت کی ؟

یہ تو ضمنی بحث تھی اب ہم اون مقدمات پر توجہ کرتے ہین جن پر پروفیسر صاحب کی استدلال کی بنا ہے - اسقدر انہون نے خود تسلیم کیا ہے اور واقع مین بھی صحیح ہے کہ شروع اسلام یعنی خلافت راشدہ کے اخیر زمانہ تک مسلمان غیر قومون سے بالکل الگ رہے اور اونکے قانون اور احکام سے کسی قسم کی واقفیت نہین حاصل کی - اِسلیئے دمشق و بیروت و اسکندریہ مین اوسوقت رومن لا کے جو مدرسے جاری تھے خود بقول پروفیسر صاحب کے اسلامی فقہ پر اوسکا کچھ اثر نہین پڑسکتا تھا - اب قابل لحاظ یہ امر ہے کہ پروفیسر صاحب نے اسلام کے جو مسایل اس دعوی کے ساتھ پیش کیے ہین کہ وہ رومن لا کے موافق ہین وہ کس زمانہ کے ایجاد شدہ مسایل ہین - مثلاً وراثت کے متعلق پروفیسر صاحب نے لکھا ہے کہ مسایل ذیل یعنی اولاد - سلسلہ اصولی - رشتہ داران طرفی خواہ آدہا خون ملا ہو یا کل اور اونکی اولاد - بی بی یا خاوند - مولای غلام آزاد - یہ سب رومن لا کے موافق ہین - اِسکے بعد وہ تحریر فرماتے ہین کہ مسلمانون مین ترکہ اسطرح تقسیم کیا جاتا تھا جو رومن لا کا طریقہ تھا یعنی کل حصّے یہ تھے - نصف - ربع - ثمن - دو ثلث - ایک ثلث - سدس - یہی حصے رومن لا مین بھی تھے - لیکن پروفیسر صاحب کو یہ معلوم نہین کہ یہ حصص خود قرآن مجید مین مذکور ہین - اور قرآن مجید کی نسبت خود پروفیسر صاحب نے تسلیم کیا ہے کہ اوسمین رومی بنیاد کا پتہ نہین لگتا - البتہ ورثا کی بعض افراد قرآن مجید مین مذکور نہین لیکن وہ زمانۂ رسالت - خلافت تک پوری طرح سے معین و مقرر ہو چکے تھے - حدیث و آثار کی نہایت قدیم کتابین آج موجود ہین اونکو پڑھکر متعصب سے متعصب شخص بھی اس سے انکار نہین کرسکتا -

وصیت کے متعلق پروفیسر صاحب نے فقہ کے جن مسایل کو رومن لا سے ماخوذ سمجھا ہے اونکی یہ تفصیل کی ہے - وصیت تقریری یا تحریری دو گواہون کے سامنے - وصی ایک ثلث جائداد سے زیادہ کی وصیت نہین کرسکتا جبتک کہ ورثا نہ راضی ہون - لیکن یہ مسایل ہی زمانۂ نبوت یا خلافت کے مسایل ہین اور اس امر سے ایک عام عربی دان بھی انکار نہین کرسکتا - پروفیسر صاحب نے اور بھی مسایل گنائے ہین جو اونکی راے مین رومن لا سے ماخوذ ہین - ہم اون سب کی تفصیل نہین کرسکتے مختصراً اسقدر کہنا کافی ہے کہ اونمین اکثر مسایل اوسی زمانہ کے ہین جنکی نسبت پروفیسر صاحب نے تسلیم کیا ہے کہ مسلمانون نے غیر قومون کے قوانین و احکام سے کچھ واقفیت نہین حاصل کی تھی -

پروفیسر صاحب کو اس بات پر بڑی حیرت ہے کہ قرآن مجید یا حدیث مین قانونی مسایل بہت کم تھے اونکی بنیاد پر فقہ کا اتنا بڑا دفتر کہان سے تیار ہوگیا ؟ اسی حیرت نے اونکو مجبور کیا کہ وہ فقہ اسلام کو رومن لا کا خوشہ چین بتائین - لیکن پروفیسر صاحب کس کس بات پر حیرت کرینگے - قانونی مسایل تو خیر رومن لا سے ماخوذ ہین - نماز - روزہ - حج - زکوۃ - کے متعلق قرآن مجید و احادیث مین کون سی بڑی تفصیل ہے - پھر فقہ مین انہی مسایل کا ایک عظیم الشان سلسلہ کیونکر قایم ہوگیا ؟ کیا یہ مسایل بھی رومن لا سے ماخوذ ہین - اسکو بھی جانے دو - تمام اور اسلامی علوم کیونکر پیدا ہوے ؟ اور اس وسعت کو کیونکر پہونچے ؟ - آنحضرت کے زمانہ مین - تفسیر - حدیث - اصول حدیث - اصول فقہ - اسماء الرجال کے کتنے مسایل پیدا ہوے تھے - اور آج اونکی کیا حالت ہے ؟ کیا آج یہ سب علوم جداگانہ فن نہین ہین - کیا ادن سے مسلمانونکی دقت نظر - تیزی طبع - وسعت خیال - کا اندازہ نہین ہوتا - کیا یہ علوم و فنون بھی مسلمانون نے روم و یونان سے سیکھے ؟

فقہ کے جن مسایل کو پروفیسر صاحب نے رومن لا سے ماخوذ بتایا ہے وہ تو اوس زمانہ کے مسایل ہین جب خود بقول پروفیسر صاحب کے مسلمانون نے غیر قومون سے کچھ نہین سیکھا تھا۔ لیکن زمانۂ مابعد مین بھی فقہ نے رومن لا کا کبھی احسان نہین اُٹھایا۔ پروفیسر صاحب کا یہ دعوی صحیح ہے کہ دولت عباسیہ کے عہد ترقی مین مسلمانون نے یونان ومصر سے علوم وفنون لیے۔ لیکن اونکو جاننا چاہئے کہ یونان ومصر کے شاگردون کا گروہ ایک خاص گروہ تھا۔ بے شبہہ مسلمانون مین ایسے لوگ بھی تھے جو غیر قومون سے مستفید ہوتے تھے اور اسکو عیب نہین سمجھتے تھے۔ لیکن مسلمانون ہی مین وہ گروہ بھی تھا (اور وہی بہت بڑا گروہ تھا) جو اپنے فضل وکمال کے زعم مین غیر قومون کی طرف کبھی رخ بھی نہین کرتا تھا۔ مجتہدین اور فقہاء۔ اسی گروہ مین داخل ہین۔ یونان وروم وغیرہ کی کتابین جو عربی زبان مین ترجمہ ہوئین اونکی نہایت مفصل فہرست ہمکو معلوم ہے۔ ان مین فلسفہ۔ طب۔ ہندسہ۔ نجوم۔ کیمیا۔ صنعت۔ تاریخ۔ لالیف۔ ناول۔ ہر قسم کی کتابین ہین۔ لیکن قانون کی ایک تصنیف بھی نہین۔ جسکی وجہ غالباً یہی ہے کہ فقہا اور مجتہدین جو اسلام مین واضع قانون تھے غیر قومون کی خوشہ چینی کو اپنی اصطلاح مین حرام کہتے تھے۔ کیا۔ امام ابو حنیفہ۔ امام مالک۔ امام شافعی۔ امام احمد بن حنبل۔ سے یہ امید ہوسکتی ہے کہ وہ مسایل فقہ کو جو اُنکے نزدیک مذہب کا ایک حصّہ تھا روم ویونان سے سیکھتے۔ اگر پروفیسر صاحب کو اِن ایمہ کے حالات معلوم ہوتے اور یہ بھی معلوم ہوتا کہ فقہ کے تمام ابواب انہی بزرگون کے عہد مین مرتب ہوگئے تھے تو وہ ہرگز ایسا دعوی نکرتے!

البتہ یہ بات قابل لحاظ ہے کہ بعض مسایل مین رومن لا وفقہ اسلام متحد کیون ہین۔ لیکن اسمین فقہ

اسلام کی تخصیص نہین - جن دو قانون کا گو وہ کتنی ہی بے تعلق ہون آپسمین مقابلہ کیا جاوے بہت سے مسایل مشترک ثابت ہونگے اور قدرتاً ایسا ہونا ضرور ہے - جب تمام دنیا کے آدمیون کی - ذاتی - تمدنی - ملکی ضرورتین - اکثر متحد اور یکسان ہین تو ان ضرورتون کے لحاظ سے ہر جگہہ جو قوانین وضع کئے جاوینگے اونکے مسایل کا مشترک ہونا کونسی تعجب کی بات ہے شعر

دو راہرو کہ بیک رہ روند در یک سمت		عجب نباشد اگر او فتند پے بر پے	

یعنی رومیون کے قانون سے بہت کچھ مدد لی اور اُسکے بہت سے مسایل اپنے فقہ مین داخل کر لئے - اِس خیال کی تائید مین یہ قراین پیش کئے جاتے ہین -

(۱) حنفی فقہ کے بہت سے مسایل رومن لا کے مطابق ہین -

(۲) رومن لا تمام ممالک شام مین جاری تھا اور چونکہ مسلمانون پر شام کی معاشرت و تمدن کا بہت کچھ اثر پڑا تھا اسلئے قیاس غالب یہ ہے کہ علماے اسلام نے قانونی مسایل مین بھی اُن سے استفادہ کیا -

(۳) اسقدر متعدد اور وسیع قوانین - جو فقہ مین شامل ہین اُنکی توضیع بغیر اسکے نہین ہو سکتی کہ دنیا کے اور قوانین سے مدد لی گئی ہو -

کیا فقہ حنفی رومن لا سے ماخوذ ہے ؟

اِس بحث کا اصلی تصفیہ تو جب ہو سکتا ہے کہ رومن لا اور حنفی فقہ کا نہایت دقت نظر اور استقصاء کے ساتھہ مقابلہ کیا جاے جس سے یہ اندازہ ہو سکے کہ جسقدر دونون قانونون مین تطابق ہے وہ توارد کی حد سے متجاوز ہے یا اُسیقدر ہے جتنا کہ عموماً تمام قومون کے قوانین بہت سی باتون مین موافق ہوا کرتے ہین - مین اولاً تو رومن لا سے واقف نہین - اور ہوتا بھی

تو اتنی فرصت کہان نصیب کہ تمام مسایل کا مقابلہ کرسکتا - اسلئے مجھکو اعتراف کرنا چاہیے کہ اس موقع پر جو کچھ مین لکھونگا اُسکا رتبہ قیاس اور ظن سے زیادہ نہین - لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ جن لوگون نے اس بحث کو چھیڑا ہے وہ بھی قیاس و ظن ہی سے کام لیتے ہین - کیونکہ باوجود تحقیق کے ہمکو کوئی ایسا مصنف نہین ملا جسکا یہ دعوی ہو کہ وہ رومن لا اور حنفی فقہ کے تمام یا اکثر مسایل کا مقابلہ کر چکا ہے -

اس امر سے تو انکار نہین ہو سکتا کہ فقہ حنفی مین ایسے مسایل موجود ہین جو عرب اور عراق مین - اسلام سے پہلے معمول بہ تھے لیکن اسمین فقہ حنفی کی خصوصیت نہین - یہ سلسلہ اور آگے چلتا ہے - جو مسایل آج خاص اسلام کے مسایل خیال کئے جاتے ہین اور خود قرآن مجید مین اُنکا ذکر ہے اُنمین متعدد ایسے ہین جو زمانۂ جاہلیۃ مین معمول و متداول تھے - علامہ ابو ہلال عسکری نے کتاب الاوایل مین اُنکی تفصیل بھی کی ہے - حضرت عمرؓ نے خراج و ٹکس کے متعلق جو قاعدے مقرر کئے وہ عموماً وہی ہین جو نوشیروان عادل نے اپنے زمانۂ حکومت مین وضع کئے تھے اور یہ کچھ تو اُرونہ تھا بلکہ حضرت عمرؓ نے دانستہ نوشیروان کی اقتدا کی تھی - چنانچہ علامہ طبری و ابن الاثیر نے صاف انہین الفاظ مین تصریح کی ہے -

ایک مقنن جب کسی ملک کے لئے قانون بناتا ہے تو اُن تمام احکام اور رسم و رواج - کو سامنے رکھ لیتا ہے جو اُس ملک مین اُس سے پہلے جاری تھے - اُنمین سے بعض کو وہ بعینہٖ اختیار کرتا ہے بعض مین ترمیم و اصلاح کرتا ہے - بعض کی بالکل مخالفت کرتا ہے - بے شبہہ امام ابو حنیفہ نے بھی ایسا ہی کیا ہوگا - لیکن اس حیثیت سے وہ رومن لا کی بہ نسبت ایران کے قانون سے زیادہ مستفید

ہوئے ہونگے۔ کیونکہ اولاً تو وہ خود فارسی النسل تھے اور اونکی زبان مادری فارسی تھی۔ دوسرے اُنکا وطن کوفہ تھا اور وہ فارس کے اعمال مین داخل تھا۔

غرض یہ امر بہر حال قابل تسلیم ہے کہ امام صاحب کو فقہ کی توضیع مین اُن قواعد اور رسم و رواج سے ضرور مدد ملی ہوگی جو اُن ممالک مین جاری تھے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ایسی استعانت سے امام صاحب کے واضع قانون ہونیکی حیثیت پر کیا اثر پڑتا ہے؟ یعنی وہ ایک مستقل واضع قانون کہے جاسکتے ہین یا صرف ناقل اور جامع۔ جہانتک ہماری تحقیق ہے۔ مسلمانون نے غیر قومون کی قانونی تصنیفات سے بہت کم واقفیت حاصل کی۔ ترجمون کی فہرست مین ہم سیکڑون ہزارون کتابون کے نام پاتے ہین لیکن وہ فلسفہ۔ طب وغیرہ کی تصنیفات ہین۔ قانون کی ایک کتاب کا بھی پتہ نہین چلتا جو عربی زبان مین ترجمہ کی گئی ہو۔ اور اسقدر تو قطعاً ثابت ہے کہ امام صاحب نے جس زمانہ مین فقہ کی تدوین کی کسی ایسی کتاب کا ترجمہ نہین ہوا تھا اسلئے یہ احتمال کہ امام ابوحنیفہ نے غیر قومون کی قانونی تصنیفات سے فایدہ اُٹھایا ہو۔ بالکل بے اصل ہے۔ ملک مین رسم و رواج کی بنیاد پر جو احکام نافذ تھے اِس قابل نہ تھے کہ جبتک تحریر مین آکر قانون کا لقب حاصل کر سکتے۔

مختصر یہ کہ جسقدر تاریخی قراین موجود ہین اُن سے ہرگز ثابت نہین ہوتا کہ امام صاحب کو روم یا فارس کی کوئی قانونی تصنیف ہاتھ آئی جسکے نمونہ پر اُنہون نے فقہ کی بنیاد رکھی۔ اِس سے بھی انکار نہین ہوسکتا کہ امام ابوحنیفہ سے پہلے فقہ کے مسایل جسقدر۔ اور جس صورت مین مدون ہوچکے تھے وہ فن کی حیثیت نہین رکھتے تھے۔ ان باتون کا یہ لازمی نتیجہ ہے کہ اگر فقہ کو ایک قانون مانا جائے

تو ضرور ماننا پڑے گا کہ امام صاحب ہی اُسکے مقنن اور واضع تھے - البتہ اُنکو - ملک کی رسم و رواج - مسایل معمول بہا - علما کے فتاوے - سے مدد ملی لیکن یہ اسی قسم کی مدد ہے جس سے دنیا کے اور واضعان قانون بھی بے نیاز نہ تھے - اسلیئے یہ امر امام صاحب کی مقننیت کے رتبہ کو گھٹا نہین سکتا -

فقہ حنفی کی خصوصیتین -

ان عام مباحث کے بعد - اب ہم اُن خاصیتون[۱] کا ذکر کرتے ہین جنکی وجہ سے حنفی فقہ کو اور فقہون کے مقابلہ مین ترجیح حاصل ہے -

فقہ حنفی کا اصول عقلی کے موافق ہونا -

(۱) سب سے مقدم اور قابل قدر خصوصیت جو فقہ حنفی کو حاصل ہے وہ مسایل کا اسرار اور مصالح پر مبنی ہونا ہے - احکام شرعیہ کے متعلق اسلام مین شروع ہی سے دو فرقے قایم ہو گئے ایک گروہ کی یہ راے ہے کہ یہ احکام تعبّدی احکام ہین یعنی انمین کوئی سر اور مصلحت نہین ہے مثلاً شراب خواری یا فسق و فجور صرف اسلیئے ناپسندیدہ ہین کہ شریعت نے ان سے منع کیا ہے اور خیرات و زکواۃ صرف اسلیئے مستحسن ہین کہ شارع نے انکی تاکید کی ہے - ورنہ فی نفسہ یہ افعال برے یا بھلے نہین ہین - امام شافعی - کا اسی طرف میلان پایا جاتا ہے - اور شاید اسی کا اثر تھا کہ ابوالحسن اشعری نے جو شافعیون مین علم کلام کے بانی ہین علم کلام کی بنیاد اسی مسئلہ پر رکھی -

[۱] یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ جن خصوصیتون کا ہمنے دعویٰ کیا ہے وہ بلحاظ اکثر مسایل کے ہین ممکن ہے کہ بعض جزئیات کے لحاظ سے یہ خصوصیتین امام صاحب کی مذہب مین نہ پائی جاوین اور دوسرے امامون کے فقہ مین پائی جائین لیکن ہمارا دعویٰ یہ ہے کہ امام صاحب کے اکثر مسایل مین یہ خصوصیتین پائی جاتی ہین اور امام شافعی وغیرہ کے اکثر مسایل مین نہین پائی جاتین -

دوسرے فرقہ کا یہ مذہب ہے کہ شریعت کے تمام احکام مصالح پر مبنی ہین۔ البتہ بعض مسایل ایسے بھی ہین جنکی مصلحت عام لوگ نہین سمجھ سکتے لیکن درحقیقت وہ مصلحت سے خالی نہین۔ یہ مسئلہ اگرچہ بوجہ اسکے کہ اُسکے دونون پہلو بڑے بڑے علما نے اختیار کیے ہین۔ ایک معرکۃ الآرا مسئلہ بنگیا ہے لیکن۔ انصاف یہ ہے کہ وہ اسقدر بحث و اختلاف کے قابل نہ تھا تمام مہمات مسایل کی مصلحت اور غایت خود کلام الٰہی مین مذکور ہے۔ کفار کے مقابلہ مین قرآن کا طرز استدلال۔ عموماً اسی اصول کے مطابق ہے۔ نماز کی مصلحت خدا نے خود بتائی کہ۔ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ۔ روزہ۔ کی فرضیت کے ساتھ ارشاد ہوا۔ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔ جہاد۔ کی نسبت فرمایا حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ۔ اسیطرح اور احکام کے متعلق قرآن و حدیث مین جا بجا تصریحین اور اشارے موجود ہین کہ اُنکی غرض و غایت کیا ہے۔

امام ابو حنیفہ کا یہی مذہب تھا اور یہ اصول اونکے مسایل فقہ مین عموماً مرعی ہے۔ اِسی کا اثر ہے کہ حنفی فقہ جسقدر اصولِ عقلی کے مطابق ہے اور کوئی فقہ نہین۔ امام طحاوی۔ نے جو محدث اور مجتہد دونون تھے اِس بحث مین ایک کتاب لکھی ہے جو شرح معانی الآثار کے نام سے مشہور ہے اور جسکا موضوع یہ ہے کہ مسایل فقہ کو نصوص و طریق نظر سے ثابت کیا جاے۔ محدث مذکور نے فقہ کے ہر باب کو لیا ہے۔ اور اگرچہ انصاف پرستی کے ساتھ بعض مسئلون مین امام ابو حنیفہ سے مخالفت کی ہے۔ لیکن اکثر مسائل کی نسبت مجتہدانہ طرز استدلال سے ثابت کیا ہے کہ "امام ابو حنیفہ۔ کا مذہب۔ احادیث اور طریق نظر۔ دونون کے موافق ہے" امام محمد نے بھی کتاب الحجج مین اکثر مسایل مین عقلی وجوہ سے استدلال کیا ہے۔ یہ دونون کتابین چھپ گئی

ہین اور ہر جگہ ملتی ہین۔ جسکو تفصیل مقصود ہو ان کتابون کی طرف رجوع کرے۔

اِس دعوی سے کہ امام ابوحنیفہ کا مذہب عقل کے موافق ہے۔ شافعیہ وغیرہ کو بھی انکار نہین اور وہ انکار کیون کرتے۔ اُنکے نزدیک احکام شرعیہ خصوصاً عبادات جسقدر عقل سے بعید ہون اُسیقدر اُنکی خوبی ہے۔

امام رازی نے۔ زکوۃ کی بحث مین لکھا[۵۱] ہے کہ امام شافعی کا مذہب امام ابوحنیفہ سے مرجح ہے جسکی دلیل یہ ہے کہ امام شافعی۔ کا مذہب عقل وقیاس سے بعید ہے اور یہی اُسکی صحت کی دلیل ہے۔ کیونکہ زکوۃ کے مسایل زیادہ تر تعبّدی احکام ہین جنمین عقل ورائے کو دخل نہین "

بخلاف اور ہمعصرونکے امام ابوحنیفہ کا اس اصول کی طرف مایل ہونا ایک خاص سبب سے تھا۔ دوسرے ائمہ جنہون نے فقہ کی تدوین وترتیب کی۔ اُنکی علمی ابتدا فقہی مسایل سے ہوئی تھی۔ بخلاف اِسکے امام ابوحنیفہ۔ کی تحصیل۔ علم کلام۔ سے شروع ہوئی جسکی ممارست نے اُنکی قوت فکر اور حدت نظر کو نہایت قوی کر دیا تھا۔ معتزلہ وغیرہ۔ جنسے اُنکے معرکے رہتے تھے عقلی اصول کے پابند تھے۔ اسلئے امام صاحب کو بھی اُنکے مقابلہ مین اُنہین اصول سے کام لینا پڑتا تھا۔ اور متنازع فیہ مسئلون مین مصالح واسرار کی خصوصیتین دکھانی پڑتی تہین۔ اِس غور اور تدقیق مشق ومہارت۔ سے اُنکو ثابت ہوگیا تھا کہ شریعت کا ہر مسئلہ اصول عقل کے مطابق ہے۔ علم کلام۔ کے بعد وہ فقہ کی طرف متوجہ ہوے۔ تو اِن مسایل مین بھی وہی

---

[۵۱] مناقب الشافعی مصنفۂ امام فخرالدین رازی ۱۲

جستجو رہی -

حنفی فقہ کے مسایل کا - دوسرے فقہون کے مسایل سے مقابلہ کیا جاے تو یہ تفاوت صاف نظر آتا ہے - معاملات تو معاملات - عبادات مین بھی جسکی نسبت ظاہر بینون کا خیال ہے کہ اسمین عقل کو دخل نہین امام صاحب کے مسایل عموماً عقل کے موافق معلوم ہوتے ہین -

اگر اسبات پر غور کی جاے کہ نماز - روزہ - حج - زکواۃ - شریعت مین کن مصلحتون سے فرض کئے گئے ہین اور اُن مصالح کے لحاظ سے اِن احکام کی بجا آوری کا کیا طریقہ ہونا چاہیے تو وہی طریقہ موزون ثابت ہوگا جو حنفی فقہ سے ثابت ہوتا ہے - مثلاً نماز چند افعال کے مجموعہ کا نام ہے لیکن اس لحاظ سے کہ نماز کی اصلی غرض کیا ہے ؟ (یعنی خضوع - اظہار تعبد - اقرار عظمت الٰہی دعا) اور اوسکے حاصل ہونے مین کن افعال کو کس نسبت سے دخل ہے ؟ ان افعال کے مراتب مختلف ہین بعض لازمی اور ضروری ہین - کیونکہ اُنکے نہونے سے نماز کی اصل غرض فوت ہوتی ہے - اِن افعال کو شریعت کی زبان مین فرض سے تعبیر کیا جاتا ہے بعض افعال ایسے ہین - جو طریقۂ ادا مین صرف ایک حسن و خوبی پیدا کرتے ہین لیکن اُنکے فوت ہونے سے اصل غرض فوت نہین ہوتی - اِن افعال کا رتبہ پہلی قسم سے کم ہے اور انکو سنت و مستحب سے تعبیر کرتے ہین -

اوپر ہم لکھ آئے ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرض و واجب و سنت کی تصریح نہین فرمائی - لیکن اسمین کچھ شبہ نہین ہوسکتا تھا کہ نماز کے تمام افعال یکسان درجہ نہین رکھتے تھے اسلئے تمام مجتہدین نے اُنکے امتیاز مراتب پر توجہ کی اور استنباط و اجتہاد کی رو سے اِن افعال کے

مختلف مدارج قایم کئے اور اُنکے جدا جدا نام رکھے - امام ابوحنیفہ نے بھی ایسا ہی کیا لیکن اسباب مین اُنکو اوراَیمہ پر جو ترجیح ہے وہ یہ ہے کہ اُنھون نے جن افعال کو جس رتبہ پر رکھا درحقیقت اُنکا وہی رتبہ تہا یشلاً سب سے ضروری امر یہ ہے کہ نماز کے ارکان یعنی وہ افعال جنکے بغیر نماز ہو ہی نہین سکتی - کیا ہین ؟ چونکہ نماز اصل مین اقرار عبودیت - اور اظہار خشوع کا نام ہے - اسلئے اسقدر تو سب مجتہدون کے نزدیک مسلم ہے کہ نیت - تکبیر - قرأت - رکوع سجود - وغیرہ جن سے بڑہکر اقرار عبودیت اوراظہار خشوع کا کوئی طریقہ نہین ہو سکتا فرض اور لازمی ہین اور خود شارع - نے اُنکے لازمی اور ضروری ہونے کی طرف اشارے کئے بلکہ بعض جگہ تصریح بھی کی لیکن اور ایمہ نے یہ زیادتی کی کہ اِن ارکان کی ادا کی خصوصیتون کو بھی فرض قرار دے دیا - حالانکہ وہ خصوصیتین لازمی نہ تہین - اسلئے امام ابوحنیفہ اُنکے فرضیت کے قایل نہین - مثلاً امام ابوحنیفہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ - اللہ اکبر کے سوا اور الفاظ سے بھی ادا ہو سکتی ہے جو اُسکے ہم معنی ہین (مثلاً اللہ اعظم اللہ اجل) امام شافعی کے نزدیک نہین ہو سکتی - امام ابوحنیفہ کے نزدیک تکبیر اگر فارسی زبان مین کہی جاسے تب بھی جایز ہے - امام شافعی کے نزدیک اس سے نماز باطل ہو جاتی ہے - امام ابوحنیفہ کے نزدیک قرآن مجید کی کسی آیت کے پڑہنے سے قرأت کا فرض ادا ہو جاتا ہے - امام شافعی کے نزدیک بغیر سورہ فاتحہ کے نماز ہو ہی نہین سکتی - امام ابوحنیفہ کے نزدیک جو شخص عربی مین قرآن پڑہنے سے معذور ہے وہ مجبوراً ترجمہ پڑہ سکتا ہے[۹۱] - امام شافعی کے نزدیک

[۹۱] امام محمد نے جامع صغیر مین جو روایت کی ہے اسمین مجبوری کی قید نہین ہے اور اسی بنا پر مخالفین نے امام صاحب پر یہ سخت اعتراض کیا ہے کہ "وہ قرآن کی حقیقت ومفہوم مین الفاظ کو داخل نہین سمجھتے یعنی اونکے

جستجو رہی۔

حنفی فقہ کے مسایل کا۔ دوسرے فقہون کے مسایل سے مقابلہ کیا جاے تو یہ تفاوت صاف نظر آتا ہے۔ معاملات تو معاملات۔ عبادات مین بھی جسکی نسبت ظاہر بینون کا خیال ہے کہ اُسمین عقل کو دخل نہین امام صاحب کے مسایل عموماً عقل کے موافق معلوم ہوتے ہین۔

اگر اسبات پر غور کی جاے کہ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکواۃ۔ شریعت مین کن مصلحتون سے فرض کئے گئے ہین اور اُن مصالح کے لحاظ سے ان احکام کی بجا آوری کا کیا طریقہ ہونا چاہیے تو وہی طریقہ موزون ثابت ہوگا جو حنفی فقہ سے ثابت ہوتا ہے۔ مثلاً نماز چند افعال کے مجموعہ کا نام ہے لیکن اس لحاظ سے کہ نماز کی اصلی غرض کیا ہے ؟ (یعنی خضوع۔ اظہار تعبد۔ اقرار عظمت الٰہی دعا) اور اوسکے حاصل ہونے مین کن افعال کو کس نسبت سے دخل ہے ؟ ان افعال کے مراتب مختلف ہین بعض لازمی اور ضروری ہین۔ کیونکہ اُنکے نہونے سے نماز کی اصل غرض فوت ہوتی ہے۔ ان افعال کو شریعت کی زبان مین فرض سے تعبیر کیا جاتا ہے بعض افعال ایسے ہین۔ جو طریقۂ ادا مین صرف ایک حسن و خوبی پیدا کرتے ہین لیکن اُنکے فوت ہونے سے اصل غرض فوت نہین ہوتی۔ ان افعال کا رتبہ پہلی قسم سے کم ہے اور انکو سنت و مستحب سے تعبیر کرتے ہین۔

اوپر ہم لکھ آے ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرض و واجب و سنت کی تصریح نہین فرمائی۔ لیکن اسمین کچھ شبہ نہین ہوسکتا تھا کہ نماز کے تمام افعال یکسان درجہ نہین رکھتے تھے اسلیے تمام مجتہدین نے اُنکے امتیاز مراتب پر توجہ کی اور استنباط و اجتہاد کی رو سے اُن افعال کے

مختلف مدارج قایم کئے اور اُنکے جدا جدا نام رکھے۔ امام ابوحنیفہ نے بھی ایسا ہی کیا لیکن اسباب مین اُنکو اور ایمہ پر جو ترجیح ہے وہ یہ ہے کہ اُنہون نے جن افعال کو جس رتبہ پر رکھا درحقیقت اُنکا وہی رتبہ تہا۔ مثلاً سب سے ضروری امر یہ ہے کہ نماز کے ارکان یعنی وہ افعال جنکے بغیر نماز ہو ہی نہین سکتی۔ کیا ہین؟ چونکہ نماز اصل مین اقرار عبودیت۔ اور اظہار خشوع کا نام ہے۔ اسلئے اسقدر تو سب مجتہدون کے نزدیک مسلم رہا کہ نیت۔ تکبیر۔ قرأت۔ رکوع۔ سجود۔ وغیرہ جن سے بڑھکر اقرار عبودیت اور اظہار خشوع کا کوئی طریقہ نہین ہوسکتا فرض اور لازمی ہین اور خود شارع نے اُنکے لازمی اور ضروری ہونے کی طرف اشارے کئے بلکہ بعض جگہ تصریح بھی کی لیکن اور ایمہ نے یہ زیادتی کی کہ اِن ارکان کی ادا کی خصوصیتون کو بھی فرض قرار دے دیا۔ حالانکہ وہ خصوصیتین لازمی نہ تہین۔ اسلئے امام ابوحنیفہ اُنکے فرضیت کے قایل نہین۔ مثلاً امام ابوحنیفہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ۔ اللہ اکبر کے سوا اور الفاظ سے بھی ادا ہوسکتی ہے جو اُسکے ہم معنی ہین (مثلاً اللہ اعظم اللہ اجل) امام شافعی کے نزدیک نہین ہوسکتی۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک تکبیر اگر فارسی زبان مین کہی جاے تب بھی جایز ہے۔ امام شافعی کے نزدیک اس سے نماز باطل ہوجاتی ہے۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک قرآن مجید کی کسی آیت کے پڑہنے سے قرأت کا فرض ادا ہوجاتا ہے۔ امام شافعی کے نزدیک بغیر سورہ فاتحہ کے نماز ہو ہی نہین سکتی۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک جو شخص عربی مین قرآن پڑہنے سے معذور ہے وہ مجبوراً ترجمہ پڑہ سکتا ہے[۹۱]۔ امام شافعی کے نزدیک

---

[۹۱] امام محمد نے جامع صغیر مین جو روایت کی ہے اوسمین مجبوری کی قید نہین ہے اور اسی بناپر مخالفین نے امام صاحب پر یہ سخت اعتراض کیا ہے کہ "وہ قرآن کی حقیقت و مفہوم مین الفاظ کو داخل نہین سمجہتے یعنی اونکے

ترجمہ سے کسی حالت مین نماز نہین ہوسکتی۔

اِس سے یہ خیال نہین کرنا چاہیے کہ امام ابوحنیفہ یا کسی مجتہد نے صرف عقل و قیاس سے نماز کے ارکان متعین کئے ہین۔ ائمہ نے اِن ارکان کے ثبوت کے لیے عموماً احادیث کی تصریحات و اشارات سے استدلال کیا ہے۔ چنانچہ ہر مجتہد کے نقلی دلائل کتب فقہ مین بہ تفصیل مذکور ہین۔ ہمارا یہ مطلب ہے کہ امام ابوحنیفہ کے دعوؤن پر جسطرح نقلی دلائل یعنی احادیث کی تصریحین اور اشارے موجود ہین اسیطرح عقلی وجوہ بھی اُنکی صحت کے شاہد ہین جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ امام صاحب شریعت کے اسرار اور مصالح کو نہایت دقیق نگاہ سے دیکھتے تھے۔

زکواۃ کے مسایل کا بھی یہی حال ہے۔ زکواۃ کا اصلی مقصد بنی نوع کی ہمدردی اور اعانت ہے اسلیے زکواۃ کے مصرف مین وہ لوگ خاص کر دئے گئے ہین۔ جو سب سے زیادہ ہمدردی اور اعانت کا استحقاق رکھتے ہین۔ یعنی فقرا۔ مساکین۔ عمال زکواۃ۔ مولفۃ القلوب۔ مقروض۔ مسافر۔ غازی۔ مکاتب۔ چونکہ اِن لوگون کی تصریح خود قرآن مجید مین مذکور ہے اسلیے اِس امر مین سب مجتہدین کا اتفاق رہا کہ یہ لوگ مصرف زکواۃ ہین۔ لیکن تعین نے ایک اختلاف پیدا کر دیا۔ امام شافعی نے اِن اقسام کے ذکر سے یہ خیال کیا کہ یہ سب اشخاص زکواۃ کے ادا مین لازمی ہین۔ یعنی جبتک اِن آٹھون اقسام کے لوگون کو زکواۃ ادا نہ کی جاوے فرض ادا ہی نہین ہوسکتا۔ بخلاف اسکے امام ابوحنیفہ کا یہ مذہب ہے کہ زکواۃ اِن اقسام سے باہر نجانے پائے۔ باقی یہ امر کہ

(حاشیہ بقیہ صفحہ ۲۳۷) نزدیک صرف ترجمۂ قرآن کے معانی پر قرآن کا اطلاق ہوسکتا ہے۔ بیشبہ امام صاحب کی اس غلطی کو ہم تسلیم کرتے ہین لیکن فقہاے حنفیہ نے دعوی کیا ہے کہ امام صاحب نے بالآخر اس قول سے رجوع کیا ہے۔

ان لوگون مین سے سب کو دی جاوے یا بعض کو۔ یہ امر مقتضاے وقت اور ضرورت پر موقوف
ہے۔ امام اور حاکم وقت ضرورت کے لحاظ سے جسکو چاہے انتخاب کرسکتا ہے۔

ایک اور مسئلہ جسمین امام ابوحنیفہ اور دوسرے ائمہ مختلف ہین یہ ہے کہ چارپایون کی زکواۃ
ادا کرنے کا کیا طریقہ ہے۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک زکواۃ مین جانور یا اُسکی قیمت ادا کی جاسکتی ہے
امام شافعی کے نزدیک "قیمت ادا کرنے سے زکواۃ ادا نہین ہوسکتی"۔ حالانکہ زکواۃ کی غرض
حاصل ہونے مین جانور اور اُسکی قیمت دونون برابر ہین۔ اور اسلیے شارع نے بھی کوئی تخصیص
نہین فرمائی۔

ان مسایل کے سوا عبادات کے اور سیکڑون مسایل ہین جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ حنفی
مسایل مین ہر جگہ مصالح اور اسرار کی خصوصیت ملحوظ ہے لیکن ہم تطویل کے لحاظ سے اُن سب
کی تفصیل نہین کرسکتے۔ معاملات کے مسایل مین یہ عقدہ زیادہ حل ہوجاتا ہے اور صاف نظر
آتا ہے کہ امام ابوحنیفہ کا مذہب کسقدر مصالح اور اسرار کے موافق ہے۔

دوسری خصوصیت فقہ حنفی کا آسان اور سہل ہونا۔

(۲) دوسری خصوصیت یہ ہے کہ حنفی فقہ بہ نسبت تمام اور فقہون کے نہایت آسان اور
یسیر التعمیل ہے۔

قرآن مجید مین متعدد جگہ آیا ہے کہ "خدا تم لوگون کے ساتھ آسانی چاہتا ہے سختی نہین چاہتا"
رسول اللہ کا قول ہے کہ "مین نرم اور آسان شریعت لیکر آیا ہون" بے شبہ اسلام کو تمام اور
مذہبون کے مقابلہ مین یہ فخر حاصل ہے کہ وہ رہبانت سے نہایت بعید ہے۔ اسمین عبادات
شاقہ نہین ہین۔ اُسکے مسایل آسان اور یسیر التعمیل ہین۔ حنفی فقہ کو بھی اور فقہون پر یہی

ترجیح حاصل ہے ۔

حنفی فقہ کا آسان اور وسیع ہونا ایسا متعارف ہے کہ شعرا اور مصنفین اُسکو ضرب المثل کے طور پر ذکر کرتے ہین ۔ انوری نے جو ایک فحاش اور بدزبان شاعر تھا اگرچہ بُرے موقع پر اسکا استعمال کیا اور کہا ع چون رخصتہاے بوحنیفہ ۔ تاہم اصل مدعا کا ثبوت اُسکے کلام سے بھی ہوتا ہے ۔ عبادات اور معاملات ۔ کا کوئی باب ۔ کوئی فصل ۔ لیلو ۔ یہ تفرقہ صاف نظر آتا ہی کہ امام ابوحنیفہ کے مسایل ایسے آسان اور نرم ہین جو شریعت سہلۃ کی شان ہے ۔ بخلاف اسکے ۔ اور ائمہ کی بہت سے احکام نہایت سخت اور عسیر التعمیل ہین ۔ مثلاً کتاب الجنایات و کتاب الحدود کے مسایل ۔ انہی ہین سے سرقہ کے احکام ہین چنانچہ ہم اُسکے چند جزئیات نمونہ کے طور پر یہان لکھتے ہین ۔

سرقہ کے احکام

اسقدر تو سب کے نزدیک مسلم ہے کہ سرقہ کی سزا قطع ید یعنی ہاتھ کاٹنا ہے لیکن مجتہدین نے سرقہ کی تعریف مین چند شرطین اور قیدین لگائی ہین جنکے بغیر قطع ید کے سزا نہین ہو سکتی ان شروط کے لحاظ سے احکام پر جو اثر پڑتا ہے وہ ذیل کی جزئیات سے معلوم ہوگا جس سے یہ بھی معلوم ہوگا کہ امام ابوحنیفہ کا مذہب کسقدر آسان ۔ اور تمدن و شایستگی کے کسقدر موافق ہے ۔

امام ابوحنیفہ کے مسایل	اور ائمہ کے مسایل
نصاب سرقہ ۔ کم از کم ایک اشرفی ہے ۔	ایک اشرفی کا رُبع
اگر ایک نصاب مین متعدد چورون کا ساجھا ہے تو کسیکا ہاتھ نہین کاٹا جائیگا ۔	امام احمد کے نزدیک ہر ایک کا ہاتھ کاٹا جائیگا ۔

نادان بچّہ پر قطع ید نہین۔	امام مالک کے نزدیک۔ ہے
کفن چور۔ پر قطع ید نہین۔	اور ایمہ کے نزدیک۔ ہے۔
زوجین مین سے اگر ایک دوسرے کا مال چُرائے تو قطع ید نہین۔	امام مالک کے نزدیک۔ ہے۔
بیٹا۔ باپ کا مال چُرائے تو قطع ید نہین۔	امام مالک کے نزدیک۔ ہے۔
قرابت قریبہ والے مثلاً چچا۔ بھائی وغیرہ پر قطع ید نہین۔	اور ایمہ کے نزدیک۔ ہے۔
ایک شخص کسی سے کوئی چیز مستعار لیکر انکار کر گیا۔ تو قطع ید نہین۔	اور ایمہ کے نزدیک۔ ہے۔
ایک شخص نے ایک چیز چُرائی پھر بذریعہ ہبہ یا بیع اوسکا مالک ہوگیا۔ تو قطع ید نہین۔	اور ایمہ کے نزدیک۔ ہے۔
غیر مذہب والے جو مستامن ہو کر اسلام کی عملداری مین رہتے ہین اُن پر قطع ید نہین۔	اور ایمہ کے نزدیک۔ ہے۔
قرآن مجید کے سرقہ پر قطع ید نہین۔	امام شافعی و مالک کے نزدیک۔ ہے۔
لکڑی۔ یا جو چیزین جلد خراب ہو جاتی ہین۔ اسکے سرقہ سے قطع ید لازم نہین آتا۔	اور ایمہ کے نزدیک۔ لازم آتا ہے۔

فقہ کا ایک بڑا حصّہ کتاب الحظر والاباحۃ ہے یعنی حرام و حلال۔ جائز و ناجائز کی تفصیل۔

اس باب مین یہ دعوی اور زیادہ واضح ہو جاتا ہے - اور ایمہ کے بہت سے ایسے مسئلے ہین جنکی پابندی کیجاے تو زندگی دشوار ہو جاے - بخلاف اِسکے امام ابوحنیفہ - کے احکام نہایت آسان اور سہل ہین مثلاً امام شافعی کے نزدیک جو پانی اُپلون کی آگ سے گرم کیا گیا ہو اُس سے غسل اور وضو ناجائز ہے اسیطرح مٹی کے برتن جو اُپلون کی آگ سے پکاے گئے ہون اُنمین کھانا ناجائز ہے - رانگ کانچ بلور عقیق - کے برتنون کا استعمال ناجائز ہے پشمینہ - سمور - پوستین وغیرہ کا استعمال ناجائز ہے اور اسکو پہنکر نماز نہین ہوسکتی - برتن یا کرسیان اور زین وغیرہ جن پر چاندی کا کام ہو اُنکا استعمال ناجائز ہے - بیع بالمعاطاة - یعنی خرید و فروخت کا عام طریقہ جسمین بعت و اشتریت - کی تصریح نہین کی جاتی - ناجائز ہے - اِن تمام مسایل مین امام ابوحنیفہ - کا مذہب - امام شافعی - سے مخالف ہے جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حنفی فقہ - دوسرے فقہون کی طرح تنگ اور سخت گیر نہین ہے -

تیسری خصوصیت

(۳) فقہ کا بہت بڑا حصّہ جس سے دنیوی ضرورتین متعلق ہین معاملات کا حصّہ ہے - اور یہی وہ موقع ہے جہان - ہر مجتہد کی دقت نظر اور نکتہ شناسی کا پورا اندازہ ہوسکتا ہے - امام ابوحنیفہ کے زمانہ تک معاملات کے احکام ایسے ابتدائی حالت مین تھے کہ متمدن اور تہذیب یافتہ ملک کیلئے بالکل ناکافی تھے - نہ معاہدات کے استحکام کے قاعدے منضبط تھے - نہ دستاویزات وغیرہ کی تحریر کا اصول قایم ہوا تھا - نہ فصل قضایا اور ادائے شہادت کا کوئی باقاعدہ طریقہ تہا - امام ابوحنیفہ - پہلے شخص ہین جو ان چیزون کو قانون کی صورت مین لائے - لیکن افسوس ہے کہ جو مجتہدین اُنکے بعد ہوئے اُنہون نے بجاے اِسکے کہ اُسکو اور وسعت دیتے - اُسے غیر تمدنی حالت

فقہ حنفی مین معاملات کے متعلق جو قاعدے ہین نہایت وسیع تمدن کے موافق ہین -

کو قایم رکھنا چاہا جسکا منشاء وہ زاہدانہ خیالات تھے جو علماے مذہب کے دماغوں مین جاگزین تھے۔ ایک مشہور محدث نے فقہا پر طعن کیا ہے کہ "ان لوگون کے نزدیک جب کسی زمین کا دعویٰ کسی عدالت مین پیش کیا جائے تو ضرور ہے کہ عرضی دعویٰ مین زمین کا موقع بتایا جائے اوسکی حدود اربعہ دکھائی جائین حیثیت اور صورت کی تفصیل ہو۔ حالانکہ رسول اللہ یا صحابہ کے زمانہ مین ان جزئیات اور قیود کا نام و نشان بھی نہ تھا" محدث مذکور کے نزدیک یہ بڑے الزام کی بات ہے لیکن اگر انکو کسی ترقی یافتہ ملک مین رہنے کا اتفاق ہوتا اور معاملات سے بھی کام پڑتا تو معلوم ہوتا کہ جن چیزون کو وہ الزام کی بات سمجھتے ہین اونکے بغیر زندگی بسر کرنی مشکل ہے۔

امام شافعی۔ ہبہ کیلئے قبضہ کو ضروری نہین سمجھتے۔ شفعۂ ہمسایہ کو جایز نہین کہتے تمام معاملات مین مستور الحال کی شہادت کو ناجایز قرار دیتے ہین۔ گواہان نکاح کے لئے ثقہ اور عادل ہونے کی قید ضروری سمجھتے ہین۔ ذمیون کے باہمی معاملات مین بھی انکی شہادت جائز نہین قرار دیتے۔ بےشبہ یہ باتین ان ممالک مین آسانی سے چل سکتی ہین جہان تمدن نے وسعت نہین حاصل کی ہے اور معاملات کی صورتین بالکل سادہ اور نیچرل حالت مین ہین۔ لیکن جن ملکون مین تمدن نے ترقی حاصل کی ہو۔ معاملات کی مختلف اور پیچ در پیچ صورتین پیدا ہوتی جاتی ہون حقوق کی تحدید اور انضباط کے بغیر چارہ نہو۔ وہان ایسے احکام کا قایم رہنا آسان نہین۔ اور یہی وجہ ہے کہ ان تمام مسایل مین امام ابوحنیفہ۔ امام شافعی سے مخالف ہین۔ مورخ ابن خلدون نے لکھا ہے کہ امام مالک کا مذہب انھی ممالک مین رواج پا سکا جہان تمدن نے وسعت

نہین حاصل کی تھی"[1] اسکی وجہ یہی ہے کہ امام مالک کے مسایل ہین اصول تمدن کی رعایت نہ تھی۔

امام ابو حنیفہ نے جس دقت نظر اور نکتہ شناسی کے ساتھ معاملات کے احکام منضبط کئے اُسکا صحیح اندازہ تو اُسوقت ہوسکتا ہے کہ معاملات کے چند ابواب پر ایک مفصل ریویو لکھا جائے۔ لیکن ایسی تفصیل کیلئے نہ وقت مساعد ہے نہ اس مختصر کتاب مین اُسکی گنجایش ہے۔ تاہم مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ۔ اسلیئے نمونہ کے طور پر ہم صرف مسایل نکاح کا ذکر کرتے ہین۔ جو عبادات اور معاملات دونون کا جامع ہے۔

نکاح کے مسایل

نکاح کو اگرچہ فقہا نے عبادات مین شامل کیا ہے لیکن یہ صرف ایک اصطلاح ہے ورنہ نکاح بوجہ اسکے کہ تمدن و معاشرت کے بڑے بڑے نتایج اُسپر متفرع ہوتے ہین۔ معاملات کا نہایت ضروری حصہ قرار دیا جاسکتا ہے۔

مسایل نکاح کے انتخاب کی ایک یہ بھی وجہ ہے کہ بعض بعض یورپین مصنفون نے یہ دعوی کیا ہے کہ حنفی فقہ کے مسایل نکاح نہایت وحشیانہ اور ظالمانہ ہین۔ لیکن ہم اس بحث مین دکھاوینگے کہ آج مہذب سے مہذب ملکون مین بھی نکاح کے قواعد حنفی فقہ سے عمدہ تر نہین ہین۔ بنتھم نے اپنی کتاب پولٹی مین لکھا ہے کہ "رومن لا کے بموجب قواعد نکاح ایک مجموعۂ ظلم ہین"۔ لیکن ہم ثابت کردینگے کہ حنفی فقہ کے بموجب قواعد نکاح مجموعۂ انصاف ہین۔ غالباً اس بحث سے اون لوگون کے خیالات کی بھی کسیقدر اصلاح ہوگی جو غلطی سے یہ سمجھے بیٹھے ہین کہ حنفی فقہ۔

---

[1] اس قول کو ہم پہلے نقل کرچکے ہین۔

رومن لا سے ماخوذ ہے۔

نکاح وازدواج۔ تمدن اور معاشرت کا نہایت وسیع حصّہ ہے۔ نکاح بقول ایک حکیم کے "جماعتون کا شیرازہ۔ تہذیب کی اصل۔ تمدن کی بنیاد ہے" اس لحاظ سے یہ کہنا صحیح ہے کہ جس مقنن نے اُسکے اصول وضوابط کی عمدہ توضیح یا تشریح کی وہ قانون تمدن کا بہت بڑا نکتہ شناس ہے۔ اگرچہ امام ابوحنیفہ اِن اصول وضوابط کے موجد نہین ہین۔ شارع نے خود اوسکے مہمات مسایل بتا دئے تھے۔ تاہم جس نکتہ سنجی کے ساتھ اُنھون نے اِن اصول کی تشریح کی اور اُسپر احکام متفرع کئے وہ خود ایک بڑے مقنن کا کام تھا۔ شارع کا کلام کہین مجمل واقع ہوا تھا کہین محتمل المعنیین۔ بعض جگہ صرف اشارے تھے۔ خاصکر جزئیات بہت کم مذکور تھین۔ یہی وجہ ہے کہ نکاح کے اکثر مسایل مین مجتہدین کی مختلف رائین قائم ہوگئین یہی مختلف فیہ مسایل ہین جنمین امام صاحب کے اجتہاد کے جوہر کھلتے ہین۔ اور صاف نظر آتا ہے کہ جسطرح اُنھون نے اِن موقعون پر شارع کے اجمال کی تفصیل کی۔ احتمالات کے محل معین کئے۔ اشارون کی تصریحین بتائین۔ جزئیات کی تفریع کی۔ وہ اُنہین کا کام تھا جنمین اور مجتہدین کسیطرح اُنکی ہمسری نہین کرسکتے۔

نکاح کے مسایل جن اصول پر متفرع ہین وہ یہ ہین۔

(۱) کن لوگون کے ساتھ نکاح ہونا چاہیے۔

(۲) معاملۂ نکاح کسکے اختیار سے ہونا چاہیے۔

(۳) اُسکی بقا و ثبات کا استحکام کس حد تک ضروری ہے۔

(۴) فریقین کے حقوق کیا قرار دئے جائین۔

(۵) نکاح۔ کن دستورات اور رسوم کے ساتھ عمل مین آئے۔

یہ امر کہ نکاح کی وسعت کو کسی حد تک محدود کیا جاے۔ تھوڑے سے اختلاف کے ساتھ تمام مذاہب مین یکسان طور پر پایا جاتا ہے۔ ہر قوم نے چند محرمات قرار دئے ہین جنکے ساتھ ازدواج کو ناجایز قرار دیا ہے اور یہ محرمات قریباً تمام مذہبون مین مشترک ہین۔ جسکی وجہ یہی ہے کہ یہ امر نہایت صیح اصول عقلی پر مبنی ہے۔

محرمات نکاح

شاہ ولی اللہ صاحب نے حجۃ اللہ البالغہ اور فلاسفر بنتہم نے کتاب یوٹلٹی مین محرمات کی حرمت کے جو دلائل قایم کئے ہین بالکل مشترک ہین۔ چونکہ یہ امر بالکل اصول فطرت کے مطابق ہے اور قرآن مجید مین محرمات کے نام تصریحاً مذکور ہین۔ اسلئے اصل مسئلہ مین تمام مجتہدین کا اتفاق رہا۔ لیکن جو جزئیات ظاہر نص کے ذیل مین نہین آتین۔ اُنمین اختلاف پیدا ہو گیا۔ انہین مین حرمت بالزنا کا مسئلہ ہے جو امام ابو حنیفہ اور امام شافعی کے اختلاف کا ایک معرکۃ الآرا مسئلہ ہے۔ امام شافعی کا مذہب ہے کہ زنا سے حرمت کے احکام نہین پیدا ہوتے۔ مثلاً باپ نے کسی عورت سے زنا کیا تو بیٹے کا نکاح اُس عورت سے ناجایز نہین ہے۔ امام شافعی۔ نے اسکو یہانتک وسعت دی ہے کہ ایک شخص نے اگر کسی عورت کے ساتھ زنا کیا اور اُس سے لڑکی پیدا ہوئی تو خود وہ شخص اُس لڑکی سے نکاح کرسکتا ہے۔ اُنکی دلیل ہے کہ زنا ایک حرام فعل ہے۔ اسلئے وہ حلال کو حرام نہین کرسکتا۔ امام ابو حنیفہ۔ اسکے بالکل مخالف ہین۔ اُنکے نزدیک مقاربت کے ذریعہ سے مرد اور عورت کے تعلقات پر جو فطری اثر پڑتا ہے وہ

نکاح پر محدود نہین ہے اور یہ بالکل صحیح ہے محرمات کی حرمت جس اصول پر مبنی ہے اُسکو نکاح کے ساتھ خصوصیت نہین۔ اپنے نطفہ سے جو اولاد ہو گو ناجی ہی سے ہو اُسکے ساتھ نکاح و مقاربت کا جایز رکھنا۔ بالکل اصول فطرت کے خلاف ہے۔ باپ کی موطوءۃ کا بھی یہی حال ہے وعلیٰ ہذا القیاس۔ خود قرآن مجید مین اِسکے اشارے موجود ہین۔ لیکن چونکہ یہان نقل بحث نہین۔ ہم اُسکا ذکر نہین کرتے۔

معاملۂ نکاح مین اختیار

دوسری بحث یہ ہے کہ معاملۂ نکاح کا مختار کون ہے؟ یہ ایک نہایت مہتم بالشان سوال ہے۔ اور نکاح کے اثر کی خوبی یا بُرائی بہت کچھ اسی امر پر منحصر ہے۔ امام شافعی و امام احمد بن حنبل کے نزدیک عورت گو عاقلہ بالغہ ہو۔ نکاح کے بارہ مین خود مختار نہین ہے یعنی کسی حال مین وہ اپنا نکاح آپ نہین کرسکتی۔ بلکہ ولی کی محتاج ہے۔ اِن بزرگون نے ایک طرف تو عورت کو اسقدر مجبور کیا۔ دوسری طرف ولی کو اپنے وسیع اختیارات دئے کہ وہ زبردستی جس شخص کے ساتھ چاہے نکاح باندھ دے عورت کسی حال مین انکار نہین کرسکتی۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک بالغہ عورت اپنے نکاح کی آپ مختار ہے۔ بلکہ اگر نابالغی کی حالت مین ولی نے نکاح کردیا ہو تو بالغ ہوکر وہ نکاح کو فسخ کرسکتی ہے۔

اِس اختلاف کی اصلی بنیاد عورتون کے حقوق کے مسئلہ پر مبنی ہے۔ تمام مذہبون مین عورتون کی حالت نہایت پست قرار دی گئی ہے اور اُنکے حقوق نہایت تنگدلی سے قایم کئے گئے ہین۔ ہندوؤن اور عیسائیون کے ہان عورت کو میراث نہین ملتی۔ خود عرب مین اسلام سے پہلے یہی دستور تھا۔ اسطرح کے اور بہت سے امور ہین جنسے عورتون کا کم رتبہ ہونا ثابت

ہوتا ہے۔لیکن اسلام نے مردون اور عورتون کے حقوق یکسان درجہ پر قایم کیئے ۔ اور فرمایا لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوا وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۔ امام ابوحنیفہ ۔نے تمام مسایل مین اس اصول مساوات کو مرعی رکہا ہے ۔اور یہی خصوصیت ہے جو اس باب مین اُنکی فقہ کو اور ایمہ کی فقہ سے ممتاز کرتی ہے ۔مثلاً امام ابوحنیفہ کے نزدیک ۔نکاح ۔طلاق ۔عتق ۔ وغیرہ معاملات مین عورتون کی شہادت اُسیطرح معتبر ہے جسطرح مردونکی ۔بخلاف اسکے اور ایمہ مجتہدین کے نزدیک عورتونکی شہادت کا اعتبار نہین ۔بعض معاملات مین اُن بزرگون نے عورتون کی شہادت جایز بہی رکھی ہے تو یہ قید لگائی ہے کہ دو سے کم نہون ۔ اور امام شافعی کے نزدیک تو چار سے کم کا کسی حالت مین اعتبار نہین ۔ امام ابوحنیفہ ۔کے نزدیک جسطرح ایک مرد کی گواہی معتبر ہے عورت کی بھی ہے ۔امام ابوحنیفہ کے نزدیک عورت منصب قضا پر مامور کیجاسکتی ہے ۔لیکن اور ایمہ مخالف ہین ۔ اسی بنا پر اُنکے نزدیک جب مرد نکاح کے معاملہ مین خودمختار قرار دیا گیا ہے تو عورت کو بھی ایسا ہی اختیار دینا چاہیئے ۔

اس عام اصول مساوات کے قطع نظر ۔صورت متنازعہ مین خصوصیت کی وجہ یہ بھی ہے کہ نکاح کا معاملہ ۔عام معاملات پر قیاس نہین کیا جا سکتا ۔نکاح ایک ایسا تعلق ہے جسکا اثر نہایت وسیع ہے اور زندگی کے اخیر وقت تک قایم رہتا ہے ۔اسلیے ایسے معاملہ مین ایک فریق کو بالکل بے اختیار رکہنا نہایت ناانصافی ہے ۔

اس بحث مین امام شافعی کا مدار محض نقلی دلیلون پر ہے ۔لیکن اس میدان مین بہی امام ابوحنیفہ اُن سے پیچہے نہین ۔ اگر امام شافعی کو لانکاح الابولی ۔پر استدلال ہی تو امام صاحب کیطرف

الثیب احق بنفسہا من ولیہا والبکر تستاذن فی نفسہا موجود ہے۔ لیکن اس بحث کا یہ موقع نہین۔

تیسری بحث یہ ہے کہ معاملۂ نکاح کا استحکام و بقا کس حد تک ضروری ہے عقد نکاح کی خوبی کی نسبت جو کچھ کہا گیا ہے یعنی یہ کہ وہ تمدن کی بنیاد اور جماعتون کا شیرازہ ہے۔ اسی حالت مین ہے جب وہ ایک مضبوط اور دیرپا معاملہ قرار دیا جاوے۔ ورنہ وہ صرف قضاے شہوت کا ایک ذریعہ ہے۔ امام ابو حنیفہ نے اس اصول کو نہایت قوت کے ساتھ ملحوظ رکھا ہے۔ اُنھون نے طریقۂ انعقاد۔ تعین مہر۔ ایقاع طلاق۔ نفاذ خلع۔ کے جو قاعدے قرار دئے ہین اُن سب مین اس اصول سے کام لیا ہے۔

عقد نکاح کا استحکام

اسباب مین سب سے مقدم انکا یہ مسئلہ ہے کہ الطلاق مع استقامۃ حال الزوجین حرام یعنی جبتک زوجین کی حالت استقامت پر ہے۔ طلاق دینا حرام ہے ضرورت اور مجبوری کی حالت مین طلاق کو جایز قرار دیا ہے تو اُسکا طریقہ ایسا رکھا ہے جس سے اصلاح اور رجعت کی امید منقطع نہو یعنی یہ کہ تین بار کر کے طلاق دے اور ہر طلاق مین ایک مہینہ کا فاصلہ ہو۔ تاکہ اس اثنا مین شوہر کو اپنے ارادہ کے فیصل کرنے کے لئے کافی وقت ملے۔ اگر وہ اس ارادہ سے باز آنا چاہے تو باز آسکے۔ اور مستحب یہی ہے کہ باز آئے۔ اس وسیع مدت مین بھی اگر اصلاح و آشتی کی توقع نہو۔ اور تجربہ سے ثابت ہو جاوے کہ فریقین کی برہمی کسیطرح اصلاح پذیر نہین ہے۔ تو مجبوراً طلاق دے۔ طلاق کے بعد اُسکو مہر ادا کرنا ہوگا۔ اور تین مہینہ تک زوجہ کی خور و نوش کی کفالت کرنی ہوگی۔ اس سے یہ مقصد ہے کہ جبتک وہ

دوسرا شوہر نہ پیدا کرسکے۔ گذارہ اور بسر اوقات کیلیئے اُسکو تکلیف نہ اُٹھانی پڑے۔ اور مہر کی رقم عام مصارف مین کام آئے۔ اسباب مین امام صاحب کے مسایل جو اور ائمہ سے مختلف ہین۔ ہم اُنکو ذیل مین یکجائی طور پر لکھتے ہین۔ جس سے اندازہ ہوسکیگا کہ امام صاحب نے معاملہ نکاح کو کیسا مہتم بالشان اور مضبوط معاملہ سمجھا ہے۔ اور ہر حالت مین اُسکے قایم رکھنے کی کوشش کی ہے۔

جب تک فریقین کی حالت مین استقامت ہو طلاق دینا حرام ہے۔	امام شافعی کے نزدیک حرام نہین۔
ایکبار تین طلاق دینا حرام ہے اور اُسکا مرتکب عاصی ہے۔	امام شافعی و امام احمد بن حنبل کے نزدیک کچھ مضایقہ نہین۔
مہر کی تعداد کسی حالت مین دس درہم سے کم نہین ہوسکتی۔ اس سے یہ مقصد ہے کہ مرد کو فسخ طلاق پر آسانی سے جرأت نہو۔ کیونکہ یہ تعداد غریب و مفلس کیلیے ہے۔ جسکو اِس رقم کا ادا کرنا ایسا ہی مشکل ہے جیسے امیرونکو دو چار ہزار کا ادا کرنا۔	امام شافعی و امام احمد بن حنبل کے نزدیک ایک حبہ بھی مہر ہوسکتا ہے جسکا نتیجہ یہ ہے کہ مرد بیدریغ بے سوچے سمجھے طلاق دینے پر جرأت کرسکتا ہے اور عورت کو بوجہ اسکے کہ تفریق کے بعد محض مفلس اور نادار رہگئی سخت تکلیف کا احتمال ہے۔
خلوت صحیحہ سے پورا مہر واجب ہوجاتا ہے	امام شافعی کے نزدیک نصف واجب ہوتا ہے۔

۵

جسمانی بیماریان مثل برص وغیرہ فسخ نکاح کا سبب نہین ہوسکتین۔	امام شافعی و مالک کے نزدیک انکی وجہ سے فسخ نکاح ہوسکتا ہے۔
اگر کوئی شخص مرض الموت مین طلاق دے اور عدت کے زمانہ مین اُسکا انتقال ہوجاوے تو عورت کو میراث ملیگی۔	امام شافعی کے نزدیک نہین ملیگی
طلاق رجعی کی حالت مین وطی حرام نہین ہے یعنی زوجیت کا تعلق ایسی معمولی بیزاری سے منقطع نہین ہوتا۔	امام شافعی کے نزدیک حرام ہے۔ گویا وہ بائنہ ہوچکی۔
رجعت کیلئے اظہار زبانی کی ضرورت نہین ہر فعل جس سے رضامندی ظاہر ہو رجعت کے لئے کافی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ آسانی دیجاوے تاکہ رجعت بادنیٰ مسامحت ہوسکے۔	امام شافعی کے نزدیک بغیر اقرار و اظہار کے رجعت ہو ہی نہین سکتی۔
رجعت پر گواہ مقرر کرنے کچھ ضرور نہین۔ ورنہ بعض حالتون مین گواہ نہ مل سکے اور رجعت کی مدت قریب الانقضا ہے تو طلاق باین ہوجائیگی۔	امام مالک کے نزدیک بغیر استشہاد کے رجعت صحیح نہین ہے۔

نکاح کے فوائد مترتب ہونیکے لئے یہ ایک نہایت ضروری امر ہے کہ فریقین کے حقوق

نہایت فیاضی اور اعتدال کے ساتھ قایم کیے جائین۔ عورتونکو مردون کے ساتھ جن باتون مین مساوات حاصل ہے وہ باطل نہونے پاے۔ کیونکہ نکاح سے عورت کو اپنے امن و راحت کی توقع ہونی چاہیے۔ نہ یہ کہ اُسکے اصلی حقوق مین بھی زوال آئے۔ یہ اسلام کی خاص فیاضی ہے جسکی نظیر اور کسی مذہب مین نہین ملسکتی کہ اُسنے معاملۂ نکاح مین عورتون کے حقوق نہایت وسعت کے ساتھ قایم کیے ہین۔ امام ابوحنیفہ نے اس اصول کو تمام مسایل مین محفوظ رکھا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ اِن مسایل مین جہان اور ایمہ نے اُن سے اختلاف کیا ہے۔ صریح غلطی کی ہے۔ مثلاً خلع کا معاملہ جو طلاق سے مشابہ ہے۔

عورتونکے حقوق

اِسباب مین تو سب ایمہ متفق ہین کہ جسطرح مرد کو طلاق کا حق دیا گیا ہے۔ اسیطرح عورت کو کچھ معاوضہ دیکر خلع کا اختیار ہے۔ لیکن اِس امر مین اختلاف ہے کہ اس معاوضہ کی کیا صورت ہے۔ امام ابوحنیفہ کا مذہب ہے کہ اگر عورت کا قصور ہے اور خود اوسکی بدسلوکی تفریق کا سبب ہوئی ہے تو اُس مہر کی مقدار کی برابر شوہر کو معاوضہ دینا چاہیے۔ مرد اگر اِس مقدار سے زیادہ معاوضہ کا خواہان ہو تو مکروہ ہے۔ لیکن اگر مرد کی شرارت ہے تو عورت بغیر کسی جرمانہ ادا کرنے کے خلع کی مستحق ہے۔ اور مرد کو خلع کا معاوضہ لینا مکروہ ہے۔ امام شافعی و امام مالک کے نزدیک اُنو لأمر و جسقدر چاہے معاوضہ لے سکتا ہے۔ اور اُسپر عورت کو مجبور کر سکتا ہے اِس سے بڑھکر یہ کہ گو شرارت اور زیادتی مرد کی ہو تاہم وہ عورت سے معاوضہ لے سکتا ہے اور جسقدر چاہے لے سکتا ہے۔ حالانکہ یہ صریح ناانصافی ہے۔ کہ عورت بیگناہ بھی ہو اور معاوضہ بھی ادا کرے۔

اخیر بحث یہ ہے کہ نکاح کن دستورات کے ساتھ عمل مین آئے۔ ان رسوم مین صرف دو مقصود پیش نظر ہین۔ اوّل یہ کہ فریقین کی رضامندی محقق ہوجاے۔ دوسرے یہ کہ واقعۂ عقد کا اشتہار ہوجاے۔ ان اغراض کے لحاظ سے امام ابوحنیفہ نے نہایت مناسب قاعدے قرار دئے ہین یعنی یہ کہ فریقین ایسے الفاظ استعمال کرین جنسے ظاہر ہو کہ انہون نے معاملۂ نکاح کو قبول کرلیا ہے اور یہ کہ عقد نکاح دو گواہون کے سامنے عمل مین آئے۔

دستورات نکاح

یہ دونون سادہ اور آسان شرطین ہین جو ہر موقع پر استعمال کی جاسکتی ہین۔ لیکن بعض ایمہ نے بخلاف اسکے ان شرطون مین ایسی سخت قیدین لگائی ہین جنکی پابندی نہایت مشکل ہے۔ امام شافعی کا مذہب ہے کہ گواہان نکاح عادل ہونے چاہئین ورنہ نکاح صحیح نہین۔ عدالت کے جو معنی مجتہدین اور خاصکر امام شافعی نے بیان کئے ہین اُسکے لحاظ سے ہزارون مین ایک آدھ عادل ہوسکتا ہے۔ اسلئے اگر یہ قید ضروری سمجھی جاوے تو صحیح نکاح کا وجود ڈھونڈھے سے نہ ملسکے۔ امام شافعی و امام احمد بن حنبل کے نزدیک ضرور ہے کہ گواہ مرد ہون۔ لیکن امام ابوحنیفہ کے نزدیک عورتین بھی گواہ ہوسکتی ہین اور یہی قرین عقل بھی ہے امام شافعی نے یہ بھی قید لگائی ہے کہ خاص تزویج کے الفاظ استعمال کئے جائین۔ حالانکہ خاص الفاظ کی پابندی کا کچھ حاصل نہین۔ جو الفاظ اس مفہوم پر دلالت کرتے ہین مثلاً ہبہ تملیک وغیرہ سب عقد نکاح کیلئے کافی ہین۔

(۴) ایک بڑی خصوصیت جو حنفی فقہ کو حاصل ہے وہ یہ ہے کہ اُسنے ذمیون یعنی اُن لوگون کو جو مسلمان نہین ہین لیکن مسلمانونکی حکومت مین مطیعانہ رہتے ہین نہایت فیاضی اور

چوتھی خصوصیت ذمیون کے حقوق

آزادی سے حقوق بخشے ہین اور یہ وہ خصوصیت ہے جسکی نظیر کسی امام اور مجتہد کے مسایل مین نہین ملتی۔ اگرچہ ذمیون کے حقوق کی حفاظت خود شارع کی ہدایتون مین جابجا موجود ہے لیکن چونکہ وہ عام کلیات ہین۔ اسکے علاوہ شارع کے بعض اقوال بظاہر اسکے خلاف معلوم ہوتے ہین اسلیئے اُنکی تعبیر مطالب مین اختلافات پیدا ہوئے تاہم کچھ شبہ نہین کہ جو تعبیر امام ابوحنیفہ نے کی وہی صحیح تعبیر تھی۔ اسلام نہایت وسیع دنیا پر حکمران رہا ہے۔ اور اوسکی حدود حکومت مین سیکڑون غیر قومین آباد تھین اور ہین۔ اسلیئے اگر اُنکے حقوق کی واجبی حفاظت نکیجاوے تو ایکدن بھی امن قایم نہین رہ سکتا۔ امام ابوحنیفہ نے ذمیون کو جو حقوق دیئے ہین دنیا مین کسی گورنمنٹ نے کبھی کسی غیر قوم کو نہین دیئے۔ یورپ جسکو اپنے قانون انصاف پر بڑا ناز ہے۔ بیشک زبانی دعوی کرسکتا ہے لیکن عملی مثالین نہین پیش کرسکتا۔ حالانکہ امام ابوحنیفہ کے یہ احکام۔ اسلامی گورنمنٹون مین عموماً نافذ تھے اور خاصکر ہرون الرشید عظم کی وسیع حکومت انہین احکام پر قایم تھی۔

سب سے بڑا مسئلہ قتل و قصاص کا ہے۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک ذمیون کا خون مسلمانون کے خون کی برابر ہے یعنی اگر مسلمان۔ ذمی کو عمداً قتل کرڈالے تو مسلمان بھی اُسکے بدلے قتل کیا جائیگا۔ اور اگر غلطی سے قتل کیا ہے تو جو خون بہا مسلمان کے قتل بالخطا سے لازم آتا ہے وہی ذمی کے قتل سے بھی لازم آئیگا۔

تذکرہ۔ امام رازی نے اپنی کتاب مناقب الشافعی مین حنفیون کو طعنہ دیا ہے کہ اُنکے نزدیک ابوبکر صدیق کا خون اور ایک ذلیل ذمی کا خون برابر ہے۔ یعنی وہ اگر ابوبکر صدیق بجرم

کسی ذمی کو قتل کر ڈالتے تو حنفیوں کے نزدیک وہ بھی قتل کیے جانیکے مستحق تھے ''

حنفیوں نے اس مسئلہ کی تعمیم میں کہیں یہ مثال نہیں دی ہے۔ امام رازی نے اس غرض سے کہ وہ اس مسئلہ کو بدنما کر کے دکھائیں۔ خود یہ مثال فرض کی ہے۔ لیکن ہم فخر کے ساتھ اس طعنہ کو قبول کرتے ہیں۔ بے شبہہ انصاف اور حق کی حکومت میں۔ شاہ و گدا۔ مقبول و مردود کا ایک رتبہ ہے۔ بے شبہہ یہ اسلام کی بڑی فیاضی ہے کہ اُسنے اپنی رعایا کو اپنی برابر سمجھا۔ اسلام کو اس انصاف پر ناز ہو سکتا ہے اگر امام رازی کو عار آتی ہے تو آئے۔

خود صحابہ کا کیا قول اور کیا عمل تھا؟ حضرت علیؑ کا قول ہے من کان له ذمتنا فدمه کدمنا و دیته کدیتنا '' یعنی ذمی کا خون ہمارا خون ہے اور اُسکی دیت ہماری دیت ہے''

حضرت علیؓ پر موقوف نہیں تمام مہاجرین و انصار کا یہی قول تھا اور اسی پر عمل تھا۔ عبید اللہ جو حضرت عمر فاروق کے فرزند تھے۔ اُنھوں نے حضرت عمر کے زخمی ہونیکے وقت دو شخصوں کو جو کافر تھے اور جن پر اُنکو شبہہ تھا قتل کر ڈالا۔ جب حضرت عثمان مسند خلافت پر بیٹھے تو اُنھوں نے مہاجرین و انصار کو بلایا اور اس بارہ میں راے پوچھی۔ تمام مہاجرین نے بالاتفاق کہا کہ عبید اللہ کو قتل کرنا چاہیئے۔

امام ابو حنیفہ نے ذمیوں کے لئے اور جو قواعد مقرر کیے وہ نہایت فیاضانہ قواعد ہیں۔ وہ تجارت میں مسلمانوں کی طرح آزاد ہیں۔ ہر قسم کی تجارت کر سکتے ہیں۔ اور اُن سے اُسی شرح سے ٹیکس لیا جائیگا جس طرح مسلمانوں سے لیا جاتا ہے۔ جزیہ۔ جو اُنکی محافظت کا ٹیکس ہے اُسکی شرح حسب حیثیت قایم کیجائیگی۔ مفلس شخص جزیہ سے بالکل معاف ہے۔ اگر کوئی شخص

جزیہ کا باقیدار ہو کر مر جاوے تو جزیہ ساقط ہو جاوے گا۔ ذمیون کے معاملات اُنہین کی شریعت کے موافق فیصل کیے جائینگے۔ یہانتک کہ مثلاً اگر کسی مجوسی نے اپنی بیٹی سے نکاح کیا تو اسلامی گورنمنٹ اس نکاح کو اُسکی شریعت کے موافق صحیح تسلیم کرے گی۔ ذمیون کی شہادت اُنکے باہمی مقدمات مین مقبول ہوگی۔ ذمیون کی اعزازی حالت یہ ہے کہ وہ حرم محترم مین جا سکتے ہین۔ مکّہ معظمہ اور مدینہ منورہ مین آباد ہو سکتے ہین۔ تمام مسجدون مین بغیر اجازت حاصل کرنے کے داخل ہو سکتے ہین۔ بجز اُن خاص شہرون کے جو مسلمانون نے آباد کیے ہین ہر جگہہ وہ اپنی عبادت گاہ بنا سکتے ہین۔ وہ اگر حربی کافرون کے مقابلہ مین مسلمانون کا ساتھ دینا چاہین تو سپہ سالار اُن پر اعتماد کر سکتا ہے۔ اور اُن سے ہر طرح کی اعانت لے سکتا ہے۔

اِس قسم کے اور احکام ہین جنسے ظاہر ہوتا ہے کہ امام ابوحنیفہ نے عموماً تمام معاملات مین ذمیون کے حقوق مسلمانونکے برابر قرار دیے ہین۔ بلکہ سچ یہ ہے کہ بعض امور مین تو اُنھون نے اعتدال سے زیادہ فیاضی کی ہے۔ مثلاً اِس امر مین کہ ذمی کس حالت مین عہد سے باہر ہو جاتا ہے۔ اُنکا مذہب یہ ہے کہ بجز اُس حالت کے کہ اُنکے پاس جمعیت ہو اور وہ گورنمنٹ سے بمقابلہ پیش آئین۔ اور کسی صورت مین اُنکے حقوق باطل نہین ہوتے۔ مثلاً اگر کوئی ذمی جزیہ نہ ادا کرے۔ یا مسلمان عورت کے ساتھ زنا کا مرتکب ہو۔ یا کافرون کی جاسوسی کرے۔ یا کسی مسلمان کو کفر کی ترغیب دے۔ یا خدا اور رسول کی شان مین بے ادبی کرے۔ تو اِن تمام حالتون مین وہ سزا کا مستحق ہوگا لیکن باغی نہ سمجھا جائیگا اور اُسکے حقوق باطل نہونگے۔

اب اسکے مقابلہ مین اور ایمہ کے مسایل دیکھو امام شافعی کے نزدیک کسی مسلمان نے گو بیجرم اور عمداً کسی ذمی کو قتل کیا ہوتاہم وہ قصاص سے بری ہے گا صرف دیت دینی ہوگی یعنی مالی معاوضہ ادا کرنا ہوگا۔ وہ بھی مسلمان کی دیت کی ایک ثلث۔ اور امام مالک کے نزدیک نصف۔ تجارت مین یہ سختی ہے کہ ذمی اگر تجارت کا مال ایک شہر سے دوسرے شہر کو لیجاوے تو سال مین جتنی بار لیجاسے ہر بار اوس سے نیا ٹیکس لیا جائیگا۔

جزیہ کے متعلق امام شافعی کا مذہب ہے کہ کسی حال مین ایک اشرفی سے کم نہین ہوسکتا اور بوڑہے۔ اندہے۔ اپاہج۔ مفلس۔ تارک الدنیا۔ تک اُس سے معاف نہین بلکہ امام شافعی سے ایک اور روایت ہے کہ جو شخص مفلس ہونیکی وجہ سے جزیہ نہین ادا کرسکتا وہ اسلام کی عملداری مین نرہنے پاوے۔ خراج جو اُن پر حضرت عمر کے زمانہ مین مقرر کیا گیا تہا اُسپر اضافہ ہوسکتا ہے مگر کسی صورت مین کمی نہین ہوسکتی۔ ذمیونکی شہادت گو فریقین مقدمہ ذمی ہون کسی حال مین مقبول نہین۔ اس مسئلہ مین امام مالک و امام شافعی دونون متفق الراے ہین۔ ذمی کبھی حرم مین نہین داخل ہوسکتا۔ اور نہ وہ مکہ اور مدینہ منورہ مین آباد ہوسکتا ہے۔ امام شافعی کے نزدیک عام مسجدونمین اجازت کے ساتھ داخل ہوسکتا ہے۔ لیکن امام مالک اور امام حنبل کے نزدیک اُسکو بالکل اجازت نہین ملسکتی۔ ذمی۔ اسلامی حدود حکومت مین کہین اپنی عبادت گاہ نہین بناسکتا ہے۔ ذمیون پر اعتبار نہین کیا جاسکتا اور وہ اسلامی فوج مین شریک نہین ہوسکتے۔ ذمی اگر کسی مسلمان کو قصداً قتل کرڈالے یا کسی مسلمان عورت کے ساتھ زنا کا مرتکب ہو تو اُسیوقت اُسکے تمام حقوق باطل ہوجاوینگے اور وہ کافر حربی سمجھا جائیگا۔ یہ احکام

بھی عیسائیون اور یہودیون کے ساتھ خاص ہین ورنہ امام شافعی کے نزدیک بت پرستون کو جزیہ ادا کرنے پر بھی اسلامی حدود مین رہنے کی اجازت نہیین۔

یہ تمام احکام ایسے سخت ہین جنکا تحمل ایک ضعیف سے ضعیف محکوم قوم بھی نہین کر سکتی اور یہی وجہ ہے کہ امام شافعی وغیرہ کا مذہب سلطنت کے ساتھ نہ نبہ سکا۔ مصر مین بے شبہ ایک مدت تک گورنمنٹ کا مذہب شافعی تھا۔ لیکن اُسکا یہ نتیجہ تھا کہ عیسائی اور یہودی قومین اکثر بغاوت کرتی رہین۔

اِس موقع پر یہ بتا دینا بھی ضرور ہے کہ فقہ حنفی کی کتابون مین ذمیون کے متعلق چند ایسے احکام بھی مذکور ہین جو نہایت سختی اور تنگدلی پر مبنی ہین اور چونکہ وہ اس طریقہ سے ظاہر کئے گئے ہین کہ گویا وہ خاص امام ابو حنیفہ کے مسایل ہین اسلئے غیر قومون کو مذہب حنفی پر بلکہ عموماً مذہب اسلام پر حملہ کرنے کا موقع ملا ہے۔ ہدایہ مین ہے کہ "ذمیونکو ضرور ہے کہ وہ وضع اور لباس مین مسلمانون کی ہمسری نکرین۔ وہ گھوڑون پر نہ سوار ہون ہتیار نہ لگائین۔ زنّار پہنین۔ اُنکے گھرون پر علامت بنادی جاوے جس سے ظاہر ہو کہ وہ دائرۂ اسلام سے خارج ہین" وغیرہ وغیرہ۔ صاحب ہدایہ نے اِن احکام کی وجہ یہ بتائی ہے کہ ذمیونکی تحقیر ضروری ہے فتاوی عالمگیری مین اِس سے بھی زیادہ سخت و بیرحمانہ احکام ہین۔ لیکن یہ جو کچھ ہے متاخرین فقہا کی ایجاد ہے ورنہ امام ابو حنیفہ کا دامن اس داغ سے پاک ہے۔

امام ابو حنیفہ سے جو کچھ اسباب مین مروی ہے وہ صرف اسقدر[۹۱] ہے کہ ذمی زنار باندہین

[۹۱] دیکھو جامع صغیر امام محمد

اور ایسے زین پر سوار ہون جنکی شکل ھیتلی کی سی ہوتی ہے - البتہ قاضی ابو یوسف صاحب[۵۱] نے بعض اور احکام اسپر بڑہاے ہین اور وہ یہ ہین کہ ذمی مسلمانون کے ساتھہ وضع قطع - لباس سواری مین مشابہت نہ اختیار کرین - اور لمبی ٹوپیان اوڑہین - اور اُنکے زین کے آگے گول لکڑی ہو اور اُنکی جوتیون کے تسمے دوہرے ہون - اور اُنکی عورتین کجاوون پر نہ سوار ہون - قاضی صاحب نے یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت عمر نے ذمیون کے بارہ مین یہی احکام صادر کئے تھے - اور اُسکی وجہ خود حضرت عمر کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ذمیون کی وضع مسلمانونکی وضع سے الگ رہے -

بلاشبہہ یہ حضرت عمر کے احکام ہین لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ یہ احکام ذمیون کی تحقیر کی وجہ سے صادر ہوئے تھے سخت غلطی ہے - اگرچہ افسوس ہے کہ اس غلطی کا ارتکاب اکثر متاخرین فقہانے کیا - بےشبہہ حضرت عمر کا ایک طبعی مذاق تہا کہ وہ قومی امتیاز کو پسند کرتے تھے - اُنھون نے اہل فوج کو اکثر فرمانون مین لکھا ہے کہ وہ جاڑون مین دہوپ کھانا نچھوڑین گھوڑون پر رکاب کے سہارے سے سوار نہون - موٹے کپڑے استعمال کرین جس سے مقصد یہ تہا کہ اہل عرب اپنے ملک اور وطن کی خصوصیتون کو محفوظ رکھین - اسی بنا پر اُنھون نے اہل عجم کو جنھون نے اسلام نہین قبول کیا تہا تاکید کی کہ وہ اپنی قومی خصوصیتون کو ضایع ہونے نہ دین - اہل عجم زمانہ اسلام سے پہلے زنار باندہتے تھے - لمبی ٹوپیان اوڑہتے تھے -[۵۲]

---

[۵۱] قاضی ابو یوسف صاحب نے یہ احکام کتاب الخراج مین لکھے ہین ۱۲ [۵۲] خلیفہ منصور نے اپنے درباریون کو اسی قسم کی ٹوپیون کے اوڑہنے پر مجبور کیا تہا جسکی نسبت مورخین لکھتے ہین کہ منصور نے عجم کی تقلید کی -

اُنکے زین - آجکل کے انگریزی زین کے مشابہ ہوتے تھے - اُنکی عورتین اونٹون پر نہین سوار ہوتی تہین - چنانچہ انہین رسوم و عادات کی نسبت حضرت عمر نے حکم دیا کہ اہلِ ذمہ اُسکی پابندی کرین - یہی احکام امام ابوحنیفہ اور قاضی ابویوسف نے قایم رکھے - جنکا مقصد صرف اسقدر ہے کہ دونون قومین اپنی خصوصیات پر قایم رہین -

البتہ امام ابوحنیفہ نے یہ حکم دیا ہے کہ اہلِ ذمّہ اسلامی شہرونمین اپنی عبادتگاہین نہ بنائین لیکن اُنکا مقصد صرف اسقدر تہا کہ امن وامان مین خلل نہو اور مسلمان رعایا جو اکثر عرب کی نسل سے تھی اور ناقوس کی صداؤن سے اُنکے کان آشنا نہ تھے فساد پر نہ آمادہ ہون - اس حکم نے ذمیون کے حق مین چندان دقت بھی نہین پیدا کی - مسلمانون نے جو شہر آباد کئے وہ دو چار شہر سے زیادہ نہ تھے باقی تمام ملک اُنہین شہرون سے معمور تھا جو غیر قومون کے آباد کیے ہوئے تھے - اور جہان ذمیونکو عموماً عبادتگاہون کے بنانیکی اجازت تھی - اسلامی شہرون مین بھی یہ قید اُسوقت تک قایم رہی جب تک فتنہ کا احتمال رہا - جب یہ خوف جاتا رہا تو ذمیون کو عام اجازت ملگئی - چنانچہ بغداد مین جو خاص اسلامی شہر تھا سیکڑون ہزارون چرچ اور گرجے تعمیر ہوئے -

پانچوین خصوصیت فقہ حنفی کا نصوص شرعی کے موافق ہونا -

(۵) ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ جو احکام نصوص سے ماخوذ ہین اور جنمین ایمہ کا اختلاف ہے - اونمین امام ابوحنیفہ جو پہلو اختیار کرتے ہین وہ عموماً نہایت قوی اور مدلل ہوتا ہے -

نص - کا لفظ قرآن - حدیث - دونون پر اطلاق کیا جاتا ہے اور اس لحاظ سے وہ احکام بھی نصی کہے جاتے ہین - جو قرآن سے نہین بلکہ صرف حدیث سے ثابت ہین - لیکن اس

موقع پر ہم اُن سے بحث نہین کر سکتے۔ اور اوسکی مختلف وجوہ ہین۔ اوّل تو یہ کہ اس قسم کے مسایل نہایت کثرت سے ہین جنکا مختصر سے مختصر حصّہ بھی اس کتاب مین آنہین سکتا۔ اگرچند مسایل نمونہ کے طور پر بیان کیئے جایئن تو بدگمانون کو اس سوءظن کا موقع باقی رہتا ہے کہ چند قوی مسایل لے لیئے اور ضعیف چھوڑ دیئے۔ دوسری بڑی وجہ یہ ہے کہ آج ان مسایل کا فیصلہ مجتہدانہ نہین ہوسکتا۔ حدیث کے متعلق بہت بڑی بحث صحت و عدم صحت کی پیدا ہوتی ہے اور یہی وہ چیز ہے جسنے مسایل فقہ مین ایمہ کو مختلف الآرا کردیا ہے۔ ایک امام کے نزدیک ایک حدیث قابل حجّت ہے۔ دوسرے کے نزدیک وہ قابل احتجاج نہین۔ اس بحث کے تصفیہ کے لیئے جو سامان ہمارے ملک مین موجود ہے وہ بالکل ناکافی ہے اور اُس سے کسی حدیث کی نسبت مجتہدانہ فیصلہ نہین کیاجاسکتا۔ بڑا مرحلہ اسماء الرجال کا ہے۔ اس فن کی جو کتابین ہمارے ملک مین موجود ہین۔ مثلاً تہذیب الکمال مزی۔ تہذیب التہذیب۔ میزان الاعتدال۔ طبقات الحفاظ۔ تہذیب الاسماء واللغات۔ وغیرہ۔ انمین جرح و تعدیل کے متعلق ایمہ کے جو اقوال مذکور ہین اکثر اُنکا سلسلۂ سند مذکور نہین۔ اسلیئے محدثانہ حیثیت سے اُسکے ثبوت و عدم ثبوت کا تصفیہ نہین ہوسکتا۔ اسکے علاوہ اکثر جرحین مبہم ہین اور جن جرحون کو مفسر قرار دیا ہے وہ بھی ابہام سے خالی نہین۔ قدما نے اس فن مین جو تصنیفات لکھین اُن سے بے شبہہ یہ مباحث طے ہوسکتے ہین۔ لیکن وہ یہان میسر نہین آتین علماے حنفیہ نے خاص اس بحث پر کہ حنفی فقہ کے مسایل احادیث صحیحہ سے ثابت ہین۔ بہت سی کتابین لکھی ہین جسکو زیادہ شوق ہو اُن تصنیفات کیطرف رجوع کرسکتا ہے۔

لیکن قرآن مجید مین اس بحث کا بڑا سلسلہ منقطع ہوجاتا ہے - کیونکہ قرآن کے ثبوت مین کسی کو کلام نہین ہوسکتا - اسلئے نزاع کا مدار صرف اسپر رہجاتا ہے کہ جو مسئلہ اُس سے مستنبط کیا گیا - صحیح طور پر کیا گیا یا نہین - اس حالت مین بحث مختصر رہجاتی ہے اور نہایت آسانی سے اُسکا تصفیہ ہوجاتا ہے - قرآن مجید سے جو احکام ثابت ہین اُنکی تعداد بھی کچھ کم نہین ہے اور وہ فقہ کے مہمات مسایل ہین - اسلئے اگر یہ ثابت ہو کہ حنفی فقہ کے مسایل نصوص قرآن سے زیادہ مطابق ہین - تو مہمات مسائل مین فقہ حنفی کی ترجیح بآسانی ثابت ہوجائیگی - اسکے ساتھ یہ بھی ثابت ہوجائیگا کہ امام ابوحنیفہ کو حیثیت اجتہاد مین تمام ایمہ پر ترجیح ہے - کیونکہ اجتہاد کا مدار زیادہ تر استنباط اور استخراج ہی پر ہے -

ان وجوہ کی بنا پر - اگرچہ ہم صرف اُن مسایل پر اکتفا کرتے ہین جو قرآن سے ثابت ہین تاہم حدیث کے متعلق ایک اجمالی بحث ضرور ہے جس سے بدگمانون کو سوءظن کا موقع نہو -

اس بدگمانی کی تردید کہ فقہ حنفی کے مسایل حدیث کے مخالف ہین

بعض لوگون کا خیال ہے کہ امام صاحب کے بہت سے مسایل - احادیث صحیحہ کے مخالف ہین - ان لوگون مین سے بعض نے الزام دیا ہے کہ امام صاحب نے دانستہ حدیث کی مخالفت کی - بعض انصاف پسند وجہ یہ بتاتے ہین کہ امام صاحب کے زمانہ تک احادیث کا استقصار نہین کیا گیا تھا - اسلئے بہت سی حدیثین اُنکو نہین پہنچین - لیکن یہ خیال محض لغو اور بے سروپا ہے امام صاحب کے زمانہ تک تو حدیثین جمع نہین ہوئی تھین - لیکن جب جمع ہوچکین اُسوقت بڑے بڑے محدثین اُنکے مسایل کو کیون صحیح تسلیم کرتے رہے - وکیع بن الجراح جنکی روایتین صحیح بخاری مین بکثرت موجود ہین - اور جنکی نسبت امام احمد بن حنبل کہا کرتے تھے کہ مینے اُن سے بڑھکر

کسیکو حافظ العلم نہین دیکھا۔ وہ امام ابو حنیفہ کے مسایل کی تقلید کرتے تھے۔ خطیب بغدادی
نے اُنکے حال مین لکھا ہے کان یفتی بقول ابی حنیفۃ[1] یحیی ابن سعید بن القطان
جو فن جرح و تعدیل کے موجد ہین۔ اکثر مسایل مین امام ابو حنیفہ کے پیرو تھے۔ خود اُنکا قول ہے
قد اخذ نا باکثر اقوالہ[2] امام طحاوی جو حافظ الحدیث تھے اور مجتہد فی المذہب کا درجہ رکھتے تھے۔
پہلے شافعی تھے۔ پھر امام ابو حنیفہ کے مسایل اختیار کئے اور کہا کرتے تھے کہ مین ابو حنیفہ کا مقلد
نہین ہون۔ بلکہ مجھکو اُن سے توارد ہے۔ طحاوی۔ امام بخاری و مسلم کے ہمزمان ہین اور یہ وہ زمانہ
ہے جب حدیث کا دفتر کامل طور سے مرتب ہو گیا تھا۔ متاخرین مین علامہ ماردینی۔ حافظ زیلعی
ابن الہمام۔ قاسم بن قطلوبغا۔ وغیرہم کی نسبت قلت نظر کا کون گمان کرسکتا ہے؟ یہ لوگ
عموماً حنفی مسایل کے حامی ہین۔

اِسکے علاوہ جو لوگ عموماً حافظ الحدیث تسلیم کئے گئے ہین اُنکے مسایل امام ابو حنیفہ سے
کیون موافق ہین؟ طبقہ اولیٰ مین سب سے بڑے محدث امام احمد حنبل ہین جنکی شاگردی پر
بخاری و مسلم کو ناز تھا اور جنکی نسبت محدثین کا عام قول ہے کہ "جس حدیث کو احمد حنبل نہین
جانتے وہ حدیث ہی نہین" امام احمد حنبل بہت سے مسایل مین امام شافعی کے مخالف اور
امام ابو حنیفہ کے موافق ہین۔ خوارزمی نے لکھا ہے کہ فروع و جزئیات چھوڑکر۔ اُمہات فقہ کے
متعلق ایک سو پچیس مسئلون مین اُنکو امام ابو حنیفہ کے ساتھ اتفاق ہے۔ اور امام شافعی سے اختلاف
ہمنے خود بہت سے مسایل مین تطبیق کی ہے جس سے خوارزمی کے دعوی کی تائید ہوتی ہے

---

[1] مختصر تاریخ بغداد لابن جزلہ ترجمہ وکیع بن الجراح ۱۲۔ [2] تہذیب التہذیب حافظ ابن حجر ترجمہ امام ابو حنیفہ ۱۲۔

سفیان ثوری کو محدثین نے امام الحدیث تسلیم کیا ہے - اُنکے مسایل عموماً امام ابوحنیفہ کے مسایل کے موافق ہین - قاضی ابویوسف کہا کرتے تھے کہ واللہ سفیان اکثر متابعۃ منی لابی حنیفۃ یعنی "خدا کی قسم سفیان - مجھ سے زیادہ ابوحنیفہ کی پیروی کرتے ہین"، صحیح ترمذی مین سفیان ثوری کے مسایل مذکور ہین - جو زیادہ تر شافعی کے مخالف اور ابوحنیفہ کے موافق ہین -

اس خیال کے پیدا ہونیکی بڑی وجہ یہ ہے کہ بعض محدثین مثلاً امام بخاری - ابن ابی شیبہ - نے امام ابوحنیفہ کے متعدد مسایل کی نسبت تصریح کی ہے کہ حدیث کے خلاف ہین - ابن ابی شیبہ نے - امام ابوحنیفہ کے رد مین ایک مستقل باب لکھا ہے - لیکن یہ خیال کرنیوالون کی کوتاہ نظری ہے - اکثر ایمہ نے ایک دوسرے پر جرح و اعتراض کیا ہے - امام شافعی - امام مالک کے باخلاص شاگرد تھے اور کہا کرتے تھے کہ "آسمان کے نیچے موطای امام مالک - سے زیادہ صحیح کوئی کتاب نہین" باوجود اسکے اُنہون نے امام مالک کی رد مین ایک مستقل رسالہ لکھا جسمین دعویٰ کیا ہے کہ امام مالک کے بہت سے مسایل - احادیث صحیحہ کے خلاف ہین - امام رازی نے مناقب الشافعی مین اس رسالہ کا دیباچہ نقل کیا ہے اور خود ہماری نظر سے گذرا ہے - لیث بن سعد جو مشہور محدث ہین کہا کرتے تھے کہ امام مالک نے ستر مسئلون مین - حدیث کی مخالفت کی چنانچہ میرا ارادہ ہے کہ مین اُنکو اس امر کی نسبت خط لکھون[۵۱]" امام شافعی بھی اس اعتراض سے نہین بچے اور کیونکر بچ سکتے تھے - جہر بسم اللہ - وقنوت فی الفجر - وترک توریث ذوی الارحام -

---

[۵۱] اِس قول کو حافظ ابوالمحاسن نے قلاید العقیان مین نقل کیا ہے -

وغیرہ مسایل مین اُنکا مذہب صحیح حدیثون کے مخالف معلوم ہوتا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ اجتہادی امور ہین۔ اور انکی بناپر ہم کسی کو مخالفِ حدیث نہین کہہ سکتے۔ جس حدیث کو ایک مجتہد صحیح سمجھتا ہے ضرور نہین کہ وہ دوسرے مجتہد کے نزدیک بھی صحیح ہو۔ پھر اس مرحلہ کے طے ہونیکے بعد۔ استنباط و استدلال کی بحث باقی رہتی ہے جسمین مجتہدین بہت کم متفق الراے ہو سکتے ہین۔ کیونکہ استنباط و استدلال کے اصول جداگانہ ہین۔

امام بخاری کی جزء القرءۃ ہمنے دیکھی ہے۔ جامع صحیح مین۔ جہان وہ امام ابوحنیفہ کیطرف اشارہ کرتے ہین۔ اُس سے بھی ہم واقف ہین۔ بے شبہہ ان مسئلون مین امام بخاری کا دعوی ہے کہ امام ابوحنیفہ کا مذہب حدیث کے مخالف ہے۔ لیکن امام بخاری کی تحریر۔ اور امام ابوحنیفہ۔ کا فتوی۔ دونون ہمارے سامنے ہین اور ہم خود سمجھ سکتے ہین کہ اُن مسائل مین امام صاحب کا مذہب حدیث کے مخالف ہے۔ یا امام بخاری کی فہم و اجتہاد کے مخالف ہے۔

قرءت فاتحہ کے مسئلہ مین امام ابوحنیفہ کا استدلال اس آیت پر ہے واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا۔ امام بخاری جزء القرءۃ مین فرماتے ہین کہ یہ آیت خطبہ کے بارہ مین اُتری ہے یعنی نماز سے اسکو تعلق نہین۔ امام بخاری کا یہ جواب کسقدر حیرت انگیز ہے اگر رسالہ جزء القرءۃ خود ہماری نظر سے نہ گذرا ہوتا تو ہمکو مشکل سے یقین آتا کہ واقعی یہ امام بخاری کا قول ہے۔ اول تو بیسیون روایتون سے ثابت ہے کہ یہ آیت نماز مین اُتری ہے۔ لیکن اگر ہم اُنہی کے قول کو تسلیم کرین تو یہ کون نہین جانتا کہ موقعِ ورود کے خاص ہونے سے آیت کا حکم جو صریحی عام ہے۔ خاص نہین ہو سکتا۔

امام ابوحنیفہ کا مذہب ہے کہ امام و مقتدی کو آمین آہستہ کہنی چاہیئے۔ امام بخاری برخلاف اسکے جہر کے قایل ہین اور دلیل یہ لاتے ہین کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے کہ جب امام والا الضالین کہے تو تم آمین کہو۔ لیکن اس حدیث مین جہر کا کہان ذکر ہے۔ اور مطلق آمین کہنے سے تو امام ابوحنیفہ کو بھی انکار نہین۔ امام ابوحنیفہ کا مذہب ہے کہ نبیذ تمر سے بشرطیکہ مسکر نہو۔ وضو جایز ہے۔ امام بخاری اسکے خلاف ترجمۃ الباب باندہتے ہین اور حدیث نقل کرتے ہین کہ کل ما اسکر حرام۔

امام ابوحنیفہ کا مذہب ہے کہ مقتدی کیلئے قرأت فاتحہ ضروری نہین۔ امام بخاری وجوب کے مدعی ہین اور جامع صحیح مین باب باندہا ہے کہ "امام و مقتدی پر ہر نماز مین خواہ سفر مین ہو یا حضر مین۔ نماز خواہ جہری ہو یا سری۔ قرأت واجب ہے" اس دعوی پر دو حدیثین پیش کی ہین ایک یہ کہ "کوفہ والون نے حضرت عمر کے پاس سعد بن ابی وقاص کی شکایت کی۔ حضرت عمر نے انکو معزول کردیا۔ اور بجاے اُنکے عمار کو مقرر کیا۔ کوفہ والے عمار کے بھی شاکی ہوئے کہ انکو تو نماز پڑہنی بھی نہین آتی۔ حضرت عمر نے عمار کو بلا بھیجا اور اُن سے کہا کہ ان لوگون کا یہ گمان ہے۔ عمار نے کہا واللہ مین انکے ساتھ رسول اللہ صلعم کی سی نماز پڑہتا تھا اور اُس سے کچھ کم نہین کرتا مین عشا کی نماز پڑہتا تھا تو پہلی دو رکعتون مین دیر تک قیام کرتا تھا اور دو اخیر کی رکعتون مین تخفیف کرتا تھا"

اس حدیث سے قرأت فاتحہ کا وجوب کیونکر ثابت ہوا۔ حافظ ابن حجر وغیرہ نے جو تاویلین کی ہین اُن سے اگر بہزار دقت۔ وجوب پر استدلال بھی ہو تو کیا اُسکی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ امام ابوحنیفہ نے حدیث کی مخالفت کی!!

حقیقت یہ ہے کہ کسی مجتہد کی نسبت یہ خیال کرنا کہ اُسکو احکام کے متعلق حدیثین نہین پہنچین

سخت غلطی ہے لیکن چونکہ حدیثوں کا معیار صحت۔ وجوہ استنباط طرقِ استدلال۔ تمام مجتہدین کے نزدیک متحد نہیں اسلئے مسایل میں اختلاف کا پیدا ہونا ضرور تھا۔

اب ہم اس ضمنی بحث کو چھوڑکر اصل مقصد کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ ہمارا دعوی ہے کہ قرآن مجید کی تمام آیتیں جنسے کوئی مسئلہ فقہی مستنبط کیا گیا ہے اُنکے وہی معنی صحیح اور واجب العمل ہیں جو امام ابو حنیفہ نے قرار دئے ہیں۔ قرآن مجید میں احکام کی آیتیں سو سے متجاوز ہیں اسلئے ہم اُنکا استقصا تو نہیں کر سکتے۔ البتہ مثال کے طور پر متعدد مسایل کا ذکر کرتے ہیں جن سے ایک عام اجمالی خیال قایم ہو سکتا ہے۔

باب الطہارۃ

امام ابو حنیفہ کا مذہب ہے کہ وضو میں چار فرض ہیں۔ امام شافعی دو فرض اور اضافہ کرتے ہیں یعنی نیت اور ترتیب۔ امام مالک بجاے اِنکے موالاۃ کو فرض کہتے ہیں۔ امام احمد حنبل کا مذہب ہے کہ وضو کے وقت بسم اللہ کہنا ضرور ہے۔ اور اگر قصداً نہ کہا تو وضو باطل ہے۔

فرائض وضو

امام صاحب کا استدلال ہے کہ آیت میں صرف چار حکم مذکور ہیں۔ اسلئے جو چیز اِن احکام کے علاوہ ہے وہ فرض نہیں ہو سکتی۔ نیت و موالاۃ و تسمیہ کا تو آیت میں کہیں وجود نہیں۔ ترتیب کا گمان البتہ واو کے حرف سے پیدا ہوتا ہے۔ لیکن علماے عربیت نے متفقاً طے کر دیا ہے کہ واو کے مفہوم میں ترتیب داخل نہیں۔

امام رازی نے تفسیر کبیر میں ترتیب کی فرضیت کے لئے متعدد دلیلیں پیش کی ہیں۔ لیکن انصاف یہ ہے کہ اونکا رتبہ تاویل سے بڑھکر نہیں۔ بڑا استدلال یہ ہے کہ فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ میں حرف فا تعقیب کیلئے ہے جس سے اسقدر ضرور ثابت ہوتا ہے کہ منھ کا

پہلے دہونا فرض ہے - اور جب ایک رکن مین ترتیب ثابت ہوئی تو باقی ارکان مین بھی ہونی چاہیئے - دوسری دلیل یہ لکھی ہے کہ وضو کا حکم خلاف عقل حکم ہے - اسلیے اسکی تعمیل بھی اُسی ترتیب سے فرض ہونی چاہیئے جسطرح آیت مین مذکور ہے - کیونکہ وضو کا حکم جسطرح خلاف عقل ہے - ترتیب بھی خلاف عقل ہے - امام رازی کی یہ دلیلین جس رتبہ کی ہین خود ظاہر ہین اُسپر ردّ وقدح کی ضرورت نہین -

۲
عورت کے چھونے سے وضو نہین ٹوٹتا

امام ابوحنیفہ - کا قول ہے کہ عورت کے چھونے سے وضو نہین ٹوٹتا - امام شافعی - اسکے مخالف ہین اور استدلال مین یہ آیت پیش کرتے ہین وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا یعنی "اگر تم بیمار ہو - یا سفر مین ہو - یا تم مین سے کوئی شخص غایط[۱] سے آئے یا تمنے عورت کو چھوا ہو - اور تمکو پانی نہ ملے تو تم تیمم کرو"

امام صاحب فرماتے ہین کہ "عورت کے چھونے سے جماع و مقاربت مراد ہے اور یہہ قرآن مجید کا عام طرز ہے کہ ایسے امور کو صریحاً تعبیر نہین کرتا" لطف یہ ہے کہ اسی لفظ کا ہم معنی لفظ "مس" جسکے معنی چھونے کے ہین - خدا نے اس آیت مین مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ جماع کے معنی مین استعمال کیا ہے اور خود امام شافعی تسلیم کرتے ہین کہ وہان جماع ہی مقصود ہے - حقیقت یہ ہے کہ اس آیت مین ملامستہ کے ظاہری معنی لینے ایسی غلطی ہے جو ہرگز اہل زبان سے نہین ہوسکتی - اسی آیت مین غایط کا لفظ بھی تو ہے - اسکو تمام مجتہدین کنایہ

سلہ[۱] غایط کے معنی ہموار زمین کے ہین - لیکن اُس سے جائے ضرور یعنی پاخانہ مراد ہے -

قرار دیتے ہین - ورنہ ظاہری معنی لئے جائین تو لازم آئے کہ جو شخص ہموار زمین سے ہو کر آئے اُسپر وضو کرنا واجب ہو -

میری راے مین امام شافعی کا اگرچہ یہ مذہب ہے کہ عورت کے چھونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے لیکن اُنکا استدلال اس آیت پر نہین ہے وہ حدیث سے استناد کرتے ہونگے - غالباً اُنکے بعد اُنکے مقلدون نے حنفیہ کے مقابلہ کے لئے آیت سے استدلال کیا اور اوسکو امام شافعی کیطرف منسوب کر دیا -

ایک تیمم سے کئی فرض ادا ہو سکتے ہین

امام ابو حنیفہ - کا مذہب ہے کہ ایک تیمم سے کئی فرض ادا ہو سکتے ہین - امام مالک و شافعی کی راے ہے کہ ہر فرض کیلئے نیا تیمم کرنا چاہیے - امام صاحب کا استدلال ہے کہ جو حیثیت وضو کے حکم کی ہے وہی تیمم کی ہے - اور جب ہر نماز کیلئے نئے وضو کی ضرورت نہین تو تیمم کی تجدید کی بھی ضرورت نہین - البتہ جن لوگون کا مذہب ہے کہ ایک وضو سے کئی نمازین نہین ادا ہو سکتین وہ تیمم کی نسبت بھی یہ حکم لگا سکتے ہین - لیکن وضو و تیمم مین تفریق کرنی - جیسا کہ امام شافعی وغیرہ نے کی محض بیوجہ ہے -

تیمم کا اثناے نماز مین پانی پر قادر ہونا -

امام ابو حنیفہ - کا مذہب ہے کہ اثناے نماز مین متیمم کو اگر پانی ملجاے تو تیمم جاتا رہے گا - امام مالک و احمد حنبل اسکے مخالف ہین - امام صاحب کا استدلال یہ ہے کہ قرآن مین تیمم کا جواز اس قید کے ساتھ مشروط ہے کہ لَمْ تَجِدُوا مَاءً یعنی جب پانی نہ ملے صورت مذکورہ مین جب شرط باقی نہین رہی تو مشروط بھی باقی نہین رہا -

باب الصلوٰۃ تکبیر تحریمہ جزو نماز نہین -

امام صاحب کا قول ہے کہ تکبیر تحریمہ جزو نماز نہین اور فارسی زبان مین تکبیر کہنا درست ہے

امام شافعی وغیرہ مخالف ہین - امام صاحب کا استدلال ہے کہ جس آیت سے تکبیر کی فرضیت ثابت کیگئی ہے یعنی وَذَکَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى اُس مین زبان کی کوئی خصوصیت نہین - اور چونکہ فَصَلّٰى پر فاء تعقیب داخل ہے اسلیے نماز کا وجود تکبیر سے موخر ہونا ضرور ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ تکبیر گو فرض ہے - لیکن نماز مین داخل نہین - اور جزو نماز نہین -

مقتدی کو قرأت فاتحہ ضروری نہین -

امام صاحب کا مذہب ہے کہ مقتدی کو قرأت فاتحہ ضروری نہین - امام شافعی و امام بخاری وجوب کے قائل ہین - امام صاحب اس آیت سے استدلال کرتے ہین -

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا یعنی جب قرآن پڑھا جاے تو سنو اور چپکے رہو" اگرچہ اس آیت سے سری نمازون مین بھی ترک قرأۃ کا حکم ثابت ہوتا ہے لیکن خاصکر جہری نماز کے لیے تو وہ نص قاطع ہے جسکی کوئی تاویل نہین ہوسکتی تعجب ہے کہ شافعیہ نے ایسے صاف اور صریح آیت کے مقابلہ مین حدیثون سے استدلال کیا ہے - حالانکہ حدیثین جو اسباب مین وارد ہین خود متعارض ہین - جس درجہ کی وجوب قرأت کی حدیثین موجود ہین - اُسی درجہ کی ترک قرأت کی بھی ہین -

امام بخاری - نے اس بحث مین ایک مستقل رسالہ لکھا ہے اور کوشش کی ہے کہ آیت کے استدلال کا جواب دین - لیکن جواب ایسا دیا ہے جسکو دیکھکر تعجب ہوتا ہے -

کتاب الحظر والاباحۃ یعنی حلال و حرام کا باب

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ - ترجمہ" یعنی سواے اسکے نہین ہے کہ حرام کیا خدا نے تمپر - مردہ کو اور خون کو اور سور کے گوشت کو اور اوس چیز کو جسپر خدا کے سوا کسی اور کا نام لیا جاوے

لیکن جو شخص مجبور ہو بشرطیکہ نافرمان اور حد سے گذر جانیوالا نہو۔ تو اُسپر گناہ نہین ہے"
اس آیت سے بہت سے مسایل مستنبط ہوتے ہین جنمین مجتہدین کو باہم اختلاف ہے۔ ان تمام مختلف فیہ مسایل مین۔ امام ابو حنیفہ نے آیت کا جو مطلب قرار دیا ہے وہی صحیح ہے۔

پہلی بحث یہ ہے کہ مردہ کے کیا معنی ہین۔ امام ابو حنیفہ وہی عام معنی لیتے ہین جو عام اطلاق مین شایع ہے۔ امام شافعی نے اسکو بہت وسعت دی ہے۔ یہان تک کہ وہ مردہ جانورون کے بالون اور ہڈیون کو بھی مردہ کہتے ہین اس بنا پر اُنکی راے ہے کہ ان چیزون سے کسی قسم کا تمتع مثلاً پوستین وغیرہ کا استعمال جایز نہین۔ امام مالک۔ بال اور کھال کا کام مین لانا جایز قرار دیتے ہین۔ لیکن ہڈی کا استعمال اُنکے نزدیک بھی حرام ہے۔ امام شافعی نے اور امام مالک نے مردہ کے جو معنی لئے۔ چونکہ صاف غلط معلوم ہوتے ہین اسلئے اُنکے مقلدون نے تاویلین کین۔ امام رازی تفسیر کبیر مین لکھتے ہین کہ "ہڈی کو مردہ کہہ سکتے ہین کیونکہ خدا نے قرآن مین کہا ہے مَنْ یُحْیِ الْعِظَامَ یعنی "ہڈی کو کون زندہ کریگا" اور زندہ وہی چیز ہوسکتی ہے جو پہلے مرچکی ہو۔ اسیطرح خدا نے زمین کو مردہ کہا ہے"۔ امام رازی کی یہ تاویل نہایت تعجب خیز ہے۔ اس قسم کے اطلاقات۔ مجازی اطلاق ہین جن پر احکام کی تفریع نہین ہوسکتی۔ امام رازی۔ نے زمین کا مردہ ہونا قرآن مجید سے ثابت کیا ہے۔ تو زمین اور خاک کے استعمال کو بھی ناجایز قرار دینا چاہیئے۔

دوسری بحث یہ ہے کہ خون جسکو اس آیت مین حرام کہا ہے۔ اُس سے کیا مراد ہے۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک وہ دم مسفوح ہے یعنی جس خون مین روانی ہو۔ اس بنا پر وہ مچھلی کے

خون کو حرام نہین کہتے - امام شافعی کے نزدیک اسمین کوئی تخصیص نہین اور ہر قسم کا خون حرام ہے امام صاحب کا استدلال یہ ہے کہ یہ تخصیص خود خدا نے کی ہے - چنانچہ دوسرے موقع پر فرمایا ہے قُلْ لَا اَجِدُ فِیمَا اُوحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا - اِس آیت مین خون کی تحریم کو مسفوح کے ساتھ مقید کر دیا ہے -

تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ بَاغٍ وَّعَادٍ سے کیا مراد ہے - امام ابوحنیفہ کہتے ہین کہ کہانے مین بغاوت وعدوان نہو یعنی جو شخص مجبور ہوا اور جان بلب ہو - اُسکو مردہ و سور کا گوشت کہانا جایز ہے - لیکن اس شرط پر کہ سد رمق سے زیادہ نہ کہائے - اور کسی دوسرے مضطر سے چہین کر نہ کہائے - امام شافعی بغاوت وعدوان کے یہ معنی لیتے ہین - کہ اِس شخص نے سلطان وقت سے بغاوت نکی ہو اور گنہگار نہو - اِس اختلاف کا نتیجہ یہ ہے کہ ایک مسلمان شخص جو سلطان وقت سے باغی ہو کسی موقع پر فاقہ سے جان بلب ہو جاے - تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک اُسکو مردہ یا سور کا گوشت بقدر سد رمق کے کہانا جایز ہے - بخلاف اسکے امام شافعی کا قول ہے کہ وہ اگر باغی نہوتا تو کھانا جایز تہا لیکن بغاوت کی حالت مین اُسکو یہ اجازت نہین ملسکتی -

امام شافعی نے اِن الفاظ کے جو معنی لیے اولاً تو سیاق عبارت سے بالکل بیگانہ ہین - دوسرے اصول شرع اُسکی مساعدت نہین کرتے - شریعت نے ضرورت کیوقت جن چیزونکی رخصت یا اجازت دی ہے وہ کسی جرم وعصیان سے باطل نہین ہوتی - جہوٹ بولنا گناہ ہے اور بعض حالتون مین مثلاً جب جان کا خوف ہو - اُسکی اجازت دیگئی ہے - کیا ایک گنہگار شخص اِس اجازت سے متمتع نہین ہو سکتا؟ - صورت متنازعہ مین اگر اُس شخص کو

اِسلئے کہانیکی اجازت نہین دیگئی کہ اُسکا ہلاک ہونا ہی بہتر ہے تو حرام کی کیا تخصیص ہے اُسکے لئے تو حلال غذا کی بھی اجازت نہونی چاہئیے۔

یہ مسایل تو نصی تھے امام ابو حنیفہ نے اس آیت سے ایک قیاسی مسئلہ قایم کیا ہے۔ اور امام شافعی نے اُس سے مخالفت کی ہے۔ یعنی ایک شخص پیاس سے جان بلب ہو اور بجز شراب کے اور کوئی چیز نہ مل سکے تو اُسکو شراب پینے کی اجازت ہے یا نہین۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک ہے۔ اور امام شافعی کے نزدیک نہین۔ امام شافعی۔ اگر ظاہریون کی طرح قیاس کے منکر ہوتے تو اس جواب سے کچھ تعجب نہوتا۔ لیکن قیاس کے قایل ہو کر یہ مخالفت محل تعجب ہے کیونکہ یہ حالت۔ اور جس حالت کا ذکر قرآن مین صریحاً ہے دونون کی علت مشترک ہے۔ یعنی حفاظت نفس۔ پھر حکم کے نہ مشترک ہونیکی کوئی وجہ نہین۔

باب الجنایات

جنایات کے باب مین جو احکام قرآن مجید مین وارد ہین۔ اُنکی تعبیر جس صحت کے ساتھ امام ابو حنیفہ نے کی۔ کسی دوسرے مجتہد نے نہین کی۔ زمانہ جاہلیۃ مین قصاص کے جو قاعدے رایج تھے نہایت نا انصافی اور جہالت پر مبنی تھے۔ اسلام نے نہایت خوبی سے اُسکی اصلاح کی۔ اور ایسے احکام مقرر کئے جن سے بڑھکر کبھی ہوئے نہ ہوسکتے۔ جاہلیۃ مین قصاص کا اعتبار مقتول و قاتل کی حیثیت سے کیا جاتا تھا۔ جو معزز قبیلے تھے وہ دوسرے قبیلون سے اسطرح قصاص لیتے تھے کہ اپنے غلام کے بدلے دوسرے قبیلہ کے آزاد کو۔ اپنی عورت کے بدلے اُنکے مرد کو اور اپنے مرد کے بدلے دوسرے قبیلہ کے دو مردونکو قتل کرتے تھے۔ خدا نے قصاص کا عام حکم صادر فرمایا جسکا یہ مطلب ہے کہ قصاص کا حکم کسی قید کے ساتھ مقید نہین ہے۔

قاتل ہر حالت مین مقتول کے بدلے مارا جائیگا خواہ شریف ہو یا رذیل۔ مرد ہو یا عورت۔ غلام ہو یا آزاد۔ مسلم ہو یا ذمی۔ زیادہ توضیح کیلیے اُن صورتونکی خاص طرح پر بھی نفی کی جو عرب مین اسلام سے پہلے جاری تھین۔ چنانچہ ارشاد فرمایا کہ کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰی اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ۔ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰی بِالْاُنْثٰی۔ ترجمہ یعنی تمپر مقتولون کے بارہ مین قصاص فرض کیا گیا آزاد۔ آزاد کے بدلے۔ غلام۔ غلام کے بدلے۔ عورت۔ عورت کے بدلے''

زمانہ جاہلیۃ مین یہ بھی دستور تھا کہ قتل عمد کے بارہ مین مالی معاوضہ دیدینا کافی سمجھا جاتا تھا۔ اور اسکو دیت کہتے تھے۔ اسلام نے اُسکو باطل کیا اور دیت کو جو ایک قسم کا جرمانہ ہے صرف شبہ عمد اور قتل خطا کی حالت مین جایز رکھا اور اُسکی مقدار مسلمان و ذمی کے لئے یکسان مقرر کی چنانچہ خدا نے ارشاد فرمایا کہ وَمَا کَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ یَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَاءً وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَاءً فَتَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ مُّؤْمِنَۃٍ وَّدِیَۃٌ مُّسَلَّمَۃٌ اِلٰی اَھْلِہٖ۔ وَاِنْ کَانَ مِنْ قَوْمٍ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَھُمْ مِّیْثَاقٌ فَدِیَۃٌ مُّسَلَّمَۃٌ اِلٰی اَھْلِہٖ وَتَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ مُّؤْمِنَۃٍ۔ ترجمہ یعنی مسلمان کی شان نہین ہے کہ کسی مسلمان کو قتل کرے۔ مگر غلطی سے اور جو شخص کسی مسلمانکو غلطی سے قتل کرے تو اُسکو ایک مسلمان غلام آزاد کرنا ہوگا اور مقتول کی اہل کو دیت دینی ہوگی۔ اور اگر مقتول اُس قوم سے ہو کہ تمہارے اور اُنکے درمیان میثاق ہے تو دیت دینی ہوگی اور ایک مسلمان غلام آزاد کرنا ہوگا''

یہ احکام نہایت صاف اور صریح طور پر قرآن سے ثابت ہوتے ہین اور امام ابوحنیفہ انہین احکام کے قایل ہین۔ لیکن امام شافعی وغیرہ نے بعض مسایل مین اختلاف کیا ہی جسکی نسبت

ہم افسوس کے ساتھ کہتے ہین کہ یقیناً اُنکی غلطی ہے۔

پہلا اختلاف یہ ہے کہ امام شافعی و امام مالک و احمد حنبل قائل ہین کہ غلام کے بدلے آزاد قتل نہین کیا جاسکتا۔ غلام اور آزاد مین ایسا بیرحمانہ تفرقہ کرنا۔ ہرگز قرآن سے ثابت نہین ہوتا اگر الحرّ بالحرّ کی تخصیص سے استدلال ہے تو الانثیٰ بالانثیٰ کی تخصیص سے لازم آتا ہے کہ عورت کے بدلے مرد نہ قتل کیا جاے۔ حالانکہ اسکا کوئی قایل نہین۔

دوسرا اختلاف یہ ہے کہ امام شافعی ذمی کی دیت مسلمان کی دیت سے کم قرار دیتے ہین۔ حالانکہ دیت کے جو الفاظ خدا نے مومن کے حق مین استعمال کئے وہی اُن لوگون کے حق مین بھی ارشاد کئے۔ جو مسلمانون سے میثاق و معاہدہ رکھتے ہین۔ بے شبہہ یہ اسلام کی نہایت فیاض دلی ہے کہ اُسنے مسلمان و ذمی کا حق برابر رکھا۔ لیکن افسوس ہے کہ ایسے فیاضانہ حکم کی لوگون نے غلط تاویل کی۔

تیسرا اختلاف یہ ہے کہ امام شافعی قتل عمد کی حالت مین بھی مالی معاوضہ ادا کرنا کافی سمجھے ہین۔ حالانکہ قرآن مجید مین قتل عمد کی حالت مین قصاص کا حکم ہے دیت کی کہین اجازت نہین اور یہی اقتضاے عقل ہے۔ جاہلیت مین قتل۔ مقدمات دیوانی کی حیثیت رکھتا تھا۔ اور اسوجہ سے مالی معاوضہ اُسکا بدل ہوسکتا تھا لیکن اسلام ایسی غلطی کا مرتکب نہین ہوسکتا تھا۔

چوتھا اختلاف یہ ہے کہ امام شافعی کیفیت قتل مین مساوات کو لازمی قرار دیتے ہین یعنی اگر قاتل نے پتھر سے سر پھوڑ کر کسیکو مارا ہو تو وہ بھی پتھر سے سر توڑ کر مارا جاے۔ یا کسی نے آگ سے جلا کر مارا ہو تو وہ بھی آگ سے جلا کر مارا جاے۔ لیکن اِس قسم کی مساوات پر

قرآن کا کوئی لفظ دلالت نہین کرتا۔

پانچوان اختلاف یہ ہے کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک قتل عمد کی حالت مین کفارہ لازم نہین آتا امام شافعی قصاص و کفارہ دونون لازمی قرار دیتے ہین۔ حالانکہ قرآن مجید مین کفارہ کا حکم قتل خطا کے ساتھ مخصوص ہے قتل عمد مین۔ کفارہ کا کچھ ذکر نہین۔

وراثت

وراثت کے بعض احکام مین جو نہایت مہتم بالشان ہین امام ابو حنیفہ اور امام شافعی مین اختلاف ہے۔ ان مسایل مین امام ابو حنیفہ نے جو پہلو اختیار کیا وہ نہایت صریح طور سے قرآن سے ثابت ہے۔ وراثت کے قاعدے جو اسلام نے مقرر کئے وہ تمام دنیا کے قواعد وراثت سے الگ ہین اور ایسے دقیق اور نازک اصول پر مبنی ہین جو علانیہ اسبات کی دلیل ہین کہ خدا کے سوا اور کوئی اون احکام کا واضع نہین ہو سکتا۔ وراثت کا اصلی اصول یہ ہے کہ متوفی اگر اپنی جائداد کسی خاص شخص کو دیجاتا تو اوسیکو ملتی لیکن جب اُسنے کوئی ہدایت نہین کی تو اسپر لحاظ ہوگا کہ اُسکے فطری تعلقات کن کن لوگونکے ساتھ کس کس تفاوت کے ساتھ تھے۔ جو لوگ یہ تعلقات رکھتے ہین وہ اُسی تفاوت درجات کے ساتھ اُسکی جایداد کے مالک ہونگے۔ گویا متوفی کی یہ معنوی ہدایت ہے کہ لوگونکو اسی مناسبت سے دیاجائے جس نسبت سے میرے تعلقات اُنکے ساتھ تھے۔ دوسرا اصول جو پولیٹکل اکانمی کا عام اصول ہے یہ ہے کہ دولت کا بہت سے اشخاص مین تقسیم ہونا اس سے اچھا ہے کہ دو ایک شخص تک محدود رہے۔ یہ عمدہ اصول تمام اور قومونکی نگاہ سے رہگئے اور اسوجہ سے اُنکا قانون وراثت بھی ناتمام اور محدود رہگیا۔ عیسائیون کے قانون مین بڑے بیٹے کو جایداد پہنچتی ہے۔ دوسرے بھائیونکو کچھ دست برداشتہ ملتا ہے۔ ہندون کے

ہان صرف اولاد ذکور۔ جایداد کی مالک ہے۔ باپ بھائی وغیرہ محروم مطلق ہین۔ لیکن اسلام نے نہایت دقت نظر سے اُن نازک تعلقات پر نگاہ کی جو ورثہ کو متوفی کے ساتھ ہین۔ اور اُسی نسبت سے تین درجہ قرار دئے۔ ذوی الفروض۔ عصبات۔ ذوی الارحام۔ اِن تینون درجون کی تصریح قرآن مجید مین موجود ہے اور خاصکر ذوی الارحام کا ذکر اِن آیتون مین ہے۔ لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ۔ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ وَأُولُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَىٰ بِبَعْضٍ۔

امام ابوحنیفہ نے توریث کے احکام مین یہ تینون مراتب قایم رکھے۔ لیکن امام شافعی و امام مالک نے ذوی الارحام کو سرے سے خارج کردیا۔ چنانچہ اُنکے نزدیک نانا۔ بھتیجیان۔ بھانجے۔ وغیرہ کسی حال مین ورثہ نہین پا سکتے۔ ان بزرگون نے ذوی الارحام کو عام سمجھا ہے اور ذوی الفروض و عصبات اُسکے افراد قرار دئے ہین۔ جیساکہ امام رازی نے تفسیر کبیر مین ذکر کیا ہے۔ لیکن یہ ایک صریح غلطی ہے۔

نکاح وطلاق۔

نکاح و طلاق کے متعلق قرآن مین بہت سے احکام مذکور ہین جنمین سے بعض بعض مین مجتہدین مختلف الآرا ہین اِن اختلافی مسایل مین دو مسئلے نہایت مہتم بالشان ہین اور ہم اس موقع پر اُنہین کا ذکر کرتے ہین۔

پہلا مسئلہ یہ ہے کہ امام شافعی کے نزدیک گو عورت بالغہ اور عاقلہ ہو تاہم کسی حالت مین بغیر ولی کی ولایت کے نکاح نہین کرسکتی امام ابوحنیفہ کے نزدیک بالغہ عاقلہ اپنے نکاح کی آپ مختار ہے اس دعوی پر دونون طرف سے قرآن کی آیتین اور حدیثین پیش کی گئی ہین۔ احادیث کی بحث کا

تو یہ محل نہین۔ قرآن مجید سے امام شافعی کا جو استدلال ہے اور جسکو خود انہون نے کتاب الام
مین بڑے شد و مد سے لکھا ہے وہ اس آیت پر مبنی ہے وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ
اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ ترجمہ "اور جب تم طلاق دو عورتونکو اور وہ
اپنی مدت کو پہنچین تو اونکو اسبات سے نروکو کہ وہ اپنے شوہرون سے نکاح کرین" امام شافعی
کہتے ہین کہ تَعْضُلُوهُنَّ مین اولیاے نکاح سے خطاب ہے۔ اور انکو حکم دیا گیا ہے کہ عورتونکو
نکاح سے نروکین۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اولیاے نکاح کو روکنے کا حق حاصل ہے۔
ورنہ نہی کی کیا ضرورت ہے" امام شافعی نے اس مطلب کی تائید مین آیت کی شان نزول کا
ذکر کیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہین کہ "معقل بن یسار نے اپنی بہن کی شادی۔ اپنے چچیرے بہائی سے
کر دی تہی۔ شوہر نے چند روز کے بعد طلاق دیدی۔ لیکن عدت گزر جانیکے بعد اسکو ندامت
ہوئی اور اسنے دوبارہ نکاح کرنا چاہا۔ عورت بہی راضی ہوگئی۔ معقل نے سنا تو بہن کے پاس
گئے اور کہا کہ مینے نکاح کر دیا تھا اسنے طلاق دیدی۔ اب مین کبہی اس سے نکاح نہونے
دونگا۔ اسپر یہ آیت اتری"۔ امام شافعی نے آیت کے جو معنی لیے اگر ہمنے خود انکی کتاب مین
اسکو تصریحاً نہ دیکہا ہوتا تو ہمکو مشکل سے یقین آتا کہ یہ انہین کا قول ہے۔

اول ہمکو اسپر غور کرنا چاہیے کہ آیت کے یہ معنی ہو بہی سکتے ہین یا نہین۔ اسقدر تو سبکے
نزدیک مسلم ہے کہ طَلَّقْتُمُ مین شوہرون کی طرف خطاب ہے۔ اور جب یہ مسلم ہے تو ضرور ہے
کہ تَعْضُلُوهُنَّ مین بہی انہین کی طرف خطاب ہو ورنہ عبارت بالکل بے ربط ہوگی کیونکہ
اس تقدیر پر آیت کا ترجمہ یہ ہوگا کہ "اے شوہرو! جب تم عورتون کو طلاق دو اور وہ اپنی مدت کو

پہونچ چکیں۔ تو اے نکاح کے اولیاء! تم اون عورتون کو نکاح سے نہ روکو" اس عبارت کی بے ربطی مین کون شبہ کرسکتا ہے؟۔ شرط مین تو شوہرون سے خطاب ہو اور جزا مین اُن سے کچھ واسطہ نہ ہے۔ اور اولیاے نکاح سے تخاطب کیا جائے۔ یہ کونسا طریقہ کلام ہے؟۔

امام رازی باوجودیکہ شافعی ہین۔ تاہم اُنھون نے تفسیر کبیر مین صاف تصریح کی ہے کہ "یہ معنی بالکل غلط ہین۔ اور خدا ایسی بے ربط عبارت۔ بول نہین سکتا"۔ اگر ہم یہ معنی تسلیم بھی کرلین تو بھی امام شافعی کا استدلال تمام نہین ہوتا۔ کیونکہ یہ ضرور نہین کہ جو شخص ایک کام سے روکا جاسکے وہ اُس کام کا حق بھی رکھتا۔

اب ہم اِس آیت کا صحیح محمل بیان کرتے ہین۔ جاہلیۃ مین اکثر دستور تھا کہ لوگ اپنی بیویون کو طلاق دیتے تھے اور اِس غیرت سے کہ جو عورت اُنکے ہم بستر رہ چکی ہے دوسرے کے آغوش مین نہ جانے پائے۔ اُس عورت کو دوسرا نکاح بھی نہین کرنے دیتے تھے۔ اِس بُری رسم کو خدا نے مٹایا اور یہ آیت نازل کی جسکا صحیح ترجمہ یہ ہے کہ "اے شوہرو جب تم عورتونکو طلاق دو اور وہ اپنی عدت کو پہونچ چکین تو اُنکو اِس بات سے نہ روکو کہ وہ اپنے شوہرون سے (یعنی جنکو اب وہ شوہر بنانا چاہتی ہین) نکاح کرین"

امام ابوحنیفہ نے اِس آیت کے یہی معنی لئے ہین اور اس سے وہ استدلال کرتے ہین کہ عورتین نکاح کے معاملہ مین خود مختار ہین۔ اِس استدلال کی زیادہ تائید ینکحن کے لفظ سے ہوتی ہے کیونکہ اِس لفظ مین نکاح کے فعل کو عورتونکی طرف منسوب کیا ہے نہ اولیاے نکاح کیطرف۔

دوسرا مسئلہ تین طلاقونکا ہے۔ اسقدر تو چارون ائمہ مجتہدین کے نزدیک مسلم ہے کہ اگر کوئی شخص ایکبار تین طلاق دے تو طلاق واقع ہوجاویگی اور پھر رجعت نہ ہوسکے گی۔ لیکن اسمین اختلاف ہے کہ اسطرح طلاق

دینا جایز اور مشروع ہی یا نہین - امام شافعی کے نزدیک مشروع ہی اور خدا نے اُسکی اجازت دی ہے
امام ابو حنیفہ کے نزدیک - حرام اور ممنوع ہی اور طلاق دینے والا گنہگار ہے - امام ابو حنیفہ کا استدلال
یہ ہے کہ خدا نے طلاق کا جو طریقہ بتلایا ہی وہ اس آیت پر محدود ہے - الطلاق مرتان فامساك
بمعروف او تسریح باحسان - یعنی طلاق دوبار کر کے ہی پھر یا تو بھلائی کے ساتھ روک لینا ہے
یعنی رجعت کر لینا ہے یا احسان کے ساتھ چھوڑ دینا ہی پس اس آیت مین طلاق کا جو طریقہ بتایا گیا صرف
وہی شرعی طلاق ہو سکتا ہے - بعض لوگون نے امام ابو حنیفہ کے قول پر یہ اعتراض کیا ہی کہ "اگر ایکبار تین
طلاق دینا شرعاً جایز نہین تو اُسکے نفاذ کے کیا معنی - حالانکہ نفاذ سے امام ابو حنیفہ کو بھی انکار نہین"
اسکا جواب ایک بڑی نازک بحث پر مبنی ہے جسکا یہ موقع نہین مگر اجمالاً یہ سمجھ لینا چاہیے کہ کسی کام کا ممنوع
ہونا دوسری چیز ہے - اور نافذ ہونا دوسری چیز ہے - باپ کا اولاد کو کم و بیش حصّون مین جایداد ہبہ کرنا
شرعاً ممنوع ہے - لیکن اگر کوئی ناانصاف باپ ایسا کرے تو اُسکا نفاذ ضرور ہوگا -

اب ہم اس بحث کو ختم کرتے ہین لیکن یہ نہین سمجھنا چاہیے کہ ہم امام ابو حنیفہ کی نسبت یہ عام دعوی
کرتے ہین کہ اُنکے مسایل صحیح اور یقینی ہین - امام ابو حنیفہ مجتہد تھے پیغمبر نہ تھے - اسلیے اُنکے مسایل مین غلطی کا
ہونا ممکن ہے - نہ صرف امکان بلکہ ہم وقوع کا دعوی کر سکتے ہین اور یہی وجہ ہے کہ خود اُنکے خاص
شاگردون نے بہت سے مسایل مین اُن سے مخالفت کی - مدت رضاعت - قضاء قاضی کا ظاہراً و باطناً
نافذ ہونا - قتل - بالمثقل - نکاح محرمات مین حد کا نہ لازم آنا - ان تمام مسایل مین ہمارے نزدیک امام ابو حنیفہ
کی مذہب کی کوئی صحیح تاویل نہین ہو سکتی ایسے اور بھی مسایل ہین لیکن ہمارا مقصد اسموقع پر صرف یہ ہی کہ
ایک مجتہد کا جس حد تک صایب الراے ہونا ممکن ہی امام صاحب اُس حد تک صایب الراے تھے -

خاتمہ

امام صاحب کے تلامذہ

ایشیائی ملکوں میں اگرچہ شاگردی اور استادی کا تعلق عموماً نہایت قوی تعلق ہوتا ہے لیکن بعض شاگردوں کو مختلف وجوہ سے کچھ ایسی خصوصیت ہو جاتی ہے کہ جہاں اُستاد کا نام آتا ہے ممکن نہیں کہ اُنکا نام نہ آئے۔ جیسا کہ ہم اس کتاب کے پہلے حصّہ میں لکھ آئے ہیں امام ابو حنیفہ کی درس و تدریس کا دایرہ اسقدر وسیع تھا کہ خلیفۂ وقت کی حدود حکومت اُس سے زیادہ وسیع نہ تھیں۔ حافظ ابو المحاسن شافعی نے نو سو اٹھارہ شخصوں کے نام بقید نام و نسب لکھے ہیں جو امام صاحب کے حلقۂ درس سے مستفید ہوئے تھے۔ اس گروہ میں سے چند بزرگ ایسے ہیں جنکی ہمسری کے بغیر امام صاحب کی علمی تاریخ ناتمام رہتی ہے۔

چالیس شخص جو امام صاحب کے ساتھ فقہ کی ترتیب و تدوین میں شریک تھے۔ اُنکے شاگرد اور ارادتمند خاص تھے۔ امام صاحب کی زندگی کا بڑا کارنامہ فقہ ہے۔ اسلئے یہ کیونکر ممکن ہے کہ امام صاحب کی تاریخ میں انہی لوگوں کا ذکر چھوڑ دیا جاسے جو ایسے بڑے کام میں اُنکے شریک اور مددگار تھے ان لوگوں کے حالات صرف امام ابو حنیفہ کی تاریخ سے وابستہ نہیں ہیں۔ بلکہ اُس سے عام طور پر حنفی فقہ کے متعلق ایک اجمالی خیال قایم ہوتا ہے یعنی ان لوگوں کی عظمت شان سے فقہ

حنفی کی خوبی اور عمدگی کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ ساتھ ہی امام صاحب کا بلند رتبہ ہونا ثابت ہوتا ہے کہ جس شخص کے شاگرد اس رتبہ کے ہونگے وہ خود کس پایہ کا ہوگا؟ خطیب بغدادی نے وکیع بن الجراح کے حال مین جو ایک مشہور محدث تھے[۱] لکھا ہے کہ ایک موقع پر وکیع کے پاس چند اہل علم جمع تھے کسی نے کہا کہ اس مسئلہ مین ابوحنیفہ نے غلطی کی۔ وکیع بولے کہ "ابوحنیفہ کیونکر غلطی کر سکتے ہین!! - ابویوسف و زفر قیاس مین یحییٰ بن زایدۃ حفص بن غیاث حبان - مندل - حدیث مین - قاسم بن معن لغت و عربیت مین - داؤد الطائی و فضیل بن عیاض زہد و تقویٰ مین - اس رتبہ کے لوگ جس شخص کے ساتھ ہون وہ کہین غلطی کر سکتا ہے اور کرتا بھی تو یہ لوگ اسکو کب غلطی پر رہنے دیتے "

شاگرد کا رتبہ و اعزاز استاد کیلئے باعث فخر خیال کیا جاتا ہے۔ اگر یہ فخر صحیح ہے تو اسلام کی تمام تاریخ مین کوئی شخص امام ابوحنیفہ سے بڑھکر اس فخر کا مستحق نہین ہے۔ امام صاحب اگر یہ دعویٰ کرتے تو بالکل بجا تھا کہ جو لوگ امام صاحب کے شاگرد تھے وہ بڑے بڑے ائمہ مجتہدین کے شیخ اور استاد تھے - امام شافعی ہمیشہ کہا کرتے تھے کہ "مین نے امام محمد سے ایک بار شتر علم حاصل کیا ہے"[۲] یہ وہی امام محمد ہین جو امام ابوحنیفہ کے مشہور شاگرد ہین اور جنکی تمام عمر امام صاحب کی حمایت مین صرف ہوئے - انصاف یہ ہے کہ امام صاحب کے بعض شاگرد خصوصاً

---

[۱] وکیع کا مستقل ترجمہ اس کتاب کے آیندہ صفحون مین دیکھو ۱۲ [۲] ہمارے زمانہ کے کم نظرون کو اس روایت سے تعجب ہوگا اور وہ اسکو حنفیون کی گڑھت سمجھین گے مگر انکو معلوم ہونا چاہیے کہ علامہ نووی نے جو مشہور محدث ہین اس روایت کی تصدیق کی ہے - دیکھو تہذیب الاسماء واللغات نووی - ترجمہ امام محمد ۱۲

قاضی ابو یوسف - و امام محمد - اس رتبہ کے عالم تھے کہ اگر امام ابوحنیفہ کی تبعیت سے الگ ہوکر مستقل اجتہاد کا دعویٰ کرتے تو اُنکا جدا طریقہ قایم ہوجاتا - اور امام مالک و شافعی کی طرح اونکے بھی ہزارون لاکھون مقلد بن جاتے -

امام صاحب کے زمانہ مین جو مذہبی علوم نہایت اوج و ترقی پر تھے وہ فقہ - حدیث - اسماء الرجال تھے - یہ بات لحاظ کے قابل ہے کہ جو لوگ ان علوم کے ارکان تھے اکثر امام صاحب ہی کے شاگرد تھے اور شاگرد بھی براے نام شاگرد نہ تھے بلکہ مدتون امام صاحب کی صحبت مین رہے اور اونکی فیض صحبت کا ہمیشہ اعتراف کرتے رہے - فقہ کے متعلق تو غالباً کسیکو انکار نہین ہوسکتا لیکن حدیث کی نسبت اس دعوی پر لوگون کو تعجب ہوگا اور یہ تعجب بجا ہے کیونکہ امام صاحب کی شاگردی کے تعلق سے جو لوگ مشہور ہوے وہ اکثر فقیہ ہی تھے - محدثین مین سے جو امام صاحب کے شاگرد ہین اگرچہ بجاے خود شہرت عام رکھتے ہین لیکن اونکی شاگردی کا تعلق چندان مشہور نہین - مین اسموقع پر جن لوگونکے نام لکھونگا اس تعلق کا ذکر بھی خصوصیت کے ساتھ کرونگا اور رجال کی نہایت معتبر کتابون کا حوالہ دونگا -

امام صاحب کے بیشمار شاگردون مین سے ہم اُن چالیس شخصون کا مختصر تذکرہ لکھنا چاہتے تھے جو امام صاحب کے ساتھ تدوین فقہ مین شریک تھے لیکن افسوس ہے کہ ہم اونمین سے صرف چند شخصون کا نام معلوم کرسکے - یعنی قاضی ابو یوسف[1] - زفر[2] - اسد بن عمر[3] - عافیۃ الازدی[4] - داؤد الطائی[5] - قاسم بن معن[6] - علی بن مسہر[7] - یحیی بن زکریا[8] - حبان[9] - مندل[10] - چنانچہ[ف۱] ان لوگون

ف۱ ان لوگون کا ذکر اس حیثیت سے مورخ خطیب نے قاضی ابو یوسف کے ترجمہ مین لکھا ہے (دیکھو مختصر تاریخ بغداد ترجمہ ابو یوسف)

کے مختصر حالات ہم ذیل مین لکھتے ہین۔ انکے علاوہ بعض اُن شاگردون کا ذکر بھی ضرور ہے جو حدیث و رجال کے فن مین امام وقت تھے۔ چنانچہ پہلے ہم انہی سے شروع کرتے ہین۔

یحیی ابن سعید القطان

محدثین

فن رجال کا سلسلہ انہی سے شروع ہوا۔ علامہ ذہبی نے میزان الاعتدال کے دیباچہ مین لکھا ہے کہ فن رجال مین اول جس شخص نے لکھا وہ یحیی بن سعید القطان ہین۔ اُنکے بعد اُنکے شاگردون مین یحیی ابن معین۔ علی بن المدینی۔ امام احمد حنبل۔ عمرو بن علی الفلاس۔ ابو خیثمہ نے اس فن مین گفتگو کی۔ اور اُنکے بعد انکے شاگردون یعنی امام بخاری و مسلم وغیرہ نے۔"

حدیث مین انکا یہ پایہ تھا کہ جب حلقۂ درس مین بیٹھتے تو امام احمد بن حنبل علی بن المدینی وغیرہ مودب کھڑے ہو کر ان سے حدیث کی تحقیق کرتے اور نماز عصر سے جو انکی درس کا وقت تھا مغرب تک برابر کھڑے رہتے[۱]۔ راویون کی تحقیق و تنقید مین یہ کمال پیدا کیا تھا کہ یہ حدیث عموماً کہا کرتے تھے کہ یحیی جسکو چھوڑ دینگے ہم بھی چھوڑ دینگے[۲]" امام احمد بن حنبل کا مشہور قول ہے کہ ما رایت بعینی مثل یحیی بن سعید القطان[۳]۔ یعنی مین نے اپنی آنکھون سے یحیی کا مثل نہین دیکھا۔ اس فضل و کمال کے ساتھ امام ابو حنیفہ کی حلقۂ درس مین اکثر شریک ہوتے اور اونکی شاگردی پر فخر کرتے۔ اُس زمانہ تک تقلید معین کا رواج نہین ہوا تھا تاہم اکثر مسایل مین وہ امام صاحب ہی کی تقلید کرتے تھے۔ خود اُنکا قول ہے قد اخذنا باکثر اقوالہ[۴] یعنی ہمنے امام ابو حنیفہ کے اکثر

---

[۱] فتح المغیث و جواہر مضیئہ ۱۲ [۲] تہذیب التہذیب حافظ ابن حجر ترجمۂ یحیی القطان ۱۲ [۳] میزان الاعتدال علامہ ذہبی دیباچہ ۱۱ [۴] تہذیب التہذیب حافظ ابن حجر۔ ترجمہ امام ابو حنیفہ ۱۲

اقوال اخذ کئے"۔ علامہ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین حبان وکیع بن الجراح کا ذکر کیا ہے لکھا ہے یفتی بقول ابی حنیفۃ وکان یحیی القطان یفتی بقولہ ایضاً۔ یعنی وکیع امام ابو حنیفہ کے قول پر فتوی دیتے تھے اور یحیی قطان بھی انھی کے قول پر فتوی دیتے تھے"

سنہ ۱۲۰ھ مین پیدا ہوئے اور سنہ ۱۹۸ھ مین بمقام بصرہ وفات پائی۔

عبداللہ بن المبارک

محدث نووی نے تہذیب الاسماء واللغات مین انکا ذکر ان لفظون سے کیا ہے "وہ امام جنکی امامت وجلالت پر ہر باب مین عموماً اجماع کیا گیا ہے۔ جنکے ذکر سے خدا کی رحمت نازل ہوتی ہے۔ جنکی محبت سے مغفرت کی امید کیجا سکتی ہے"۔

حدیث مین جو انکا پایہ تھا اُسکا اندازہ اِس سے ہو سکتا ہے کہ محدثین انکو امیر المومنین فی الحدیث کے لقب سے پکارتے تھے۔ ایک موقع پر انکے شاگردون مین سے ایک شخص نے ان سے خطاب کیا کہ یا عالم المشرق امام سفیان ثوری جو مشہور محدث ہین اُس موقع پر موجود تھے بولے کہ "کیا غضب ہے! عالم مشرق کہتے ہو! وہ عالم المشرق والغرب ہین"[۹۱] امام احمد بن حنبل کا قول ہے کہ عبداللہ بن المبارک کے زمانہ مین اُن سے بڑھکر کسی نے حدیث کی تحصیل مین کوشش نہین کی"۔ خود عبداللہ بن المبارک کا بیان ہے کہ "مین نے چار ہزار شیوخ سے حدیث سیکھی جنمین سے ہزار سے روایت کی"[۹۲] صحیح بخاری ومسلم مین انکی روایت سے سیکڑون حدیثین مروی ہین۔ اور حقیقت یہ ہے کہ وہ فن روایت کے بڑے ارکان مین سے ہین۔ حدیث وفقہ مین

---

[۹۱] تہذیب الاسماء واللغات علامہ نووی۔ ۱۲ [۹۲] خلاصۃ تہذیب تہذیب الکمال ترجمۂ عبداللہ بن المبارک ۱۲

انکی بہت سی تصنیفات ہین لیکن افسوس کہ آج اُنکا پتہ نہین۔

اِنکے فضل وکمال زہد وتقویٰ نے اسقدر لوگون کو مسخر کر لیا تھا کہ بڑے بڑے امرا و سلاطین کو وہ رتبہ حاصل نہ تھا۔ ایک دفعہ خلیفہ ہرون الرشید۔ رقہ گیا۔ اسی زمانہ مین عبداللہ بن المبارک بھی رقہ پہنچے۔ اِنکے آنیکی خبر مشہور ہوئی تو ہر طرف سے لوگ دوڑے اور اسقدر کشمکش ہوئی کہ لوگون کی جوتیان ٹوٹ گئین۔ ہزارون آدمی ساتھ ہوئے اور ہر طرف گرد چھا گئی ہرون الرشید کی ایک حرم نے جو برج کے غرفہ سے یہ تماشا دیکھ رہی تھی حیرت زدہ ہوکر پوچھا کہ یہ کیا حال ہے۔ لوگون نے کہا "خراسان کا عالم آیا ہے جسکا نام عبداللہ بن المبارک ہے"۔ بولی کہ حقیقت مین سلطنت اسکا نام ہے ہرون الرشید کی حکومت بھی کوئی حکومت ہے کہ پولیس اور سپاہیون کے بغیر ایک آدمی بھی حاضر نہین ہوسکتا۔[1]

یہ امام ابوحنیفہ کے مشہور شاگردون مین ہین اور امام صاحب کے ساتھ انکو خاص خلوص تھا۔ اُنکو اعتراف تھا کہ جو کچھ مجھکو حاصل ہوا امام ابوحنیفہ اور سفیان ثوری کے فیض سے حاصل ہوا۔ انکا مشہور قول ہے کہ لولا ان اللہ تعالیٰ اغاثنی بابی حنیفۃ وسفیان کنت کسائر الناس[2] یعنی اگر اللہ تعالیٰ نے ابوحنیفہ وسفیان کے ذریعہ سے میری دستگیری نہ کی ہوتی تو مین ایک عام آدمی سے بڑھکر نہ ہوتا"۔ امام ابوحنیفہ کی شان مین انکے اشعار اکثر منقول ہین خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ مین چند اشعار نقل کئے ہین جنمین سے ایک یہ شعر ہے ؎

وبطلب علمه بالحجر اغزيرا	رأيت اباحنيفة حين اتوى

[1] تاریخ ابن خلکان۔ ترجمہ عبداللہ بن المبارک۔ ۱۲ [2] تہذیب التہذیب حافظ ابن حجر۔ ترجمہ امام ابوحنیفہ ۱۲

مرو کے رہنے والے تھے سنہ ۱۱۸ھ مین پیدا ہوئے اور سنہ ۱۸۱ھ مین بمقام ھیت وفات پائی ۔

یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدۃ

مشہور محدث تھے ۔ علامہ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین صرف اُن لوگون کا تذکرہ لکھا ہے جو حافظ الحدیث کہلاتے تھے ۔ چنانچہ یحییٰ کو بھی انہی لوگون مین داخل کیا ہے ۔ اور انکے طبقہ مین سب سے پہلے انہین کا نام لکھا ہے ۔ علی بن المدینی جو امام بخاری کے مشہور استاد ہین کہا کرتے تھے کہ "یحییٰ کے زمانہ مین یحییٰ پر علم کا خاتمہ ہو گیا"[۱] صحاح ستہ مین انکی روایت سے بہت سی حدیثین ہین ۔ وہ محدث اور فقیہ دونون تھے اور ان دونون فنون مین بہت بڑا کمال رکھتے تھے چنانچہ علامہ ذہبی نے میزان الاعتدال مین انکا ترجمہ ان لفظون سے شروع کیا ہے احد الفقہاء الکبار و المحدثین الاثبات ۔

یہ امام ابو حنیفہ کے ارشد تلامذہ مین سے تھے اور مدت تک اُنکے ساتھ رہے تھے یہانتک کہ علامہ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین انکو صاحب ابی حنیفۃ کا لقب دیا ہے ۔ یہ تدوین فقہ مین امام صاحب کے شریک اعظم تھے ۔ امام طحاوی نے لکھا ہے کہ تیس برس تک وہ شریک رہے اگرچہ یہ مدت صحیح نہین لیکن کچھ شبہ نہین کہ وہ بہت دن تک امام صاحب کے ساتھ تدوین فقہ کا کام کرتے رہے اور خاصکر تصنیف و تحریر کی خدمت انہی سے متعلق تھی[۲] میزان الاعتدال مین لکھا ہے کہ "بعض لوگون کا قول ہے کہ کوفہ مین اول جس شخص نے تصنیف کی وہ یحییٰ ہین" ۔ معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ تحریر کا کام یحییٰ سے متعلق تھا اسلئے بعض لوگون نے اُن ہی کو مستقل

[۱] میزان الاعتدال علامہ ذہبی ترجمہ یحییٰ ۔ ۱۲ [۲] الجواہر المضیئہ ترجمہ یحییٰ ۔ ۱۲

مصنف سمجھ لیا۔

مداین مین منصب قضا پر ممتاز تھے اور وہین ۱۸۲؁ھ مین ۶۳ برس کی عمر مین وفات پائی۔

وکیع بن الجراح

فن حدیث کے ارکان مین شمار کئے جاتے ہین۔ امام احمد حنبل کو انکی شاگردی پر فخر تھا چنانچہ جب وہ انکی روایت سے کوئی حدیث بیان کرتے تھے تو اِن لفظون سے شروع کرتے تھے "یہ حدیث مجھسے اوس شخص نے روایت کی کہ تیری آنکھون نے اسکا مثل نہ دیکھا ہوگا"[۱]۔ یحیی بن معین جو فن رجال کے ایک رکن خیال کئے جاتے ہین انکا قول تھا کہ مین نے کسی ایسے شخص کو نہین دیکھا جسکو وکیع پر ترجیح دون[۲]۔ اکثر ائمہ حدیث نے انکی شان مین۔ اس قسم کے الفاظ لکھے ہین بخاری و مسلم مین اکثر انکی روایت سے حدیثین مذکور ہین۔ فن حدیث و رجال کے متعلق انکی روایتین اور رائین نہایت مستند خیال کی جاتی ہین۔

یہ امام ابوحنیفہ کے شاگرد خاص تھے اور اُن سے بہت سی حدیثین سنی تھین۔ اکثر مسایل مین امام صاحب کی تقلید کرتے تھے اور اُنہی کے قول کے موافق فتوی دیتے تھے۔ خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ مین لکھا ہے کان یفتی بقول ابی حنیفۃ وکان قد سمع منه شیئاً کثیراً[۳]۔ علامہ ذہبی نے بھی تذکرۃ الحفاظ مین اسکی تصدیق کی ہے۔ ۱۹۷؁ھ مین وفات پائی۔

---

[۱] تہذیب الاسماء واللغات علامہ نووی ترجمہ وکیع بن الجراح۔ ۱۲ [۲] تہذیب الاسماء واللغات۔ ۱۲ [۳] حافظ عبد البر کے قول "شیئاً" کے بجائے "حدیثاً" کا لفظ ہے جو صاف اور صریح اس دعوی پر دلالت کرتا ہے (دیکھو عقود الجمان خاتمہ فصل اول)

یزید بن ھرون

فن حدیث کے مشہور امام ہین - بڑے بڑے ایمہ حدیث انکے شاگرد تھے - امام احمد حنبل علی بن المدینی - یحیی بن معین - ابن ابی شیبۃ - وغیرہ نے انکے سامنے زانوے شاگردی تہ کیا ہے - علامہ نووی نے اِنکے تلامذہ کی نسبت لکھا ہے کہ اُنکا شمار نہین ہوسکتا - یحیی بن ابی طالب کا بیان ہے کہ ایکبار مین اِنکی حلقۂ درس مین شریک تھا - لوگ تخمینہ کرتے تھے کہ حاضرین کی تعداد کم و بیش ستر ہزار تھی[۵۱] کثرت حدیث مین لوگ اِنکی مثال دیتے تھے خود اُنکا بیان ہے کہ "مجھکو بیس ہزار حدیثین یاد ہین"[۵۲] علی بن المدینی (امام بخاری کے اُستاد) کہا کرتے تھے کہ مین نے اِن سے زیادہ کسیکو حافظ حدیث نہین دیکھا -

فن حدیث مین اِنکو امام ابو حنیفہ سے تلمذ تھا - علامہ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین جہان اُن لوگون کے نام لکھے ہین جنہون نے امام صاحب سے حدیثین روایت کین اُنکا نام بھی لکھا ہے - یہ ایک مدت تک امام صاحب کی صحبت مین رہے اور اسوجہ سے اِنکو امام صاحب کے اخلاق و عادات راے پر قایم کرنیکا کافی موقع ملا تھا - اُنکا قول ہے کہ مین نے بہت سے لوگونکی صحبت اُٹھائی لیکن ابو حنیفہ سے کسیکو بڑھکر نہین پایا[۵۳] سنہ ۱۱۷ھ مین پیدا ہوے اور سنہ ۲۰۶ھ مین وفات پائی -

حفص بن غیاث

بہت بڑے محدث تھے خطیب بغدادی نے انکو کثیر الحدیث لکھا ہے - اور علامہ ذہبی

---

۵۱ تہذیب الاسماء واللغات نووی ترجمہ یزید بن ہرون - ۱۲ ۵۲ تہذیب الاسماء واللغات - ۱۲
۵۳ تہذیب الکمال حافظ مزی ترجمہ امام ابو حنیفہ - ۱۲

نے انکو حفاظ حدیث مین شمار کیا ہے۔ امام احمد حنبل۔ علی بن المدینی وغیرہ نے ان سے حدیثین روایت کین۔ یہ اس خصوصیت مین ممتاز تھے کہ جو کچھ روایت کرتے تھے زبانی کرتے تھے کاغذ یا کتاب پاس نہین رکھتے تھے چنانچہ اسطرح جو حدیثین روایت کین اُسکی تعداد تین یا چار ہزار ہے[51] یہ امام صاحب کے ارشد تلامذہ مین سے ہین۔ امام صاحب کے شاگردون مین چند بزرگ نہایت مقرب اور با اخلاص تھے جنکی نسبت وہ فرمایا کرتے تھے کہ "تم میرے دل کی تسکین اور میرے غم کے مٹانے والے ہو" حفص کی نسبت بھی امام صاحب نے یہ الفاظ ارشاد فرمائے ہین[52] مختصر تاریخ بغداد مین انکی نسبت لکھا ہے کہ امام ابو حنیفہ کے مشہور شاگردون مین تھے۔

مدت تک دنیاوی تعلقات سے آزاد رہے لیکن اخیر مین ضرورتون نے بہت تنگ کیا اتفاق یہ کہ انہی دنون یعنی سنہ ۱۷۷ھ مین ہارون الرشید نے انکا شہرہ سُنکر انکو طلب کیا اور قضا کی خدمت سپرد کی۔ چونکہ قرض سے زیربار تھے مجبوراً قبول کرنا پڑا۔ قاضی ابو یوسف قاضی القضاۃ تھے اور قضا کا تمام سر رشتہ اُنکے اہتمام مین تھا۔ چونکہ ہارون الرشید قاضی صاحب کے بغیر اطلاع حفص کو مقرر کردیا اسلئے اُنکو فی الجملہ خیال ہوا اور حسن بن زیاد سے کہا کہ حفص کے فیصلے ہمارے مرافعہ مین آئین تو اُنکو نکتہ چینی کی نگاہ سے دیکھنا چاہیے لیکن جب اُنکے فیصلے دیکھے تو اعتراف کیا کہ حفص کے ساتھ تائید آلہی ہے[53]۔

سنہ ۱۱۷ھ مین پیدا ہوئے۔ تیرہ برس کوفہ مین اور دو برس بغداد مین قاضی رہے۔ سنہ ۱۹۶ھ مین وفات پائی۔

---

[51] میزان الاعتدال ترجمہ حفص۔ ۱۲ [52] الجواہر المضیئۃ ترجمہ حفص بن غیاث۔ ۱۲ [53] الجواہر المضیئۃ ترجمہ حفص بن غیاث۔ ۱۲

ابو عاصم النبیل

انکا نام ضحاک بن مخلد ہے۔ مشہور محدث ہین۔ صحیح بخاری و مسلم وغیرہ مین انکی روایتے بہت سی حدیثین مروی ہین۔ علامہ ذہبی نے میزان الاعتدال مین لکھا ہے کہ "انکی توثیق پر تمام لوگون کا اتفاق ہے"۔ نہایت پارسا اور متورع تھے۔ امام بخاری نے روایت کی ہے کہ ابو عاصم نے خود کہا کہ "جب سے مجھکو معلوم ہوا کہ غیبت حرام ہے مین نے آج تک کسی کی غیبت نہین کی"۔

انکا لقب نبیل تھا جسکے معنی معزز کے ہین۔ اس امر مین اختلاف ہے کہ یہ لقب کیون ہوا؟ ایک روایت ہے کہ ایک دفعہ شعبہ نے کسی وجہ سے قسم کھالی کہ "مین حدیث نہین روایت کرونگا"۔ چونکہ وہ بہت بڑے محدث تھے اور انکے درس سے ہزارون طلبا مستفید ہوتے تھے لوگون کو بہت تشویش ہوئی۔ ابو عاصم نے یہ حال سُنا تو اُسیوقت شعبہ کی خدمت مین حاضر ہوئے اور کہا کہ "مین اپنے غلام کو آپکی قسم کے کفارہ مین آزاد کرتا ہون۔ آپ قسم توڑ ڈالیے اور حدیث کا درس دیجیے"۔ شعبہ کو انکے شوق اور ہمت پر تعجب ہوا اور فرمایا کہ انت نبیل اُسوقت سے یہ لقب مشہور ہوگیا۔[1]

یہ بھی امام صاحب کے مختص شاگردون مین تھے۔[2] خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ مین لکھا ہے کہ ایک دفعہ کسی نے ان سے پوچھا کہ "سفیان ثوری زیادہ فقیہ ہین یا ابوحنیفہ"۔ بولے کہ "موازنہ تو اون چیزون مین ہوتا ہے جو ایک دوسری سے ملتی جلتی ہون۔ ابوحنیفہ نے

---

[1] الجواہر المضیئہ۔ ترجمہ ابو عاصم۔ ۱۲ [2] الجواہر المضیئہ۔ ۱۲

فقہ کی بنیاد ڈالی ہے اور سفیان صرف فقیہ ہین"

سنہ ۱۶۱ھ مین نوسے برس کی عمر مین وفات پائی۔

عبدالرزاق بن ہمام

علامہ ذہبی نے انکا ترجمہ ان لفظون سے شروع کیا ہے احد الاعلام الثقات
بہت بڑے نامور محدث تھے۔ صحیح بخاری و مسلم وغیرہ انکی روایتون سے مالامال ہین۔ امام
احمد حنبل سے کسی نے پوچھا کہ حدیث کی روایت مین آپنے عبدالرزاق سے بڑھکر کسیکو دیکھا؟
جواب دیا کہ "نہین"۔ بڑے بڑے ائمہ حدیث مثلاً امام سفیان بن عیینہ۔ یحییٰ بن معین۔ علی بن
المدینی۔ امام احمد حنبل۔ فن حدیث مین انکے شاگرد تھے طالبان حدیث بہت دور سے
قطع منازل کرکے انکی خدمت مین سیکھنے جاتے تھے یہانتک کہ بعضون کا قول ہے کہ [۵۱]
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی شخص کے پاس اسقدر دور دراز مسافتین طے
کرکے لوگ نہین گئے۔

حدیث مین انکی ایک ضخیم تصنیف موجود ہے جو جامع عبدالرزاق کے نام سے مشہور
ہے۔ امام بخاری نے اعتراف کیا ہے کہ "مین اس کتاب سے مستفید ہوا ہون" علامہ ذہبی نے
اس کتاب کی نسبت میزان الاعتدال مین لکھا ہے کہ "علم کا خزانہ ہے"۔

انکو امام ابوحنیفہ سے فن حدیث مین تلمذ تھا۔ عقود الجمان کے مختلف مقامات سے ثابت
ہوتا ہے کہ امام صاحب کی صحبت مین زیادہ رہے۔ چنانچہ اُنکے اخلاق و عادات کے متعلق

---

[۵۱] انساب سمعانی و تاریخ یافعی ترجمہ عبدالرزاق بن ہمام۔ ۱۲

اُنکے اکثر اقوال کتابون مین مذکور ہین - انکا قول تھا کہ "مین نے امام ابوحنیفہ سے بڑھکر کسیکو حلیم نہین دیکھا"
سنہ ۱۲۶ھ مین پیدا ہوئے اور سنہ ۲۱۱ھ مین انتقال کیا -

داؤد الطائی

خدا نے عجب حسن قبول دیا تھا - صوفیہ انکو بہت بڑا مرشد کامل مانتے ہین تذکرۃ الاولیا مین انکے مقامات عالیہ مذکور ہین - فقہا اور خصوصاً فقہاے حنفیہ انکے تفقہ اور اجتہاد کے قایل ہین - محدثین کا قول ہے کہ ثقہ بلا نزاع[۱] اور حقیقت یہ ہے کہ وہ ان تمام القاب کے مستحق تھے - محارب بن دثار جو مشہور محدث تھے کہا کرتے تھے کہ "داؤد اگر اگلے زمانہ مین ہوتے تو خدا قرآن مجید مین انکا قصہ بیان کرتا"[۲] -

ابتدا مین فقہ و حدیث کی تحصیل کی پھر علم کلام مین کمال پیدا کیا اور بحث و مناظرہ مین مشغول ہوئے - ایک دن کسی موقع پر ایک شخص سے گفتگو کرتے کرتے اُسپر کنکری پھینک ماری اُسنے کہا "داؤد! تمھاری زبان اور ہاتھ دونون دراز ہو چلے" انپر عجیب اثر ہوا بحث و مناظرہ بالکل چھوڑ دیا تاہم تحصیل علم کا مشغلہ جاری تھا - برس دن کے بعد کُل کتابین دریا مین ڈبو دین اور تمام چیزون سے قطع تعلق کر لیا - امام محمد کا بیان ہے کہ "مین داؤد سے اکثر مسئلہ پوچھنے جاتا - اگر کوئی ضروری اور عملی مسئلہ ہوتا تو بتا دیتے ورنہ کہتے کہ بھائی! مجھے اور ضروری کام ہین" - یہ امام ابوحنیفہ کے مشہور شاگرد ہین - خطیب بغدادی - ابن خلکان علامہ ذہبی

---

[۱] میزان الاعتدال ذہبی - ۱۲
[۲] تاریخ ابن خلکان -

اور دیگر مورخین نے جہان اُنکے حالات لکھے ہین امام صاحب کی شاگردی کا ذکر خصوصیت کے ساتھ کیا ہے - تدوین فقہ مین بھی امام صاحب کے شریک تھے اور اُس مجلس کے معزز ممبر تھے - سنہ ۱۶۰ھ مین وفات پائی -

اِن بزرگون کے سوا اور بھی بہت سے نامور محدثین مثلاً فضل بن دکین - حمزہ بن حبیب الزیات - ابراہیم بن طہمان - سعید بن اوس - عمر بن میمون - فضیل بن موسی وغیرہ امام صاحب کے تلامذہ مین داخل ہین لیکن ہمنے صرف اُن لوگون کا ذکر کیا ہے جو تلامذۂ خاص کہے جا سکتے ہین اور جو مدتون امام صاحب کی صحبت سے مستفید ہوئے ہین -

فقہاء

جو تدوین فقہ مین شریک تھے

قاضی ابو یوسف

اِنکی منزلت اور عظمتِ شان اِس قابل تھی کہ انکا مستقل تذکرہ لکھا جاتا اور جب ہی اُنکے علمی کمالات کا اندازہ بھی ہو سکتا تھا - لیکن یہ فرصت کے کام ہین خدا کسیکو توفیق دے تو یہ کام پورا ہو سکتا ہے - اِس کتاب کے موضوع کے لحاظ سے میرا اسیقدر فرض ہے کہ اُنکی مختصر تاریخ لکھدون جس سے اونکی لایف اور علمی کمالات پر ایک اجمالی راے قایم ہو سکے -

نسب و اولاد

اُنکا نسب انصار سے ملتا ہے اِنکے مورث اعلی سعد بن حبتہ - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب مین سے تھے - اِنکے باپ ایک غریب آدمی تھے اور مزدوری محنت کرکے زندگی

بسر کرتے تھے۔ یہ ۱۱۳ھ یا ۱۱۷ھ مین بمقام کوفہ پیدا ہوئے۔ انکو اگرچہ بچپن سے لکھنے پڑھنے کا ذوق تھا لیکن باپ کی مرضی نہ تھی۔ وہ چاہتے تھے کہ کوئی پیشہ سیکھین اور گھر مین چار پیسے کما کر لائین۔ تاہم قاضی صاحب جب موقع اور فرصت پاتے علما کی صحبت مین جا بیٹھتے۔ ایک دن امام ابوحنیفہ کے حلقۂ درس مین حاضر تھے۔ کہ انکے باپ پہونچے اور وہان سے زبردستی اُٹھا لائے۔ گھر پر آکر سمجھایا کہ بیٹا! ابوحنیفہ کو خدا نے رزق کیطرف سے اطمینان دیا ہے۔ تم اونکی ریس کیون کرتے ہو؟ قاضی صاحب نے مجبوراً لکھنا پڑھنا چھوڑ دیا اور باپ کے ساتھ رہنے لگے۔ امام ابوحنیفہ نے دو چار دن کے بعد لوگون سے پوچھا کہ "یعقوب اب نہین آتے" انکو امام صاحب کی جستجو کا حال معلوم ہوا تو حاضر ہوئے اور ساری کیفیت بیان کی۔ امام صاحب نے چپکے سے ایک تھیلی حوالہ کی۔ گھر پر آکر دیکھا تو اُسمین سو درہم تھے۔ امام صاحب نے ان سے یہ بھی کہدیا کہ جب خرچ ہو چکے تو مجھسے کہنا۔ اسیطرح برابر انکو مدد دیتے رہے یہان تک کہ قاضی صاحب نے تمام علوم مین کمال حاصل کیا اور اُستاد وقت بنگئے۔

تحصیل علوم کے سامان۔

قاضی صاحب نے امام ابوحنیفہ کے علاوہ اور بہت سے ایمۂ وقت کی خدمت مین علم کی تحصیل کی۔ اعمش۔ ہشام بن عروۃ۔ سلیمان تیمی۔ ابو اسحق شیبانی۔ یحییٰ بن سعید الانصاری وغیرہ سے حدیثین روایت کین۔ محمد بن اسحق سے مغازی و سیر پڑھی۔ محمد بن ابی لیلیٰ سے فقہ کے مسایل سیکھے۔ خدا نے ذہن و حافظہ ایسا قوی دیا تھا کہ ایک ہی زمانہ مین ان تمام علوم کی تحصیل کرتے تھے۔ حافظ ابن عبد البر نے جو ایک مشہور محدث ہین لکھا ہے کہ ابو یوسف

اساتذہ

محدثین کے پاس حاضر ہوتے اور ایک جلسہ مین پچاس ساٹھ حدیثین سنکر یاد کر لیتے"۔

امام ابو حنیفہ جب تک زندہ رہے قاضی صاحب اُنکے حلقۂ درس مین ہمیشہ حاضر ہوتے

عہدۂ قضا۔

رہے۔ اُنکی وفات کے بعد دربار سے تعلق پیدا کرنا چاہا؟ چنانچہ خلیفہ مہدی عباسی نے سنہ ۱۶۶ھ مین انکو قاضی کی خدمت دی۔ مہدی کے بعد اُسکے جانشین ہادی نے بھی انکو اُسی عہدہ پر بحال رکھا۔ لیکن ہرون الرشید نے انکی لیاقتون سے واقف ہو کر تمام ممالک اسلامیہ کا قاضی القضاۃ مقرر کیا اور یہ وہ عہدہ تھا جو اُسوقت تک اسلام کی تاریخ مین کسیکو نصیب نہین ہوا تھا بلکہ زمانۂ مابعد مین بھی بجز قاضی احمد بن ابی داؤد کے اور کسی کو نصیب نہین ہوا۔ قاضی صاحب نے ستر برس قضا مین جو ترقیان کین اونکی تفصیل خود اُنکی لائف لکھی جائے تو لکھی جا سکتی ہے۔

وفات

جمعرات کے دن ظہر کے وقت ربیع الاول کی پانچوین تاریخ سنہ ۱۸۲ھ مین وفات پائی۔ محمد بن سماعہ کا بیان ہے کہ مرتے وقت یہ الفاظ اُنکی زبان پر تھے۔ "اے خدا تو جانتا ہے کہ مین نے کوئی فیصلہ عمداً خلاف واقع نہین کیا۔ میری ہمیشہ کوشش رہی کہ جو فیصلہ ہو تیری کتاب اور تیرے پیغمبر کے طریقہ کے موافق ہو۔ جب کوئی مشکل مسئلہ آتا تھا تو مین امام ابو حنیفہ کو واسطہ بناتا تھا اور جہان تک مجھکو معلوم ہے ابو حنیفہ تیرے احکام کو خوب سمجھتے تھے اور عمداً حق کے راستہ سے باہر نجاتے تھے" قاضی صاحب بہت بڑے دولتمند تھے لیکن دولت کا استعمال اچھی طرح کیا۔ مرتے وقت وصیت کی کہ چار لاکھ روپیے مکہ معظمہ۔ مدینہ منورہ کوفہ۔ بغداد۔ کے محتاجون کو دئے جائین۔

قاضی صاحب متعدد علوم مین کمال رکہتے تھے - اگرچہ اُنکی شہرت زیادہ تر فقہ مین ہوئی لیکن اور علوم مین بہی وہ اپنا آپ ہی نظیر تھے - مورخ ابن خلکان نے ہلال بن یحییٰ کا قول نقل کیا ہے کہ "ابو یوسف - تفسیر - مغازی - ایام العرب - کے حافظ تھے اور فقہ اون کا ادنی اسی علم تھا" حدیث مین اُنکا پایہ یہ تھا کہ حفاظ حدیث مین شمار کئے جاتے تھے چنانچہ علامہ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین اُنکا ترجمہ لکہا ہے - یحییٰ بن معین کہا کرتے تھے کہ "اہل الرای مین ابو یوسف سے بڑہکر کوئی شخص کثیر الحدیث نہین" امام احمد حنبل کا قول ہے کہ کان منصفا فی الحدیث - مزنی جو امام شافعی کے مشہور شاگرد ہین کہا کرتے تہے ابو یوسف اتبع القوم للحدیث[1]" خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ مین امام احمد حنبل کا قول نقل کیا ہے کہ "اول جب مجھکو علم حدیث کا شوق پیدا ہوا تو ابو یوسف کی خدمت مین حاضر ہوا" یحییٰ بن معین و امام احمد حنبل اور بہت سے ائمہ حدیث نے قاضی صاحب سے حدیثین روایت کین - اس سے زیادہ اُنکی عظمت شان کی کیا دلیل ہوگی[2] -

کثرت حدیث

فقہ مین جو اونکا پایہ ہے اُس سے کون انکار کر سکتا ہے - امام ابو حنیفہ کو خود اُنکے کمال کا اعتراف تہا - ایک دفعہ وہ بیمار ہوے - امام صاحب عیادت کو گئے - واپس آئے تو ساتھیون سے کہا کہ "خدانخواستہ اگر یہ شخص ہلاک ہوا تو دنیا کا عالم ہلاک ہوا" اور ائمہ بہی اُنکے حدت ذہن اور قوت فہم کے معترف تھے - امام اعمش اُس زمانہ کے ایک مشہور محدث تھے

[1] یہ اقوال علامہ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین نقل کئے ہین - ۱۲ [2] قاضی صاحب کی نسبت کتب رجال مین جرحین بھی منقول ہین مگر وہ عموماً ناقابل اعتبار ہین کیونکہ یا تو وہ مبہم جرحین ہین یا اونکا منشا اجتہادی مسایل کا اختلاف ہے - ۱۲

اُنھون نے قاضی صاحب سے ایک مسئلہ پوچھا۔ اُنھون نے جواب بتایا۔ امام اعمش نے کہا اسکی کوئی سند بھی ہے؟ قاضی صاحب نے فرمایا ہان وہ حدیث جو فلان موقع پر آپ نے مجھسے بیان کی تھی۔ امام اعمش نے کہا۔ یعقوب! یہ حدیث مجھکو اُسوقت سے یاد ہے جب تمہارے والدین کا عقد بھی نہین ہوا تھا۔ لیکن اُسکا صحیح مطلب آج ہی سمجھ مین آیا۔[۱]

قاضی صاحب پہلے شخص ہین جنھون نے فقہ حنفی مین تصنیفین کین مختلف علوم مین اونکی تصنیفات بہت ہین اور ابن الندیم نے کتاب الفہرست مین اونکی مفصل فہرست بھی نقل کی ہے لیکن ہماری نگاہ سے صرف کتاب الخراج گذری ہے اسلئے ہم اُسکے متعلق کچھ لکھنا چاہتے ہین۔ ہرون الرشید نے خراج و جزیہ وغیرہ کے متعلق قاضی صاحب سے یادداشتین طلب کی تھین۔ قاضی صاحب نے اُسکے جواب مین چند تحریرین بھیجین۔ یہ کتاب اُنھین تحریرون کا مجموعہ ہے[۲]۔ اگرچہ اسمین بہت سے مضامین ہین لیکن زیادہ تر خراج کے مسایل ہین اور اسلئے اُسکو اُس زمانہ کا قانون مالگذاری کہہ سکتے ہین۔ اس کتاب مین زمین کے اقسام بلحاظ حیثیت اور بلحاظ تنوع۔ لگان کی مختلف شرحین۔ کاشتکارون کی حیثیتون کا اختلاف۔ پیداوار کی قسمین۔ اس قسم کے اور مراتب کو اس خوبی اور دقتِ نظر کے ساتھ منضبط کیا ہے اور اُنکے متعلق قواعد قرار دئے ہین کہ اُس زمانہ کے لحاظ سے تعجب ہوتا ہے۔ طرز تحریر مین ایک یہ بڑی خوبی ہے کہ نہایت آزادانہ ہے۔ قواعد اور ہدایتون کے ساتھ جابجا اُن ابتریون کا ذکر ہے جو انتظامات سلطنت مین موجود تھین اور اون پر نہایت بیباکی کے ساتھ خلیفۂ وقت کو متوجہ کیا ہے۔

تصنیفات

---

[۱] ابن خلکان۔ ترجمہ قاضی ابو یوسف۔ [۲] یہ کتاب مصر کے مطبع میریہ مین ۱۳۰۲ھ مین چھاپی گئی ہے۔

قاضی صاحب کی تاریخ زندگی مین جو چیز سب سے زیادہ قابل قدر ہے وہ یہ ہے کہ ہرون الرشید جیسے جبار اور خود پرست بادشاہ کے دربار مین وہ اپنے فرایض اس جرأت اور آزادی سے ادا کرتے تھے جسکی مثال ایشیای سلطنتون مین بہت کم ملسکتی ہے کتاب الخراج مین ایک جگہ وہ ہرون الرشید کو لکھتے ہین کہ "اے امیر المومنین! اگر تو اپنی رعایا کے انصاف کے لیے مہینہ مین ایکبار بھی دربار کرتا اور مظلومون کی فریاد سنتا تو مین امید کرتا ہون کہ تیرا شمار اُن لوگون مین نہوتا جو رعیت سے پردہ کرتے ہین - اور اگر تو دو ایک دربار بھی کرتا تو یہ خبر تمام اطراف مین پھیل جاتی اور ظالم اپنے ظلم سے باز آتے ⁂ بلکہ اگر عمّال و صوبہ دارون کو یہ خبر پہونچے کہ تو برس دن مین ایک دفعہ انصاف کے لیے بیٹھتا ہے تو ظالمون کو کبھی ظلم پر جرأت نہونے پائے"!!

آزادی کے ساتھ اپنے فرایض کا انجام دینا۔

قاضی صاحب کے سوا کسکی جرأت تھی کہ ہرون الرشید کو یہ الفاظ لکھتا؟

تعجب یہ ہے کہ ایسا آزاد اور پاکیزہ نفس بھی دشمنون کے حملہ سے نہین بچا۔ قاضی صاحب کے مخالفین نے اُنکو خوشامدی اور زمانہ ساز کہا ہے اور اس مضمون کی چند روایتین بھی گھڑلی ہین - بعض مورخین جنکو رطب و یابس سے کچھ بحث نہین اِن بیہودہ روایتون کو نقل بھی کردیتے ہین جو کوتاہ بینون کے لیے "ہوی بس است" کا کام دیتی ہے - اِس قسم کی بعض حکایتین تاریخ الخلفا مین منقول ہین لیکن یہ ظاہر ہے کہ کتاب الخراج کے فقرے جو ہمنے نقل کیئے ہین جس قطعیت کے ساتھ ثابت ہین اُنکے مقابلہ مین اِن روایتون کا کس حد تک اعتبار ہوسکتا ہے۔

مخالفین کی تہمت آمیز روایتین۔

حاطب اللیل مورخین ایک طرف۔ بعض محدثین نے بھی مخالفت کے جوش مین تحقیق حق کی پروانہ کی بیہقی نے امام شافعی کے حالات مین ایک ضخیم کتاب لکھی ہے اُسمین لکھا ہے کہ امام شافعی جب ہرون الرشید کے دربار مین گرفتار ہوکر آئے تو قاضی ابو یوسف اور امام محمد نے ہرون الرشید کو امام شافعی کے قتل کی راے دی اور کہا کہ اگر جلد تدارک نہین کیا جاتا تو یہ شخص سلطنت کو صدمہ پہونچا ئیگا!!! افسوس۔ امام بیہقی کو باینہمہ محدثیت یہ بھی خیال نہ آیا کہ قاضی ابو یوسف اس زمانہ سے بہت پہلے انتقال کر چکے تھے۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ خود محدثین ہی نے اس روایت کی تکذیب کی۔ حافظ ابن حجر نے جن سے بڑھکر اُنکے بعد محدث نہین ہوا امام شافعی کے حالات مین ایک کتاب لکھی ہے[۱] جو آج کل مصر مین چھاپی گئی ہے۔ وہ اس روایت کو نقل کرکے لکھتے ہین۔ فھی مکذوبة وغالب ما فیھا موضوع وبعضھا ملفق من روایات ملفقة واوضح ما فیھا من الکذب قوله فیھا ان ابا یوسف ومحمد بن الحسن حرضا الرشید علی قتل الشافعی۔ یعنی یہ روایت جھوٹی ہے اور اوسکا اکثر حصہ موضوع ہے اور بعض حصے دوسری مختلط روایتون سے ماخوذ ہین اور جو صریح جھوٹ اوسمین ہے وہ یہ ہے کہ ابو یوسف ومحمد بن الحسن۔ نے ہرون الرشید کو امام شافعی کے قتل کی ترغیب دی۔

قاضی صاحب کی طرف بعض اوّلیات بھی منسوب ہین۔ مورخ ابن خلکان نے لکھا ہے کہ "قاضی ابو یوسف پہلے شخص ہین جسنے علمار کے لئے ایک خاص لباس تجویز کیا کہ آج تک

اوّلیات

[۱] اس کتاب کا نام توالی التاسیس بمعالی ابن ادریس ہے اور ۱۳۰۱ھ مین مطبع میریہ مین طبع ہوئی ہے ۱۲

برتا جاتا ہے ورنہ اُن سے پہلے تمام لوگون کا ایک لباس تہا"

امام محمد بن الحسن الشیبانی

یہ فقہ حنفی کے دوسرے بازو ہین۔ انکا اصلی وطن دمشق کے متصل ایک گانون تہا جسکو حرستا کہتے ہین۔ اِنکے والد وطن چہوڑکر واسط چلے آئے اور وہین سکونت اختیار کرلی۔ امام محمد ۱۳۵ھ مین یہین پیدا ہوئے۔ سن رشد کا آغاز تہا کہ کوفہ جانا ہوا۔ یہان علوم کی تحصیل شروع کی اور بڑے بڑے فقہا و محدثین کی صحبت اُٹھائی۔ مسعر بن کدام امام سفیان ثوری۔ مالک بن دینار۔ امام اوزاعی وغیرہ سے حدیثین روایت کین۔ کم و بیش دو برس تک امام ابو حنیفہ کی خدمت مین رہے۔ امام صاحب کی وفات کے بعد قاضی ابو یوسف سے بقیہ تحصیل کی۔ پہر مدینہ منورہ گئے اور تین برس تک امام مالک سے حدیث پڑہتے رہے آغاز شباب ہی مین اِنکے فضل و کمال کے چرچے پہیل گئے تہے۔ بیس برس کے سن مین مسند درس پر بیٹھے اور لوگون نے ان سے استفادہ شروع کیا۔ ہرون الرشید نے اِنکے فضل و کمال سے واقف ہوکر قضا کی خدمت دی اور اکثر اپنے ساتھ رکھتا تھا۔ ۱۸۹ھ مین رے گیا تو انکو بھی ساتھ لے گیا۔ رے کے قریب رنبویہ ایک گانون ہے وہان پہونچکر قضا کی۔ اتفاق یہ کہ کسائی جو مشہور نحوی گذرا ہے وہ بھی اس سفر مین ساتھ تہا اوراُسنے بھی یہین انتقال کیا۔ ہرون الرشید کو نہایت صدمہ ہوا اور کہا کہ "آج فقہ اور نحو دونون کو ہم دفن کر آئے" علامہ یزیدی نے جو ایک مشہور ادیب اور ہرون الرشید کے درباریون مین تہے نہایت جانگداز مرثیہ لکہا جسکا ایک شعر یہ ہے۔ ۵

فقلتُ اذا ما اشکل الخطبُ من لنا	بایضاحہ یوماً وانت فقیدٌ

ترجمہ یعنی ہمنے کہا کہ جب تو نرہا تو ہمارے لیے مشکلات کا حل کرنیوالا کہان سے آیگا؟

امام محمد نے اگرچہ زندگی کا بڑا حصّہ دربار کے تعلق سے بسر کیا لیکن آزادی اور حق گوئی کا سر رشتہ کبھی ہاتھ سے نہ چھوٹا۔ ۱۷۶ھ مین یحییٰ علوی نے جب علم بغاوت بلند کیا تو ہرون الرشید انکا سر و سامان دیکھکر حواس باختہ ہوگیا اور دبکر صلح اختیار کی۔ معاہدہ صلح قلمبند ہوا اور یحییٰ کے اطمینان کے لئے بڑے بڑے علمار فضلا فقہا۔ اور محدثین نے اُسپر دستخط کئے یحییٰ اس صلح پر راضی ہوکر بغداد مین آئے تو چند روز کے بعد ہرون الرشید نے نقض عہد کرنا چاہا۔ تمام علمار نے ہرون الرشید کے خوف سے فتویٰ دیدیا کہ صورت موجودہ مین نقض عہد جایز ہے لیکن امام محمد نے علانیہ مخالفت کی اور اخیر تک اپنے اصرار پر قایم رہے۔

امام محمد جس رتبہ کے شخص تھے اُسکا اندازہ۔ ائمہ مجتہدین کے اقوال سے ہوسکتا ہے امام شافعی کا قول ہے کہ "امام محمد جب کوئی مسئلہ بیان کرتے تھے تو معلوم ہوتا تھا کہ وحی اتر رہی ہے" اُنہین کا قول ہے کہ "مین نے امام محمد سے ایک بار شتر کی برابر علم حاصل کیا" امام احمد بن حنبل سے کسی نے پوچھا کہ یہ دقیق مسایل آپ کو کہان سے حاصل ہوئے؟ - فرمایا محمد بن الحسن کی کتابون سے[1]

امام محمد کی حلقۂ درس سے اگرچہ اور بہت سے نامور علمار تعلیم پاکر نکلے لیکن اُن سب مین امام شافعی کا نام خصوصیت کے ساتھ لیا جاسکتا ہے۔ ہمارے زمانہ کے کم نظرون کو اس سے

[1] یہ تمام اقوال محدث نووی نے تہذیب الاسمار واللغات مین نقل کئے ہین - ۱۲

تعجب ہوگا۔ اگلے زمانہ مین بھی ابن تیمیہ نے امام شافعی کی شاگردی سے انکار کیا تہا۔ لیکن حق کو کون دبا سکتا ہے؟ تاریخ ورجال کی آج سیکڑون کتابین موجود ہین۔ وہ کیا شہادت دے رہی ہین؟ ۔بے شبہہ امام شافعی کو امام محمد کی فیض صحبت نے بڑے بڑے کمالات کے رستے دکہاے اور اسکا خود اونکو اعتراف تہا۔ حافظ ابن حجر امام شافعی کا قول نقل کرتے ہین کَانَ محمد بن الحسن جیّد المنزلۃِ عِندَ الخلیفۃ فاختلفتُ الیہ وقُلتُ ھواولے من جھۃ الفقہ فلزمتہ وکتبتُ عنہ[۵۱]۔ یعنی محمد بن الحسن خلیفہ کے ہان بہت معزز تھے اسلیے مین اونکے پاس آتا جاتا تہا۔ مین نے اپنے جی مین کہا کہ وہ فقہ کے لحاظ سے بھی عالی رتبہ ہین اسلیے مین نے اونکی صحبت لازم پکڑی اور اون کا درس قلمبند کرتا تھا۔

امام محمد خود بھی امام شافعی کی نہایت عزت کرتے تھے اور تمام شاگردون کی نسبت اُنکے ساتھ خاص مراعات کے ساتھ پیش آتے تھے۔ ایک دن ہرون الرشید کے دربار مین جا رہے تھے۔ راہ مین امام شافعی ملے۔ جو انکی ملاقات کو آرہے تھے۔ اوسیوقت گھوڑے سے اوتر پڑے اور نوکر سے کہا کہ "خلیفہ کے پاس جا اور عذر بیان کر کہ مین اِسوقت حاضر نہین ہوسکتا"۔ امام شافعی نے کہا "مین اور کسیوقت حاضر ہونگا آپ دربار مین تشریف لیجائین۔ امام محمد نے کہا "نہین وہان جانا کچھ ضرور نہین"[۵۲]۔ امام محمد و امام شافعی مین اکثر مناظرات بھی رہتے تھے۔ اور اِسی بنا پر بعضون کو اُنکی شاگردی سے انکار ہے لیکن اوس زمانہ کی اُستادی وشاگردی مین یہ امور

---

۵۱ دیکھو توالی التاسیس مطبوعہ مصر صفحہ ۶۹۔ ۵۲ توالی التاسیس صفحہ ۶۹۔

معیوب نہ تھے اور دراصل آج بھی معیوب نہین -

امام محمد کی شہرت اگرچہ زیادہ تر فقہ مین ہے اور اونکی تصنیفات عموماً اسی فن کے متعلق پائی جاتی ہین لیکن وہ تفسیر - حدیث - ادب - مین بھی اجتہاد کا درجہ رکھتے تھے - امام شافعی کا قول ہے کہ "مین نے قرآن مجید کا عالم امام محمد سے بڑھکر نہین دیکھا"[1] ادب وعربیت مین اگرچہ اونکی کوئی تصنیف موجود نہین لیکن فقہ کے جو مسایل نحو کے جزئیات پر مبنی ہین اکثر جامع کبیر مین مذکور ہین اور اون سے ثابت ہوتا ہے کہ اس فن مین اُنکا کیا پایہ تھا چنانچہ ابن خلکان وغیرہ نے خصوصیت کے ساتھ اسکا ذکر کیا ہے -

حدیث مین اُنکی کتاب موطا مشہور ہے - اسکے علاوہ کتاب الحجج جو امام مالک کی رد مین لکھی ہے اُسمین اکثر حدیثین روایت کی ہین اور متعدد مسایل مین جوش ادعا کے ساتھ کہا ہے کہ مدینہ والون کو دعوی ہے کہ وہ حدیث کے پیرو ہین حالانکہ ان مسایل مین صریح انکے خلاف حدیث موجود ہے "-

امام محمد کی تصنیفات - تعداد مین بہت زیادہ ہین اور آج فقہ حنفی کا مدار انہی کتابون پر ہے ہم ذیل مین اُن کتابون کی فہرست لکھتے ہین جنمین امام ابوحنیفہ کے مسایل روایتاً مذکور ہین اور اسلیئے وہ فقہ حنفی کے اصلی اصول خیال کئیے جاتے ہین -

مبسوط - اصل مین یہ کتاب قاضی ابویوسف کی تصنیف ہے - اُنہین مسایل کو امام محمد نے زیادہ توضیح اور خوبی سے لکھا - یہ امام محمد کی پہلی تصنیف ہے -

[1] الجواہر المضیئہ ترجمہ امام محمد - ۱۲

جامع صغیر۔ مبسوط کے بعد تصنیف ہوئی۔ اس کتاب مین امام محمد۔ نے قاضی ابویوسف کی روایت سے امام ابوحنیفہ۔ کے تمام اقوال لکھے ہین۔ کل ۱۵۳۲ مسئلے ہین۔ جنمین سے ایک سو ستر مسئلہ کے متعلق اختلاف رائے بھی لکھا ہے۔ اس کتاب مین تین قسم کے مسائل ہین
(۱) جنکا ذکر بجز اس کتاب کے اور کہین نہین پایا جاتا۔
(۲) اور کتابون مین بھی مذکور ہین لیکن اُن کتابون مین امام محمد۔ نے تصریح نہین کی تھی کہ یہ خاص ابوحنیفہ۔ کے مسایل ہین۔ اس کتاب مین تصریح کردی ہے۔
(۳) اور کتابون مین مذکور تھے۔ لیکن اس کتاب مین جن الفاظ سے لکھا ہے اُن سے بعض نئے فائدے مستنبط ہوتے ہین۔ اس کتاب کی تیس چالیس شرحین لکھی گئین جنکے نام اور مختصر حالات کشف الظنون وغیرہ مین ملتے ہین۔

جامع کبیر۔ جامع صغیر کے بعد لکھی گئی ضخیم کتاب ہے۔ اسمین امام ابوحنیفہ۔ کے اقوال کے ساتھ۔ قاضی ابویوسف و امام زفر کے اقوال بھی لکھے ہین۔ ہر مسئلہ کے ساتھ دلیل لکھی ہے۔ متاخرین حنفیہ۔ نے اصول فقہ کے جو مسائل قایم کیے ہین زیادہ تر اسی کتاب کی طرز استدلال و طریق استنباط سے کیے ہین۔ بڑے بڑے ناموفقہا۔ نے اسکی شرحین لکھین جنمین سے ۴۲ شرحون کا ذکر کشف الظنون مین ہے۔

زیادات۔ جامع کبیر۔ کی تصنیف کے بعد جو فروع یاد آئے وہ اسمین درج کیے اور اسی لیے زیادات نام رکھا۔

کتاب الحج۔ امام محمد۔ امام ابوحنیفہ۔ کی وفات کے بعد مدینہ منورہ۔ گئے اور

تین برس وہان رہکر - امام مالک سے موطا پڑہی - اہل مدینہ کا طریقۂ فقہ جدا تہا بہت سے مسایل مین وہ لوگ امام ابوحنیفہ سے اختلاف رکہتے تھے - امام محمد نے مدینہ سے آکر یہ کتاب لکہی - اسمین اول وہ ابوحنیفہ کا قول نقل کرتے ہین - پہر مدینہ والون کا اختلاف بیان کرکے - حدیث - اثر - قیاس - سے ثابت کرتے ہین کہ امام ابوحنیفہ کا مذہب صحیح ہے اور دوسرون کا غلط - امام رازی - نے مناقب الشافعی - مین اس کتاب کا ذکر کیا ہے - یہ کتاب چھپ گئی ہے اور ہر جگہہ ملتی ہے - مین نے اُسکا ایک قلمی نسخہ بھی دیکھا ہے -

سیر صغیر وکبیر - یہ سب سے اخیر تصنیف ہے - اول سیر صغیر لکہی - اُسکا ایک نسخہ امام اوزاعی کی نظر سے گذرا - اُنہون نے طعن سے کہا کہ اہل عراق کو فن سیر سے کیا نسبت! امام محمد نے سُنا تو سیر کبیر لکھنی شروع کی - تیار ہوچکی تو ساٹھ جزون مین آئی - امام محمد اس ضخیم کتاب کو ایک خچر پر رکھواکر ہرون الرشید کے پاس لے گئے - ہرون الرشید کو پہلے سے خبر ہوچکی تھی - اُسنے قدردانی کے لحاظ سے شہزادون کو بھیجا کہ خود جاکر امام محمد سے اُسکی سند لین -

ان کتابون کے علاوہ - امام محمد کی اور تصانیف بھی فقہ مین موجود ہین مثلاً کیسانیات - جرجانیات - رقیات - ہرونیات - لیکن یہ کتابین فقہا کی اصطلاح مین ظاہر الروایۃ مین داخل نہین - بلکہ کتاب الحجج جسکا ذکر اوپر ہوچکا وہ بھی اس سلسلہ سے خارج ہے -

امام زفر

فقہ مین اگرچہ اِن کا رتبہ امام محمد سے زیادہ مانا جاتا ہے لیکن چونکہ اُنکی کوئی تصنیف موجود نہین اور اُنکے حالات بھی بہت کم معلوم ہین - اسلئے صاحبین سے اُنکو موخر رکھنا پڑا -

یہ عربی النسل تھے - شروع زمانہ مین اُنکو حدیث کا توغل رہا اور اسیوجہ سے جیسا کہ علامہ نووی نے تہذیب اللغات مین تصریح کی ہے صاحب الحدیث کہلاتے تھے - پھر فقہ کی طرف توجہ کی اور اخیر عمر تک یہی مشغلہ رہا -

یحیی بن معین جو فن جرح و تعدیل کے امام ہین اُنکا قول ہے کہ زفر صاحب الرای ثقۃ مامون[1] - بعض لوگون نے اِنکی تضعیف بھی کی ہے لیکن وہ مبہم ہے اور قابل اعتبار نہین -

اِنکو خاصکر قیاسی احکام مین نہایت کمال تھا - امام ابوحنیفہ اِن کی نسبت فرمایا کرتے تھی کہ اَقیس اصحابی وکیع بن الجراح جنکا ذکر اوپر گذر چکا اِن سے استفادہ کرتے تھے قضا کا عہدہ بھی انکو ملا تھا - سنہ ۱۱۰ھ مین پیدا ہوئے - اور سنہ ۱۵۹ھ مین وفات کی -

قاسم بن معن

بہت بڑے نامور شخص تھے - صحاح ستہ کے مصنفین نے اِن سے روایت کی ہے - اگرچہ اِنکو حدیث و فقہ مین بھی کمال تھا لیکن عربیت و ادب مین اپنا نظیر نہین رکھتے تھے

---

[1] تہذیب اللغات والاسماء - علامہ نووی - ۱۲

امام محمد انکی خدمت مین استفادہ کی غرض سے حاضر ہوتے تھے۔ خلیفہ نے انکو کوفہ کا قاضی مقرر کیا مجبوراً قبول کرنا پڑا لیکن تنخواہ کبھی نہین لی۔

امام ابوحنیفہ کو ان سے خاص محبت تھی۔ یہ بھی منجملہ اُن لوگون کے ہین جنکی نسبت امام صاحب فرمایا کرتے تھے کہ "تم لوگ میرے دل کی تسلی اور میرے غم کے مٹانے والے ہو" انکو بھی امام صاحب کے ساتھ نہایت خلوص تھا۔ ایک شخص نے پوچھا کہ "آپ فقہ و عربیت دونون کے امام ہین۔ ان دونون علمون مین سے وسیع کون علم ہے؟ فرمایا کہ "واللہ امام ابوحنیفہ کی ایک تحریر کُل فن عربیت پر بھاری ہے"۔ ۱۸۵ھ مین وفات کی۔

اسد بن عمرو

یہ پہلے شخص ہین جنکو امام ابوحنیفہ کی مجلس تصنیف مین۔ تحریر کا کام سپرد ہوا۔ بہت بڑے رتبہ کے شخص تھے۔ امام احمد بن حنبل نے ان سے روایت کی ہے اور یحییٰ بن معین نے انکو ثقہ کہا ہے۔

ہلال رازی کا بیان ہے کہ ایک دفعہ ہرون الرشید۔ مکہ معظمہ گیا۔ طواف سے فارغ ہو کر کعبہ مین داخل ہوا اور ایک جگہ بیٹھ گیا۔ تمام اہل دربار اور اعیان ہاشم کھڑے تھے مگر ایک شخص ہرون الرشید کی برابر بیٹھا۔ مجھکو نہایت تعجب ہوا۔ لوگون سے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ اسد بن عمرو ہین[۱]۔

---

[۱] الجواہر المضیۂ۔ ۱۲

بغداد مین قضا کے عہدہ پر مامور تھے - ۱۸۸ھ مین انتقال کیا -

علی بن المسہر

فن حدیث امام اعمش و ہشام بن عروۃ سے حاصل کیا تھا - امام بخاری و مسلم نے انکی روایت سے حدیثین نقل کی ہین - امام احمد بن حنبل انکے فضل و کمال کا اعتراف کرتے تھے - امام سفیان ثوری نے امام ابوحنیفہ کی تصنیفات پر جو اطلاع حاصل کی انہین کے ذریعہ سے کی - موصل کے قاضی تھے - ۱۸۹ھ مین انتقال کیا[۱]-

عافیہ بن یزید

یہ وہی بزرگ ہین جنکی نسبت امام ابوحنیفہ مجلس تصنیف مین فرمایا کرتے تھے کہ جبتک عافیہ نہ آجائین کسی مسئلہ کو قلمبند نہ کرو" علامہ ذہبی نے انکی نسبت لکھا ہے کہ کان من خیار القضاۃ -

حبان

کثیر الروایۃ تھے - ابن ماجہ مین انکی روایت سے متعدد حدیثین موجود ہین - امام ابوحنیفہ انکی قوت حفظ کے بہت مداح تھے - ۱۷۲ھ مین وفات کی -

---

[۱] یہ حالات مجھکو زیادہ تر الجواہر المضیہ سے معلوم ہوئے - ۱۲

مندل

حبان کے بھائی تھے۔ امام اعمش و ہشام بن عروہ و عبدالملک بن عمیر۔ و عاصم احول و امام ابوحنیفہ۔ سے حدیثین روایت کین۔ نہایت متورع اور پرہیزگار تھے۔ ۱۶۸ھ مین انتقال کیا۔ اُنکے بھائی حبان نے نہایت باثر مرثیہ لکھا۔ علامہ ذہبی نے میزان الاعتدال مین اُسکے چند اشعار نقل کئے ہین۔ دو شعر یہ ہین

فاذا اذکر فقدان اخی	انقلبت فی فراشی ارقا
واخ ای اخ مثل اخی	قد جری فی کل خیر سبقا

تمام شد

افسانۂ یاران کہن خواندم و رفتم	دریا یک لعل و گہر افشاندم و رفتم

۳۰ اپریل ۱۸۹۲ء

مقام علیگڈھ

شبلی نعمانی